UNIVERSAL
LIBRARY

OU-234395

UNIVERSAL
LIBRARY

37

23.4.3.95

22/3/95

31

أ ۹۱۳

ب

ع ۴ - ۴

عزلت نگار

آثار قدیمہ

عبدالحق دہلوی

اکمل المطابع دہلی

۱۲۸۶ء

بفضل قادر ذوالجلال ہندوستان کی نامی عمارتوں کا حال

۹۸۱

المسمی

غرابت نگار

مولفہ

خاکسار عبدالحق دہلوی

اکمل المطابع دہلی مین چھاپا گیا

سنہ ۱۸۷۶ء

فہرست عمارات نگار

نام	صفحہ	نام	صفحہ	نام	صفحہ	نام	صفحہ
باب الف		امرناتھ	۷	باولی مہرولی	۱۲	بھٹیریا بھٹیر ناتھ	۱۹
ابابائی	۱	انار باولی	۸	باولی نالاپور	۱۳	بھوانی پنالا	〃
اچل ایشر	〃	اناساگر	〃	باولی نظام الدین اولیا	〃	بھوانی نگرکوٹ	〃
اچل گڈھ ادی ساگر	۲ 〃	اندر	〃	تبخانہ رای پتھورا	〃	بھوتیسر	〃
ادی پال	〃	انداحل	۹	بدری ناتھ	۱۴	بی بی سر	〃
ادی تی	〃	انگ تال	〃	بجی منڈل	〃	بیرانتھ گڈھ	〃
ادیکوٹ	〃	ایک کھمبا تالاب	〃	بجے ناتھ	〃	بیس گڈھ	〃
ادی ناتھ آبو	۳	باب الباء	〃	برہم جوتن	۱۵	باب الباء الفارسی	۲۰
ادی ناتھ اوڑا	۴	بارہ پلہ	〃	بڑامندر بوناسوا	〃	پاربتی چلبرم	۲۰
اڈہائی ڈہای دن کا جہونپڑا	〃	بارہ کھمبا	۱۰	بڑامندر ساس بہو	〃	پاربتی کھجراہو	〃
ارنی گرجا	۵	باگھواری دیوی	〃	بڑامندر کنجیورام	۱۶	پارسناتھ	〃
اسلام گڈھ	〃	باولی بستی	〃	بڑامندر سہیل	۱۷	پارسی دادا	۲۱
اکبر کا دیا	۶	باولی بوندی	〃	بڑی اگری	〃	پاگان مندر بھوانی	〃
اکبری مسجد	〃	باولی داداہری	۱۱	بشیشر ناتھ	〃	پاگوڈا جہادیلی پور	〃
الله کی گلی	〃	باولی درگاہ قطب	〃	بندجیا مند	〃	پانڈوگڈہ	۲۲
امام باڑہ ابو طالب	〃	باولی رہتاس	۱۲	بندراج سمندرا	۱۸	پاون گڈھ	〃
امام باڑہ آصف الدولہ	۷	باولی عادل جی	〃	بنہال	〃	پتھریا مسجد	〃
امبر	〃	باولی گھنراج	〃	بڑبیاتال	〃	پرانا قلعہ اوجین	۲۲
امرا سنہا	〃	باولی لاڈلی	〃	بہانڈ سرجی	〃	پرانا قلعہ دہلی	۲۳

پرانا محل ۲۳
پرتشوار مھادیو 〃
پرسرام الورا ۲۴
پرسرام سولی 〃
پل پٹی گھاٹی 〃
پل جونپور 〃
پل شاہ دولہ 〃
پل شمالی نالا پور 〃
پل ناگا تھانہ ۲۵
پنج محلہ لکھنو 〃
پہاٹے منجنگ 〃
پہی انگونگ 〃
پیر چتر 〃
باب التاء ۲۶
تاج باولی 〃
تاج محل اکبر آباد 〃
تاج محل اورنگ آباد 〃
تارا گڈہ 〃
تالاب حاجی مانگا ۲۹
تالاب زینکی 〃
تالاب ساس بہو 〃
تالاب کپولی ۲۹
تالاب مان سرور ۳۰
تبرجہ 〃
ترک تشوار 〃
ترکونہ تال 〃
ترلوک ناتھہ 〃
تغلق اباد ۳۱
تورا 〃
تیلی مندر 〃
تین تال ۳۲
تین ترپولیہ 〃
باب التاء ہندی 〃
تاون ہال بمبئی 〃
باب الجیم 〃
جامع مسجد احمد آباد 〃
جامع مسجد اکبر آباد 〃
جامع مسجد اورنگ آباد ۳۵
جامع مسجد بٹالہ 〃
جامع مسجد بیجاپور 〃
جامع مسجد پانی پت 〃
جامع مسجد ٹھٹھہ ۳۶
جامع مسجد جونپور ۳۶
جامع مسجد عالمگیر لاہور 〃
جامع مسجد قنوج 〃
جامع مسجد کابے 〃
جامع مسجد گوالیار ۳۷
جامع مسجد گھارا 〃
جامع مسجد لاہور 〃
جامع مسجد متھرا ۳۸
جرکیشوار 〃
جگناتھہ اودیپور 〃
جگناتھہ اڑیسہ ۳۹
جگناتھہ اورا ۴۱
جل مندر ستارا 〃
جنتر منتر بنارس ۴۲
جنتر منتر دہلی 〃
جوالا دیوی 〃
جوگمایا 〃
جوناگڈہ ۴۳
جوہرا تالاب 〃
جہان نما 〃
جھرنا ۴۴
جھولنا محل ۴۵
جیا ستھبا ۴۶
جیٹھہ کھمب 〃
جین مارگ 〃
جینی مندر گوالیا 〃
جینوں کا بڑا مندر ۴۷
جینوں کا چھوٹا مندر 〃
باب جیم فارسی 〃
چار منار 〃
چاک گردھر گوبند 〃
چاند باولی 〃
چاڈری ۴۸
چتر بج (قلعہ) 〃
چتر بج (مندر) 〃
چار گڈہ 〃
چندو کر تال ۴۹
چوکھنڈی 〃
چونسٹھہ جوگنی 〃
چونسٹھہ کھمبا 〃
چھتری امیر سنگھہ تانی ۵۰
چھتری جسونت سنگھ 〃

چھتری ساداجی	۵۰	دانت کی مسجد	۵۵	درگاہ شاہ ارزان	۶۱	دوارکا	۶۶	زینت المساجد	۷۴
چہل ستون الہ آباد	〃	دربار صاحب	〃	درگاہ شاہ بدر الدین	〃	دہرانگ	〃	باب السین	〃
چہل ستون غازیپور	۵۱	درگا	۵۶	درگاہ شاہ ترکمان	۶۲	دہمک	۶۸	سانچی مندر بدہ	〃
چھوٹا مندر ساسن بھیو	〃	درگاہ امام شاہ	〃	درگاہ شمس تبریز	〃	دہوبی تال	〃	ست پلہ دہلی	۷۵
چھوٹا مندر کنجیورام	〃	درگاہ امام ضامن	〃	درگاہ شیخ چلی	〃	دیوان خاص	۶۹	ست پلہ نور آباد	〃
چھوٹی اگری	〃	درگاہ امیر خسرو	〃	درگاہ شیخ شریف	〃	دیوان عام	۷۰	سجدہ محل	〃
چھوٹی لاٹھ فیروز شاہ	۵۲	درگاہ بابا یسین لنگوٹی بند	〃	درگاہ شیخ صلاح الدین	〃	دیوان محل	۷۱	سداما	۷۶
چینی روضہ	〃	درگاہ باقر علی	۵۷	درگاہ شیخ فرید الحق شکر گنج	〃	دیوسر	〃	سرائے سرہند	〃
چینی گنبد	۵۳	درگاہ برہان الدین دکھنی	〃	درگاہ شیخ محمد علی بن گیلانی	۶۳	دیوی جگت امبے	〃	سرائے فرید خان	۷۷
چینی مسجد	〃	درگاہ بو علی شاہ قلندر	〃	درگاہ فدو پیر	〃	باب دال ہندی	〃	سرائے نور آباد	〃
باب الحا	〃	درگاہ بہاء الدین	۵۸	درگاہ قاسم سلیمانی	〃	ڈھونڈا باولی	〃	سردا	〃
حرم اگرہ	〃	درگاہ بہلو شاہ	〃	درگاہ قطب عالم شاہ	〃	باب الراء	۷۲	سرد باولی	〃
حوض خاص	〃	درگاہ خواجہ معین الدین چشتی	〃	درگاہ قطب صاحب	۶۴	راجو کی بائین	〃	سرناتھ	〃
حوض شاہ پوری	〃	درگاہ رکن الدین	۵۹	درگاہ نظام الدین اولیا	〃	رامچندر کھوراہو	〃	سریا	〃
حوض شمسی	۵۴	درگاہ روشن چراغ دہلی	〃	درگاہ ولی اللہ شاہ	۶۵	رامیشور	〃	سری رام کماکونم	۷۸
باب الخا	〃	درگاہ شاہ مسعود غازی	۶۰	درگاہ یوسف قتال	〃	رانی تال اور چھیدی تال	〃	سکیا تھوبا	〃
خاص محل	〃	درگاہ سید حسن رسول نما	〃	دروازہ چندیری	۶۶	رشب دیو	۷۳	سلستہبا	〃
خواصپن ستہبا	〃	درگاہ سید حسین	۶۱	دروازہ علائی	〃	رنگ محل قنوج	〃	سلیم گڑھ	〃
خیر المنازل	〃	درگاہ سید زین الدین ملتانی	〃	دمڑی مسجد	〃	باب الزاء	〃	سادہ مہاراجہ رنجیت سنگھ	۷۹
باب الدال	۵۵	درگاہ سید علی شیرازی	〃	دوتال	۶۷	زنانی مسجد	〃	سبھا	۸۰
دال	〃	درگاہ سید محمود	〃	دوانی	〃	زنجیری مسجد	〃	سنہری مسجد	〃

سنہری مسجد	۸۱	شہرپناہ امرتسر	،،	غار باجا	۹۳	فخر المساجد	۹۸	قلعہ پورندہر	۱۰۵
سنگہ گڈھ یا سنگڈہ	،،	شہرپناہ بیجاپور	،،	غار بادامی	۹۴	فورٹ جارج	۹۹	قلعہ تال نیر	،،
سورت ساگر	،،	شہرپناہ بیجانگر	۸۸	غار با داوار	،،	فورٹ ولیم	،،	قلعہ تہانیسر	،،
سورت کا دخمہ	۸۲	شہرپناہ بیکانیر	،،	غار باگہا	،،	**باب القاف**	،،	قلعہ جیسلمیر	،،
سورج کنڈ اٹک پور	۸۳	شہرپناہ جیسلمیر	،،	غار برسا	،،	قبر پیر گوہر سلطان	،،	قلعہ چکن	۱۰۶
سورج کہنڈ گوالیار	،،	شہرپناہ حیدرآباد	،،	غار پاٹن	۹۵	قبر کبیر جولاہہ	۱۰۰	قلعہ چمبانیر	،،
سورج کنڈ گیا	،،	شہرپناہ دہبائی	۸۹	غار پنالا داری	،،	قبر محمد شاہ	،،	قلعہ چندن	،،
سورج کنڈ لکہنو	،،	شہرپناہ شاہجہان آباد	،،	غار جلیشوار	،،	قبر نور شاہ	،،	قلعہ حیدرآباد	،،
سورج کنڈ متہرہ	،،	شہرپناہ لاہور ۹۰ / شیرزا	،،	غار جنیر	۹۶	قبور شیخ شعیب	،،	قلعہ دولت آباد	،،
سوم ناتہہ	،،	شہر سندر	،،	غار چیالن	،،	قدم رسول	،،	قلعہ راقی گہاٹ	۱۰۷
سیتارام جی	۸۵	شیر سنڈل	۹۱	غار دہمنار	،،	قدم شریف	،،	قلعہ رانے تہورا	،،
سیتا کنڈ	،،	شیو پونا	،،	غار کرلی	۹۷	قصر ہزار ستون	۱۰۱	قلعہ رہتاس	،،
سینا بادلی	،،	**باب العین**	،،	غار کنیری	،،	قلعہ احمدآباد	،،	قلعہ ستارا	،،
باب الشین	،،	عربسرائے	،،	غار گوالیار	،،	قلعہ احمدنگر	،،	قلعہ سرہند	۱۰۸
شاہ احمدہ	،،	عیدگاہ آگرہ	،،	غار ناگا تانی	،،	قلعہ اکبرآباد	۱۰۲	قلعہ سوار نادرگم	،،
شاہجہانی مندر	،،	عیدگاہ ٹہٹہہ	۹۲	غار ہند	،،	قلعہ الہ آباد	،،	قلعہ سورت	،،
شاہ مردان	۸۶	عیدگاہ دہلی	،،	غار منت پزیر	،،	قلعہ برہمن آباد	،،	قلعہ شاہجہان آباد	،،
شکارناگ	،،	**باب الغین**	،،	غار ناسک	۹۸	قلعہ بلگام	۱۰۳	قلعہ عادل آباد	۱۰۹
شہرپناہ اجمیر	،،	غاراپوری بمبئی	،،	غریب ناتہہ	،،	قلعہ بمبئی	،،	قلعہ کہرلا	،،
شہرپناہ احمدآباد	۸۷	غاراپوری سالسٹ	۹۳	**باب الفاء**	،،	قلعہ بیجاپور	۱۰۴	قلعہ کہنڈیا یا کہیرا	،،
شہرپناہ احمدنگر	،،	غارانگای تنکای	،،	فتح گڈھ	،،	قلعہ بیکانیر	،،	قلعہ گوالیار	،،

قلعہ سنسوسن	۱۱۰	کمی گہاٹی	۱۱۶	کیلاش	۱۲۰	گہاٹ ہردوار	۱۲۶	لال بنگلہ	،،
قلعہ سنوہیر یا مندرا	،،	کدارناتہہ	۱۱۶	**باب گاف**	۱۲۱	گہوڑی کی قبر	،،	لال دروازہ	۱۳۲
قلعہ سنہورا	،،	کردشیور	،،	گدہ دار	،،	گہیسوارادیوی	،،	لال کوٹ	،،
قلعہ سوداہج	،،	کرشنادوارکا	،،	گرجاگہر	،،	**باب اللام**	،،	لواس رشی	،،
قلعہ جہوبا	۱۱۱	کرناچوپاڑ	،،	گروکاتال	۱۲۲	لاٹھہ الہ اباد	،،	لوہی کی لاٹھہ	،،
قلعہ میانا	،،	کرن سندر	۱۱۷	گڑہ کالنجر	،،	لاٹھہ بکرور	۱۲۷	**باب المیم**	۱۳۳
قلعہ میراج	،،	کلیان ساگر	،،	گڑہ کانگڑہ	،،	لاٹھہ بہار	،،	ماتا دیوی	،،
قلعہ سیلگام	،،	کلیان کوٹ	،،	گنبدتگی	،،	لاٹھہ بہٹاری	،،	ماگر دہج	،،
قلعہ نالاپوریانرو	،،	کنڈا رطو	،،	گنبدگنج بخش	۱۲۳	لاٹھہ بہیم سین	،،	مان اگمنی کنڈ	،،
قلعہ وندن	۱۱۲	کنڈیا مہادیو	،،	گپنتی وائی	،،	لاٹھہ دیوٹ	۱۲۸	مان سندر	،،
قوۃ الاسلام	،،	کنڈ نردر	۱۱۸	گندہن ساگر	،،	لاٹھہ سنکیسا	،،	مایا دیوی	۱۳۴
باب الکاف	۱۱۳	کندوانا تیرتہہ	،،	گنگادوارہ	،،	لاٹھہ کوڑیما	،،	مبارک منزل	،،
کاکڑا مار	،،	کنکریا تالاب	،،	گنگولا تالاب	۱۲۴	لاٹھہ کوسمبی	،،	مقبرہ جہان آرا بیگم	،،
کالکا	،،	کوٹلہ عیسیٰ خان	،،	گوانیپا	،،	لاٹھہ کہانو	۱۲۹	مقبرہ شاہ عالم بہادر شاہ	،،
کالی کلکتہ	۱۱۴	کوٹلہ فیروزشاہ	،،	گوپی کاکہوبا	،،	لاٹھہ گوالیار	۱۳۰	مقبرہ محمد شاہ	۱۳۵
کالی لکہنو	،،	کوٹیشوار	۱۱۹	گوجری بادلی	،،	لاٹھہ لوریا اراج	،،	مقبرہ مرزا جہانگیر	،،
کالی مسجد	،،	کوشک انور	،،	گوجری محل	۱۲۵	لاٹھہ ناوندگڑہ	،،	محل بہولی بہیاری	،،
کالی مسجد کوٹلہ نظام الدین	۱۱۵	کوشک شکار	،،	گورکہہ کاکہوبا	،،	لاٹھہ ہتیادہ	،،	محل بوندی	،،
کانچ کی مسجد	،،	کوشک لال	،،	گورکہہ ناتہہ	،،	لاٹھہ ہنومان	۱۳۱	محل جہل ادیپور	۱۳۶
کپیلا دیوی	،،	کوکانپور ناتہہ	۱۲۰	گول گہر	۱۲۵	لال بنگ	،،	محل راجہ پرمل	،،
کٹوراتالاب	،،	کیرت ساگر	،،	گہاٹ بنارس	،،	لال برج	،،	محل رام باغ	،،

محل رہتاس	۱۳۷	مسجد سرہندی	،،	مسجد ہمایون	۱۴۶	مقبرہ رکن الدین	۱۵۱	مقبرہ غیاث الدین بلبن	۱۵۵
محل ستارا	،،	مسجد سلطان قطب الدین	،،	مقبرہ ابراہیم شاہ	،،	مقبرہ روشن آرا بیگم	،،	مقبرہ غیاث الدین تغلق شاہ	۱۵۶
محل کوکی	،،	مسجد شاہی لکھنو	،،	مقبرہ احمد شاہ گجراتی	۱۴۷	مقبرہ سرائے روح اللہ خان	،،	مقبرہ فیروز خان	،،
محل مرشد آباد	،،	مسجد صفا	،،	مقبرہ آصف خان	،،	مقبرہ سعدی خان	۱۵۲	مقبرہ فیروز شاہ	،،
مخدوم کنڈ ماری	۱۳۸	مسجد طغرل بیگ	،،	مقبرہ اعتماد الدولہ	،،	مقبرہ سلطان بہلول	،،	مقبرہ لنگر خان	۱۵۷
مدرسہ شیخ چلی	،،	مسجد فتحپوری	۱۴۳	مقبرہ افضل خان	۱۴۸	مقبرہ سلطان سکندر	،،	مقبرہ محمد شاہ	،،
مدن ساگر	،،	مسجد کالو سرائے	،،	مقبرہ اکبر	،،	مقبرہ سید خان	،،	مقبرہ محمد شاہ بیجاپوری	،،
مرتنگ مہادیو	،،	مسجد کہڑکی	،،	مقبرہ التمش	،،	مقبرہ سید عابد	،،	مقبرہ محمد غوث	،،
مسجد ششیشر	۱۳۹			مقبرہ اورنگ زیب	،،	مقبرہ شاہ رحمن	،،	مقبرہ محمد معصوم	۱۵۸
مسجد بی بی	،،	مسجد گنج بخش	،،	مقبرہ ہو بیگم	۱۴۹	مقبرہ شاہ عبد الحق محدث دہلوی	۱۵۳	مقبرہ محمود شاہ و بیگم	،،
مسجد بیگم پور	،،	مسجد محافظ خان	،،	مقبرہ ایمن آباد	۱۴۴	مقبرہ شاہ محمود	،،	مقبرہ مرزا جہان	،،
مسجد پرانا قلعہ	،،	مسجد محمد معصوم	،،	مقبرہ پہلوان	،،	مقبرہ شیخ فرید	،،	مقبرہ مرزا عیسیٰ بیگ	،،
مسجد خواجہ خضر	۱۴۰	مسجد نخشان	،،	مقبرہ پیر بندی	،،	مقبرہ شیر شاہ	،،	مقبرہ مرزا عیسی	،،
مسجد درگاہ نظام الدین	،،	مسجد معتمد خان	،،	مقبرہ تان سین	،،	مقبرہ صفدر جنگ	،،	مقبرہ مرزا غازی	۱۵۹
مسجد دروازہ بہانیا	،،	مسجد موتی باغ	۱۴۵	مقبرہ تکہ خان	۱۵۰	مقبرہ صلابت خان	۱۵۴	مقبرہ معز الدین	،،
مسجد دستر خوان	،،	مسجد موٹھہ	،،	مقبرہ جام نندا	،،	مقبرہ صلابت خان	،،	مقبرہ مغلانی بی بی	،،
مسجد دہیرہ	۱۴۱	مسجد مولانا جمالی	،،	مقبرہ خان خانان	،،	مقبرہ علاء الدین	،،	مقبرہ ملک التجار	،،
مسجد رانی روپاواتی	،،	مسجد نور آباد	،،	مقبرہ خواجہ خان	،،	مقبرہ علی عادل شاہ	،،	مقبرہ ملک بابا	،،
مسجد رانی سپرا	،،	مسجد و مدرسہ دانا پہو	،،	مقبرہ دریا خان	۱۵۱	مقبرہ غازی	۱۵۵	مقبرہ میر میران	،،
مسجد رنگین	۱۴۱	مسجد و مدرسہ روشن الدولہ	،،	مقبرہ رانی روپاواتی	،،	مقبرہ غازی الدین خان	،،	مقبرہ نجف خان	۱۶۰
مسجد سادان قصائی	،،	مسجد و مقبرہ مخدوم جہانیان	۱۴۶	مقبرہ رانی سپرا	،،	مقبرہ غلام شاہ لکہوڑا	،،	مقبرہ نور الدین جہانگیر	،،

مقبره نورجهان بیگم	١٦١	مندر چندراوتی	١٦٦	مهادیو پراسندل	١٧١	واپیا کا کهوبا	١٧٦
مقبره همایون	〃	مندر دهری	〃	مهادیو کا پهولی	〃	واجرا گڈه	١٧٧
مقبره هوشنگ غوری	〃	مندر ڈوم	〃	مهادیو سول	〃	وادا واباولی	〃
مکان حضرت عباس	١٦٢	مندر سادری	〃	مهادیو دای	١٧٢	داشسته منی	〃
مکه مسجد	〃	مندر سرنگهم	١٦٧	مهتری محل	〃	دالو کیشوار	〃
مکه مسجد	〃	مندر کهنڈوبا	〃	مینار زرین	〃	وتهوبا	〃
ملک میدان	〃	مندر کهولوی	〃	مینار علائی	١٧٣	وجی ساگر	〃
موریل جنرل کیٹهه	١٦٣	مندر لکهشمی	١٦٨	مینار قطب	〃	ودهاتی کا کهوبا	〃
موریل ڈیوڈ اختر لونی	〃	مندر لکهنڈی	〃	مینار مانڈو	١٧٤	درانراین	١٧٨
موریل سر جارج اوکسنڈن	〃	مندر سانڈو	〃	باب النون	〃	وزاها	〃
موریل سر لارڈ کورنوالس	〃	مندر مهارراو	〃	نراپل	〃	وسواترا	〃
موریل ول کانپور	〃	مندر مهالکشمی	〃	نقره مسجد	〃	وسواناتهه	〃
مندرا کالیان	〃	مندر وسواکامرا	١٦٩	نگمبود	〃	وکرما مندر	〃
مندر باروَلی	〃	مندر و محل هاتهی سنگه	〃	نوری ساگر	١٧٥	وشنو بیجانگر	١٧٩
مندر بهراوا	١٦٤	مندر و مسجد تهتی	〃	نوگزپیر	〃	وشنوپد	〃
مندر پهرت سیلا	〃	موتی مسجد اجمیر	〃	نولکهی باولی	〃	باب الهاء	〃
مندر تنجور	〃	موتی مسجد آگره	١٧٠	نهر علی مردان خان	〃	هرن مینار	〃
مندر جوتیبا	١٦٥	موتی مسجد دهلی	〃	نیلا برج	١٧٦	هرن مینار	〃
مندر جوریگا	〃	موتی مسجد قطب	〃	نیلی چهتری	〃	هست گڈه	〃
مندر جهوری	١٦٥	مهابلیشر	١٧١	نیلی چهتری گمبود	〃	هندو وادا	١٨٠
مندر جینی پونا	١٦٦	مهادیوا ترنجی کهیلر	〃	باب الواو	〃	هیرا محل	〃

تمت بالخیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ستایش فراوان اور نیایش بے پایان ذات والاصفات واجب الوجود مالک ملک نامحدود احد الصمد کو لایق اور صلوۃ وسلام سید المرسلین خاتم النبین احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ سرور کون و مکان پیشواے انس و جان اور اونکے آل و اصحاب پر سزاوار ہے من بعد ناظرین باتمکین کی خدمت مین گزارش کرتا ہے کہ اس مولف ناچیز نے حسب اقتضاے زمانہ اور نیز بتحریک بعض احباب اور بزرگون کے یہ چند مختصر ردیف وار حالات تعمیرات واقع ہند یعنے قلعے محل تالاب پل ۔ مساجد ۔ مقابر ۔ منادر ۔ بروج ۔ منار ۔ درگاہین باولیان اور اسی قسم کی دیگر ہندوستانی عمارتون کے کتب تواریخ انگریزی و فارسی وغیرہ سے اور نیز اکثر تعمیرات کو بچشم خود دیکھکر شب و روز کی نہایت جانفشانی اور سرگردانی سے زبان آسان اردو مین واسطے تسہیل فہم ناظرین کے لکھے اور نام کتاب کا غرایب نگار رکھا۔

باب الالف

اَبَابَا ئی یہ خوبصورت اور پرانی عمارت جسکو اکثر آدمی دہاکشمی کا مندر کہتے ہین ریاست کولالور بمبی احاطہ مین اُس جگہہ واقع ہے کہ جہان پہلے بودہون کے وقت کا مندر تہا مرہنٹر بک بمبی سے واضح ہے کہ اس مقام پر اب بہی کہودنے سے ٹوٹے پتہر اور پرانی مورتین بودہون کے وقت کی نکل آتی ہین یہ سنگین عمارت ایک سو چون فٹ سے ایک سو چوالیس فٹ مربع ہے اسکے اوپر ہندوانی برج جو بہت خوبصورت چہتیس فٹ بلند ہے نہایت عمدہ کندہ کار دور سے دکہائی دیتا ہے

اَچَل اَیشر آبو کے پہاڑ پر مان اگنی کنڈ کے قریب یہ سنگ مرمر سفید کی عمدہ عمارت مندر اچل ایشر مشہور ہے بڑی مورت سیمن جسکی پوجا کرتے ہین پاربتی کی ہے اسکی سامنے نندی کی ایک شکستہ برنجی مورت جو قد مین بیل کی برابر ہے اور نہایت عمدہ عجائبات سے ہے رکہی ہے ہنڈبک اف مری سے ثابت ہے

کہ اس مورت کو شاہ محمود بیگڑہ نے توڑا تھا

آچل گڈہ اصل مین اچل کی معنی پہاڑ کے ہین اور گڈہ قلعہ کو کہتے ہین یہ ویران قلعہ راجستان مین آبو پر واقع ہے اور مرّے صاحب نے اسکو ابو گڈہ بہی لکھا ہے اسکے دروازہ پر جسکو ہنومان کا دروازہ کہتے ہین بہت خوبصورت دو برجیان کھڑی ہین اسکے اندر ایک اور قلعہ جسکے دروازہ کا نام چمپاپل ہے مع محل رانی اُودھا منڈل کے جو کھنڈر ہوگیا ہے موجود ہے اسکو کھمبورانا نے ۱۴۵۲ع مین بنوایا تھا

ادی ساگر روہیلکھنڈ مین قلعہ چھتر سے تھوڑی دور جانب شمال گنڈ ہن ساگر کے قریب یہ تالاب ایک سو پچاس بیگہ پختہ ہے ارکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ سے واضح ہے کہ اسکو راجہ ادی نے اٹھارہ سو ستر سال کا عرصہ ہوا جب بنوایا تھا

ادی پال یہ عمارت جسمین ادی پال کی پوجا ہوتی ہے راجستان مین آبو کے پہاڑ پر مان انگنی کنڈ کے شرقی کنارہ ماتا کے قریب واقع ہے اسمین سنگ مرمر سفید کی مورت پانچ فٹ بلند رکھی ہے مرزیر نسٹد بک مین لکھا ہے کہ اس مندر کو بربار خاندان کے ایک راجہ نے بنوایا تھا

ادی تی یہ مندر پنجاب مین تھانیسر سے تھوڑی دور امین گانو مین مع سیر یا نامے کنڈ کے واقع ہے ارکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ سے ظاہر ہے کہ ہندون کا یہ اعتقاد ہے کہ سریا یعنی سورج نے ادی تی کے ہان اس جگہہ جنم لیا تھا اور اسی سبب سے یہان ادی تی رانی کی پوجا ہوتی ہے یہ پرانی عمارت چندان عمدہ نہین گرد و نواح کی عورتین جنکے اولاد نہین ہوتی اس مندر مین اگر ہر اتوار کو چڑہاوے چڑہاتے ہین اور کنڈ مین نہاتی ہین

ادی تی رانی کی [illegible]

آدیکوٹ روہیلکھنڈ مین دریاے رام گنگا اور گنگہان کے بیچ مین ہے اس قلعہ کو چھتر اور رام نگر کہتے ہین ابتدا مین پنچالا یعنی روہیلکھنڈ کا دار الخلافہ تھا تخمیناً دو سو برس کا عرصہ ہوا کہ نواب علی محمد خان نے اسکی مرمت کرائی تھی پھر بہی اسکی دیوار مین بہت سے نقص باقی ہین کل دور اس مثلث قلعہ کا اٹھارہ ہزار چار سو فٹ یعنی ساڑھے تین میل سے کسیقدر زیادہ ہے غربی دیوار پانچ ہزار چھہ سو فٹ اور شمالی چھہ ہزار چار سو فٹ اور بہت بڑی دیوار جو جانب جنوب مشرق ہے وہ سات ہزار چار سو فٹ لمبی ہے

اسکے برج جو اٹھائیس فٹ سے پینتیس فٹ تک بلند ہین شمار مین پینتیس ہین انمین سے کچھ پانڈون کے
وقت کے اور اکثر بعد یعنے دو سو برس کے بنے ہوئے ہین فصیل کا آثار نیچے سے چودہ فٹ اور پندرہ فٹ
کے درمیان ہے جانب جنوب مشرق سب سے بڑا دروازہ مسلمانون کے وقت کا بنا ہوا ہے اس قلعہ کے اندر
اور باہر بہت سے مندرون کے ٹیلے جو ۱۸۳۱ع تک قایم تھے بیس فٹ سے ہزار فٹ تک قطر کے ہین
ادی ساگر اور گندہن ساگر اسکے قریب واقع ہے اس قلعہ کو بموجب بیان آرکی اولاجیکل سروے
انڈیا رپوٹ کے راجہ ادی نے بنوایا تھا جسکو ایک ہزار اٹھہ سو ستر برس ہوئے

ادی ناتھہ آبو یہ نہایت بیش قیمت اور رفیع الشان سنگ مرمر سفید کی عمارت رجستان مین آبو کے
پہاڑ پر مندر دلواڑا مشہور ہے دور دور سے خلقت اسکی جاترا کے لئے آتی ہے اور اس عمارت
کو دیکھکر متحیر ہوتی ہے اسکے بیچ مین بہت دلکشا صحن ایک سو اٹھتر فٹ سے نوے فٹ مربع
ہے اسکے چارون طرف نہایت عمدہ کوٹھریان بنائی ہین جنمین تیرتھنکر پارس ناتھہ کی قد آدم مورتین
رکھی ہین کوٹھریون کے آگے بڑے بڑے دوہرے دالان سنگ مرمر سفید کے ستونون کے
بنے ہوئے ہین ستون اور مرغولون پر کار کندہ اتنا خوبصورت و خوشنما ہے کہ اسکی تعریف نہین ہوسکتی انمین
سوائے فرش کے کوئی جگہہ کندہ کاری اور جلاسازی سے خالی نہین چھوڑی ستونون مین عجیب عجیب
مورتین کہودی ہین صحن کے وسط مین نہایت عمدہ پاگودا بنا کر اسکے اندر بڑی مورت رکھی ہے
اسکے سامنے دالانون مین جو ہشت پہلو درجہ گنبد دار ہے وہی اصل مکان اور اس مندر کی زیبت و
کا سامان ہے اسکے داہنے بائین دو اور چھوٹے چھوٹے صحن ہین جنکے باعث دالانون مین روشنی اور
ہوا رہتی ہے بہت معقول بنائے ہین اوپر سے یہ بے نظیر عمارت بالکل سادی اور اندر اسقدر نقاشی کی ہے
کہ کوئی جگہہ منبت کی گلکاری سے خالی نہین ڈیوڑہی مین اڑتالیس ستون کندہ کار ہین دروازہ کے سامنے
ایک اور مربع عمارت جسمین ستون ہین اسی مندر کے متعلق ہے اسمین نو مورتین ہاتیون کی چار چار فٹ بلند
نہایت ہی عمدہ بنے ہوئے ہین ہر ایک مورت بے جوڑ صرف ایک ایک پتھر سے تراشی ہے اور
ہر ہاتی پر ایک فیلبان اور ہودج مین ایک امیر شخص بٹھلایا ہے یہان کھڑے ہونے سے ایسا معلوم ہوتا ہے

[illegible]

کہ یہ سواری مندر کو جاتی ہے اگر کوئی اہستاد سنگتراش انگلستان کا اس جگہہ کی کارستانی کو دیکہے
تو یقین ہے کہ بہت متحیر اور متعجب ہو جاوے ادی ناتہہ کے پچہلے مندر مین دس مورتین
ہاتیون کی اور کہڑی ہین لیکن اونکے اسیر ندار دہین فرگسن صاحب رقمطراز ہین کہ اپر داستاپالا اور
تیجاپالا کی مورتین مع اونکی بیبیون اور بچون کے سوا تہین جو راجا گرا لوٹ کر لیگیا اس نایاب عمارت کو
ودالا شاایک تاجرنے پندرہ کرور روپیہ خرچ کرکے سمت ... مطابق ... ع مین تعمیر کرایا تہا اور بالفور سیکلو
پیڈیا مین معتبر کتاب سے لکہا ہے کہ اسکی تعمیر مین چودہ سال تک مدد جاری تہی ٭
ادی ناتہہ الورا علاقہ دکن مین جہان بیشمار پہاڑ تہو تہاکر کے بنا ہے ہین وہان مندر کیلاس سے
شمال کو مندر جگن ناتہہ کے دروازہ کے قریب یہ چہوٹا اور خوش وضع مندر بہت مضبوط پہاڑ کے
تہوتہاکر کے نو فٹ چہہ انچہہ بلند بنایا ہے اسکی چہت چار چہہل ستونون پر قایم ہے ستونون پر
شیرون کے سر کندہ ہین اور سامنے ادی ناتہہ کی مورت جو چار فٹ تین انچہہ کی ہے نشیمن مین
بیٹہی ہے اس مندر کا طول دروازہ سے اس نشیمن تک جہان ادی ناتہہ کی مورت ہے پینتالیس فٹ چار انچہہ اور عرض
اٹہائیس فٹ ہے اسکے اندر روشنی اور ہوا خوبی آتی ہے جگن ناتہہ کی مورت یہان گود مین ہاتہہ
دیئے بیٹہی ہے اسکے دائین طرف دو مورتین بیجی اور روجی کی اور بائین طرف دو مورتین سدہ اور
بدہ کی کندہ ہین پہلے جو یہان رنگت کی ہوئی تہی وہ اب بہت خراب ہو گئی ہے بلکہ کہین کہین صرف
نشان باقی رہگئے ہین اس مندر کو اورنگ زیب عالمگیر نے ویران کیا چنانچہ جان سیلیز وند زراف الورا
سے واضح ہے کہ عالمگیر کا ارادہ اس مندر کو توپ کے ذریعہ سے بالکل نیست و نابود کرنے کا تہا اور
مورتون کو توڑ ڈالا اور پوجاریون کو مار ڈالا یہانتک کہ اسمین ایک گاے بہی ذبح کروائی تاکہ آیندہ
کوئی ہندو اس جگہہ پرستش نکرے اس مندر کی تعمیر ... ع مین ہوئی تہی

اڈہائی یا ڈہائی دن کا جہونپڑا دہلی سے دو سو تیس میل گوشہ جنوب مغرب کو شہر اجمیر مین جسکو
پہلے اجے میر کہتے تہے یہ عالیشان مسجد ڈہائی دن یعنے ساٹہہ گہنٹے کی لوٹ سے بنائی گئی
تہی اسی سبب سے اسکو رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا مین اڈہائی دن کا جہونپڑا لکہا ہے اسکو

سلطان قطب الدین محمد غوری کے سپہ سالار نے بنوایا تہا اسمین کل تہہر ہندون کی تعمیرات کا لگا ہوا ہے
اور جس جگہہ یہ مسجد واقع ہے پہلے وہان مندر تہا یہ مسجد اب اکثر جگہہ سے شکستہ ہو گئی ہے
مگر ایسی مسمار نہین ہوئی ہے کہ جیسی دہلی کی مسجد قوت الاسلام بالکل ٹوٹ گئی ہے کہ جسکی شکل بہی
مشکل سے تمیز کیجاتی ہے یہ دونون مسجدین ایک ہی زمانہ یعنے ۱۱۹۱ع مین تعمیر ہوئی ہین بلکہ انکی
ہیئت کذائی سے معلوم ہوتا ہے کہ شاید ایک ہی معمار نے بنائی ہین اس مسجد کے دو دروازے
شرقویہ اور جنوبویہ ہین اور چارون کونون پر ہشتکن برج محراب دار جنمین عمدہ سنگ سرخ کی جالیان ہین
نہایت خوبصورت بنے ہوے ہین غربی ضلع اس عمارت کا بہت کم خراب ہوا ہے اسکے اندر
نو در تہین اور باہر سات در محراب دار ہین بیچ کی بڑی محراب پر دو مینار پہلو ندار دس دس فٹ قطر کے
اوپر سے شکستہ ہو گئے ہین اسی محراب کے اندر جو بہت بڑا دالان وسیع و دلکشا ہے اوسکا طول
دو سو اڑتالیس فٹ اور عرض چالیس فٹ ہے یہ دالان اورون کی نسبت بہت مضبوط لداو کا بنا ہوا ہے
اسمین ستونون کی پانچ قطارین ہین اور باقی تینون دالانون مین صحن کے گرد چار چار قطارین ہین اس مسجد مین کل
تین سو چوالیس ستون ہین اور یہ تمام عمدہ ستون ہندون کے تبخانون کے ہین صحن اسکا دو سو فٹ سے ایک سو
بچہتر فٹ مربع ہے اور رو کار غربی دالان کی جو تمام کندہ کار ہے اسمین جگہہ جگہہ ایات قرانی نسخ اور خط کوفی
مین کہدی ہوئی ہین پچھلی دیوار کا اثار گیارہ فٹ اور وہ چہپن فٹ بلند ہے باہر کے رخ سے اسکی ہر سمت
مع بروج دو سو اونسٹھہ فٹ لمبی ہے باوجود اسقدر پرانے ہونے کے اب بہی یہ مسجد دور دور اپنا جواب
نہین رکہتی رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے منکشف ہے کہ تیس چالیس مندر اور تبخانے توڑ کر یہ مسجد بنائی گئی ہے

ارمنی گرجا کلکتہ کے چینا بازار مین یہ گرجا گہر ایک عمدہ عمارت ہے اور اسکا گہنٹہ بہی بہت بڑا ہے
اسکو لوگ عجائبات سے جانتے ہین آرایش محفل مین لکہا ہے کہ اس گرجا کو آغا نظیر سردار ارمنی نے
۱۸۴۲ع مین بنوایا تہا درحقیقت اسکی عمارت بہت عمدہ ہے

اسلام گڈہ اس قلعہ کو بائیلوز ٹوران راجستان مین نوہڑہ بہی لکہا ہے یہ قلعہ رجستان مین
جیسلمیر سے تہوڑی دور بہت مضبوط اور پختہ تعمیر کیا گیا ہے اندر سے دو سو بارہ فٹ مربع ہے

اور دیوار تیس فٹ سے پچاس فٹ تک بلند ہے لیکن اسمین نہ زینی ہے نہ خندق برجون کے باعث اسکی دیوار دو چند خوبصورت معلوم ہوتی ہے دروازہ اس قلعہ کا بہت بڑا اور خوشقطع گوشہ شمال شرق مین بنا ہوا ہے

اکبر کا دیا یہ سنگ مرمر کی بہت خوبصورت اور پرانی برجی بشکل مینار چتور گڈہ کے قریب پہاڑ کے نیچے بنی ہوئی ہے یہ عمارت نیچے سے بارہ فٹ مربع اور پینتیس فٹ بلند ہے اسکے اندر اوپر تک سیڑہیان ہین وہان سے دور دور کی سیر نظر آتی ہے تمام تہر نہایت عمدہ لگا ہوا ہے اور اوسپر سنگبست کا کام کیا ہوا ہے **فرگسن صاحب** قمطراز ہین کہ ۱۵۶۸ء مین جب اکبر کا لشکر اس جگہہ پڑا تہا تو رات کے وقت اس برجی کے اوپر چراغ روشن کر دیتے تہے تا کہ کوئی آدمی لشکر کا راستہ نہ بہولے اسوقت سے اس برجی کا نام اکبر کا دیا اور اکبر کا چراغ مشہور ہو گیا ہے

اکبری مسجد اگرہ کے کناری بازار مین یہ سنگ سرخ کی مسجد واقع ہے اسکے ستون مربع ہین چہراسی فٹ چہہ انچہہ لمبی اور پچیس فٹ چوڑی ہے اوپر لداؤ اور نیچے دکانین ہین عوام اسکو اکبر کی بنائی ہوی کہتے ہین اسمین کوئی کتبہ نہین ہے **ارکیالاجیکل سروے انڈیا رپورٹ** سے ثابت ہے کہ تہوڑا عرصہ ہوا جب ایک تحصیلدار نے اس مسجد کی مرمت کرائی تہی

اللہ کی گلی علاقہ بوندیلکہنڈ شہر مہوبا کے دریبہ مین یہ لاٹہہ پہاڑ ایک مربع سوراخ کے اندر کہڑی ہے اسکی بلندی سوا نو فٹ اور قطر تین انچہہ ہے یہ ذرا ہلانے سے ہلجاتی ہے لڑکے جو یہان کہیلتے ہین اسکو اکثر ہلاتے رہتے ہین **جنرل کننگہم صاحب** رقم فرماتے ہین کہ اس لاٹہہ کے ہلنے کے سبب مہوبا کے لڑکے اللہ کے کہیلنے کی گلی اور بعضے اللہ کی لاٹہہ مشہور کرتے ہین اسپر کتبہ نہونے سے یہ نہین معلوم ہوتا کہ کسنے بنائی اور کس کام کے لئے کس زمانہ مین بنی

امام باڑہ ابو طالب یہ امام باڑہ لکہنو مین حضرت عباس کے مکان سے جانب غرب ہے اور سب امام باڑون سے پہلے کا ہے اسکا مرتبہ اور امام باڑون سے کم نہین تصور کیا جاتا –

آرایش محفل مین لکہا ہے کہ نواب صفدر جنگ کے عہد مین مرزا ابو طالب نے بنوایا ہے اس حساب سے

اسکی تعمیر کو ایک سو پینتیس برس ہوے

امام باڑہ آصف الدولہ لکہنو مین اس عمارت کو سنہ ۱۱۹۱ ہجری مین نواب آصف الدولہ نے تعمیر کرایا اسکا دالان وسیع اور دلفزا تعمیر کیا گیا ہے وسط مین قبر اور نیچے سردخانہ ہے اور ایک جانب چہوٹی سی مسجد جسکی برجیان دور دور سے نظر آتی ہین اسکی خوشنمائی مین کچہہ شک نہین سنہ ۱۲۱۲ ع مین جب نواب آصف الدولہ نے وفات پائی تو اسی لاجواب امام باڑہ مین دفن کئے گئے

امبیر اس قلعہ کو امیر اور ڈنڈہوار لکہا ہے پہلے یہ قلعہ جے پور کا دارالحکومت تہا راجہ جیسنگہ سوائی کے زمانہ سے خالی پڑا ہے اسکی دیوار نہایت پائدار ہے اور یہ قلعہ رہتاس سے کچہہ کم پرانا نہین ہے صاحب **آرایش محفل** کا بیان ہے کہ اس قلعہ مین پرانے دفینے اور قیدخانے ہین

امرسنہا بدہ گیا علاقہ بہار مین پیپل کے درخت کے قریب جہان مہابدہ تہا اس کے مطابق رپورٹ آرکی الوجیکل سروے انڈیا کے راجا اشوکا عرف پیادسی کا بنوایا ہوا ایک چہوٹا سا مندر تہا وہان یہ بلند اور بڑی عمارت جسمین جگہہ جگہہ بیشمار مورتین کندہ ہین بنام امرسنہا مشہور ہے بڑی مورت اس مندر کی اب ندارد ہے صرف اسکا استہان تیرہ فٹ دو انچہ لمبا اور پانچ فٹ اٹہہ انچہ چوڑا چار فٹ نصف انچہ کی بلندی سے موجود ہے راجا اشوکا کے مندر مین جو پہلے اس جگہہ قایم تہا بدہ کی مورت تہی اسکے بعد اغلب ہے کہ اسمین مہادیو کا لنگ ہو چنانچہ سروے رپورٹ انڈیا سے صاف ظاہر ہے کہ اس مندر کو امرسنہا ایک برہمن نے سنہ ۹۴۸ ع مین اس وجہ سے بنوایا تہا کہ اسکو خواب مین مہادیوجی نے اس جگہہ مندر بنوانے کی ہدایت کی تہی۔

امرناتہہ تبت مین یہ ایک مشہور غار ہے جب چاند اور سورج ایک مقام سے خروج کرتے ہین تو اس غار مین ایک ٹکرا برف کا پیدا ہو جاتا ہے اور جب تک چاند بڑہتا ہے یعنے سدی ہوتی ہے تو یہ ٹکرا برف کا بڑہتا جاتا ہے اور جب چاند گہٹتا ہے یعنی بدی ہوتی ہے تو یہ برف کا ٹکرا بہی گہٹتا جاتا ہے **میجر سنبری کورٹ صاحب** لکہتے ہین کہ یہان کے ہندو اس برف کے ٹکرے کو مہادیو مانتے ہین اور غار سے فاصلے پر کہڑے ہو کر دعائین مانگتے ہین اور ماتہا رگڑتے ہین

دور دور سے خلقت یہان جاترا کو آتی ہے

انار باولی یہ باولی گوالیار کے قلعہ مین لکہشمن اور ہتیا دروازون کے درمیان ہے اور مرمت ہوکے
خوبصورت ہوگئی ہے اسکی شیر ہیان [illegible] تک ہین رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے
منکشف ہے کہ یہ باولی مدت سے بند پڑی تہی اسکو کہلے ہوے تہوڑا ہی عرصہ ہوا ہے

اناساگر یہ تالاب اجمیر مین راجہ بیسل دیو کے بڑے تالاب کے قریب دریاے لونی کے پانی سے
بہرا رہتا ہے اس جگہہ اسکے پانی کی بڑی کیفیت نظر آتی ہے آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ
مین لکہا ہے کہ یہ تالاب بہت مدت کا بنا ہوا ہے

اندر یہ بے نظیر مندر اورا علاقہ دکن مین کیلاس مندر سے جانب شمال اندر کی پوجا کے واسطے
پہاڑ کاٹکر بنایا ہے جو کہ اسکی عمارت مین کوئی نقص نہین معلوم ہوتا اس وجہ سے یہ عمارت کیلاس سے
دویم درجے کی معلوم ہوتی ہے اسکے اندر تین طرف دومنزلے دالان وسیع اور دلکشا بنے ہوے
ہین صحن چالیس فٹ چہہ انچہہ چوڑا ہے اوسکے وسط مین ایک چہوٹا پاگوڈا مندر کیلاس کی صورت
بنا ہوا ہے سراپا اس مندر کا منبت کے کام سے نظر فریب ہے خوش ترکیبی اور جلا سازی سے
ستونون پر اور ہی زینت وزیب ہے بائین طرف گوڈے کے ایک لاٹہہ کیلاس کی لاٹہون سے
پانچ فٹ نو انچہہ کم بنی ہوئی ہے یہان کے پوجاریون کا بیان ہے کہ پاگوڈے کے دائین جانب بہی
ایک لاٹہہ تہی مگر کسی نشان اور علامت کے نہونے سے یہ بیان صحیح نہین معلوم ہوتا جان سلیفر فنڈرز اف الورا
سے ظاہر ہے کہ پہلے اس لاٹہہ پر جو پاگوڈے سے جانب چپ بنی ہوئی ہے ایک مورت تہی
وہ اورنگ زیب عالمگیر کے وقت مین توڑی گئی یہ پاگوڈا اٹہارہ فٹ ایک انچہہ مربع اور سینتالیس فٹ
چار انچہہ اونچا نہایت خوشنما ہے اسمین دو مورتین اندرا اور اندرانی کی بڑی ہین اندر کی مورت ارا وتی یعنے
ہاتی پر سوار ہے اور اندرانی بچہ گود مین لیئے شیر پر بیٹہی ہے یہان سے جانب شمال ایک سنگیاسن پر
چند مورتین چندرمان اور سورج نراین وغیرہ کی بیٹہی اور کہڑی ہین اور دوسری طرف راجہ میکا کی عقبنا کی تصویر
بنی ہوئی ہے اور جگہہ جگہہ طرح طرح کی بیشمار مورتین کندہ ہین پاگوڈے کا برج جسکی کرسی

اسقدر بلند ہے کہ دس بیٹر سیان چڑہ کر اندر جاتے ہین اور بہت بلند کندہ کار اٹہہ ستونون پر قایم ہے گرد کے دالانون کی بلندی فرش صحن سے سقف منزل ثانی تک چالیس فٹ ہی کاریگران سابق نے اس مندر کو اوپر سے نیچے تک ہن خوبصورتی اور عمدگی کے ساتھہ بنایا ہے کہ اس عمارت کے دیکھنے والے ابتک انکے ثناخوان ہین اسکو بنے ہوے نوسو برس سے کسیقدر زیادہ مدت گزری اس مندر مین سے جگناتھہ کے مندر کو بہی رستہ ہے *

انند محل یہ چہوٹی سنہ لہ عمارت بیجاپور کے قلعہ مین دہوبی محل او سجدہ محل کے قریب واقع ہے اور بنام حرم مشہور ہے اسکی ہر منزل مین گرد غلام گردش اور بیچ مین ایک ایک بڑا مکان ہے غلام گردشون محرابین جہان پہلے زری کے باناتی پردے پڑے رہتے تہے بہت چہوٹی چہوٹی نہایت خوبصورت معلوم ہوتی ہین مرر ہنٹر بک آف انڈیا سے منکشف ہے کہ اس مکان مین بیگمات رہتی تہین اور اسی سبب نے اسکو حرم کہتے ہین اسکی حیثیت بہ نسبت دہوبی محل اور سجدہ محل کے بہت ہی اچھی ہے *

انگ تال یہ تال راجہ اننگ پال تنور نے اپنے عہد حکومت یعنے سمت ۱۰۲۳ بکرماجیت مطابق ۹۶۶ع مین بنوایا تہا دلی سے گیارہ میل قطب صاحب کی مینار سے پاو میل گوشہ شمال مغرب مین واقع ہے اور اب صرف ایک گڑہا ایک سو انہتر فٹ سے ایک سو چہبیس فٹ جسکا عمق چالیس فٹ ہے باقی رہگیا ہے آثار الصنادید وغیرہ سے ظاہر ہے کہ یہ تالاب ۱۳۱۱ع تک قایم تہا کیونکہ سلطان علاؤالدین مسجد قوۃ الاسلام کا دوسرا مینار بنانے کے لئے اسی تالاب کا پانی بذریعہ ایک چہوٹی نالی کے لیگیا تہا کہ جسکے نشان وہان ابتک باقی ہین *

ایک کہمبا تالاب یہ تالاب قلعہ گوالیار مین کٹورا تالاب کے شمال رخ ایک کہمبا مشہور ہے اسکا طول دوسو فٹ اور عرض ۸۰ فٹ ہے اسکے تین طرف مکان ہین اور وسط مین ایک لاٹہہ بلا تحریر بنی ہوئی ہے رپوٹ آرکیالاجیکل سروے انڈیا مین لکہا ہے کہ یہ تالاب بہت پرانا ہے *

باب الباء

بارہ پلہ شاہجہان آباد سے چار میل جنوب کی طرف جو نالہ بہتا ہے اس پر اس پختہ پل کی بارہ محرابین ہونے

لوگ بارہ پلہ کہتے ہین ہارکورٹ ہنڈبک مین لکہا ہے کہ اسکو اغا مہربان ایک خواجہ سرا نے
سنہ ۱۶۲۱ع مین بنوایا ہے اور مولوی سید احمد خانصاحب لکہتے ہین کہ اسکے کتبہ مین جہانگیر
بادشاہ کی تعریف لکہی ہے یہ عمارت جہانگیر کے عہد کی بنی ہوئی ہے

بارہ کہمبا یہ سنگ سرخ کا مقبرہ اگرہ سے ۱۸ میل کاگارول جو ایک جگہہ ہے اوس سے پاؤ میل کے
فاصلہ پر واقع ہے اور بارہ ستونون کے سبب اسکو بارہ کہمبا کہتے ہین اسکے اوپر ایک برج اور اندر
چار قبرین ہین یہان اسکی خوبصورتی عجائبات مین سمجہی جاتی ہے کتبہ نہونے سے نہین کہلتا کہ یہ مقبرہ
کب بنا اور کسنے بنوایا ہے ٭

باگہیسواری دیوی علاقہ بہار مین گیا سے ۱۴ میل کُرکہار گانوکے شمال مشرقی گوشہ پر یہ خشتی عمارت
مندر باگہیسواری دیوی کے نام سے مشہور ہے اسمین دُرگا کی مورت قد آدم ہے اُس کے
اٹہہ ہاتہہ ہین اور باگہیسواری کی مورت جسکی اس مندر مین پوجا ہوتی ہے وہ بچہ گود مین لئے شیر پر
سوار ہے اس مورت کے چار ہاتہہ ہین آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپوٹ سے واضح ہے کہ
یہ مورتین ہزار برس کی ہین اس مندر مین چند کتبے کندہ ہین ٭

باولی بستی شاہجہان آباد سے جنوب کی جانب جہان حضرت نظام الدین اولیا کی درگاہ ہے
یہ باولی مع ایک مسجد او مقبرہ کے واقع ہے اکثر اشخاص اسکو بستی باوڑی کہتے ہین اس کے اندر کے
مکانات اور سنگ سرخ کا چہوٹا سا مقبرہ خوشنما بنا ہوا ہے آثار الصنادید مین لکہا ہے کہ اس
عمارت کو بستی نامی ایک خواجہ سرا نے ۱۵۲۲ع مین بنوایا تہا اور بعد وفات وہ اسی مقبرہ مین مدفون ہوا ٭

باولی بوندی بوندی جو رجپتانہ مین مشہور ریاست ہے وہان کل عمارتون سے عمدہ اور زیادہ تر
خوش وضع یہ باولی ہے اسکے دو درجے ہین ایک کوئین کی صورت مدور جسپر تین طرف آب کشی کے
لئے چرخیان ہین ستر فٹ گہرا ہے اور دوسرا جہان سیڑہیان ہین تیس فٹ مربع بنایا ہے یہ باولی
ایسی عمدہ قطع کی ہے کہ اسکے برابر یہان توکیا کہین اور بہی دوسری باولی نہوگی سیڑہیان اسکی بہت خوشنما
پانی کے اندر تک موجود ہین اور ایک سو تیرہ پانی کے باہر نظر آتی ہین ہر ایک سیڑہی چہہ انچ سے زیادہ

قسمت سینما پتلی باولی

شاخ رائل سینما ریزیڈنسی بازار

چہار شنبہ تا جمعہ ۱۱ر تا ۱۳ر ڈسمبر

معرکہ دولت

قسط چہارم باب ۹ تا ۱۲ معہ بہترین کامک کے

دنیا کے جدید کا لاجواب سیریل جسمیں مشہور و معروف ایکٹر ولیم ڈنکن نے کام کیا ہے

معزز شائقین غالباً اب تو ولیم ڈنکن کے نام سے ناواقف تو ہونگے یہ وہ مقبول جانباز ایکٹر ہے جس نے تمام عالم کو اپنے محیر العقول کرتبوں سے ششدر کر دیا ہے اور اس کے ساتھ عالم سینما کی وہ مہوش و دلیر ایکٹرس (ایڈیٹ جانسن) نے دیا ہے جو اپنے کمالات سے پبلک کے دلوں کو موہ کر دیگی۔ اس سیریل میں دولت کے حاصل کرنے کیلئے جن مصائب و تکالیف سے دوچار ہونا پڑتا ہے مثلاً اونچے اور خوفناک پہاڑوں پر دشمنوں سے مقابلہ۔ برفستانی فضاؤں اور وسیع میدانوں میں گردش ریل کی دہشت انگیز بربادی اور ساتھ ہی ساتھ حسن و عشق کا افسانہ صرف ملاحظہ سے تعلق رکھتا ہے۔ فقط

شرح ٹکٹ ۔ عہ ۔ ۸ر ۔ ۴ر ۔ ۲ر ۔ ۱ر

نوٹ۔ تھیٹر میں لٹھ ہتیار لانا دنگہ فساد کرنا فحش کلامی کرنا سخت منع ہے بصورت خلاف ورزی بلا واپسی ٹکٹ باہر کر دئے جائیں گے نیز کو اختیار ہوگا کہ شخص مذکور کو داخلہ سے منع کرے



باولی بوندی

بلند نہین ہے اس درجہ کے دونون سرون پر جہان سیڑہیان ہین دو لداو کی بارہ دریان بنی ہوی
ہین اور باولی مین نصف رستہ پر پہنچکر یعنے سیڑہیون کے بیچ مین ایک نہایت بلند سہ دری
بنای ہے جسکے ستون بہت نازک تینتیس تینتیس فٹ بلند اور مرغوبین کندہ کار ہین ان ستونون
کے اوپر چہوٹی چہوٹی ہاتہون کی مورتین بہت خوشنما معلوم ہوتی ہین باولی کی دیوارون مین
نشیمن ایسے خوبصورت کندہ کار اور نازک بنائے ہین کہ کچہہ تعریف نہین ہو سکتی
فرگسن صاحب نے اسکی بہت کچہہ تعریف کی ہے کتبہ کے نہونے سے نہین
معلوم ہوتا کہ اس باولی کو کسنے بنوایا پانی اسکا بہت صاف اور شیرین اور ہلکا ہے +

باولی دادا ہری یہ باولی شہر احمداباد کے باہر کولاپور دروازہ سے نصف میل شمال مشرق
کی طرف واقع ہے ایک سوچہیانوے فٹ لمبی ہے اسکا دروازہ مشرق رویہ ہے اوسپر
ایک لداو کی بارہ دری بنی ہوی ہے اور بوندی کی باولی کے موافق اس باولی مین بہی سیڑہیون پر
دو دالان بہت بلند چہتون کے تہوڑے تہوڑے فاصلہ پر بنی ہین اسکے باعث دو چند
کیفیت نظر آتی ہے لیکن بوندی کی باولی کی سہ دری ان دالانون سے بہت خوبصورت ہے
یہ باولی خوب روشن اور عمدہ بنی ہوئی ہے یہان ایک کہنہ مسجد حسین بہت خوبصورت مینار
ہین ویران پڑی ہے اور دادا ہری کا مقبرہ تو ایسا برباد ہوگیا ہے کہ مرقد کا تعویذ بہی شق
اور پاش پاش ہے **مرے صاحب** بحوالہ اس کتبہ کے جو باولی مین کندہ ہے
یہ لکہتے ہین کہ اس باولی کو ایک شخص مسمی دادا ہری نے جسکا ٹوٹا مقبرہ اسکے قریب واقع ہے
سنہ ۹۰۶ ہجری مین مطابق سنہ ۱۴۹۹ع بصرف ایک لاکہہ چونسٹہہ ہزار روپیہ کے بنوایا تہا +

باولی درگاہ قطب شاہجہان آباد سے گیارہ میل جانب جنوب قطب صاحب کی
درگاہ مین مسجد کے قریب یہ عمدہ سنگ خارا کی باولی حافظ داود نے بنوای ہے اسکو بنے ہوے
تیس سال کا عرصہ ہوا اسکے دو راستے ہین اور دونون مین چکردار سیڑہیان ہین **آثار الصنادید**
سے واضح ہے کہ اس باولی کی تعمیر مین علاوہ پتہر کی قیمت کے چودہ ہزار روپیہ صرف ہوے ہین

بہت تیراک آموجود ہوتے ہین اور باولی ہین کود کر اپنے ہنر اور تماشے دکہاتے ہین اس باولی کو راجہ اننگ پال ثانی نے عرصہ تخمیناً ہزار برس کا ہوا جب بنوایا تہا اکثر اسکو مینا بازار کی باولی اور بعضے گندک کی باولی کہتے ہین ٭

باولی نالاپور یہ باولی جسکا قطر ستائیس فٹ ہے گوالیار سے پچاس میل گوشہ غرب جنوب مین شہر نالاپور سے تہوڑی دور چیتہہ کہمب کے قریب واقع ہے اسمین تین طرف دالان مع ستونون کے بہت خوبصورت اور دلکشا بنائے ہین اور ایک طرف پانی کے اندر تک سیڑہیان ہین آرکیالوجیکل سروے انڈیا رقمطراز ہین کہ یہ باولی بنوائی ہوئی تنوار خاندان کے ایک راجہ کی ہے اس نے سمت ۱۶ بکرماجیت مطابق ۱۶۳ ع مین بنوائی تہی ٭

باولی نظام الدین اولیا یہ بہت روشن اور دلفزا باولی جو حضرت نظام الدین اولیا نے اپنی حیات ۱۳۲۱ع مین تعمیر کرائی تہی دہلی سے تین میل جانب جنوب حضرت کی درگاہ کے قریب واقع ہے اسکے ایک جانب سیڑہیان اور تین طرف دیوارون مین محرابین بنائی ہین ان سے دو چند کیفیت معلوم ہوتی ہے نیچے سے اوپر تک اسکی تعمیر مین ایک رنگ کا پتہر لگا ہے اسکے جنوب کی طرف جو عمارت بنی ہوئی ہے اوسکی نسبت آثار الصنادید مین لکہا ہے کہ ایک شخص محمد معروف بن محمد حمیدالدین کی بنوائی ہوئی ہے اور ۱۳۷۹ع مین تعمیر ہوئی ہے ایام عرس مین یہان میلا ہوتا ہے خلقت بکثرت اس باولی مین نہاتی ہے اور تیراک اوپر سے کودتے ہین اوسوقت ہجوم خلایق کی یہان کیفیت نظر آتی ہے اسکا پانی میٹہا ہے اکثر پرانے بیمار اس وجہ سے متبرک سمجہکر کہ یہ باولی حضرت نظام الدین اولیا کی بنوائی ہوئی ہے دور دور سے پانی منگاکر پیتے ہین اور یہ بہی مشہور ہے کہ آسیب کا خلل اس باولی مین نہانے سے جاتا رہتا ہے ٭

بتخانہ رائے پتہورا شاہجہان آباد سے گیارہ میل قطب صاحب کی مینار کے نیچے یہ پرستگاہ راجہ پتہورا نے اپنے قلعہ کے ساتہہ سمت ۱۲ بکرماجیت مطابق ۱۱۴۳ع مین بنوائی تہی - مسلمانون نے ۱۱۹۱ع مین اسکو مسمار کرکے مسجد بنائی تبخانہ کی وضع اصلی تو اب نہین رہی مگر

چند سنگ خارا کے کندہ کار دالان جنمین اکثر جگہہ ٹوٹی ہوئی مورتین نظر آتی ہین اب تک موجود ہین لوہے کی لاٹہہ اس تبخانہ کے بیچ مین نصب ہے اُسکا حال ردیف لام مین درج ہے سنگ خارا کے دالان جو اس تبخانہ کے جنوب مین کہڑے ہین آثار الصنادید مین لکہا ہے کہ یہ پرکہا کے دالان ہین ◆

بدری ناتہہ یہ مشہور اور پُرانا مندر بدری ناتہہ کی پوجا کا علاقہ گڑہوال مین ہمالیہ پہاڑ پر دریاے بشن گنگا کے کنارہ پر واقع ہے اسکا دروازہ بموجب بیان ایشیاٹک سوسائٹی جرنیل کے سمندر سے ایکہزار دوسو چورانوے فٹ بلند ہے اس جگہہ اور بہی کئی مندر وشنو ن کے موجود ہین لیکن اُنکی تعمیر اس وجہ سے عمدہ نہین معلوم ہوتی کہ یہان ہمیشہ برف کی سلین گرتی ہین بڑے مندر مین بدری ناتہہ کی مورت کو سواے ایک منوری برہمن کے کہ وہ سب برہمنون کا سردار بنام راول مشہور ہے اور کوئی نہین ہاتہہ لگا سکتا بالغور سیکلوپیڈیا سے منکشف ہے کہ ہزارون ہندو بہت بڑی مسافت اوٹہا کر اور بعض مقامون مین جہولون کے ذریعہ سے رستہ طے کرکے یہان آتے ہین ◆

بیجے منڈل اس عمارت کو آثار الصنادید مین بیجے منڈل اور بڑی منزل اور برج منڈل اور کوشک بیجے منڈل لکہا ہے اصل مین یہ ایک برج اوس فصیل کا ہے جو محمد عادل تغلق شاہ نے سنہ ۱۳۲۷ع مین قلعہ راے پتہورا اور قلعہ سلطان علاءالدین کے گرد بنوائی تہی اسکے اوپر سنگین بارہ دری اور گرد کئی قبرین ہین مولوی سید احمد خان صاحب رقمطراز ہین کہ برج پر سکندر لودہی کے عہد مین ایک بزرگ شیخ حسن طاہر رہتے تہے اور قبرین جو زیر برج واقع ہین اُن کی اولاد کی ہین ◆

بیجے ناتہہ شہر ننگیر سے تہوڑی دور پہاڑ کے دامن مین جو چار برج واقع ہین اُنکو بیجے ناتہہ کہتے ہین سب سے بڑے برج مین مہادیو ہے صاحب آرائش محفل کا بیان ہے کہ برسوین دن جب یہان میلا ہوتا ہے تو پوجاری مہادیو کو گنگا جل سے اشنان کراتے ہین

مندر بوبانیسوار

اور خلقت جاترا کے واسطے بکثرت یہان آتی ہے قدیم سے اس جگہہ ایک بہت بڑا پیپل
کا درخت اور ایک غار موجود ہے مرات آفتاب نما سے ظاہر ہے کہ بیجے ناتہہ کے پوجاری
بڑے چالاک ہین جب کبھی اُنکو کچھہ روپے کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ ایک پرچہ جس کسی
مہاجن کے نام چاہتے ہین لکھکر اوسکے پاس لیجاتے ہین اور کہتے ہین کہ یہ بیجے ناتہہ کی
پاتی یعنے ہنڈوی تمہارے نام ہے تم اسکا روپیہ دو وہ غریب جسقدر روپیہ اوس مین لکھا ہوتا
ہے ان پوجاریون کے حوالہ بدین امید کردیتا ہے کہ بیجے ناتہہ جی کل روپیہ مع سود وغیرہ
کے میرے گھر مین رکھجاوینگے یہ مہاجن تو اس امید پر بسر کرتا ہے اودہر پوجاری مزے اوڑاتے ہین
برہم جونی بہار مین گیا سے شمال کی طرف پہاڑ پر جہان اور کئی مندر ہین وہان یہ مندر بنام
برہم یونی مشہور ہے اور اور مندرون سے بڑا ہے اسمین مورتین برہما شمبہو ناتہہ اور شیو
وغیرہ کی دہری ہین صاحب سروے رپورٹ نے اس کی تعمیر کی بابت کچھہ ذکر
نہین کیا کہ یہ مندر کب بنا اور کسنے بنوایا +
بڑا مندر بوبانیسوار یہ بڑا مندر اوڑیسہ مین اپنا نظیر نہین رکھتا اور بوبانیسوار مین واقع ہے
اسکے متصل نئے اور پرانے سو مندرون سے زیادہ موجود ہین یہان اس کی شان وشوکت کو
کوئی اور عمارت نہین پہونچتی یہ ویمانا ساٹھہ فٹ کے مربع چبوترہ پر ایک سو اسی فٹ بلند بنا ہوا ہے
اور نیچے سے اوپر تک اسکی تعمیر مین ایک رنگ کا پتھر لگا ہے برج کے اوپر ہر طرف شیر کی
مورتین بیٹھی ہین اسکے قریب اور بھی کئی بڑے عمدہ مندر ہین لیکن اس سے بہت چھوٹے اور پست ہین
فرگسن صاحب رقمطراز ہین کہ بنیاد اس نایاب عمارت کی جسمین اب تک کچھہ نقص نہین پیدا ہوا
راجہ ایجاتی کیسری نے سنہ ۶۵۷ء مین ڈالی اُسکے مرنے کے بعد اوسکے بیٹے نے اپنے عہد مین
سابق دستور مدد کی پھر اُسکے پوتے للہت اندر کیسری نے جسکے عہد مین تینتالیس برس تک
مدد رہی اس عمارت کو انتتام پر پہنچایا اس حساب سے اسکی تعمیر مین ایک سو چونسٹھہ برس متواتر مدد جاری رہی
بڑا مندر ساس بہو قلعہ گوالیار مین یہ جینی مندر جسکی کئی منزلین ہین بہت عمدہ عمارت ہے

اور بہاس بہو کا بڑا مندر اس کا نام مشہور ہے اس مندر کے دائین اور بائین دو بازو ہونے سے
صلیب کی شکل معلوم ہوتی ہے اس عمارت کا طول اکیسو فٹ اور عرض ترلیسٹھہ فٹ ہے اور سطح زمین
سے ستر فٹ بلند ہے اسکی پوشش مین تمام تپھر عمدہ اور کندہ کار لگا ہے لیکن بعض جگھہ اسمین مرمت
کی ضرورت ہے اسکے اندر اور باہر ہر جگھہ مورتین کندہ ہین اندرونی درجون مین جنکے نام
اردہا مندا پا اور ما دیا مندا پا اور مہا مندا پا اور انت رالا اور گربا گور یہا ہین سب سے بڑا بیچ کا درجہ تئیس فٹ
مربع ہے اس مندر کی تعمیر سنہ ۹۲۰ع مین ہوئی چنانچہ تاریخ تعمیر ایک لاٹھہ پر جو اس کے شمال کو نصب ہے
کندہ ہے آرکیولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ سے ثابت ہے کہ جب پدمانابھ کی مورت
جسکی اس مندر مین پوجا ہوتی ہے راجا ماہی پال کو کہین سے ملی تو اوسنے یہ مندر بنوا کر مورت کو اسمین رکھدیا
بڑا مندر کنجیورام شہر کنجیورام مندراج سے ساٹھہ میل کے فاصلہ پر واقع ہے اسمین یہ بڑا مندر
وشنو جی کی پوجا کا نہایت عمدہ کندہ کار کئی سو برس کا پرانا ہے اسکے دروازہ کے اندر ایک جا
بہت بڑی مربع عمارت محل کی شکل بنی ہوئی ہے اسپر کارکندہ نہایت عمدہ اور تپھر یکرنگ لگا ہوا ہے
ستون بانہیہ سطبری کے ایسے خوش وضع بناے ہین کہ اونکی تعریف نہین ہوسکتی اوپر چار مورتین
قدآدم چارون کونون پر برجیون کی جگھہ قایم کی ہین وہ گویا چارون طرف دیکھہ رہی ہین اس
عمارت مین اوپر سے نیچے تک سواے فرش کے کوئی ستون اور مرغول کندہ کاری اور
ٹیپ ٹاپ سے خالی نہین ہے اور بیشمار مورتین ہین ہر ایک مورت قابل دید ہے دیکھنے والے
کو حیرت اور کاریگر کو صناعی کی ہدایت ہوتی ہے اسمین اتبک کچھہ زیادہ نقص نہین آیا ہے اسکی برابر ایک
گنبد ہے اوسکی سیڑھیان بہت لمبی اور خوشنما بنای ہین اسکے سامنے بہت بلند پاگودا یعنی
اصل مندر اوپر سے نیچے تک کندہ کار ہے اسکے اندر جہان مورت رکھی ہے چھوٹا دروازہ ہونے
کے سبب گرمی اور اندہیرا بہت ہے ستون دار عمارت مین پوجاری اور وہ عورتین رہتی ہین
جو اس مندر کی مورت کی جوردین مشہور ہین علاوہ عمارت کے مندر کی تیاری کا اسباب
بیش قیمت ہے چنانچہ پیپس ایٹ دی فار ایسٹ سے ظاہر ہے کہ صرف مورت کا زیور

جو بابر پہرانے کے وقت پہناتے ہین پانچ لاکھہ روپئے کا ہے فی زمانناً یہ مندر بڑی رونق
ہے اور پوجاریون کی آمدنی کا بازار گرم ہے پاگوڈے کے سامنے ہر وقت نقارہ بجتا ہے +

بڑا مندر ہمبل بمبئی احاطہ مین گدگ سے چند میل شمال کو قصبہ ہمبل مین یہ مندر بہت بڑا اور پرانا ہے اسکے سامنے ایک پختہ گنڈ ساڑہے چار سو فٹ لمبا اور دو سو چالیس فٹ چوڑا جسکا عمق ڈیڑہ سو فٹ ہے باولی کی صورت بنا ہوا ہے مرزیز ہنڈ بک انڈیا مین لکہا ہے کہ اسکا پانی نمک سے بہی زیادہ کہاری ہے +

بڑی اگری شہر سورت احاطہ بمبئی مین یہ عمارت پارسیون کی بڑی پرستشگاہ ہے ہر وقت یہان آگ روشن رہتی ہے اسلیئے کہ آگ ہی ان لوگون کی معبود ہے یہان اور اگریان بہی اس اگری سے چہوٹی ہین ہرمزجی بہامان جی پارسیون نے سنہ ۱۸۶۴ع مین اسکو تعمیر کرایا تہا +

بشیشر ناتہہ ابتدا مین جو بشیشر ناتہہ کی پوجا کا مندر کاشی یعنے بنارس مین نہایت عمدہ اور نامی تہا اسکو تو اورنگ زیب عالمگیر نے توڑکر مسجد بنا دی حال مین جو عمارت دریا کے کنارے اس نام سے مشہور ہے اسکو اہلیا بائی رانی نے سنہ ۱۷۸۰ع مین بنوایا ہے اس مندر کی شان و شوکت پہلے مندر کو نہین پہنچتی مگر یہان کے اور سندرون پر یہ مندر فوقیت رکہتا ہے اسکے مکانات وغیرہ قابل دید ہین

بند جیسا مند اودیپور مین یہ عمارت سنگ مرمر سفید کی گہاٹون کے طور پر بنی ہوی ہے مگر ناتمام رہگئی ہے اسکا طول نہر فرسخ ہے اصل مین اس بند کو کاشتکاری کے واسطے بنانا شروع کیا تہا اگرچہ یہ بند راج سمندرا سے تو زیادہ خوبصورت نہین ہے لیکن قرینہ اسکا بہی قابل تعریف ہے اسکے ہر گہاٹ کے کونے پر برج اور داہنے بائین دالان ساٹہہ فٹ سے تیس فٹ مربع بنا ہے ہین اور پانی مین سیڑہیون کے قریب ہر گہاٹ کے بین ویسار چبوترے بناکر اونپر سنگ مرمر سفید کے ہاتی کہڑے کیئے ہین ان کی سونڈین جنمین سے فوارے چلتے ہین اوپر کوٹری ہوئی بہت خوبصورت معلوم ہوتی ہین سوا ے گہاٹون کے یہان اور بہی کئی محل ناتمام رہگئے ہین فرگسن صاحب راوی ہین کہ سنہ ۱۶۸۰ع مین جب مہارانا جی سنگہ مہارانا راج سنگہ کے بعد مسند نشین ہوا تو اوسنے

یہ مندر بنوانا شروع کیا تھا سنہ ۱۷۶۹ع مین وہ مرگیا اور یہ عمارت ناتمام رہگئی اب روز بروز ویران و خراب ہوتی جاتی ہے

مندر راج سمندرا ریاست مذکورہ بالا مین یہ عمارت سنگ مرمر سفید کی تین سو چھتر فٹ لمبی ہے اسکے گھاٹون کے سرون پر نہایت خوبصورت کندہ کار دوبارہ دریان سولہ سولہ ستونون کی بنی ہوئی ہین ایک مندر کے قریب بارہ ستونون کی ایک بارہ دری اور بھی زیادہ نازک اور خوش وضع ہے اسمین جگہہ جگہہ شیو وشنو اور برہما کی مورتین کندہ ہین فجر کے وقت یہان صدہا عورتون کا ہجوم اور عمارت کی جلاسازی اور پانی کی شفافی دیکھکر خیال مین آتا ہے کہ یہی جگہہ پرستان ہے فرگسن صاحب کے پکچرسک آرکی ٹکچر ہندوستان مین لکھا ہے کہ اس نایاب بند کو مہارانا راج سنگہ نے جو سنہ ۱۶۵۳ع سے ستائس برس تک حاکم اودیپور رہا تعمیر کرایا تھا یہ عمارت ہندوستان مین لاجواب نظر آتی ہے ٭

نہال تبت مین درگا کے قریب اس پرانے مندر کے اندر صرف ایک مورت رکھی ہے جسکی پوجا کے لئے یہان ہر روز لوگ آتے ہین آرائش محفل مین لکھا ہے کہ جب کبھی یہان کے لوگون مین باہم تنازع ہوتا ہے تو فریقین کے راست و دروغ کا امتحان یون کیا جاتا ہے کہ وہ شام کو مندر کے مقفل ہونے کے وقت دو ہانڈیون مین چانول بھر کر رکھہ جاتے ہین فجر کو مندر کا قفل کھلتا ہے تو اپنی اپنی ہانڈیان لیجاتے ہین جسکی ہانڈی مین پھول ہوتے ہین اوسی کو سچا جانتے ہین ٭

لونڈ ہیا تال آگرہ سے چودہ میل علیگڈہ کی شرک اور شکوہ آباد کے کنارہ پر یہ تال بہت بڑا اور پختہ بنا ہوا ہے اسکے بیچ مین ایک چبوترہ پر ایک گنبد نما عمارت جسکے اندر جانے کے واسطے محرابدار پل بنا ہوا ہے خوبصورت بنائی ہے لوگ بیان کرتے ہین کہ اس تالاب کو ایک مٹرہیا سات ٹھگون کی مان نے بنوایا تھا اور آرکی اولاجیکل اسسٹنٹ سروے انڈیا مین لکھا ہے کہ یہ تالاب جین بدھون کے وقت کا ہے اب یہان جوگی فقیر رہتے ہین ٭

بہانڈسر جی بیکانیر مین مندر شیومرگ اور مندر نیم ناتھ کے قریب یہ جینیون کا مندر ہے اسکا بیچ دور دور سے نظر آتا ہے بائیلوز توران راجستان سے واضح ہے کہ بہت عرصہ ہوا جب یہان کے جینیون نے یہ مندر بنوایا تھا ٭

بٹیسر یا بٹیسر ناتھہ آگرہ اور اٹاوہ کے درمیان بٹیسر نہایت پرانی جگہہ ہندون کی پرستش کی ہے وہان دریا کے کنارہ پر یہ مندر گرد و نواح کے سب مندرون سے بڑا اور پرانا ہے بڑی مورت اسمین بٹیسر ناتھہ کی ہے ہندون کے عقیدہ کے موافق یہ مندر راجہ سور یعنے سورج سین کرشن کے دادا کا بنوایا ہوا ہے اور مورخین کا بیان ہے کہ اسقدر پرانا نہین معلوم ہوتا ہان اس سے پہلے کوئی اور مندر اوس راجہ کا بنوایا ہوا یہان ہوگا اسکے قریب کئی مندر اور ہین جنکے نام آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ مین پنج بھی ماتی مندر اور گوری شنکر وغیرہ لکھے ہین ٭

بھوانی بنالا کولاپور سے شمال کو بنالا مین یہ بہت بڑا مندر بھوانی کی پوجا کا ہے مرے ہنڈبک آف انڈیا جلد اول مین لکھا ہے کہ سیواجی نے ۱۶۶۰ع مین بنوایا ہے ٭

بھوانی نگرکوٹ پنجاب مین گڈہ کانگڑہ سے تھوڑی دور نگرکوٹ مین یہ بھوانی کا مندر ہے کتابون مین اس مقام کو بہت پرانا لکھا ہے یہان ہر سال دو میلے ہوتے ہین دور دور سے خلقت جاترا کو آتی ہے اہل ہنود بھوانی سے مرادین مانگتے ہین صاحب آرائش محفل نے کہا ہے کہ ابتدا مین اکثر ہنود اپنے ہاتھہ پانو۔ کان وغیرہ کاٹ کر یہان چڑہاتے تھے اور پھر درست ہوجاتے تھے ٭

بھوتیسر یہ نامی مندر پروا علاقہ کشمیر مین واقع ہے اسکی عمارت بہت پرانی ہے یہان مہادیو کی پوجا ہوتی ہے آرائش محفل مین لکھا ہے کہ اس مندر مین در اصل کوئی باجا نہین ہے مگر اندر جانے سے باجے کی آواز آتی ہے یہ بات تعجب انگیز ہے ٭

تعلیم

بی بی سر سرہند مین یہ تالاب حاج تاج سکندر لودہی کی بیٹی کا بنوایا ہوا ہے یہان یہ عمارت بنی ہے اسکے کنارہ پر ایک خوبصورت مقبرہ واقع ہے اوسکی نسبت آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ مین لکھا ہے کہ میر میران حاج تاج کے شوہر کا ہے یہ عمارتین تخمیناً ساڑہے تین سو برس کی بنی ہوئی ہین

بیراتھہ گڈہ ببی احاطہ مین یہ قلعہ بہی نامی ہے اور اسمین مرمت کی اشد ضرورت ہے کتاب مرٹے صاحب مظہر ہے کہ اسکی تعمیر ۱۶۰۰ع مین ہوئی اسکا بانی بنالا کا راجا تہا۔

بیسل گڈہ یہ خشتی قلعہ دریائے گنگ کے کنارے پٹنہ سے شمال رخ حاجی پور سے بیس میل کے

فاصلہ پر بنام ہیسر مشہور ہے اب یہ قلعہ اکثر جگہہ سے مرمت طلب ہو گیا ہے اسکا طول ایک ہزار پانسو اسی فٹ اور عرض سات سو پچاس فٹ ہے چارون کونون پر چار برج اور گرد خندق ہے اسکا بڑا دروازہ جنوبی دیوار کے وسط مین ہے رپورٹ آرکیولاجیکل سروے انڈیا مین مندرج ہے کہ بہت مدت ہوئی جب اس قلعہ کو راجہ بیسل دیو نے بنوایا تہا اب اس کے اندر ایک مندر نو تعمیر ہے +

باب الباے فارسی

پارتبی چلمبرم یہ پارتبی کا مندر جسمین ایک ہزار پوجاری تہا چلمبرم بابرم مین کئی درجے کا مل ایک رنگ کے پتہر سے بنا ہوا ہے اسکے دوسرے درجے مین چار گوپرے سنگین اور کندہ کا بنے ہوے ہین ان کے اوپر وسیع اور دلکشا مکان اور نیچے محرابین اسقدر بلند بنای ہین کہ اونکے اندر اوپر سے دو ہاتی عماری دار جاسکتے ہین ان گوپردن پر کہین دربانون کی مورتین اور کسی جگہہ دیوون کی صورتین کندہ ہین اس مندر مین نہایت عمدہ و مضبوط نو سو تیس ستون ہین چون ستون صرف ڈیوڑہی مین ہین کوئی در و دیوار و مرغول کندہ کاری سے خالی نہین باہر کے درجہ مین باولی کی مانند ایک کنڈ ہے اس مندر کو بعض لوگ راجہ چولا چریا پانڈو کا بنوایا ہوا کہتے ہین اور **پلچرسک آرکی ٹکچر ہندوستان** مین لکھا ہے کہ ۱۰۰۴ع مین راجہ ترنجی نے بنوایا ہے +

پارتبی کہجراہو یہ مندر علاقہ مالوہ مین شہر کہجراہو کے اندر مندر وسواناتہہ سے جنوب کی طرف ہے اسمین بڑی مورت لکشمی کی پانچ فٹ بلند ہے اور پارتبی کے نام سے مشہور ہے سواے اس مورت کے اور بہی بہت سی مورتین موجود ہین لیکن اس مورت کو جسکی پوجا ہوتی ہے کوئی اور صورت نہین پہنچتی رپورٹ آرکیولاجیکل سروے انڈیا مین لکھا ہے کہ دسوین صدی عیسوی مین یہ مندر تعمیر ہوا ہے +

پارس ناتہہ یہ پرانا و ماناجسمین پارس ناتہہ قد آدم مورت ہے بہار مین جانب جنوب پہاڑ پر مداو بند کے قریب واقع ہے اسمین جینی اوتارون کی اور مورتین جو رکہی ہین انکی ناگین بیچ مین سے کہلی ہوئی ہین جسطرح آبو کے پہاڑ پر ادی ناتہہ ہے اسی طرح

بارتی حلمہ مر کا دروازہ

مشرق مین بہار کے پہاڑ پر پارس ناتھ ہے مغربی ہندوستان کے جینی آبو کے پہاڑ پر ادی ناتھہ کے درشنون کو جاتے مین اور شرقی ہندوستان کے جینی اس مندر کی جاترا کو آتے ہین لیکن اسکی عمارت ادی ناتھ کے موافق عمدہ نہین ہے ڈاکٹر ہوکر ز ہمالایان جرنیل جلد اول سے ظاہر ہے کہ جسقدر خلقت یہان آتی ہے اُن کے لائق یہان کا بازار اور آبادی نہین ہے کیونکہ اکثر خورد و نوش کی چیزین بہی دستیاب نہین ہوتین یہ جگہہ بطور گانو کے آباد ہے اور بہی کئی مندر یہان بڑے مندر سے چہوٹے اور اوسکی لعب کے بنے ہوے ہین ❊

پارسی وادا کاشی کے پارسی وادا محلہ مین یہ جینی مندر مکان کی صورت اوپر سے سادہ اور اندر سے پر تکلف بنا ہوا ہے اسمین بیشمار جینیون کی مورتین اور تصویرین رکہی ہین بڑی مورت پارس ناتھہ کی جو تخت پر بیٹہی ہے اوس تخت کو اور چہوٹی مورتین اوٹہاے کہڑی ہین انکو ایسے عمدہ مجلا سنگ مرمر سفید سے بنایا ہے اور آن کی آنکہین بلور کی اتنی خوبصورت لگائی ہین کہ قابل دید ہین مر نر بند بک بمبئی سے منکشف ہے کہ ان مورتون کا زیور بہت قیمتی ہے یہان دور دور کے جینی جاترا کو آتی ہین

پاگان مندر بہوانی شہر لکہنو سے جانب جنوب ایک باغ مین یہ عمدہ عمارت واقع ہے یہان ہر ہفتے لوگ بڑی پوجا ہوتی ہے اور ہر سال ہولی کے اٹہہ روز بعد بڑا بہاری میلا ہوتا ہے میجر ہنری کورٹ نے لکہا ہے کہ اس میلے کو آٹہوان کہتے ہین تمام باغ مین خلقت بہر جاتی ہے اور بہوانی کے روبرو چڑہاوے کا ڈہیر ہو جاتا ہے ❊

پاگوڈا مہابالی پور مہابلی پور علاقہ چولا مین سب عمارتون سے یہ مندر اعلے درجہ کا ہے لیکن کہنگی کے سبب بہت بوسیدہ ہوتا جاتا ہے نیچے سے اسکا پاگوڈا تیس فٹ مربع اور سطح زمین سے ساٹہہ فٹ بلند ہے اسکے اوپر وہ کندہ کاری کی ہے کہ چین مین لکڑی پر بہی ایسا کام نہین بنتا اسکے اٹہہ درجے ہین یعنے ہر چوہل پر ایک چہوٹا چوہل درجہ اوپر تک چلا گیا ہے سب سے اوپر کا درجہ گنبد کی مانند گول اور بہت خوشنما ہے اسکے اوپر سنگین کلس لگائے ہین یہ پاگوڈا سرتاپا یکرنگ پتہر کا اور کندہ کار بنا ہوا ہے اسکے قریب ایک چہوٹا پاگوڈا ہے جسکی اوپر نیچے پانچ درجے ہین

اسکے بعد کا بنا ہوا ہے مگر اسکی خوبصورتی سے اُسکو کچھ نسبت نہین فرگسنز کلچر سک
ارکی ٹکچر ہندوستان لدریموزٹریولز اور ہمنٹر انڈیا وغیرہ سے واضح ہے کہ بڑے
پاگوڈے جو کئی سو برس کا پُرانا ہے مسافرون کو سمندر مین دور دور سے نظر آتا ہے ٭

پانڈوگڈہ دکہن مین یہ شیھر وائی کا قلعہ پہاڑ پر بہت مضبوط اور پایدار لڑائی کے کام کا
بنا ہوا ہے فرزنز ہنڈبک سے واضح ہے کہ پنالا کے راجا نے قلعہ ستارا سنہ ۱۱۹۳ء مین تعمیر کرایا تہا ٭

پاون گڈہ بمبی احاطہ مین چمپانیر سے تہوڑی دور یہ چہوٹا قلعہ پہاڑ پر واقع ہے اسکی فصیل پندرہ فٹ
بلند ہے مگر بروج مزار دہین فصیل پر صرف دو توپین چڑہی رہتی ہین قلعہ کے اندر ایک مکان
ہے اُسمین قلعہ دار صاحب رہتے ہین کتبہ نہونے سے نہین معلوم ہوتا کہ کسنے بنایا اور کب بنا
ہنڈبک مرے مین لکہا ہے کہ پرانا ہے ٭

تہہریا مسجد پنجاب مین تہانیسر کے قلعہ کے اندر شیخ چلّی کے مدرسہ سے جنوب رُخ یہ چہوٹی
سنگین اور خوبصورت مسجد اندر سے سینتیس فٹ لمبی اور گیارہ فٹ چوڑی بنی ہوئی ہے اگلے
دستور کے موافق اسکے پشت پر دو مینار خوبصورت اور وضعدار بنے ہوے ہین اب جو
مسجدون کے روبرو مینار بنائے جاتے ہین یہ قاعدہ جدید ہے رپوٹ آرکی ولاجیکل سروے
انڈیا مین لکہا ہے کہ یہ مسجد فیروز شاہ بادشاہ کے عہد کی بنی ہوئی ہے اس حساب سے
یہ عمارت پانسو برس کی بنی ہوئی ہے ٭

پُرانا قلعہ اُوجین مالوہ مین یہ خشتی قلعہ شہر اوجین کے کہنڈرات اور جنگل مین مشرق سے
مغرب کو تین ہزار فٹ لمبا اور شمال سے جنوب کو ایک ہزار پانسو فٹ سے زیادہ چوڑا ہے
اس حساب سے اسکا کل دور نو ہزار فٹ یعنے دو میل سے کسیقدر کم ہوا دیوار کی بلندی
تیس فٹ ہے اور کہین کہین سے مسمار ہوگئی ہے سوائے شرقی دیوار کے اور دیوار دن کے
گرد خندق ہے اور دو چہوٹے چہوٹے دروازے شمال مغرب اور جنوب مغرب کو واقع ہین
رپورٹ آرکی ولاجیکل سروے انڈیا سے واضح ہے کہ اس قلعہ کو بنے ہوئے تخمیناً دو ہزار برس ہوئے

پُرانا قلعہ دہلی دہلی دروازہ شاہ جہان آباد سے دو میل کے فاصلہ پر شہر اندرپت کا یہ پُرانا قلعہ سنگ خارا اور چونہ کچ کا بنا ہوا ہے اور باوجود کہنگی او مسماری کے اگرچہ کچہ برج بہی منہدم ہوگئے ہین تاہم نہایت مضبوط اور خوش وضع ہے اسکی فصیل بہت بلند ہے تہوڑی تہوڑی دور پر برج اور چار دروازے - کئی کہڑکیان ہین **مولوی سید احمد خان صاحب** رقمطراز ہین کہ پہلے اسکے غربی دروازہ کے روبرو بڑی بڑی شیرون کی دو مورتین کہڑی تہین اور انکے گلے مین گہنٹالین پڑی تہین جب کسی مستغیث کو راجہ اندرپت کی خدمت مین کچہ عرض کرنا ہوتا تو وہ ان گہنٹالون کو ہلاتا تہا اور راجہ آواز سنتے ہی حضور مین طلب فرماتا تہا شمالرویہ دروازہ اس قلعہ کا جو مدت سے بند پڑا ہے اوسکا نام طلاقی دروازہ مشہور ہے **آثار الصنادید** اور ہارکورٹ ہنڈبک وغیرہ سے منکشف ہے کہ اصل مین اس عالیشان قلعہ کو راجہ انگ پال تنور نے سنہ ۲۶ع مین بنوایا تہا جب سنہ ۱۵۴۳ع مین ہمایون بادشاہ نے اسکی مرمت کروائی تو اسکا نام دین پناہ رکہا اور جب شیرشاہ کے تصرف مین آیا تو شیرگڈہ کہلایا اب لوگ اسکو پُرانا قلعہ اور اندرپت کہتے ہین گرد و نواح کے کاشتکار و زمیندار اسمین رہتے ہین اسکے اندر دو عمارتین ایک مسجد اور ایک شیر منڈل جہان سے ہمایون بادشاہ گرکر مرا قابل دید ہین اُنکے حالات ردیف وار علیحدہ درج کئے گئے ہین +

پُرانا محل قلعہ بمبئی مین سمندر کے کنارہ پرتگیز نے راجہ بہیم والی تہانہ پر فتح پانے اور قلعہ کو اپنے قبضہ مین لانے کے بعد یعنے سنہ ۱۵۳۰ع مین یہ عمارت بنوائی اور اسپر توپ کے گولون کے جو نشان پڑے ہوئے ہین اونکی نسبت **مَرے صاحب** کا بیان ہے کہ سنہ ۱۶۹ع مین دہلی کے رشیدی سپہ سالار نے یہان آکر گولے مارے تہے +

پرمیشوار مہادیو پنجاب مین قصبہ پہوا جو تہانیسر سے چودہ میل جانب غرب واقع ہے وہان یہ پُرانا مندر سب مندرون کی ناک ہے ہرسال کاتک کی پانچوین تاریخ سے نوین تاریخ تک یہان میلا ہوتا ہے اسمین مہادیو کی پوجا ہوتی ہے کتبہ کے نہونے سے تاریخ تعمیر معلوم نہوئی

پرسرام الورا یہ مندر اورا علاقہ دکن مین مندر اندراور جگنناتہہ کے قریب پہار تہو تہا کر کے نہایت عمدہ وضع کا بنایا ہے اسکا دالان پچیس فٹ سے اکتیس فٹ اور اوسکے ستون دو فٹ تین انچ کے مربع ہین جان سلی صاحب قطراز ہین کہ اس مندر مین سب سے بڑی مورت پرسرام اوتار کی بنی ہے ٭

پرسرام مولی ستارا سے تہوری دور جو گانو بنام مولی اور مہولی مشہور ہے وہان دریا کے کنارے یہ بڑا مندر چہوٹے مندرون کا سردار معلوم ہوتا ہے اسمین بہی پرسرام اوتار کی پوجا ہوتی ہے مرے ہنٹر بک مین لکہا ہے کہ دو سو برس کا بنا ہوا ہے

پل پچ گہاٹی گوالیار سے ساتہہ میل غرب جنوب کی طرف ڈہومری گانو کے قریب اورنگ زیب عالمگیر نے یہ پل دریاے سندہہ پر بنوایا ہے مگر اب کہنڈر ہوگیا ہے اسکی تعمیر مین بڑی بڑی ٹوپیان لگی ہین اسکا طول ایک ہزار دو سو چار فٹ ہے اسمین اکتیس محرابین ہین جنمین سے چہبیس تو بڑی اور پانچ چہوٹی ہین ارکی او لاجیکل سروے رپورٹ انڈیا نے لکہا ہے کہ پونے دو سو برس کے عرصہ مین تین بار اسکی مرمت ہو چکی ہے اور اب تو بہت ہی مرمت طلب ہے ٭

پل جونپور جونپور مین بنارس سے شمال مغرب کی طرف سب عمارتون مین یہ پل بے نظیر ہے اس کی تعمیر سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا معمار ابہی تیار کر کے ہٹے ہین آرائش محفل مین لکہا ہے کہ یہ پل منعم خان خانخانان نے اکبر کے عہد سلطنت سنہ ۹۸۱ ہجری مین تعمیر کرایا تہا اسپر کتبہ بہی کندہ ہے ٭

پل شاہ دولہ گوجرانوالہ ضلع پنجاب مین ڈیک ندی پر یہ نادر پل ایک گجراتی فقیر نے عالمگیر کے عہد مین خلقت کی آسایش کے واسطے تعمیر کرایا تہا چنانچہ تواریخ گوجرانوالہ سے منکشف ہے کہ پہلے تمام خلقت کی آمد و رفت لاہور اور پشاور کے درمیان اسی پل سے ہوتی تہی اب یہ پل بہت مرمت طلب ہوگیا ہے اور کوئی اسپر نہین جاتا ٭

پل شمالی نالاپور یہ پل قلعہ نالاپور سے تین میل جانب شمال پل پچ گہاٹی کی وضع کا خوبصورت

بنا ہوا ہے اسکی کل بائیس محرابین ہین پونے دو سو برس کے عرصہ مین یہ پل دریا کی ٹکرون سے بہت برباد ہوگیا ہے رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکھا ہے کہ یہ پل عالمگیر کا بنوایا ہوا ہے ॰

پل ناگا تھانہ اندرپور سے بمبی کو جاتے ہوے ناگا تھانہ مین یہ پل عجیب صورت کا بنا ہوا ہے جو مسافر اسپر گزرتا ہے اسکی شانداری کی تعریف کرتا ہے مگر کتبہ نہونے سے نہین معلوم کہ کب کا بنا ہوا ہے اور کسنے بنایا ہے مرزنشد بک ناقل ہے کہ یہ پل بہت پرانا ہے

پنج محلہ لکھنو اسکو محل شاہی بہی کہتے ہین یہ عمارت جانب شمال گومتی کے کنارہ قیصر باغ مین واقع ہے پنج محلہ اور پیچ محلا دونو نامون سے مشہور ہے صاحب آرائش محفل کا بیان ہے کہ پانچ منزلون کے سبب اس عمارت کو پیچ محلا کہتے ہین اصل مین اسکی بانی نواب ابوالکرم خان ہین جو لکھنو کے شیخون مین بڑے امیر تہے سنہ ۱۷۳۲ء مین جب نواب سعادت خان برہان الملک صوبہ دار اودہ مقرر ہوے تو انہون نے اپنی سکونت کے واسطے یہ مکان کرایہ کو لیا سنہ ۱۱۸۸ ہجری مین نواب آصف الدولہ صوبہ دار ہوتے تو انہون نے گرد کے مکانات گراکر اسکو وسعت دی ایک سنگین بارہ دری اور ایک وہ مکان جسمین باولی ہے اور دولتخانہ جو سب عمارتون سے عالی ہے اور کئی اور مکان بنائے میکلاوڈ صاحب نے پیپس اٹ دی فارسیٹ مین اسکی بہت تعریف لکہی ہے اسکے برج اور برجیان دور دور سے نہایت خوشنمائی کے ساتہہ نظر آتی ہین غدر سے پہلے یہان بڑی رونق تہی ॰

پہاڑے جنگ قلعہ نالاپور مین گوالیار سے جنوب مغرب کو یہ بہت بڑی توپ ہے لیکن بیجاپور کی توپ سے جسکو ملک میدان کہتے ہین چہوٹی ہے اسکا طول دس فٹ اور پیالہ کا قطر ساڑہے تین انچہ ہے اسکو سنہ ۱۷۲۰ء مین راجہ جیسنگہ سوائی نے بنوایا تہا اسپر کتبہ موجود ہے ॰

پہی انگونگ یہ کہنڈر محل سکم مین سکیا ہو باشندے سے تہوڑی دور واقع ہے ابتدا مین سکم کا دار الخلافہ یہی تہا نیپال کی لڑائی مین اسکی عمارت برباد ہوگئی اسکا دروازہ اور کئی ٹوٹے ہوے برج کہنگی کے سبب کالے ہوگئے ہین ڈاکٹر ہوکر ہمالایان جرنل جلد اول مین لکہا ہے کہ یہ قلعہ چارسو برس کا ہے ॰

پیر جیتہر شہر بہرایچ سے ایک میل کے فاصلہ پر بابا ریحان کی یہ درگاہ ہے حضرت سنہ ۱۰۰۰ء مین بغداد سے

یہان آے تہے اسمین کئی برج اور سنگ مرمر کی قبرین ہین انکے علاوہ سنگ مرمر کا ایک حوض پانچ فٹ لمبا دو فٹ چوڑا چودہ انچہ گہیرا موجود ہے اسکی کرامات کا ذکر آرائش محفل مین یون بیان کیا ہے کہ ہر وقت ہلکے اور میٹہے پانی سے لبریز رہتا ہے جتنا پانی صرف مین آتا ہے اوتنا ہی اور آجاتا ہے اسکے پانی کو تبرک سمجہکر لوگ دور دور لیجاتے ہین ❖

باب التاء

تاج باولی یہ نہایت عمدہ تین سو فٹ مربع اور پچاس فٹ گہری باولی بیجاپور مین جہتری محل کے قریب واقع ہے اسمین تین طرف دالان اور ایک جانب سیڑہیان پانی کے اندر تک بہت خوبصورت بنای ہین اور دروازہ جو سیڑہیون کے سرے پر محرابدار ہے اوسکے قریب اور کئی مکان خوش وضع بنے ہوے ہین ہینڈبک آف مرہٹہ مین لکہا ہے کہ بہت عرصہ ہوا جب اس باولی کو جنید الملک سلطان محمد کے وزیر نے بنوایا تہا ❖

تاج محل اکبرآباد اس بے بہا عمارت کے دیکہنے کے لئے خلقت دور دور سے آتی ہے اور یہ کہتی ہے کہ اس وضع کی وسیع اور پاکیزہ عمارت اقلیم ہند مین اور کہین نہین دیکہی قلعہ آگرہ سے ایک میل کے فاصلہ پر دریاے جمن کے کنارہ ایک سرسبز باغ کے اندر یہ روضہ نہایت نفیس ارجمند بانو المخاطب بہ ممتاز محل بیگم شاہ جہان کا مدفن ہے حدود اربعہ اسکی یہ ہین - جنوب مین دروازہ صدر شمال مین دریاے جمن غرب مین ایک عظیم الشان مسجد اور اسکی متصل ایک شاندار باولی - شرق مین مختلف عمارتین ہین اسکے تیار ہونیکی وجہ یہ ہے کہ ممتاز محل نے ۱۰۴۰ ہجری مطابق ۱۶۳۰ع مین نزع کے وقت شاہ جہان کو وصیت کی تہی کہ میرے مدفن کا مکان نادرہ روزگار و عدیم النظیر بنایا جاے چنانچہ شاہ جہان نے مکرمت خان اور عبدالکریم خان کے اہتمام سے دس برس مین یہ روضہ دلکش تیار کروایا اور جب شاہجہان نے وفات پائی تو انکے بیٹے عالمگیر نے انکو بہی بیگم کے پہلو مین دفن کیا دروازہ باغ مین قدم رکہتے ہی ایک نہایت مصفا سنگ مرمر کی نہر ہے اوسکے ہر دو طرف سرو کے درخت سرسبز و شاداب اور بیچ مین انتی فوارے نادر و نایاب نظر آتے ہین نہر کے

دوسرے سرے پر سنگ مرمر کا چبوترہ نو سو فٹ لمبا بائیس فٹ اونچا بنا ہوا ہے اسکے وسط مین عمارت
اور روضہ کے چارون کونون پر چار مینار ہین میناروں کے باہر تین تین گنبد اور اندر سیڑھیان چکردار ہین انکی بلندی
ڈیڑہ ڈیڑہ سو فٹ ہے بارہ دریون کے برجون پر سنہری کلسیان نہایت خوبصورت ہین چبوترہ کی
وسطی عمارت پانسو ستر فٹ ایسی خوش قطع ہشت پہلو بنی ہوئی ہے کہ دیکھنے والا ششدر رہجاتا ہے
اسکے اوپر وسط مین نہایت خوشنما برج ستر فٹ قطر کا ہے اوسپر سنہری کلس تیس فٹ کا لگا ہوا ہے اسکے گرد
کے چارون برج چہوٹے ہین انکی بارہ دریان بہی نازک و نفیس ہین بیچ کا مکان اس عمارت کا جسکی ناف
مین تعویذ مرقد بیگم اور پہلو مین قبر شاہجہان سے نہایت بیش قیمت اور جلا کار ہے اسکی جالیان
اور اوپر بہی کاری بہت ٹیپ ٹاپ کی ہے اسکے نیچے تہ خانہ مین اصلی قبرین ہین ماسواے وسطی درجہ
کی چمک دمک کے گرد کے چہوٹے مکانون مین بہی نیچے اور اوپر ایسی جالیان لگائی ہین کہ انکی خوبی کا بیان
نہین ہوسکتا اس عمارت کے باہر اور اندر منبت اور کندہ کا کام اور طلائی نگت اور پچیکاری کے
نقش و نگار بیش قیمت لعل و یاقوت و زہر مہرہ و عقیق و مرجان و فیروزہ و مونگا و ٹامڑا و فادزہر و دہام د
پوتیا و کہماچ و لاجورد و سنگ یمنی و سنگ سلیمانی و سنگ غوری و سنگ یشب و سنگ ابری و سنگ موسی
و سنگ عجوبہ و سنگ طلائی و سنگ سماق و سنگ گرنڈ وغیرہ کی گلکاری سے یہ روضہ گویا روضہ رضوان
بنگیا ہے اور اسکے درون کی پیشانی اور بازوؤن پر آیات قرانی کی پچیکاری مین یہ ندرت نگاری کی ہے
کہ جتنا بڑا حرف وسط مین نظر آتا ہے اوتنا ہی اوپر دکہائی دیتا ہے - اکثر بیش قیمت پتہر اس عمارت کے
پچیکاری کے لوگ براہ بدنیتی و بیرحمی اوکہاڑ کر لیگئے اب اونکی جگہہ رنگ بہر دیا گیا ہے باغ کے گرد
فصیل بہت مضبوط ساٹھہ فٹ بلند ہے اس یکرنگ سفید عمارت کے بنانے مین منجملہ سیکڑون
معمارون اور ہزارون دستکارون کے نامی اوستاد اور کاریگر اسٹین ڈی بورڈیکس فرانسیس و عیسی خان
نقشہ نویس و امانت خان طغرا نویس ساکن شیراز و محمد حنیف میر معمار و محمد شریف و موہن لال
پچیکار و اسمعیل خان گنبد ساز ساکن روم و محمد خان خوشنویس ساکن بغداد و منولال و منوہر سنگہ
و کاظم خان کلس ساز ساکنان لاہور شریک تہے اسکی لاگت کے باب مین مختلف اقوال ہین مرے برٹش انڈیا

کا بیان ہے کہ چہپتر لاکہہ روپئے اور پیپس ایٹ دی فاریسٹ مین لکہا ہے کہ تین کرور تقارار کی اور اجیکل سروے انڈیا رپوٹ سے واضح ہے کہ تین کرور سترہ لاکہہ اڑتالیس ہزار چہبیس روپیہ خرچ ہوے ہین *

تاج محل اورنگ آباد اورنگ آباد دکن مین اگرچہ باغات نہایت عجائبات سے ہین لیکن یہ عمارت بہی وہان ایسی عمدہ و بے نظیر ہے کہ دور دور کے آدمی اسکی سیر کے شایق ہین شاہ جہان بادشاہ نے تاج ممتاز محل بانو کا روضہ اگرہ مین بنایا اور اورنگ زیب عالمگیر نے یہ روضہ اپنی ملکہ رابعہ درانی کا اورنگ آباد مین بناکر تاج محل مشہور کیا یہ مقبرہ بہی شہر سے تہوڑی دور ایک آراستہ باغ کے وسط مین واقع ہے اسکے عالیشان دروازہ مین دو بڑے بہاری برنجی کواڑ خوش وضع لگے ہوے ہین اندر حوض مین تیرہ فوارے چلتے ہین اسکے دونو طرف سیب اور آڑو اور لیمو کے درخت لگاے ہین باغ کے دروازہ سے مقبرہ تک سڑک کے طور پر سنگین فرش بنا ہوا ہے مقبرہ کا چبوترہ بہت بڑا ہے اسکے کونون پر چار مینار ہین ان مین ایک سو بائیس بائیس سیڑہیان چکردار ہین انکی بلندی بہتر بہتر فٹ ہے انکے اوپر بارہ دریون مین سے دور دور کے مکان اور باغ ایک کیفیت کے ساتہہ نظر آتے ہین نیچے سے ہر مینار کا دور اڑتالیس فٹ ہے چبوترہ کے بیچ مین جو عمارت روضہ بہتر فٹ مربع ہے اسکے چارون طرف تین تین در اور اوپر سنگ مرمر سفید کا بڑا برج ہے یہ در جالیون دار تیرہ فٹ بلند اور چہہ فٹ چار پانچہ چوڑے ہین فرش سے پانچ فٹ کی بلندی تک اس عمارت مین سنگ مرمر سفید لگا ہوا ہے اور اُسمین جگہہ جگہہ کندہ کاری کی ہے روضہ کے بیچ مین زیر گنبد تعویذ مرقد سنگ مرمر سفید کا بہت خوبصورت بنا ہوا ہے یہان سے چوبیس سیڑہیان نیچے اُتر کر تہ خانہ کے بیچ مین اصلی قبر ہے اور اسکے گرد روشنی کے واسطے بہت عمدہ جالیان لگائی ہین مریز ہنڈبک وغیرہ سے منکشف ہے کہ اس عمارت کی تعمیر مین نو لاکہہ روپئے صرف ہوے اسمین اب تک کچہہ بہت نقص نہین آیا ہے *

تاراگڈہ یہ قلعہ شہر اجمیر کا دہلی سے دو سو تیس میل جنوب مغرب کو دو ہزار فٹ کے بلند پہاڑ پر نہایت مضبوط اور پختہ بنا ہوا ہے اسکو راجہ اجے پال نے شہر اجمیر کے ساتہہ تعمیر کرایا تہا آرکی اولاجیکل



تاج محل اکبرآباد

سروے انڈیا مین لکھا ہے کہ اس قلعہ کی بنیاد ۱۸۳۵ء مین ڈالی گئی ؎

تالاب حاجی مانگا سندہ مین کراچی سے نو میل شمال کو یہ تالاب تین سو فٹ کا لمبا ہے اسکو حاجی مانگا ایک بزرگ نے جنکا مقبرہ اسکے قریب واقع ہے بنوایا تہا اکثر مسلمان زیارت کے واسطے یہان آتے ہین مَرے صاحب نے لکھا ہے کہ اس جگہہ کو ہندو بھی پوتر جانتے ہین اور کہتے ہین کہ کرشن نے یہان ایک دیو کو مارا تہا چنانچہ اس سبب سے ہندو یہان بہیر بکری وغیرہ جانور چڑہاتے ہین اور انکا گوشت گیدڑیال کہا جاتے ہین ؎

تالاب زینکی موضع زینکی قصبہ شیخوپورہ ضلع گوجرانوالہ مین یہ تالاب ہرن مینار کے نیچے واقع ہے اٹہہ سو اٹہاسی فٹ اسکا طول اور سات سو تریپن فٹ عرض ہے اور عمق اکیس فٹ سے کم نہین بیچ اسمین ایک بارہ دری بہت خوبصورت بنی ہوئی ہے اُسکے اندر جانے کے واسطے ہرٹیا تال کے پل کی مانند ایک پل بنا ہوا ہے اب اس تالاب کے بیچ مین کہوئین ہو گئی ہین اس سبب سے اسمین پانی نہین ٹہیرتا تاریخ گوجرانوالہ سے مستنبط ہے کہ یہ تالاب ہرن مینار کے ساتہہ جہانگیر بادشاہ نے ۱۰۲۸ھ جلوس مین تعمیر کرایا تہا ہرن مینار کا ذکر علیحدہ کیا گیا ہے

تالاب ساس بہو یہ تالاب گوالیار مین ساس بہو کے مندر کے قریب ڈہائی سو فٹ لمبا اور ڈیڑہ سو فٹ چوڑا ہے عمق اسکا اب اٹہارہ فٹ ہے اسکے بیچ مین ایک لاٹہہ بلا تحریر نصب ہے صاحب آرکی اولاجیکل سروے انڈیا نے اس تالاب کو مندر سے پہلے کا بنا ہوا لکھا ہے لوگ اسکو مندر کے قریب ہونے سے ساس بہو کا تالاب کہتے ہین ؎

تالاب کپولی کپولی گانو بمبی اور پونا کے درمیان واقع ہے اُسکے قریب یہ تالاب پاؤ میل طول ہے گہاٹون کی سیڑہیان بہت خوشنما اور مضبوط بنا ہی ہین یہان بشمار جوان عورتین فجر کو نہانے کے وقت تیرتی ہین اور غوطہ بازی کے وقت مچھلی کی سی آب و تاب دکہاتی ہین دیکہنے والے کی طبیعت یہان سے ہٹنے کو نہین چاہتی یہ وہی عورتین ہین جو شوہر مردہ کے ساتہہ جلکر خاک ہو جایا کرتی ہین ہنڈبک آف دیلی مین لکہا ہے کہ اس تالاب کو نانا فرنویس مرہٹہ نے بصرف ایک لاکھ

تیس ہزار روپے کے تعمیر کرایا تھا ؎

تالاب مان سرور یہ تالاب قلعہ گوالیار کے غرب کی طرف پہاڑ کاٹکر چوبیس فٹ گہرا بنایا گیا ہے موسم برسات مین پُر آب ہو جاتا ہے ارکی اولاجیکل سروے رپورٹ مین اسکا بانی راجہ مان سنگہ کو لکہا ہے بحساب ۱۵۴۲ ع مین تعمیر ہوا ہے ؎ ؎ ؎

تبر جہ دہلی اور قطب کے درمیان نواب صفدر جنگ کے مقبرہ سے تہوڑی دور یہ تین مقبرے سنگ خارا کے قریب قریب بنے ہوے ہین بڑے مقبرہ کو جسمین کچہہ سنگ سرخ بہی لگا ہوا ہے مارکوٹ ہنڈبک مین بڑے خان کا لکہا ہے اور چہوٹے کو چہوٹے خان کا بیان کیا ہے سب سے چہوٹے کو کالے خان کا مقبرہ لکہا ہے آثار الصنادید مظہر ہے کہ اصل مین یہ پٹہانون کے مقبرے ہین کتبہ نہونے سے انکا صحیح حال دریافت نہین ہوتا سال تعمیر ۱۴۹۰ع لکہا ہے موٹہہ کی مسجد بہی اسجگہہ ہے اسکا حال ردیف میم مین درج ہے ؎

ترک تیشوار دکہن مین گدک پرانی اور مشہور جگہہ ہے وہان قلعہ کے اندر یہ خوبصورت پرانا مندر ترک تیشور کی پوجا کا ہے اسکی مورت کے تین سر ہین مرّے صاحب کی تحریر اور ہنسکے کتبہ سے ثابت ہوتا ہے کہ دو ہزار برس کا بنا ہوا ہے اسکی عمارت بہت بڑی ہے ؎

ترکونہ تال یہ چہوٹا سا تکونیہ تال قلعہ گوالیار مین شمال کی طرف پہاڑ کاٹ کے بنایا ہے ارکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ سے واضح ہے کہ بہت مدت ہوئی جب راجہ جیاتیا پال نے یہ تال مندر تہورا کے ساتہہ بنوایا تہا یہ تہورا کا مندر سالہا سال سے نیست و نابود ہے اسکی جگہہ ایک ٹوٹا دروازہ جسپر کتبہ کندہ ہے راجہ وریانی کا بنوایا ہوا موجود ہے یہ دروازہ سنہ ۱۴۸۱ ع مین تالاب کے قریب تعمیر ہوا تہا ؎

ترلوک ناتھ یہ خوش قطع مندر بہار مین گیا سے چودہ میل جانب شرقی جہان کئی کنڈ ہین وہان واقع ہے اسکی عمارت بہت پرانی نہین ہے کیونکہ رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا سے صاف ظاہر ہے کہ پہلے اس جگہہ ایک مندر سنہ ۱۱۰۰ ع کا بنا ہوا تہا چنانچہ اُسکے سنگ سیاہ کے دروازے یہان اب تک موجود ہین ایک دروازہ اُنہین کا جو بہت کندہ کار اور زیادہ تر خوبصورت ہے

گروہ بہی مندر حال کی خوبصورتی کو نہین پہنچتا اس عمارت کے نئے اور پرانے کل ستون خوشنما ہین بڑی مورت اسمین بدھ کی ہے اسکی گرد نو مورتین گہٹنے ٹیکے ہوے ہاتہون مین ہاتہ ملائے حلقہ باندہے بیٹہی ہین ہنود اس مندر کو بہت مانتے ہین ٭

تغلق آباد یہ عالی شان اور مضبوط اسی فٹ اونچی فصیل تغلق شاہ کے شہر کی جو اوسنے اپنے عہد حکومت ۱۳۲۱ع مین بنوائی تہی شاہجہان آباد سے چہہ میل بدرپور گانو کے قریب پہاڑ پر واقع ہے اسمین بہت بڑے بڑے پتہر گہڑ کر لگائے ہین اسکا دور چار میل سے کسیقدر کم ہے اور گرد بہت عمیق خندق ہے اور جنوب مین قصر ہزار ستون کے قریب جو کہنڈر ہوگیا ہے اسکا قلعہ واقع ہے اسکی فصیل شہر کی فصیل کا چہٹا حصہ ہے اور اوسپر کنگورون کے ہونے سے بڑی نمود ہوگئی ہے اگرچہ اس عمارت مین نقش نگار کچہہ نہین لیکن اسکی شان و شوکت دیکہکر حیرت ہوتی ہے کننگہم صاحب رقم فرماتے ہین کہ تغلق آباد معہ قلعہ کے شاہجہان آباد سے کم نہین ہے تغلق آباد کا دور مع قلعہ کے پانچ میل ہے اسکی شہر پناہ کے تیرہ دروازے ہین سب سے بڑا دروازہ تغلق شاہ کے مقبرہ کی طرف واقع ہے بعضے اسکو بر کا قلعہ کہتے ہین مقبرہ کی طرف کہنڈرات مین جہان پانی بہر رہتا ہے ایک پل بہت مضبوط بنا ہوا ہے توڑا جب علی عادل شاہ ثانی بیجاپور مین تخت نشین ہوا تو نجومیون نے کہا کہ نئے بادشاہ کو پرانا قلعہ اور شہر سزاوار نہین ہوتا باین وجہ ۱۶۶۰ع مین اسنے یہ دوسرا بیجاپور آباد کیا اسکو ۱۶۸۲ع مین ملک آصف نے اوجاڑا اور رہا سہا ہر اورنگ زیب نے ویران کر کے بیجاپور قدیم کو بدستور آباد کیا ایہان اکثر کہنڈر اور جنگل ہے

تیلی مندر گوالیار مین اس بلند عمارت کے ہونے سے شہر کی عمارتین دوچند خوبصورت ہوگئی ہین اسکی وضع جنوبی ہندوستان کی عمارتون سے بہت ملتی ہے یہ ویشنوی مندر ساٹہہ فٹ مربع ہے اور جانب شرق اسمین ڈیوڑہی گیارہ فٹ ہے اس کے برج پر نہایت عمدہ کام کے پتہر لگے ہوے ہین اور جگہہ جگہہ بیل بوٹے کہدے ہوے ہین ایک دروازہ کی بلندی پینتیس فٹ برج کے قریب پہنچی ہے اسکی چوٹی پر بہت خوبصورت گارودا کی مورت بنی ہے دوسرا دروازہ بیس فٹ بلند ہے اوسپر گنیش کی مورت ہے ارکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ مین لکہا ہے کہ ابتدا مین اس جگہہ ایک اور ویشنوی مندر تہا اوسکو سلطان شمس الدین التمش کے عہد مین مسلمانون نے جڑ سے اکہاڑ ڈالا

یہ عمارت ۶۵۰ء اور ۸۰۰ء کے درمیان تعمیر ہوئی ہے اسمین کئی کتبے کندہ ہین ٭

تین تال اور اعلاقہ دکہن مین مندر کیلاس سے چند قدم کے فاصلہ پر یہ عمدہ عمارت سہ منزلہ محل کی صورت پہاڑ تہوتہاکر کے بنائی ہے سہ منزلہ ہونے کے سبب لوگ اسکو تین تال کہتے ہین لیکن دراصل یہ کرواکا مندر ہے دیکہنے والے کو حیرت ہوتی ہے کہ اسکی برابر نہ تو کوئی عمارت ہندوستان مین دیکہی اور نہ اور ملک مین سنی حق یہ ہے کہ اسکا ثانی روے زمین پر شاید کہین ہو ایک جزو پہاڑ کو تہوتہاکر کے سرتاپا یہ عمارت بنائی گئی ہے اسکا دروازہ گیارہ فٹ بلند اور اٹھہ فٹ چوڑا ہے اسکے اندر جاکر ایک دلکش صحن اور صحن کی ناف مین مندر ہے ہر منزل کی چہت اٹھہ اٹھہ کندہ کار اور مربع ستونون پر قایم ہے نیچے کی منزل کا فرش صحن کے فرش سے ملا ہوا ہے پہلی منزل مین ایک نشیمن کے اندر بہت بڑی شیش کی مورت ہے یہ منزل بہی اور منزلون کے موافق ہر طرف سے کہلی ہوئی روشن اور ہوادار ہے طول اسکا ایک سو اٹہارہ فٹ اور چہت فرش سے گیارہ فٹ بلند ہے اس درجہ مین سواے مورت شیش کے اور کئی مورتین ادی ناتہہ وغیرہ کی جنکے قد گیارہ فٹ سے کم نہین کندہ ہین داہنی طرف زینہ ہے جہان سے دوسری منزل پر جاتے ہین اس زینہ کی چوبیس سیڑہیان ہین بارہ سیڑہیان چڑہکر پچیس فٹ لمبے بیس فٹ چہوڑے مربع ایک نشیمن ہے اوسکی اندر مورت کرواد یو کی جورا ما کا رسومیا تہا لکہشمی کے طور پر بنائی ہے جان سیلنر ونڈرز اف الورا سے منکشف ہے کہ اصل مورت اس مندر کی یہی ہے جسکی یہان پوجا ہوتی ہے بارہ سیڑہیان اور چڑہ کر منزل ثانی ایک سو چودہ فٹ لمبی ہے اُسکے چارون طرف کوٹہریان ہین اور ایک جانب نشیمن مین لکہشمی کی مورت ہے اس منزل کے دروازہ کے دونون طرف دو مورتین ملاح کی کہڑی ہین اور ایک جانب جمو کی مورت بیٹہی ہے اس مقام سے پہر چوبیس سیڑہیان اور چڑہکر تیسری منزل منزل ثانی سے نہایت خوبصورت بنائی ہے اگرچہ یہ منزل دونون منزلون سے چہوٹی ہے لیکن اسکی جلا اور کندہ کاری مین کاریگرون نے جانفشانی کی ہے اسمین سہدیو - پانچون پانڈو - بہیم - ارجن - دہرم راجہ اور اور کئی دیوتاون کی نہایت بڑی بڑی

مورتین صفائی اور خوبصورتی سے بنائی ہین خصوصاً راما اور سیتا کی مورتین تو ایسی بڑھی بڑی ہین کہ اُنکے دیکھنے سے حیرت ہوتی ہے کتاب جان سیلی سے واضح ہے کہ ابتدا مین اس عمارت پر نقاشی ہورہی تھی بسبب پُرانے ہونے کے جاتی رہی مگر اب بھی کہین کہین غور کرنے سے کچھ نشان معلوم ہوتے ہین بلندی اس منار کی فرش صحن سے سقف منزل سوم تک ساٹھ فٹ ہے اسکی ساخت چینی کے ذریعہ سے ہوئی اور نوصدی عیسوی مین راجہ ایو کے حکم سے بنایا گیا ٭

تین ترپولیہ شاہجہان اباد سے تھوڑی شمال مغرب مین سبزی منڈی کے قریب دور جہان باغ محلدار خان ہے یہ بہت بڑے بڑے دو دروازے ہین انکی تین تین محرابین ترپولیہ کے نام سے مشہور ہین ۔ آثار الصنادید سے واضح ہے کہ پیشتر ان دروازون کے درمیان ایک بازار آباد تھا اوسکے سرون پر یہ دروازے نواب ناظر محلدار خان نے ۱۷۲۸ع مین بنوائے تھے انپر کتبے موجود ہین انکی حیثیت اب تک درست ہے صرف کہین کہین مرمت کی ضرورت ہے انکے قریب نواب محلدار خان کا باغ ہے اُسکے اندر بہت بڑا حوض نہر کے پانی سے بھرا رہتا ہے ۱۸۵۷ع کے بعد سے باغ مین کئی میلے ہوتے ہین ہندوانی میلا بدھ ماتا کا اور مسلمانی میلون مین ہر سال بڑے کے میلے عیدین کے بعد بڑے بھاری ہوتے ہین ہزارہا آدمی سوار و پیادے جمع ہوجاتے ہین باغ کے اندر چپہ چپہ پر خوانچے والے طرح طرح کے سودے بیچتے ہین اور بیباک و عیاش آدمی اپنے معشوقون کے ساتھ دل بہلاتے پھرتے ہین اکثر شریف آدمی اس میلے مین جانے سے اجتناب کرتے ہین

باب تماشے ہندی

ٹاون ہال بمبئی قلعہ بمبئی مین پُرانے محل کے سامنے یہ نہایت عمدہ عمارت انگریزی وضع کی دو سو فٹ لمبی اور سو فٹ بلند ہے اسکے اندر کئی درجے ہین اوپر کے مکان مین جو سو فٹ مربع ہے کمیٹی ہوتی ہے شمالی اور جنوبی درجون مین کتبخانہ ہے جسمین ایک لاکھ سے زیادہ کتابین موجود ہین اس عمارت کے ستون بہت عمدہ لندن سے بنکر آئے ہین یہان چند مورتین صاحبان جلیل القدر کی

اور کچھہ تصویرین راجاؤن اور رئیسون کی بطور انکی یادگار کے رکھی ہین ہنڈبک اف مرّے سے
واضح ہے کہ یہ عمارت سنہ ۱۶۳۱ء مین آگرہ مین شروع ہوئی اور پندرہ برس مین کرنیل ٹامس کونر صاحب انجنیر
کے اہتمام سے انجام کو پہنچی اسکی تیاری مین چہہ لاکہہ روپئے صرف ہوے ہین ؎

باب الجیم

جامع مسجد احمدآباد یہ عالیشان مسجد جسمین تین طرف سنگین ستونون کے گنبددار دالان ہین شہر احمدآباد کے مانک چوک مین واقع ہے اسکے تین دروازے ہین اور جانب غرب تین خوبصورت محراب ہین بیچ کی بڑی محراب کے دونون طرف دو بلند منار ہین جنکے باہر کی طرف تین تین آشیانے اور اندر کے رخ سیڑھیان بنائی ہین بہت دور سے معلوم ہوتے ہین سنہ ۱۸۱۹ء کے بہونچال کے سبب یہ منار اوپر سے شکستہ ہو گئے ہین صحن کی ناف مین حوض ہے وہ پانی سے لبریز رہتا ہے طول اس مسجد کا شرق سے غرب کو چار سو فٹ اور عرض شمال سے جنوب کو دو سو ساٹہہ فٹ ہے اس مسجد مین سارہے تین سو کندہ کار ستون ہندوانی عمارتون کے لگے ہین اسکا پتھر کہنگی کے سبب بالکل سیاہ ہو گیا ہے اکثر جگہہ پتھر اکھڑ جانے سے مٹی ہوئی سورتین نظر آتی ہین بیچ کی محراب پر کتبہ کندہ ہے مرات آفتاب نما اور مریز ہنڈبک انڈیا سے منکشف ہے کہ اس مسجد کو سلطان ناصرالدین ابوالفتح محمود شاہ بن سلطان احمد نے سنہ ۸۲۷ ہجری مین بنوایا تہا اب مرمت طلب ہوتی جاتی ہے اسکے شرقی دروازہ کے سامنے اسی محمود شاہ کا مقبرہ ہے اوسکا حال علیحدہ لکھا گیا ہے ؎

جامع مسجد اکبرآباد اس خوبصورت عمارت کو سنگ سرخ اور سنگ مرمر سے دہلی دروازہ قلعہ اکبرآباد کے سامنے تعمیر کیا ہے گو اسکی شان وشوکت بہ نسبت جامع مسجد دہلی کے تو بہت کم ہے الا اور مسجدون سے بہتر اور زیادہ خوبصورت معلوم ہوتی ہے اسکے صحن کی ناف مین حوض ہے اور دالان کے اوپر تین برج سنگ سرخ کے بہت خوشنما بنائے ہین اور دالان کی روکار پر نیچے سے اوپر تک سنگ مرمر مین سنگ موسی کی پچی کاری سے آیات قرآنی کندہ کی ہین اس مسجد کے دروازون مین سے شرقی دروازہ جسکے تین راستے ہین حال کا بنا ہوا ہے پہلا دروازہ ایام غدر مین سرکار نے کسی وجہ

توڑ ڈالا تہا رپورٹ ارکی اولاجیکل اسسٹنٹ سروے انڈیا سے ثابت ہے کہ اس مسجد کو جہان آرا بیگم شاہجہان کی بیٹی نے ۱۶۵۰ء مین بنوایا تہا ❊

جامع مسجد اورنگ آباد یہ مسجد اورنگ اباد دکن مین بہت بڑی سادی وضع کی ایسی خوش قطع نہین ہے جیسی اور بڑی مسجدین مغلیہ وقت کی بنی ہوئی ہین ابکے لداؤ کی چہت ستونون پر قایم ہے اسکے اندر ممبر اور حوض نہین ہے جان کیلی صاحب نے لکہا ہے کہ اورنگ زیب عالمگیر نے بنوائی ہے اسکو بنے ہوے تخمیناً پونے دوسو برس کا عرصہ ہوا ❊

جامع مسجد بٹالہ پنجاب مین شہر بٹالہ کے اندر یہ مسجد اور عمارتون سے عمدہ ہے وہان کوئی عمارت اسکی برابر خوبصورت نہین ہے آرائش محفل سے واضح ہے کہ یہ مسجد قاضی عبدالحی نے ۱۰۸۰ ہجری مین بنوائی تہی ❊

جامع مسجد بیجاپور یہ عالیشان مسجد بیجاپور مین بہتری محل کے قریب واقع ہے اسکی چاردیواری چالیس فٹ بلند اور دروازہ جانب شمال ہے چاردیواری مین اندر کے رخ تینون طرف طاق نما محرابین ہین جانب غرب بیچ کی محراب ایک سو بیس فٹ بلند اور دوسو چالیس فٹ سے ایک سو اٹھیس فٹ مربع وضع مین جامع مسجد دہلی کی محراب سے بہت ملتی ہے اس مسجد کا دالان مع برج اور دروازہ کے ایسا خوبصورت بنا ہے کہ یہ عمارت زمانہ مغلیہ کی عمارتون سے کچہہ کم نہین مجہی مرّے صاحب لکہتے ہین کہ اس مسجد کو علی عادل شاہ اول نے اپنے باپ ابراہیم شاہ کے عہد ۹۴۳ ہجری مطابق ۱۵۳۶ء مین بنوایا تہا ❊

جامع مسجد پانی پت دہلی سے شمال کی طرف یہ مسجد قصبہ پانی پت مین واقع ہے تخمیناً آٹہہ سو پچیس برس ہوے کہ محمود غزنوی نے بطور اپنی یادگار کے اس مسجد کو تعمیر کروایا تہا اور اورنگ زیب عالمگیر نے اپنے عہد مین اسکی مرمت کروائی تہی یہ مسجد اب بالکل کہنڈر پڑی تہی صرف ایک برج باقی رہگیا تہا اٹہہ برس ہوے کہ پانی پت کے مسلمانون نے دس ہزار روپیہ بطور چندہ کے جمع کرکے اسکو بنوا دیا ہے یہ خشتی عمارت اب اصلی صورت پر نہین رہی مگر باعتبار قدامت ہندوستان کی اور مسجدین اسکی بعد کی ہین

جامع مسجد ٹھٹھہ یہ ذیشان مسجد جسمین ایک سو گنبد ہین سندہ مین شہر ٹھٹھہ کے اندر واقع ہے چہہ سو فٹ سے تین سو فٹ مربع ہے یہ عمارت چونہ اور اینٹ کی بہت مضبوط بنی ہوئی ہے ہر گنبد پر نئی طرح کی رنگت دی ہے بیچ کی سنگین محراب پر بہت خوشخط کتبہ موجود ہے ہنٹربک آف مرّے سے واضح ہے کہ ۱۰۵۴ ہجری مطابق ۱۶۴۴ء مین شاہجہان بادشاہ نے اسکی تعمیر شروع کی اور ۱۰۷۲ ہجری مطابق ۱۶۶۱ء مین اورنگزیب عالمگیر نے اتمام کو پہنچائی جیسی خوبصورتی اسکی پہلے تہی اب نہین رہی ٭

جامع مسجد جونپور جونپور مین یہ مسجد بہت عمدہ اور سنگین ہے کتبہ مین تاریخ تعمیر جامع الشرق کندہ ہے آرائش محفل مین لکھا ہے کہ سلطان ابراہیم شرقی نے ۱۴۰۸ء مین اسکو تعمیر کرایا تہا ٭

جامع مسجد لاہور شہر لاہور کے ملحق دریاے راوی کے کنارے یہ عالیشان سنگ سرخ کی مسجد اورنگزیب عالمگیر نے بنوائی ہے اسکے چارون گوشون پر چار بڑے بڑے مینار اور دالان پر تین سفید برج ہین شرقی دروازہ بہت بڑا ہے صحن کے وسط مین حوض بنا ہوا ہے اسکی تعمیر مین پانچ لاکہہ روپئے صرف ہوئے تہے اسکی قطع دہلی کی جامع مسجد کی مانند ہے اسمین ہزارہا آدمی نماز پڑہ سکتے ہین اسکا صحن خشتی ہے ٭

جامع مسجد قنوج یہ مسجد قلعہ کہنہ کے بیچ مین ایک بلندی پر واقع ہے اسکے دالان کا طول ایک سو آٹہہ فٹ اور عرض چہبیس فٹ ہے صحن کے گرد جو بلند دیوار ہے اسکا اثار چہہ فٹ ہے دالان کی چہت جسمین تین گنبد ہین بالکل ہموار اور ستونون کی چار قطارون پر قایم ہے اگلی صورت اس مسجد کی مرمت کے سبب تبدیل ہوگئی ہے ارکی اولاجیکل سروے انڈیا جنرل کننگہم صاحب رقم فرماتے ہین کہ پہلے یہان ایک مندر تہا جسکو ابراہیم جونپوری کے عہد ۸۰۹ ہجری مطابق ۱۴۰۶ء مین مسلمانون نے توڑ کر یہ مسجد بنائی چنانچہ اسمین کل ستون مندرون اور بتخانون کے لگے ہوئے ہین ٭

جامع مسجد کالپی شہر کالپی احاطہ بیبی مین یہ مسجد کل دو سو فٹ ہے مگر وہان اپنا نظیر نہین رکہتی اسکے گنبد اور ستون بہت خوشقطع ہین اسکے اندر ملک التجار کا مقبرہ ہے اسکا شمالی مینار بجلی کے

صدمہ سے گر پڑا ہے کسی نے ابتک اسکی مرمت نہین کروائی صاحب ہنڈبک اف بمبئی
کہتے ہین کہ اس سے پہلے یہان جینیون کا مندر تہا اسکو توڑ کر یہ مسجد ملک التجار نے بنوائی
ہے چنانچہ مسجد کے دروازہ پر کتبہ موجود ہے ٭

جامع مسجد گوالیار قلعہ گوالیار مین عالمگیری دروازہ کے قریب جہان گوجری محل ہے
یہ عالیشان مسجد بہت خوبصورت اور پاکیزہ بنائی ہے اس کا پتہر نہایت عمدہ رنگت کا ہے
اسمین دو مینار اور تین برج ہین اونپر نہایت خوبصورت سنہری کلسیان چڑہی ہوئی ہین محرابون کی
پیشانیون پر خط کوفی مین ایات قرانی کندہ ہین اس مسجد مین جو سنگین عمارت سفید رنگ کی ہے
وہ محمد خان نے ۱۶۶۱ء مین بنوائی تہی جنرل کننگہم صاحب بہادر رقمطراز ہین کہ تخمیناً پونے
دو سو برس ہوئے جب اس مسجد کو اورنگ زیب عالمگیر نے اپنے عہد سلطنت مین ترا یاتہا

جامع مسجد گہار امبئی سے مہو کو جاتے ہوے مانڈو کے کہنڈرات مین یہ جامع مسجد مسمار
پڑی ہے انکو بہت کرسی دیکر بنایا ہے تینون طرف ستونون کے دالان منہدم پڑے ہین
دروازہ کے روبرو سیڑہیان اب تک موجود ہین ہنڈبک اف مرے صاحب سے ظاہر ہے
کہ اس عمارت کو ہوشنگ غوری نے بنوایا تہا ٭

جامع مسجد لاہور دہلی دروازہ شہر لاہور کے اندر یہ عمارت خشتی نہایت عمدہ بنی ہوئی ہے
اسکا صحن بہت دلکشا ہے اسکے وسط مین حوض تیس فٹ مربع مع فوارہ کے بنا ہوا ہے صحن کے
تین طرف خوبصورت حجرے اور جانب غربی دالان مسجد پر پانچ گنبد خوش قطع بنے ہوے ہین بیچ کا
برج سب سے بڑا ہے دالان کے اندر غربی دیوار مین پانچ محراب ہین اور باہر دائین بائین دو ہشت پہلو
مینار ہین انمین چکردار سیڑہیان ایک سو ستر بہت خوبصورت بنی ہوئی ہین یہ مسجد اندر سے طول مین
حد شرقی سے حد غربی تک ایک سو پچانوے فٹ اور عرض مین حد شمالی سے حد جنوبی تک ایک سو
بیس فٹ ہے صحن مین دالان کے روبرو نماز کے واسطے جو چبوترہ بنا ہوا ہے اوسکا عرض چہتیس فٹ
ہے اس خشتی عمارت کے اندر جگہہ جگہہ سنگ مرمر مین آیات قرانی اور تعمیر کے کتبے کندہ ہین

اور باہر کے رُخ زیر مسجد دُوکانین اور گرد مکانات اباد ہین تحقیقات چشتی سے واضح ہے کہ اس مسجد کو وزیر خان کی مسجد اسلیئے کہتے ہین کہ نواب وزیر خان نے ۱۰۴۱ھ؁ مین اسکو تعمیر کرایا تھا ؂

جامع مسجد متھرا متھرا مین کٹرے کے اندر جو کیشو رائے کا مندر بڑا پُرانا اور بہت لاگت کا تھا اُسکو پہلے تو محمود غزنوی لوٹ چکا تھا رہا سہا اورنگ زیب عالمگیر نے مسمار کر کے اُسکے قرب یہ مسجد بہت خوش وضع اور مضبوط بنوائی اسکا دالان نہایت دلکشا بہتر فٹ لمبا اور چھیاسٹھ فٹ چوڑا ہے آسکے روبرو صحن کے موافق چھیاسی فٹ چکلا بیس فٹ بلند چبوترا بنا ہوا ہے اسکے پیچھے مندر کیشورائے کی بنیاد کے نشان اب تک باقی ہین آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رقمطراز ہین کہ اس مسجد کی تعمیر عالمگیر کے سنہ جلوسی مین ہوئی ہے

جر کیشوار ضلاع ڈہار ریاستی احاطہ مین جو ایک قصبہ ہنگل ہے اوسکا نام پران مین ویراٹا نگڑ راجہ ویرانا کا اباد کا کیا ہوا لکھا ہے وہان یہ جر کیشوار اوتار کا مندر سنگین کندہ کار اور عمدہ بنا ہوا ہے یہ مندر بہت پُرانا ہے اسمین سواے جرکیشوار کی مورت کے اور بہی کئی مورتین موجود ہین ہنڈ بک اف مدرے مین لکھا ہے کہ اہل ہنود کے نزدیک اس جگہہ جر کیشوار نے ہراشس دیو کو مارا تھا ؂

جگناتہہ اودیپور ریاست اودیپور مین سب عمارتون سے اعلے یہ جگ مندر ہے اسمین سینکڑون پوجاری رہتے ہین اسکی وضع جگناتہہ پُری کے مندر سے بہت ملتی ہے اسکو استقدر کرسی دی ہے کہ پچاس سیڑہیان چڑہ کر اسکے دروازہ تک جانا ہوتا ہے دروازہ سے اندر جا کر تمام مکانات اور برج سنگ مرمر سفید کے نہایت خوبصورت اور کندہ کار بنے ہوئے ہین بڑے دروازہ کے روبرو لینے سیڑہیون سے اُتر کر سنگ مرمر کے دو ہاتی دائین بائین چھوٹے چھوٹے چبوترون پر کھڑے ہین اس مندر مین اکثر جگہہ ایسی بنت اور جلاکاری کی ہے کہ اسکی دیوارین مثل آئینہ کے چمکتی ہین جگناتہہ کی مورت مجہ ہشت پہلو برج کے اندر ہے انڈیا اینشنٹ اینڈ مڈرن بائی کے

سے واضح ہے کہ اس مندر مین پوجا کے واسطے دور دور سے خلقت آتی ہے اور جب رتھ جاترا
کا میلا ہوتا ہے تو ہزارون آدمی مورت کی سواری کے ساتھہ ہوتے ہین اور جسوقت مہارانا صاحب
تشریف لاتے ہین تو اور ہی لطف ہو جاتا ہے ٭

جگناتھ اوڈیسہ یہ عالیشان پرانا مندر بڑی علاقہ اوڈیسہ مین سمندر کے کنارہ کلکتہ سے
دو سو ساٹھہ میل جنوب کو واقع ہے فرگسن صاحب نے پکچرسک آرکیٹکچر ہندوستان مین
لکھا ہے کہ ابتدا ر یعنے ستجگ مین جسکو کئی ہزار برس گذرے راجہ اندر دیومنا عرف راجہ اندرسین نے
یہان مندر بنوایا تھا یہ مندر جو اب جگناتھ کے نام سے مشہور ہے راجہ انگ بھیم دیو گجا پتی نے
۱۱۹۸ع مین بنوایا ہے اسکی شکل اس ترکیب پر ہے کہ اول ایک پختہ فصیل بیس فٹ بلند بنا کر اوسمین
مٹی اور ملبہ کنگورون تک اسقدر بھرا ہے کہ چار دیواری کا چبوترہ بنگیا ہے یہہ چبوترہ ہر طرف سے
ساڑھے چھہ سو فٹ لمبا ہے کل دور مین دو ہزار چھہ سو فٹ ہے اسکو بنا کر اسپر عمارتین اور بڑا برج
جو بلندی مین موافق برج بوبانیسوار کے ہی سنگین بنایا ہے اسمین بہت چھوٹے چھوٹے کئی منتاپے یعنے
دروازے ہین یہان پچاس کے قریب مندر بنے ہوے ہین لیکن بڑے پاگوڈے کو جسکا نام کولرماہی
تہالوجی مین بردیوالی لکھا ہے کوئی سند نہین ہوسکتا یہ برج ایک سو چراسی فٹ بلند اور اندر سے
اٹھائیس فٹ مربع ہے ہونٹر انڈیا سے منکشف ہے کہ سمندر مین ناخدا دور دور سے اس برج کو دیکھکر
کشتیان چلاتے ہین گویا کہ یہ برج اونکا رہنما ہے اسکا بڑا دروازہ شرق رویہ ہے اسکے اندر سنگیاسن
پر جگناتھ کی مورت مع دو اور مورتون کے رکھی ہے یہ دونو مورتین جگناتھ کے بھائی اور بہن کی
ہین صاحب مرات آفتاب نما نے لکھا ہے کہ جگناتھ کی مورت سنگین ہے تو شاید پہلی کوئی اور
مورت سنگین ہو یہ مورت جو اب موجود ہے چوبی اور بہت پرانی ہے فرگسن صاحب نے
بھی اسکو چوبی لکھا ہے ہونٹر انڈیا سے ثابت ہے کہ یہ برج جسمین مورت ہے ہر روز فجر کو
وقت معین پر کھلتا ہے اور جو لوگ یہان بیس کوس کے اندر گرد نواح مین آباد ہین اونپر خراج معاف
ہے وہ نقد اور دودہ دہی چاول اور میوجات وغیرہ مورت کے روبرو بطور نذرانہ کے

چڑہا دیے لاکر انبار لگا دیتے ہین یہان کے پوجاری جنکی خانہ شماری بموجب کتاب
کولزمائی تہالوجی اُسکے تین ہزار نو سو ہے آپسمین بانٹ لیتے ہین اور جگناتہہ کی مورت
کو تین دفعہ بہوجن کراتے ہین یہ مورت ایک گہڑی ہوئی لکڑی چہہ فٹ بلند اور اسی قدر
گول ہے اسکے بیچ مین گردن بنائی ہے اور پوشاک سے آراستہ کر رکہا ہے اسکے ہاتہہ
کانون کی جگہہ اور انکہین گول بہت بڑی بڑی ہین دہن موافق چاند کے مدور ہے مندر کے
باہر ایک خوبصورت اور بہت بڑا چوبی رتہہ مندر کی صورت بنا ہوا کہڑا ہے اسمین چہوٹے
چہوٹے سولہ پہیے اور گہوڑون کی جگہہ چار بڑی بڑی لکڑیان لگی ہوئی ہین بہوزانڈیا سے
منکشف ہے کہ ماہ مارچ مین یہان رتہہ جاترا کا میلا بہت بہاری ہوتا ہے اسمین ہر سال
تخمیناً ڈیڑہ لاکہہ آدمی ہندوستان کا جمع ہوتا ہے رتہہ مین مورتین سوار ہوتی ہین فرگسن صاحب
کی تحریر سے واضح ہوتا ہے کہ جب یہان رتہہ جاترا کا میلا شروع ہوتا ہے تو پہلے روز جگناتہہ
کے بہائی بلبہدر کی مورت کو رتہہ مین چڑہا کر بہت بہیڑ کے ساتہہ گونڈیچا نور مین لیجاتے ہین
دوسرے روز جگناتہہ کی بہن سبہدرا کی مورت کو اوسی جگہہ پہنچاتے ہین تیسرے روز جب تمام
خلقت جمع ہو جاتی ہے تو جگناتہہ کی مورت کو رسیون مین باندہ کر بمشکل تمام مندر سے باہر
لاکر اشنان کراتے ہین اور تلک لگا کر کپڑے پہنا کر رسی سے کُش کے بہت سے آدمی اسکو
رتہہ مین سنگہاسن پر بٹہاتے ہین اور خود بہی مورت کے ساتہہ رتہہ مین سوار ہوتے ہین اول تو
رتہہ بہاری اور پہیے چہوٹے دویم اوسکے اندر آدمیون کی کثرت ہوتی ہے اس سبب سے
سینکڑون آدمی ملکر اسی رسون سے نہایت محنت کے ساتہہ کہینچتے ہین اسکے آگے پیچہے
انبوہ کثیر مین ہاتیون پر نشان اور سنکہہ اور باجون کا بہت شور و غل ہوتا چلتا ہے اسیطرح
ایک عرصہ مین یہ رتہہ گونڈیچا نور مین جا پہونچتا ہے وہان سے دس روز کے بعد مورتون کو
مندر مین واپس لاتے ہین اور جب تک انکی پیشوائی کے لئے تمام خلقت یہان منتظر و مقیم رہتی
ہے یہ رواج رتہہ جاترا کا خاص اسی جگہہ ہے ہندوستان مین ایسا رواج اور کہین نہین ہے



جگناتھ اوڑیسہ

ابتدا مین میلے کے دن صدہا عورت و مرد نستہ رتہہ کے نیچے گر کر مرجاتے تہے ہندو
اس موت کو باعث نجات جانتے تہے جو لوگ مرجاتے تہے اونکی لاشون کو اس وجہسے
کوئی اوٹہاتا نہ تہا کہ اگر انکی ہڈیان رتہہ کے پہیون کے نیچے آجاینگی تو پاپ ہل جاوینگے
مگر اب مدت سے یہ رواج جاتا رہا +

جگناتہہ اورا — اورا علاقہ دکن مین اندر کے مندر کے قریب پہاڑ تہو تہا کر کے یہ مندر
ایسا بے نظیر اور عظیم الشان بنایا ہے کہ ایک طول طویل محل معلوم ہوتا ہے بلکہ اسپر نگاہ کام نہین
کر سکتی اسکی ہموار چہت بڑے بڑے کندہ کار ستونون پر قایم ہے اور فرش سطح زمین سے
قد آدم بلند ہے کئی سیڑہیان چڑہ کر اندر جاتے ہین اس مندر کو چہینی کے ذریعہ سے ایسا
مجلا و کندہ کار بنایا ہے کہ مثل اسکی کوئی اور عمارت نہین ہے اسکے اندر نگی مورتین ہو تو بہت
کندہ مین پہلے یہ مندر سب مندرون سے زیادہ آباد تہا جب اورنگزیب عالمگیر یہان آیا تو اوسنے جگناتہہ
کی مورت کو توڑ ڈالا اور کئی ہزار برہمن جو اس مندر کے پوجاری تہے اونکو محبوس و مقتول کیا اور مندر
مین ایک گائے بہی ذبح کرادی بلکہ پہر یہان کوئی پوجا نکرے اسوقت سے یہ مندر ویران ہے
مگر اب بہی اسکی شان و شوکت حد بیان سے باہر ہے اسکے دیکہنے سے تعجب حاصل ہوتا ہے
کیز اینشنیٹ انڈ موڈرن انڈیا سے ظاہر ہے کہ یہ مندر جو بڑی لنکا کے نام سے مشہور ہے
راجہ ایلو نے نو صدی عیسوی مین بنوایا تہا اور اسی کتاب کی نوٹس سے ظاہر ہے کہ اس مندر کے
تیاری مین بعضون کے نزدیک چالیس ہزار سنگتراش چالیس برس تک مصروف رہے اور بعضون کے
نزدیک سات برس تک سولہ لاکہہ آدمیون نے کام کیا اب مندر مین گاہی گاہی کوئی برہمن جا پڑتا ہے

جل مندر ستارہ — ستارہ احاطہ بمبئی مین محل ستارہ کے قریب تالاب کے بیچ مین یہ
خوبصورت مندر مرہٹون کا بنا ہوا ہے اسمین سیواجی مرہٹے کی تلوار بہوانی جی مشہور ہے یہ تلوار
چار فٹ کئی انچہ لمبی اور سیدہی ہے اکثر کتب سے ثابت ہے کہ اس تلوار سے سیواجی مرہٹے
نے افضل خان سپہ سالار بیجاپور کو قتل کیا تہا سوائی اس شمشیر کے یہان ایک اور چہوٹی تلوار راجہ ساہو

کی بہی دیبی کی جگہہ کہی ہے ہنڈبک اف مے سے ظاہر ہے کہ یہ مندر سنہ ۱۶۸۱ع مین تعمیر ہوا ہے

جنتر منتر بنارس یہ چونے گچ کی عمارت بنارس مین راجہ جینگہ سوائی کی بنوائی ہوئی ہے اسکی تعمیر کو تخمیناً دو سو برس کا عرصہ ہوا اب اس جنتر کے آلات مین صرف نری والا سمرات جنتر اور ایک کرانتی اور تہہ باقی ہے **ڈاکٹر ہوکر ہمالایان جرنیل** سے ثابت ہے کہ کوئی آلہ ان مین کا اب کام نہین دیسکتا ؀

جنتر منتر دہلی یہ عمارت دہلی سے قطب صاحب کو جاتے ہوئے جینگہ پورہ کے قریب واقع ہے اور سنہ ۱۷۲۴ع مین راجہ جینگہ سوائی نے جنتر بنارس کے ساتہہ حسب الحکم محمد شاہ بادشاہ کے بنوائی تہی اسکے آلات کے نام **سید احمد خان صاحب** نے جے پرکاش رام جنتر اور سمرات جنتر لکہے ہین صرف ایک آلہ ان مین کا اتبک بہت ٹہیک اور درست اور باقی آلات بالکل مسمار پڑے ہین ان جنترون کے ہمراہ راجہ جے سنگہ نے دو اور جنتر منتر متہرا اور جے پور مین بہی بنائے تہے

جوالا دیوی یہ مندر پرانے قلعہ اوجین سے چہہ سو فٹ کے فاصلہ پر بنیا بنا ہے وایر کٹر **جنرل کننگہم صاحب** نے اسکی دیوی کو اوجینی دیوی لکہا ہے اسکے قریب ایک مندر بہو تیسر دوسرا کہتیسر اور تیسرا ناگ ناتہہ واقع ہے لیکن اس بڑے مندر کو ان مندرون کی عمارتین نہین پہونچتین یہان ہر چیت کی اشٹمی کو میلا ہوتا ہے ؀

جوگمایا یہ ریختہ کا مندر دہلی سے جنوب مین قطب صاحب کی منار سے تہوڑی دور واقع ہے اس کی بلندی اکتالیس فٹ ہے اور برج پر آئینہ دار کلس بڑی نمود کا لگا ہوا ہے اسکے گرد بہت بڑی پختہ چار دیواری ہے اسمین دروازہ جنوب کی طرف ہے اور بہت سے سنگین مکان چار دیواری کے اندر بنے ہوئے ہین یہ مکانات دہلی کے مہاجنون کے بنوائے ہوئے ہین یہ جگہہ اب پرستشگاہ ہوگئی ہے **آثار الصنادید** سے ثابت ہے کہ اس عمارت کو راجہ سیڈہ مل نے سنہ ۱۸۳۶ع مین تعمیر کروایا تہا ہر سنیچر کو یہان دہلی کے بنیئے آکر پوجا کرتے ہین اور موسم برسات مین چند سال سے پہول والون کی سیر کے زمانہ مین یہان بہی پنکہا چڑہتا ہے ؀

جوناگڈہ یہ مضبوط اور پرانا قلعہ گجرات مین نامی عمارت ہے اسکو بنے ہوئے بہت عرصہ ہوا - **ہنڈبک آف مرے** سے ثابت ہے کہ محمود گجراتی نے اس قلعہ کو فتح کرکے مرمت کرایا اور ایک شہر اس کے قریب آباد کیا اس سے تہوڑی دور پہاڑ جسکو گرنار پربت کہتے ہین جینیون کا نیم ناتھہ اوتار ہوا تہا اس پہاڑ کی چڑہائی بذریعہ سیڑہیون کے اوس جگہ تک چلی گئی ہے کہ جہان چند قدمون کے نشان اور ایک کنڈ ہے اسکا پانی بہت ہلکا اور شیرین ہے اسکو پہاڑ کہود کر بنایا ہے کنڈ سے اس طرف نیم ناتھہ کے سندر کی سنگین عمارت بہی اوسمین جینیونکی مورتین ہین *

جوہڑ تالاب قلعہ گوالیار مین شاہجہانی محل کے قریب یہ تالاب دوسو فٹ کا مربع اور اٹھہ فٹ گہرا خشتی بنا ہوا ہے موسم برسات مین پُرآب ہوجاتا ہے **آرکیالاجیکل سروے انڈیا رپورٹ** مین لکہا ہے کہ ۱۲۳۱ء مین تعمیر ہوا ہے تہوڑا عرصہ ہوا کہ ہیرامان ایک منشی نے اسکی مرمت کرادی تہی

جہان نما یہ نہایت عالیشان اور بے نظیر عمارت جسکی دور دور شہرت ہے شاہ جہان آباد مین قلعہ سے غرب کو جہلا نامی پہاڑی پر کہ جو اسکی کرسی مین آگئی ہے واقع ہے سرتاپا اس مسجد کو یکرنگ سنگ سرخ اور سنگ مرمر سے بنایا ہے اسکے تینون دروازون کے آگے نہایت خوبصورت سیڑہیان اور اوپر مکان ہین انکے کواڑ برنجی مضبوط بنے ہوئے ہین شرقی دروازہ سب سے بڑا اور زیادہ خوش قطع ہے اسکی سیڑہیون پر شام کے وقت بازار گزری لگتا ہے شمالی اور جنوبی دروازون مین پولیس کا پہرا رہتا ہے مسجد کے اندر دلکشا صحن چارسو اٹھہ فٹ لمبا ہے اسکی ناف مین نہایت خوبصورت حوض سنگ مرمر سفید کا صاف پانی سے لبریز رہتا ہے اوسمین فوارہ چلتا ہے صحن کے تین طرف بہت خوبصورت سنگ سرخ کے دو رخے دالان بنائے ہین اور کونون پر چار سنگ مرمر سفید کے برج کلسدار ہین اور نیچے سنگ سرخ کی بارہ دریان بہت خوبصورت کلسون دار بنی ہوی ہین غربی ضلع مسجد کا بہت بڑا دوہرا دالان دوسو ایک فٹ لمبا اور ایک سوبیس فٹ چوڑا نہایت خوبصورت فرش صحن سے بہت بلند بنا ہوا ہے اسکے اندر سات طاق سنگ مرمر سفید کے کندہ کار اور باہر کے رخ گیارہ محرابین پچی کار بنائی ہین بیچ کے طاق کے قریب سنگ مرمر کا ممبر

بہت عمدہ چہہ فٹ لمبا اور چار فٹ اونچا کندہ کار بنا ہوا ہے فرش دالان اجارہ تک سنگ مرمر سفید
کا پچی کار بالکل مثل آئینہ کے چمکتا ہے اور باہر کے رخ محرابون کی پیشانیون پر سنگ مرمر مین
سنگ موسی کی پچی کاری سے آیات قرانی اور تعداد مصارف نہایت خوش خط لکہی ہین بیچ کی
محراب جسمین سنگ باسی کا بکر ہے[له] بہت بلند لداؤ کی بنی ہوئی ہے اوپر سنگ مرمر سفید کی
پچی کاری ہے اتنی بڑی محراب اور کسی مسجد مین نظر سے نہین گزری دالان کے اوپر سنگ مرمر
سفید کے تین برج نہایت خوشنما بنے ہوئے ہین اونکی تحریرون مین سنگ موسی لگا ہوا ہے
اور کلس سنہری ہین برجون کے بیچ مین ویسا ہی دو خوش قطع منار سنگ سرخ کے بنائے ہین انمین
سنگ مرمر کی پچی کاری ہے انکے بیچ اور بارہ دریان سنگ مرمر کی ہین اوپر سنہری کلسیان
چڑہی ہوئی ہین میناردن کی سیڑہیان چکردار ہین ایک مینار ۱۸۵۱ء مین بہونچال کے صدمہ
سے گر پڑا تہا اسکے گورمنٹ نے مرمت کرائی تہی اس مسجد مین جگہہ جگہہ کلفیو ندار برجیان
سرمایہ رونق وزیبائش ہین حق یہ ہے کہ ایسی عالیشان اور خوش وضع مسجد شاید روی زمین پر
نہو گی حوض سے شمال مشرق کی طرف ایک برج مین تبرکات رکہے ہین اوسکو درگاہ آثار شریف
کہتے ہین کتب **تواریخ اور کتبہ مسجد** سے ثابت ہے کہ یہ عمارت دسوین شوال ۱۰۶۰
ہجری مطابق ۱۶۵۰ء کو بموجب فرمان شاہ جہان بادشاہ کے سعد اللہ خان دیوان اعلی اور
فاضل خان خانسامان کے اہتمام سے بصرف دس لاکہہ روپیہ کے چہہ برس کے عرصہ
مین تعمیر ہوئی ہے اصل نام اس مسجد کا جہان نما ہے عام لوگ جامع مسجد کہتے ہین +

جھرنا یہ حوض مع چند سنگین مکانات کے دہلی سے جانب جنوب قطب صاحب مین حوض شمسی
سے تہوڑی دور واقع ہے بباعث آبشارون کے جو حوض شمسی کے پانی سے چلتی ہین اسکو
جہرنا کہتے ہین یہ پچیس فٹ مربع حوض مع غربی دالان کے ۱۷۰۰ء مین نواب غازی الدین خان
نے بنوایا تہا اور جو دالان شمال جنوب کو واقع ہین وہ اکبر شاہ ثانی کے بنوائے ہوئے ہین
اس حوض کے سامنے جانب شرق ایک اور حوض اس سے کم گہرا ہے اسمین سے پانی کی

[له] [illegible]



جہاں نما

چادر پڑتی ہے اسکے قریب سنگ سرخ کی بارہ دری بہادر شاہ ثانی کی بنوائی ہوئی ہے اسکے شرق کی طرف سنگ سرخ کا بڑا اسلامی تپہر جسکو لوگ پہسلنا تپہر کہتے ہین اٹھارہ فٹ سی ساڑہے سات فٹ مربع ہے بادشاہی عہد مین یہان بڑی کیفیت ہوتی تہی اب بہی موسم برسات مین جب پہول والون کی سیر ہوتی ہے تو صدہا آدمی نہانے والے حوض مین کودتے ہین اور ہزارہا آدمی خوش پوشاک تماشائی ہر طرف سے آتے ہین امرہٹون مین جہولنے والے جہولا جہولتے ہین اور لڑکے پہسلنے تپہر پر سے پہسلتے ہین اور شمالی دالان مین پہول والے پنکہے تیار کرتے ہین جسوقت یہان سے پنکہے اوٹہاکر جانب درگاہ لیجاتے ہین تو مہرولی کے سرے سے جہرنے تک ہزارہا آدمی خوش پوشاک سڑک اور مکانون پر سے سیر دیکہتے ہین اس کیفیت کا لطف بیرون از بیان ہے یہ میلہ تین روز رہتا ہے اور اتنی ہی روز کے قیام کے واسطے مکان اور دکانین بہت گران کرایہ کو ملتی ہین یعنے دوکان جسمین چار پانچ آدمی بمشکل قیام کرسکین تین روپے سے سات روپے تک اور کوٹہے بازار کے رخ پندرہ روپے سے سو روپیہ تک بدقت کرایے کو ہاتہ آتے ہین یہ مکانات دہلی کے رئیسون اور شاہزادون کے بنوائے ہوئے ہین بعد غدر کے سرکار نے نیلام کردئے تہے مہاجنون وغیرہ نے بہت ارزان قیمت کو خرید لئے اب اونکے ذریعہ سے خوب روپے کماتے ہین ہمیشہ یہ مکان لب سڑک خالی اور بیکار رہتے ہین ایام سیر مین انکی قدر ہو جاتی ہے ؛

جہولنا محل گورداسپور علاقہ پنجاب مین یہ مکان ایک مہنت کا جہولنا محل مشہور ہے جسمین صحن کے چارون طرف دالان ہین صرف ایک دالان مین یہ عجیب بات ہے کہ وہ ہلانے سے جہولا کہاتا ہے مشہور کرتے ہین کہ جب یہ مکان تیار ہوا اور معمار نے مہنت سے جاکر کہا کہ آپکی حویلی تیار ہو گئی ہے تو اس نے اسکو آکر دیکہا اور اوسی دالان کی چہت پر جسکے سات در ہین کہڑے ہوکر کہنے لگا کہ یہ مکان تو ہلتا ہے اور اپنے پانو کے ہولے سے ہلا کر دکہایا اب اس مقام پر جو کوی کہڑا ہوکر اپنے قدم سے ہلا دیتا ہے تو یہ دالان بالکل جہول جاتا ہے

یہ کچھ اوس مہنت کا کرشمہ ہے اکثر لوگ اس مکان کو خود ہلا کر دیکھہ آئے ہین اسکے ہلنے کے باعث اسکو جہولنا محل کہتے ہین اب اس مکان مین ایک مہنت ولمیکی نام کا رہتا ہے

جیا ستھمبا راجستان مین قلعہ چتوڑ سے پاؤ میل کے فاصلہ پر یہ برجی سنگ سفید کی ایک سو بیس فٹ بلند خواصین ستھمبہ سے بہی زیادہ خوبصورت ہے اور دور دور سے دکھائی دیتی ہے اسکے اوپر کندہ کار پتھر اور اندر زینہ ہے وہان سے اوپر جاکر دور دور کی کیفیت نظر آتی ہے باہر سے اسکے کئے درجے معلوم ہوتے ہین تالیف **فرگسن صاحب** سے ثابت ہے کہ جب راجہ کمبہو رانا نے محمود والی مالوہ پر فتح پائی تو اس برجی کو بطور اپنی فتح کی یادگار کے بنوایا تہا یہ برجی سنہ ۱۴۶۱ع تک بالکل تیار ہو چکی تہی اسکی تعمیر مین دس برس صرف ہوے تہے

جیہٹ کہمب شہر نالایور کے باہر جو سڑک گوالیار کو جاتی ہے اوسکے ایک جانب یہ لاٹھہ ایک سلی پتھر کی بیس فٹ ساڑہے چار انچہ بلند ہے اور سطح زمین سے اٹھہ فٹ کی بلندی پر ایک کتبہ کندہ ہے اسمین تاراخاندان کے راجا کا فتحنامہ لکہا ہے **سروے انڈیا رپورٹ** سے ظاہر ہے کہ یہ لاٹھہ اس جگہہ سنہ ۱۴۶۳ع مین نصب کی گئی تہی ؛

جین مارگ **رجستان** مین شہر بیکانیر کے اندر یہ مندر بیچ مین واقع ہے اور مدن موہن اور ختیانی اور رکاب دیو وغیرہ کے مندروں سے زیادہ شاندار ہے اسکی عمارت بہت خوش قطع اور بڑی ہے اسمین لچھمی نراین کی مورت سنگ مرمر سفید کی چھہ فٹ بلند ہے **بائلیوز ٹوران رجستان** سے منکشف ہے کہ ہر مہینے مین دو مرتبہ مہاراجہ اس مندر کی پوجا کو تشریف لاتے ہین اور اسکا صرف اپنے پاس سے کرتے ہین +

جینی مندر گوالیار یہ مندر گوالیار مین گنبد نما زیر شرقی فصیل کے واقع ہے **صاحب آرکی اولاجیکل سروے انڈیا** لکہتے ہین کہ اس مندر کی تعمیر سنہ ۱۱۰۸ع مین ہوئی بعدہ مسلمانون نے اسکی مسجد بنائی اکثر مورتین اسمین اب تک موجود ہین ایک طرف مورت پارس ناتہہ کی اور ایک ناگ کی جسکے کئی سر ہین مورت مذکورہ پر چتر کئے ہوے ہین ستون اس عمارت کے گول ہین یہ عمارت

۳۵ فٹ لمبی اور ساڑہے پندرہ فٹ چوڑی ہے ❖

جینیون کا بڑا مندر شاہجہان آباد مین یہ خشتی چونہ گچ کا مندر دہرم پورہ کے اندر بہت خوبصورت بنا ہوا ہے اسمین بعض جگہہ سنگ مرمر لگا ہوا ہے اور اوپر سنہری کلسیان چڑہی ہوئی ہین یہ مندر لالہ ہرسکھرائے اور موہن لال جوہریون نے سمت ۱۸۵۵ بکرماجیت مطابق سنہ ۱۸۰۰ ع مین بنانا شروع کیا اور اٹھہ برس کے عرصہ مین بصرف پانچ لاکہہ روپے کے تیار ہوا **آثار الصنادید** سے واضح ہے کہ پہلی پچاپہان تنی بیساکہہ سدی پنچمی سمت ۱۸۶۴ مطابق سنہ ۱۸۰۷ ع کو ہوئی تہی ❖

جینیون کا چھوٹا مندر یہ سراوگیون کا پنچائتی مندر شاہجہان آباد مین جینیون کے بڑے مندر سے کم خوبصورت ہی اور خشتی چونہ گچ کا بنا ہوا ہے اسکی تعمیر مین ہی کئی لاکہہ روپے صرف ہوے ہین اسکی نبیاد پوہ سدی دوج سمت ۱۸۸۵ مطابق سنہ ۱۸۲۸ ع مین ڈالی گئی سات برس کے عرصہ مین یہ مندر تیار ہوا **آثار الصنادید** مین لکہا ہے کہ اسمین پہلی پوجا تتی منگسر بدی تردوشی سمت ۱۸۹۱ مطابق سنہ ۱۸۳۴ عیسوی کو ہوئی تہی ❖

باب جیم فارسی

چارمینارہ یہ خوبصورت سنگ سرخ کی چار مینارین حیدرآباد دکن مین چوک کے درمیان حوض کے کونون پر بہت بلند بنی ہوئی ہین اسکے باعث یہان بہت رونق ہے حوض کے چارون طرف چار بازار ہین ایک مین بزاز اور دوسرے مین سوداگر اور تیسرے مین صراف اور چوتہے مین میوہ فروش آباد ہین **مرے ہنڈبک مدراس** سے ثابت ہے کہ دوسو ستر برس سے زیادہ منقضی ہوے جب یہ منیار محمد قلی نے تعمیر کرائے تہے ❖

چاک گروہر گوبند یہ بہت بڑا کنڈ دوآب جالندہر علاقہ پنجاب مین ایک باغ کے اندر واقع ہے اسکی جاترا کو بہت خلقت آتی ہے **آرائش محفل** سے واضح ہے کہ یہان بیساکہہ کے مہینے مین بہت بہاری میلا ہوتا ہے ✢

چاندباولی بیجاپور مین یہ باولی مکہ دروازہ کے قریب واقع ہے **ہنڈبک اف مرے**

مشہور ہے کہ بہت عرصہ ہوا جب اس باولی کو چاند بی بی نے بنوایا تہا یہ باولی خوبصورت ہے سیڑہیان اسکے اندر تک ہین ٭

چاوڑی کوٹا علاقہ راجپوتان مین کمندرہ کے قریب یہ کہنڈ بہت پرانی مندر کا ہے اسکے ستون نہایت سخت اور مضبوط پتہر کے ہین **فرگسن صاحب** نے لکہا ہے کہ راجہ اشوکا کا بنوایا ہوا ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ مندر تخمیناً دو ہزار برس کا پرانا ہے یہان دور تک اسکے ٹوٹے پہوٹے بیشمار پتہر پڑے ہین اسکے کہنڈر سے یہ نہین معلوم ہوسکتا ہے کہ اس مندر مین کیا کیا مکان تہے گردنواح کے باشندے اس کہنڈر کو چاوڑی کہتے ہین ٭

چترہج یہ قلعہ رامپور اور نینی تال کے درمیان سڑک اعظم سے چہہ میل شرق کو بہت پرانا اور مضبوط خشتی بنا ہوا ہے اسکے اندر غربی دروازہ کے قریب ایک کہنڈر مندر ہے **جنرل کننگہم صاحب** تحریر فرماتے ہین کہ اسمین چترہج کی چار ہاتہہ کی مورت رکہی ہے اسلئے اس قلعہ کا نام چترہج ہوگیا یہ قلعہ سولہ سو فٹ مربع ہے اور دیوار اسکی اسی فٹ سے نوے فٹ تک بلند ہے سوا اس کہنڈر مندر کے یہان اور بہی کئی مکان اور مندر کہنڈر پڑے ہین +

چترہج قلعہ گوالیار کے لچہمن دروازہ کے قریب یہ عمارت بارہ فٹ مربع ہے اسکا برج چار ستونون پر قایم ہے اسکے آگے ایک ڈیوڑہی دس فٹ سے نو فٹ مربع پہاڑ تہوتہا کرکے بنائی ہے اسکی وضع دہمنار کے مندرون سے بہت ملتی ہے اسمین کئی مورتین وشنوجیون کی ہین جنمین ایک مورت کے چار ہاتہہ ہین اس وجہ سے یہ مندر چترہج مشہور ہوگیا ہے **آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ** مین اس مندر کو ۸۷۶ء کا بنا ہوا لکہا ہے ٭

چنارگڈہ ضلاع مغربی شمالی مین دریاے گنگ کے کنارے یہ قلعہ پہاڑ پر آب گنگ سے ایک سو پچاس فٹ بلند ہے اسکا دور نو میل ہے عالمگیر کے عہد تک اسمین رہزن اور ڈاکو رہتے تہے ۱۷۹۱ء مین جب سرکار نے اسپر قبضہ پایا تو یہ قلعہ روز بروز ترقی پاتا گیا اسکی عمارت اب نئے قلعہ کی موافق ہوگئی ہے اور اندر کاشتکاری ہوتی ہے +

چندوکتال گیاسے شمال کو جو ترنی پہاڑی ترجونی پہاڑ کے قریب واقع ہے وہان یہ تالاب
دو ہزار فٹ لمبا اور اٹھہ سو فٹ چوڑا ہے اسکے قریب چند مندر نو تعمیر موجود ہین اس کا نام میجر اینڈ ٹا
نے چندوکر لکھا ہے ؞

چوکھنڈی بنارس کے کھنڈرات مین دہمک برجی سے دو ہزار پانسو فٹ کے فاصلہ پر یہ خشتی
اور بہت پرانی عمارت واقع ہے پہلے یہ برجی چوہتر فٹ بلند تہی جب اسپر ہمایون بادشاہ نے
او سنگین عمارت بطور بارہ دری کے ۲۳ فٹ اٹھہ انچہ بلند بنائی تو اسکی بلندی ۹۷ فٹ اٹھہ انچہ
ہوگئی اسکے در پر ہمایون بادشاہ کا کتبہ کندہ ہے آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ
مین لکھا ہے کہ اس برجی پر سے ایک اہیر لوریا نامے کود کر مر گیا تہا اوس وقت سے اکثر لوگ
اسکو لوریا کا کودن کہتے ہین

چولسٹہہ جوگنی کہجوراہو علاقہ مالوہ مین سب ساگر سے جانب جنوب غرب یہ سنگین عمارت
چونسٹہہ دیویون کا مندر ہے کہنگی کے سبب اسکی اصلی صورت نہین رہی بیچ کا مندر
مدت سے ندارد ہے صرف گرد کی ۶۴ کوٹھریان جو ۶۴ دیویون کی ہین موجود ہین ارکی
اوجیکل سروے انڈیا رقمطراز ہین کہ یہ مندر اٹھہ صدی عیسوی کا بنا ہوا ہے
اور یہان کوئی اور مندر اسکی برابر پرانا نہین ہے ؞

چونسٹہہ کہمبا درگاہ حضرت نظام الدین اولیا کے قریب دہلی سے چار میل جنوب مین
یہ مقبرہ تگہ خان کے بیٹے مرزا عزیز کوکلتاش خان کا ہے جو احمد آباد مین فوت ہوا تہا یہ عمارت
بہت عالی شان سنگ مرمر سفید کی ہے اسکے اوپر پچیس گنبد اور اندر چونسٹہہ ستون سنگ مرمر
کے لگے ہین بیچ مین سنگ مرمر کی قبرین اور گرد خوشوضع جالیان لگائی ہین آثار الصنادید
وغیرہ سے منکشف ہے کہ یہ عمارت جہانگیر کے عہد مین جسکو ڈہائی سو برس کا عرصہ ہوا تعمیر ہوئی
تہی اب اسکی مرمت متواتر سرکار کی طرف سے ہوتی رہتی ہے چونسٹہہ کہمب ہونے سے
یہ مقبرہ چونسٹہہ کہمبا مشہور ہوگیا ہے ؞

چہتری امیر سنگھ ثانی رجستان مین اودیپور سے دو کوس ایک بلند چبوترہ پر یہ سنگ مرمر سفید کی خوبصورت عمارت دو منزلہ معلوم ہوتی ہے اسکی وضع بالکل مسلمانون کے مقبرون کے موافق ہے اسکی بارہ دری پر بیچ مین بہت بڑا برج اٹھائیس ستونون پر قایم ہے اس چہتری کے ستون اور مرغول نہایت عمدہ کندہ کار ہین نیچے سے ہشت پہلو بیچ مین سولہ پہلو اور اوپر سے بالکل گول ہین برج کے گرد کنگورے نہایت خوشنما بنے ہوئے ہین اصل مین یہ عمارت مہارانا امیر سنگھ ثانی کی سمادہ یعنے یادگار ہے **فرگسن صاحب** رقمطراز ہین کہ ۱۷۱۰ع مین مہارانا امیر سنگھ کے فوت ہونے کے بعد یہ چہتری مہارانا سنگرام سنگھ اسکے جانشین نے تعمیر کرائی تہی اسکی قریب کئی اور چہوٹی چہوٹی چہتریان کہڑی ہین بموجب عقیدہ اہل ہنود اودیپور کے یہ جگہہ بہی بہت پوتر ہے

چہتری جسونت سنگھ یہ سنگ سرخ کی مربع عمارت دریا کے کنارہ اگرہ سے تہوڑی دور ایک چار دیواری کے اندر راجہ جسونت سنگھ رئیس جودہ پور کی یادگار ہے **کارلیل صاحب** اسسٹنٹ **ارکیولاجیکل سروے انڈیا** رقمطراز ہین کہ اس عمارت کی تعمیر اورنگ زیب عالمگیر کے عہد مین ہوئی تہی اسمین چارون طرف بہت خوش تراش سنگ سرخ کی جالیان لگی ہوئی ہین انکی نمایش قابل تعریف ہے

چہتری ساداجی یہ چہتری پرسرام پور مین اودیپور سے تہوڑی دور راجہ ساداجی کی یادگار ہے اسکا برج سنگ مرمر سفید کا بہت خوبصورت اور خوشوضع بنا ہوا ہے

چہل ستون الہ آباد یہ سہ منزلہ عمارت جسپر برج ہے قلعہ الہ اباد مین محل کے قریب چہل ستون کے نام سے مشہور ہے اور اوپر سے تلے تک سنگین اور نازک بنی ہوئی ہے اسکی ہر منزل کے بیچ مین ایک بڑا مکان اور گرد غلام گردش ہے باہر کے رخ غلام گردشون کے نیچے سنگین کہڑے اور اوپر چہجے ایسے خوبصورت بنے ہوئے ہین کہ انکا بیان نہین ہوسکتا اسپر کہڑے ہونے سے عجیب کیفیت معلوم ہوتی ہے **بہو نرا انڈیا** سے منکشف ہے کہ اس عمدہ عمارت کو اکبر شاہ بادشاہ نے ہمراہ اپنے قلعہ کے تعمیر کرایا تہا اور اوسوقت مین یہ مکان



چہتری امراسنگہ

نہایت مکلف تہا ؛

چہل ستون غازی پور سنگین عمارت غازی پور مین چہل ستون ۱۰۸۰ھ سے بہت بڑی ہے **مرات آفتاب نما** سے ثابت ہے کہ دراصل یہہ شیخ عبداللہ غازیپوری کی حویلی ہے اسمین انتی سے بہی زیادہ ستون ہین مگر لوگ اسے چہل ستون کہتے ہین اسکے چارون طرف نہرین اور ستونون کے اندر پانی چڑہنے کے راستے بنے ہوئے ہین انہین سے چہت پر پانی پہونچتا تہا اور جگہہ جگہہ فوارے چہوٹتے تہے اب یہہ راستے بند اور نہرین شکستہ ہین ؛

چہوٹا مندر ساس بہو یہ مندر قلعہ گوالیار مین ساس بہو کے بڑے مندر کے قریب اوسی شکل یعنے صلیب کے موافق اوس سے بہت چہوٹا سادی وضع کا چبوترہ پر ایک منزلہ تعمیر کیا ہوا ہے اسکے بیچ کا مکان یعنے مہامندا پاتیس ۲۳ فٹ چار انچہ مربع ہے یہ مندر بڑے مندر سے زیادہ مسرت طلب ہے **آرکی اولاجیکل سروے انڈیا** رقمطراز ہین کہ یہ مندر اوسوقت تعمیر ہوا تہا جب راجہ ماہی پال نے بڑا مندر ۱۰۹۳ء مین بنوایا تہا یہ نہین معلوم ہوسکتا کہ یہ مندر اوسکی رانی کا بنوایا ہوا ہے یا اوسکے خاندان کے کسی ... نے تعمیر کرایا تہا اسکے بڑے درجہ مین بارہ ستون ہین اونکو نیچے سے ہشت پہل اور اوپر سے گول بنایا ہے یہ مندر بہی بد وضع نہین لیکن بڑے مندر کے قریب ہونے سے اوسکے برابر نہین جچتا ؛

چہوٹا مندر کنجیورام کنجیورام احاطہ مندراج مین یہ عمارت بڑے مندر کی عمارت سے چہوٹی اور ایک میل دور ہے کندہ کاری اور وضع داری اسکی زیادہ نازک ہے اسکے کندہ کار پاگوڈے کے قریب ایک برج چار کندہ کار گول ستونون پر ایسا بلند بنا ہوا ہے کہ وہ پاگوڈے سے بہی بہت اونچا ہوگیا ہے اسکے قریب دو بلند لاٹہین نازک اور کندہ کار جدی جدی وضع کی نصب ہین اور ایک دوسرے سے اچہی معلوم ہوتی ہے **تالیف مکلاوڈ صاحب** سے منکشف ہے کہ یہ مندر بڑے مندر سے پیچہے تعمیر ہوا تہا ؛

چہوٹی اگری سورت احاطہ بمبئی مین یہ پارسیون کی عبادتگاہ ہے اسمین شب و روز سالہا سال سے

آگ جلتی ہے بمبئی ہند بک مین لکہا ہے کہ اس اگری کو پتان جی کالا بہائی وکیل نے سنہ ۱۸۶۱ع مین بنوایا تہا ٭

چہوٹی لاٹہہ فیروز شاہ یہ وہ لاٹہہ راجہ اشوکا کی ہے جو ضلع میرٹہہ مین قایم تہی آثار الصنادید سے منکشف ہے کہ فیروز شاہ تغلق نے بعد قایم کرنے مینار زرین کے اس لاٹہہ کو لاکر کوشک شکار مین نصب کیا تہا اور جب فرخ سیر کے عہد مین باعث اوڑجانے میگزین کے یہ لاٹہہ ٹکرے ٹکرے ہوگئی تو مدت تک اسکے ٹکرے فریزر صاحب کی کوٹہی کے قریب پڑے رہے اب سنہ ۱۸۶۶ع مین گورنمنٹ نے کوٹہی مذکور اور فتحگڈہ کے درمیان لب سڑک سنگ خارا کا چبوترہ بنواکر اوسپر اسکے ٹکرے اوپر نیچے قایم کرادیئے ہین اسکا کتبہ راجہ اشوکا کے وقت کا بالکل جاتا رہا ایک اور انگریزی کتبہ جسمین اسکا حال لکہا ہے پتہر پر اسکے چبوترہ مین کندہ ہے

چینی روضہ آگرہ مین دریاے جمن کے کنارہ باغ زہرہ اور باغ وزیر خان کے درمیان یہ وزیر خان شیرازی کا مقبرہ ہے اسکو افضل خان نے اورنگزیب کے عہد مین تعمیر کرایا تہا یہ چینی کار عمارت مربع ہے اسکے برج کے نیچے کا مکان ہشت پہلو ستائیس فٹ دس انچہہ کے قطر کا ہے اسکے بیچ مین دو قبرین خشتی بنی ہوی ہین ارکی اولاجیکل **سروے رپورٹ** سے واضح کہ پہلے یہ قبرین سنگ مرمر کی پوشش کی تہین بڑے مکان کے کونون پر چار اور چہوٹے مکان بارہ بارہ فٹ کے مربع ہین اور چارون طرف کے چار مکان جو غلام گردش کی صورت ہین وہ ہر ایک اٹہائیس فٹ لمبا اور سولہ فٹ چوڑا بنا ہوا ہے اسکے کل مکانون مین رستہ رکہا ہے چنانچہ ایک درجے سے دوسرے درجے مین چلے جاتے ہین جانب جنوب اوپر جانے کا زینہ اب بند ہے مقبرہ کے کونون پر خوشنما برجیان اور نیچے سرد خانہ ہے اسکا رستہ دریا کی طرف سے ہے اسمین اصلی قبرین ہین باہر سے ہر ایک جانب اس مقبرہ کی اوناسی فٹ لمبی ہے اور گرد ایک چار دیواری چونہ اور پتہر سے مضبوط بنای ہے اوسکے جنوبی دیوار کے بیچ مین ایک دروازہ چالیس فٹ چہہ انچہہ چوڑا اور کتیس فٹ ۹ انچہہ اونچا کہنڈر پڑا ہے اور چار دیواری کے اندر جو احاطہ ہے وہ

چارسو تریسٹھہ فٹ نوانچھہ سے تین سو تیتیس فٹ ۹ انچھہ مربع ہے ۰

چینی گنبد یہ مقبرہ رستم زمان کا جو بیجاپور کا حاکم ہو گزرا ہے ہیری علاقہ دکن مین واقع ہے اسٹوکس **ہسٹوریکل کاونٹ اف بلگام** سے واضح ہے کہ اس مقبرہ کو خود رستم زمان راناولا نے ۱۶۱۶ اور ۱۶۶۰ء کے درمیان اپنی حیات مین ہیری فتح کرنے کے بعد تعمیر کرایا تہا اور بعد مرگ وہ اسمین دفن ہوا اسکے برج پر بہت خوش رنگ چینی کاری کی ہوئی ہے

چینی مسجد تہانیسر علاقہ پنجاب مین یہ مسجد چینی کار ہونے کے سبب چینی مسجد مشہور ہے اسمین اب چینی کاری کے صرف نشان رہگئے ہین اسکے دو نو مینار نہایت خوش وضع ہین **سروے رپورٹ انڈیا** سے منکشف ہے کہ اسکی تعمیر اورنگ زیب کے عہد مین جسے پونے دو سو برس گزرے ہوئی تہی ۰

باب الحاء

حرم اگرہ قلعہ اکبراباد مین موتی مسجد کے قریب یہ محل بیگمات کے رہنے کا بنا ہوا ہے اسکے دالان اور برج بہت خوبصورت طلا کار اور نقش سنگ مرمر سفید مجلا سے تعمیر کئے ہین اور کوئی مرغول او ستون بغیر نقاشی اور طلا کاری کے نہین چہوڑا اندر سے کل مکان شال آینہ کے چمکتے ہین اسکی ساخت تاجگنج اگرہ سے کم نہین معلوم ہوتی **بیس ایٹڈی فارلیسٹ** سے ثابت ہے کہ اس محل کو شاہجہان بادشاہ نے اسٹن ڈی بورڈو نیس فرانیس معمار کے انتظام سے تیار کرایا تہا

حوض خاص دہلی سے قطب صاحب کو جاتے ہوئے مقبرہ صفدر جنگ سے تہوڑی دور جو فیروز شاہ تغلق کا مقبرہ ہے اُسکے قریب یہ حوض سو بیگہ سے زیادہ کا ہے **آثار الصنادید** مین اسکو نبوایا ہوا سلطان علاوالدین خلجی کا لکہا ہے اونسے اپنے عہد سلطنت ۶۹۵ھ مین نبوایا تہا اب یہ حوض صرف بطور تالاب کے ہے حوض علائی بہی اسی حوض کو کہتے ہین

حوض شاہ پوری دکہن مین بیجاپور کے قریب یہ عالیشان حوض واقع ہے اسکا پانی بذریعہ نہر شہر کے اندر ابپاشی کے واسطے آتا ہے **برگر فرشتہ وغیرہ** مین اسکو نبوایا ہوا علی عادل شاہ کا

لکھاہے اُس نے سنہ ۱۵۳۶ع مین ہمراہ فصیل بیجاپور کے بنوایا تہا

حوض شمسی اس حوض کو قطب صاحب کا تالاب کہتے ہین اسکو سلطان شمس الدین التمش نے سنہ ۱۲۲۹ع مین بنوایا تہا یہ حوض منیار قطب صاحب سے ایک میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور دو سو چہتر بیگہ کا ہے آثار الصنادید سے واضح ہے کہ سنہ ۱۳۱۱ع مین اس حوض کو سلطان علاوالدین نے صاف کرایا اور پہر فیروزشاہ نے اپنے عہد سلطنت مین درست کرایا اسکے بیچ مین ایک بارہ دری سنگ سرخ کی گنبد دار کہڑی ہے اوسکو علاوالدین خلجی نے بنوایا تہا موسم برسات مین یہ تالاب پرآب ہوجاتا ہے اور گرمی مین اسکے اندر کاشتکاری ہوتی ہے ؀

باب الحنار

خاص محل شاہجہان آباد سے جنوب کو یہ کہنڈر عمارت مع دروازہ خاص محل کے نام سے مشہور ہے اسکی تعمیر سنگ خارا سے کی ہے اور اسمین سنگ سرخ بہی لگا ہوا ہے آثار الصنادید مین لکہا ہے کہ اسکو زین خان کے بیٹے نے سنہ ۱۶۳۲ع مین بنوایا تہا ؀

خواصین سہ تہمبا یہ ہشت پہلو سنگ مرمر سفید کی عمارت اوپر سے بالکل کندہ کار بشکل منیار قلعہ چتوڑ مین واقع ہے کندہ کاری مین اکثر جگہہ مورتین نظر آتی ہین اسکی بلندی چون ۵۴ فٹ اور نیچے کا قطر چہبیس ۲۶ فٹ ہے اسکے باہر تین درجے اور اندر سیڑہیاں ہین اوپر ایک خوبصورت بارہ دری بنی ہوی ہے اوسمین بارہ ستون کندہ کار لگے ہین اسکی چہت پر خودرو درختون کے پیدا ہوجانے سے اکثر کندہ کار پتہر اوکہڑ گئے ہین یہان سے قلعہ کی خوب کیفیت معلوم ہوتی ہے اسکے قریب ایک کہنڈر مندر کہڑا ہے فرگسن صاحب نے لکہا ہے کہ اس برجی کو ایک جینی نے بطور یادگار اپنے ترتہن کر پارس ناتہہ کے سنہ ع مین تعمیر کرایا تہا ؀

خیر المنازل پرانے قلعہ کے قریب شاہ جہان آباد سے جنوب کو یہ خشتی چونہ گچ کی کہنڈر عمارت مسجد اور مدرسہ اکبر بادشاہ کی دایہ ماہم بیگم کا بنوایا ہوا ہے اسکے کتبہ سے ثابت ہے کہ اس عمارت کو بنے ہوئے تین سو پندرہ سال سے زیادہ عرصہ ہوا ؀



خواص بسته تیمیا

باب الدال

دال کشمیر مین سری نگر کے قریب یہ تال بنام دل مشہور ہے اسکا پانی نہایت صاف ہلکا اور شیرین ہے بلکہ موافق آب گنگ کے بگڑتا نہین آرائش محفل مین اسکا طول تین میل لکھا ہے یہ تالاب ہمیشہ پر آب رہتا ہے ٭

دانت کی مسجد احمد آباد مین پاگل خانہ کے قریب یہ مسجد سنگ مرمر سفید کی نہایت نازک بنی ہوئی دانت کی مسجد کے نام سے مشہور ہے اسکے برج اور منیار بہت خوبصورت ہین اور فرش کئی رنگ کے پتھرون سے بنا ہوا ہے پہلے اسکے صحن مین حوض تہا اوسکا پتھر انگریزی قبرستان کے کام آیا ہند بک آف مرّے مین لکھا ہے کہ بہت عرصہ ہوا جب اس مسجد کو نواب شجاعت خان نے جنکی یہان قبر بنی ہوئی ہے بنوایا تہا ٭

دربار صاحب یہ سکھون کا مندر امرتسر علاقہ پنجاب مین امرت سر تالاب کے اندر ایک چبوترہ پر بنا ہوا ہے گر ے گ ر ہسٹری اف دی سکہس سے منکشف ہے کہ اسکو مہاراجہ رنجیت سنگہ والی لاہور اور اوسکے سردارون نے ملکر بنوایا تہا تحقیقات چشتی سے ثابت ہے کہ لاہور کے گرد نواح کی تعمیرات کا سنگ مرمر اس عمارت مین لگایا گیا ہے چنانچہ بہت سے کٹہرے اور عمدہ پتہر مقابر جہانگیر اور نور جہان بیگم وغیرہ کے اسمین لگے ہوئے ہین اب اس طرف کوئی عمارت دربار صاحب کی مانند نظر نہین آتی اسکا برج مع کلس کے بالکل سنہری ہے اور جگہہ جگہہ اسکے اندر سنگ مرمر سفید نبت کار مین نقاشی اور طلا کاری کی ہوئی ہے دروازہ کے سامنے ایک بوڑہا گرو گرنت کہو لے بیٹہا رہتا ہے برج کے گرد غلام گردش کے د... ن پر عمدہ عمدہ بانا تی پردے لگے ہین تمام نقاشی اور طلا کاری اس عمارت کی بسبب عکس سنہری برج کے دو چند روشن معلوم ہوتی ہے گرنتہ مندر جسپر ہر وقت مورچہل ہلاتے ہین گرو کے روبرو ایک سونے کی جڑاو چوکی پر رکہا رہتا ہے یہ چوکی مہاراجہ رنجیت سنگہ نے بعد تعمیر مندر کے چڑہائی تہی مک گریگر صاحب نے زر مصارف اس چوکی کا پچاس ہزار روپیہ لکھا ہے

دن کے وقت دروازہ مندر کے روبرو آدمیون کا ہجوم ہوتا ہے اکالیونکا مندر اسکے جانب شمال ہے

درگا یہ مندر درگا کا جسے کوماری اور پاربتی کہتے ہین ننہگ لاج مین ٹھٹھہ سے شمال مغرب کو ستر کوس کے فاصلے پر بہت پرانا اور رام ہے صاحب **آرائش محفل** نے لکھا ہے کہ ہندو اس مندر کی پوجا کا بہت بڑا پہل جانتے ہین لیکن بہلون کی رہزنی کے باعث بہت کم جاتے ہین

درگاہ امام شاہ احمد آباد سے جنوب کو سرگنج قبرستان مین مزار پر یہ گنبد سنہ ۱۸۱۰ع کے بعد کا بنا ہوا ہے مرے ہنڈبک سے واضح ہے کہ یہ حضرت بڑے بزرگ ہوگزرے ہین اور لوگ انکی زیارت کو اکثر آتے ہین ❊

درگاہ امام ضامن دہلی سے گیارہ میل پر دیا قطب صاحب یہ درگاہ امام محمد علی مشہدی کی ہے انکو سید حسین پای نیار بہی کہتے ہین اسکی عمارت سنگین برج نما بنی ہوی ہے اوسمین سنگ مرمر کا فرش اور چارون طرف جالیان ہین درآمد و رفت جنوب رویہ ہے آثار الصنادید سے واضح ہے کہ یہ عمارت خود حضرت امام ضامن نے اپنی حیات مین بنوائی تہی دروازہ درگاہ پر کتبہ کندہ ہے جب حضرت سنہ ۱۵۳۵ع مین فوت ہوئے تو اپنی وصیت کے موافق یہان دفن ہوے

درگاہ امیر خسرو یہ درگاہ دہلی سے تین میل جنوب مین حضرت نظام الدین اولیا کے قریب بنوائی ہوی سید مہدی کی ہے اوسنے سنہ ۱۵۸۸ع مین تعمیر کرائی تہی اسکے گرد جالی دار نہلام گردش اور بیچ مین ایک لمبا برج ہے اوسکے اندر سنگ مرمر سفید کی عمارت عماد الدین حسن نے سنہ ۱۶۰۵ع مین بنوائی تہی تاریخ تعمیر اسکی کندہ کی ہوئی ہے حضرت امیر خسرو کا نام ابوالحسن ہے یہ خلیفہ اور حبیب حضرت نظام الدین اولیا کے تہے انکی شاعری شہرہ آفاق ہے بعضون نے لکہا ہے کہ اردو زبان انہی کی ایجاد ہے صفای اور عمدگی کلام کے سبب ملقب بہ طوطی ہند ہوے انکی وفات اونتیسوین ۲۹ ذیقعد سنہ ۷۲۵ ہجری کو ہوئی ہر سال یہان ستروین شوال کو بہت بہاری عرس ہوتا ہے اٹہارہوین تاریخ فجر سے شام تک میلا رہتا ہے ✚

درگاہ بابا علیسی لنگوٹی بند یہ سنگین عمارت ٹھٹھہ مین واقع ہے یہ حضرت سنہ ۹۰۶ ہجری مطابق سنہ ۱۵۰۱ع مین فوت ہوے ہنڈبک اف مرے سے واضح ہے کہ اسکی تعمیر بہی اوسیوقت کی ہے ✚

درگاہ باقر علی احمدآباد سے تہوڑی دور جنوب کو پرانہ قبرستان مین یہ درگاہ
بہت خوبصورت برج کی ہے اسمین کوئی کتبہ نہین جس سے معلوم ہو کہ یہ برج کب بنا
اور کسنے بنایا مگر تالیف **مرے صاحب** سے منکشف ہوتا ہے کہ یہ عمارت سو برس سے زیادہ کی ہے

درگاہ برہان الدین دکہنی یہ درگاہ دکہن مین بہت بڑی زیارتگاہ ہے اورنگ آباد سے
چند میل تالاب کے قریب جہان بہت سے سرو کے درخت اور مقبرہ اورنگ زیب ہے آبادی روضہ
مین واقع ہے حضرت برہان الدین بڑے بزرگ ہوگزرے ہین **منڈبک اف بمبی** سے
منکشف ہے کہ برہان پور نہین کا آباد کیا ہوا ہے درگاہ کی عمارت عالمگیر کی مقبرہ کی عمارت سے
بہت عمدہ ہے انکے مزار پر ایک زرین غلاف مخمل سبز کا پڑا رہتا ہے اور دروازونکے کواڑونپر
چاندی کے پترے جڑے ہوے ہین یہان بہت خادم ہین دور دور سے خلقت زیارت کو آتی ہے

درگاہ بوعلی شاہ قلندر یہ بڑی نامی درگاہ جو ۶۹۵ھ ہجری مین خضر خان اور شادی خان
سلطان علاو الدین غوری کے بیٹون نے بنوائی ہے دہلی اور کرنال کے درمیان قصبہ
پانی پت مین واقع ہے اسکی چار دیواری مین بڑے بڑے دروازے اور قبرستان ہے
قلندر صاحب کا مزار کندہ کار اور پرانوار سنگ مرمر سفید کا بنا ہوا ہے اوسکے گرد غلام گردش
اور اوپر قبہ ہے یہان سہ دری مین کسوٹی کے ستون نہایت عمدہ لگے ہوے ہین وہ بموجب
ابجکٹس اوندی انٹی کواسے ری این انٹرسٹ کے رزق اللہ خان بن نواب مقرب خان
نے لگوائے تہے قلندر صاحب کے برج کے قریب ایک اور برج سنگ سرخ کا ہے اوسکے
گرد جالیان اور اندر انکے حبیب نبازرخان کا مزار ہے علاوہ ان برجون کے یہان ایک
مسجد سنگ سرخ کی بہت خوبصورت بنی ہوئی ہے اوسکے صحن مین حوض پر آب ہے
قلندر صاحب نے بموجب **سیر الاقطاب و تذکرۃ العاشقین** کے تاریخ تیرہوین ماہ رمضان
۷۲۴ھ ہجری کو وفات پائی انکا مزار سوا ے یہان کے کرنال اور بڈہے کہیڑے مین بہی ہے
ایام عرس مین خلقت یہان بکثرت آتی ہے اس درگاہ کے متعلق بیشتر زیادہ الااب ایک ہزار روپ

کی معافی ہے - مقبرہ نواب مقرب خان مین ایک تعویذ زہر مہرہ کا بہت عمدہ ہے درگاہ کے باہر نوبت خانہ نواب شمس الدولہ لطف اللہ خان کا بنوایا ہوا ہے ✦

درگاہ بہاؤالدین زکریا شہر ملتان مین یہ درگاہ حضرت بہاء الحق کی بہت نامی ہے اسکی عمارت باہر سے نیچے کے رخ ۱۵ فٹ نواںچہ مربع ہے اور اکثر جگہہ چونے کا کام ہے اسمین نیلی رنگت بہت عمدہ کی ہوئی ہے انہون نے بلبن کے عہد ۱۲۶۴ و ۱۲۶۵ ع کے درمیان وفات پائی آرکی اولاجیکل سروے رپورٹ سے واضح ہے کہ ۱۸۵۳ ع مین یہ عمارت بہت مرمت طلب ہوگئی تہی مرمت کے سبب اسکی ہیئت اصلی مین فرق آگیا ہے صدرالدین انکے بیٹے بہی اسی جگہہ دفن ہین ✦

درگاہ بہولوشاہ یہ درگاہ زیر فصیل شاہجہان آباد کابلی دروازہ کے باہر لب سٹرک تکیہ کے نام سے مشہور ہے پہلے ایک پختہ چبوترہ بناکر اسکے گرد چونے کی دیوار بنائی ہے رستہ اس چبوترے کا جنوب رویہ سنگ سرخ کا سہ ستون دار ہے اور فرش چبوترہ سنگ سرخ کے چوکون کا ہموار ہے اسکے اوپر ایک فٹ بلند اور چبوترہ ہے اوسکے بیچ مین سنگ مرمر کے چبوترے پر دائین جانب تعویذ مرقد حضرت شاہ حفیظ منبت کار بنا ہوا ہے یہ حضرت ۱۲۳۶ ہجری مین فوت ہوے اور بائین جانب مزار فیض آثار حضرت بہولوشاہ کا ہے جو ۱۲۱۰ ہجری مین فوت ہوے ان مزارون سے شمال کو خشتی دیوار مین روشنی کے واسطے طاق بنائے ہین اور سنگ مرمر کے ٹکڑون پر تاریخ وفات کندہ ہے ان مزارون کے جنوب مین کوئین کے قریب تعویذ مرقد غلام محمد جی صاحب واقع ہے انکی وفات کو عرصہ تخمیناً تیس برس کا ہوا یہ تعویذ بہی نہایت عمدہ کندہ کار ہے اس درگاہ مین مسلمان اور ہندو سب زیارت کو آتے ہین دروازہ سے اوترتے ہوے دائین جانب حجرہ مین جاروب کش رہتا ہے پہلے اس مقام پر سردخانہ تہا موسم بہار مین یہان بسنت کا میلا نہایت دہوم دہام کے ساتھہ ہوا کرتا ہے

درگاہ خواجہ معین الدین چشتی یہ نہایت مشہور اور عالیشان درگاہ جسکے برابر کوئی متبرک جگہہ

ہندوستان مین نہین اجمیر شریف مین جھالرا تالاب کے قریب واقع ہے یہ بزرگ خاندان سادات کرام
و سلسلہ چشت سے حضرت سید غیاث الدین چشتی کے فرزند اولیا کبار سے ہین نوّے
برس کی عمر مین چھٹی تاریخ رجب سنہ ٦٣٣ ہجری مین اُنہون نے وفات پائی محمود بن جہان ہوشنگ
بادشاہ کے وزیر نے یہ درگاہ بنوائی ہے اسکا بہت بڑا دروازہ شمال رویہ ہے اوسکے
قریب بہت بڑی دیگ ہے جسمین سو من سے زیادہ پخت ہوتی ہے **مرات آفتاب نما**
مین لکھا ہے کہ یہ دیگ جہانگیر بادشاہ کی بنوائی ہوئی ہے یہان سے سات کوس کے فاصلہ پر
ایک اور دیگ اس سے چھوٹی ہے درگاہ کے اندر مزار پر انوار پر غلاف پڑا رہتا ہے اور گرد بہت بڑا
چاندی کا کٹہرا لگا ہوا ہے اور ایک جانب سنگ مرمر سفید کی مسجد نہایت عمدہ بنی ہوئی ہے اسکا
حال علیحدہ درج ہے یہان کا کارخانہ اتنا بڑا ہے کہ ہندوستان کی کسی درگاہ مین ایسا نہین —
صرف اس درگاہ کی خدمت کے واسطے کئی سو خادم مقرر ہین ماہ رجب مین اس جگہ صدہا
قافلے آتے ہین اور سینکڑون ہزارون آدمی ہندو مسلمان رسیون مین لٹک کر مرادین مانگتے ہین دراقدس
سے کوئی آزردہ خاطر نہین پلٹتا ہر شخص کا یہان اگر جانے کو دل نہین چاہتا انکی بہت سی
کرامتین اکثر کتابون مین درج ہین مزار خنگ سوار بھی اسی جگہ ہے +

درگاہ رکن الدین یہ بہت متبرک درگاہ حضرت رکن عالم کی جو حضرت بہاو الحق کے پوتے ہین
ملتان مین قلعہ کے گوشہ شمال مغرب مین صرف خشتی عمارت سو فٹ بلند ہے اور بلندی پر
واقع ہونے سے اسکی بلندی زمین سے ڈیڑھ سو فٹ ہوگئی ہے یہ درگاہ بارہ بارہ کوس سے
نظر آتی ہے اسمین نیلی او سفید پچی کاری بہت خوش وضع کی ہوئی ہے ایسی شان و شوکت کی
اور درگاہ یہان نہین ہے اسمین شیشم کی لکڑی لگی ہوئی ہے اور سینکڑون خادم موجود ہین
اسکی تعمیر تغلق شاہ کے زمانہ کی ہے +

درگاہ روشن چراغ دہلی یہ درگاہ حضرت شیخ نصیر الدین دہلوی کی جنکا انتقال اٹھارہوین
تاریخ رمضان سنہ ٧٥٧ ہجری کو ہوا شاہجہان آباد سے جنوب کو واقع ہے انکے مزار پر سنگین بارہ دری

گنبددار جسکے گرد جالیان ہین بہت خوبصورت بنی ہوئی ہے اسمین درآمد ورفت جنوب رویہ ہے یہ درگاہ فیروزشاہ تغلق کی بنوائی ہوئی لکہی ہے اسکے قریب دو اور برج ہین ایک مین مزار حضرت فریدالحق شکرگنج کے پوتے کا اور دوسرے مین مخدوم زین الدین انکے خلیفہ کا ہے سوائے ان مزارون کے یہان سینکڑون قبرین نئی اور پرانی موجود ہین نماز کے واسطے ایک مسجد ہے اسکا بہت بڑا گنبددار دروازہ ہے اور گرد درگاہ کے جو پختہ فصیل ہے اسمین پانچ دروازے ہین آثارالصنادید مین لکہا ہے کہ یہ دیوار محمدشاہ بادشاہ نے سنہ ۱۷۲۹ عیسوی مین بنوائی ہے ہر سال اٹھارہوین تاریخ ماہ رمضان کو اس جگہہ عرس ہوتا ہے اوسمین خلقت بہت آتی ہے اور رات کو یہین رہتی ہے *

درگاہ سالار مسعود غازی بہرایچ علاقہ اودہ مین یہ درگاہ بالے پیر اور جب سالار کی مشہور ہے بعضے ان حضرت کو سید کہتے ہین بعضے محمود غزنوی کی اولاد کہتے ہین اور بعضون کے نزدیک پٹہان ہین غرضکہ ان کی زیارت کو لوگ دور دور سے آتے ہین اور بڑے چڑہاوے لاتے ہین **آرائش محفل** سے واضح ہوا کہ یہان سال بسال چہڑیون کا میلا ہوتا ہے ایک روز مقررہ کو بہت سے سوداگر اور گرد و نواح کے زمیندار چہڑیان لیکر ڈہول بجاتے ہوئے درگاہ مین حاضر ہوتے ہین اور سالار دولہ کی شادی کرتے ہین درگاہ کے سامنے جو بڑے بڑے درخت ہین بہت سے ادمی رسیان ڈالکر اونمین لٹکتے ہین اور دعائین مانگتے ہین اللہ تعالے اونکی ثابت اعتقادی کے باعث اونکا مطلب براری کردیتا ہے عمارت یہان کی کچہہ عجائبات سے نہین ہے یہ حضرت سنہ ۴۲۴ ہجری مین شہید ہوئے تہے *

درگاہ سید حسن رسول نما شاہجہان آباد سے تہوڑی دور پہاڑگنج کے غربی جانب گلابی باغ مین یہ درگاہ ایک سو چوراسی برس کی بنی ہوئی ہے مزار کے گرد جالی دار غلام گردش اور جانب جنوب ایک حوض محمد سعید خان کا بنوایا ہوا ہے اوسکے قریب ایک مسجد

جسکو حاجی محمد طاہر نے سنہ ۱۲۸۱ء مین تعمیر کرایا چونہ گچ کی ہے اس درگاہ کی چار دیواری جو اکثر جگہہ سے گر پڑی ہے اوسکو مع کنوئین کے میر محمد شفیع نے سنہ ۱۸۱۸ء مین بنایا ہے نواب امیر خان والی ٹونک کے تعمیر کرایا تہا بائیسوئین شعبان کو یہان عرس ہوتا ہے اور شام کے وقت جب کثرت خلایق ہوتی ہے تو آتشباز طرح طرح کی آتشبازی چہوڑتے ہین اور ہر طرف سے واہ واہ ہوتی ہے

درگاہ سید حسین یہ مزار پر انوار درگاہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے قریب بنام درگاہ خنگسوار مشہور ہے زایران درگاہ خواجہ معین الدین یہان ضرور حاضر ہوتے ہین یہ درگاہ بہی بہت پرانی ہے *

درگاہ سید زین الدین ملتانی یہ درگاہ شہر ملتان سے چار کوس کے فاصلہ پر بہت نامی اور بڑی زیارتگاہ ہے موسم گرما مین یہان کئی روز تک ہجوم خلایق رہتا ہے سید صاحب بڑے بزرگ ہین شاہ سرور صاحب انکے فرزند ہین اس عمارت کی صاحب آرائش محفل نے بہت تعریف لکہی ہے

درگاہ سید علی شیرازی یہ درگاہ ٹھٹھہ مین بڑی زیارتگاہ ہے یہ حضرت سندہ کے جوکہیا خاندان سے ہین ٹھٹھہ بک اف مرے سے منکشف ہے کہ سنہ ۱۱۰۹ ہجری مطابق سنہ ۱۶۹۷ء مین انکا انتقال ہوا اوسی زمانہ مین یہ درگاہ تعمیر ہوئی *

درگاہ سید محمود شاہجہان آباد سے جانب جنوب مقبرہ ہمایون کے قریب یہ درگاہ واقع ہے اس جگہہ صرف مزار ہے کوئی عمارت یا مکان نہین ہے یہ بزرگ سید ناصر الدین سونپتی کی اولاد مین سے ہین ۔ آثار الصنادید مین لکہا ہے کہ یہ درگاہ سنہ ۱۳۵۳ء مین تعمیر ہوئی ہی *

درگاہ شاہ ارزان دنیا پور سے تہوڑی دور پٹنہ سے چہہ کوس یہ درگاہ واقع ہے آرائش محفل سے ثابت ہے کہ ابتدا مین ہر جمعرات کو یہان خلقت جمع ہوتی تہی اور کثرت سے ناچ ہوتے تہے اب صرف زیارت کے واسطے لوگ آتے ہین یہان سے تہوڑی دور تالاب کے قریب ایک امام بارہ بنا ہوا ہے اوسمین دنیا پور کے تعزیے ٹہنڈے ہوتے ہین

درگاہ شاہ بدر الدین پنجاب مین بٹالہ سے دو کوس سالی گانو مین یہ درگاہ بہی اچہی عمارت ہے خلقت دور دور سے زیارت کو آتی ہے شاہ بدر الدین کو صاحب

آرایش محفل نے حضرت غوث الاعظم کی اولاد مین لکھا ہے ❊

درگاہ شاہ ترکمان اصل مین شاہ ترکمان کا نام شاہ شمس العارفین ہے یہ حضرت اولیاء کبار مین سے ہین یہ درگاہ شاہ جہان آباد مین ترکمان دروازہ کے قریب جہان کالی مسجد اور قبرستان ہے چھ سو چونتیس برس کی ہے انکا وصال معز الدین بہرام شاہ کے وقت مین ہوا مزار پر انوار کے گرد صرف چونہ گچ کی دیوار ہے یہان چوبیسوین ماہ رجب کو عرس اور موسم بہار مین بسنت کا میلا ہوتا ہے ❊

درگاہ شمس تبریز یہ درگاہ ملتان مین قلعہ سے پاؤ میل مشرق کو واقع ہے اسکی گرد غلام گردش مین سات سات در اور اوپر گنبد ہے اسکی عمارت اچھی بنی ہوئی ہے مگر دو سو برس سے زیادہ کی پرانی نہین معلوم ہوتی ہے ❊

درگاہ شیخ چلی تہانیسر علاقہ پنجاب مین یہ ہشت پہلو عمارت سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہے اسکا ہر ایک پہل اٹھارہ فٹ لمبا ہے اور قطر چوالیس فٹ اسکے اوپر بہت خوش وضع برج ہے دور دور سے نظر آتا ہے اصل مین شیخ چلی کا نام عبد الرحیم ہے آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ سے منکشف ہے کہ یہ عمارت ۱۶۵۰ء مین تعمیر ہوئی ہے سکھون نے موقع پاکر اسکو مندر بنا لیا تھا دم اخراج یہان سے عمدہ عمدہ جالیان کیتھل کو لیگئے اسکی قریب ایک مدرسہ ہی اوسمین سکھون نے گرنتھ رکھا تھا

درگاہ شیخ شریف احمدآباد کے جنوب کو پرانہ قبرستان مین یہ گنبد بہت پرانے ستونون پر قایم ہے یہان زیارت کو لوگ اکثر آتے ہین مرے ہنڈ بک مین لکھا ہے کہ یہ برج بہت پرانا ہے

درگاہ شیخ صلاح الدین دہلے سے جنوب کو موضع کہٹر کی مین یہ برج چند ستونون پر قایم ہے اسکے چارون طرف سنگ سرخ کی جالی اور اندر مزار ہے سواے اس برج کے یہان ایک مسجد اور ٹوٹا مجلسخانہ بہی ہے شیخ صلاح الدین تغلق شاہ کے عہد مین حیات تھے آثار الصنادید سے ہویدا ہے کہ ۱۳۵۳ء مین جب انکا وصال ہوا تو یہ درگاہ تعمیر کی گئی ❊

درگاہ شیخ فرید الحق شکر گنج پنجاب مین دریاے ستلج سے اٹھارہ میل شہر پاک پٹن مین

جسکو پہلے اجودہن کہتے تھے اور اکثر کتب مین راجہ اجودھا کا اباد کیا ہوا لکھا ہے یہ بڑی
زیارتگاہ نہایت متبرک خانقاہ حضرت فریدالدین گنج شکر خلیفہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی ہے
انکا وصال نوے برس کی عمر مین بموجب بیان **اخبار الاخیار** و **سفینۃ الاولیا** پانچوین محرم
۶۶۸ ہجری مطابق ۱۲۶۹ع روز شنبہ کو ہوا اور **تاریخ فرشتہ** مین لکھا ہے کہ ۶۶۴ ہجری مین
رحلت فرمائی- اس درگاہ کے دروازہ کو بہشتی دروازہ کہتے ہین **خزینۃ الاصفیا**
سے واضح ہوا کہ یہ دروازہ اس وجہ سے بہشتی مشہور ہوا کہ جب حضرت نظام الدین انکے خلیفہ
یہان زیارت کو آئے تو انہون نے اس دروازہ مین جناب سرور کائنات کو بیٹھے دیکھا اور حضرت
کی زبان مبارک سے سنا کہ جو کوئی اس دروازہ مین داخل ہوا گویا امان مین آیا اور بعض کا قول ہے
کہ جو شخص عشرہ محرم کو اس دروازہ کے اندر داخل ہوا وہ بہشتی ہوگا یہان کے خدام حضرت فرید
کی چوبی روٹی کی بھی زیارت کراتے ہین گرد و نواح کے لوگ ہر مہینے مین دو بار یہان زیارت کو
آتے ہین ایام عرس مین دور دور سے اکثر ہزارہا آدمی جمع ہوتا ہی یہ جگہہ بھی زیارتگاہ خاص و عام ہے *

درگاہ شیخ محمد علی حزین گیلانی بیرون شہر بنارس فاطمان مین یہ نامی درگاہ ان بزرگ
نے اپنی حیات مین بنوائی تھی بموجب بیان **آرائش محفل** کے ۱۱۸۰ ہجری مین انہون نے وفات
پائی ہر پنجشنبہ کو بنارس کی خلقت صبح سے شام تک زیارت کو آتی ہے *

درگاہ فدو پیر اگرہ کے قریب شکوہ آباد سے ۱۲ میل ربڑہی گانو مین عیدگاہ کے پیچھے یہ سنگ سرخ
کی عمارت گنبد دار بنی ہوئی ہے اسکے گرد خوبصورت جالیان ہین اگرچہ نیچا او بھی چند برج ہین مگر یہ
برج سب سے زیادہ خوبصورت اور شاندار ہے *

درگاہ قاسم سلیمانی اضلاع مغربی و شمالی مین زیر چنارگڈہ یہ مسلمانون کی زیارتگاہ ہے اسمین کئی
مکان سنگین اور عالیشان بنے ہوے ہین وسط مین ایک مسجد ہے *

درگاہ قطب عالم شاہ گجرات مین احمد اباد سے تہوڑی دور شہر بٹوہ مین تالاب اور قبرستان
کے شمال کو یہ بہت بڑا اور بلند گنبد ہے حضرت ممدوح کو بعض نے بدر عالم بخاری کا والد لکھا ہے

اور بعض نے مخدوم جہانیان کا نبیرہ لکھا ہے یہ گنبد نوصدی ہجری کا تعمیر کیا ہوا ہے صاحب آرائش محفل لکھتے ہین کہ یہان خادمون کے پاس ہاتھہ کی چوڑائی کے موافق ایک لمبا لکڑا ہے کوئی اوسکو لکڑی بتاتا ہے کوئی پتھر تجویز کرتا ہے کسیکو لوہا نظر آتا ہے تعجب کی بات ہے کہ ہر شخص کو کچھہ اور ہی نظر آتا ہے ٭

درگاہ قطب صاحب یہ متبرک زیارتگاہ خاص و عام حضرت قطب الاقطاب خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ دہلے سے گیارہ میل جنوب کو مہرولی کے قریب واقع ہے یہ حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ ہین انکا وصال چودہوین ربیع الاول ۶۳۳ھ کو ہوا درگاہ کا شمالی دروازہ اسلام شاہ کے عہد سلطنت ۱۵۴۱ع مین یوسف خان نے بنوایا تھا اور غربی دروازہ شاہ عالم بادشاہ کے وقت مین شاکر خان نے تعمیر کروایا حضرت کا مزار پرانوار کچا ہے اسپر ہر وقت غلاف پڑا رہتا ہے اوسکے گرد خوبصورت چوبی کٹہرا اور دہ گز بلند بہادر شاہ کا بنوایا ہوا ہے اور اوس سے بہت فاصلہ پر سنگ مرمر سفید کی جالیدار خوبصورت دیوار جسمین شرقی دروازہ ہے ۱۷۱۷ع مین فرخ سیر نے بنوائی تھی دروازہ کے قریب سنگ مرمر کا مزار مولانا فخر الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور جگہہ جگہہ صدہا مزار سنگین امرا اور مشائخین کے بنے ہوئے ہین جانب شرق حافظ داود کی باولی کے قریب مسجد ہے اوسکا اول درجہ مٹی کا مولوی سید احمد خان نے خواجہ صاحب کا بنوایا ہوا لکھا ہے اور دوسرا درجہ سلیم شاہ کے عہد سلطنت ۱۵۵۱ع مین بنا ہے تیسرا درجہ ۱۷۱۷ع مین درگاہ کی جالیون کے ساتھہ بنوایا تھا مسجد کی محراب پر کتبہ کندہ ہے یہان ہرسال ربیع الاول کی چودہوین تاریخ تقریب عرس بہت خلقت شب باش آتی ہے موسم بہار مین یہان بسنت چڑہائی جاتی ہے بہادون کے مہینے مین جب پنکھے چڑہتے ہین تو بڑی کیفیت اور رونق ہوتی ہے ٭

درگاہ نظام الدین اولیا دہلی سے تین میل اور قلعہ اندرپت سے ایک میل جنوب کو یہ مشہور اور متبرک درگاہ خلقت کی زیارتگاہ ہے انکا وصال ۱۳۲۵ع مین ہوا آثار الصنادید سے

ثابت ہے کہ پہلے اسکے مزار پر ایک چھوٹا گنبد تھا جسکے اندر فیروز شاہ تغلق نے اپنے عہد سلطنت مین صندل کا چھپر کھٹ لگایا اور کونون پر چار کٹورے طلائی زنجیرون مین لٹکائے اب یہ کٹورے ندارد ہین ۱۵۲۶ء مین نواب سید فرید ون خان نے گنبد کے گرد سنگ مرمر سفید کی جالیان لگائین اور کتبہ کندہ کرایا ۱۶۰۶ء مین نورالدین جہانگیر کے عہد مین فرید خان عرف مرتضی خان نے مزار کے گرد ایک کٹہرا سیپ کی بچی کاری کا لگایا اور تاریخ کندہ کرائی بعد ازان ۱۶۵۳ء یعنے شاہجہان کے زمانہ مین خلیل اللہ خان نے اس گنبد کے گرد سنگین غلام گردش سنگ سرخ کے ستونون پر بنوائی اور تاریخ تعمیر کہدوائی پھر ۱۸۰۷ء مین نواب احمد بخش خان رئیس فیروز پور جہرکہ نے اس غلام گردش کے ستون نکلوا کر سنگ مرمر کے بہت عمدہ ستون لگائے بعدہ ۱۸۲۰ء مین فیض اللہ خان بنگش نے اس غلام گردش مین تانبے کی چھت طلائی او منقش لگائی ۱۸۲۳ء مین اکبر شاہ ثانی نے سنگ مرمر کا برج جسپر سنہری کلس ہے تعمیر کرایا یہان سترہوین تاریخ ربیع الثانی کو عرس ہوتا ہے اور اٹھارہوین کو صبح سے شام تک بڑی دہوم کا میلا ہوتا ہے اس درگاہ کی اور عمارتون کے حالات علیحدہ لکھے گئے ہین ❊

درگاہ ولی اللہ شاہ اگرہ سے تہوڑی دور شمال کو وزیر پور مین یہ درگاہ واقع ہے شاہجہان کے عہد مین شاہ صاحب نے وفات پائی یہ مزار مع جالیدار کٹہرے کے بارہ فٹ مربع سنگ مرمر کے چبوترے پر واقع ہے اسکے گرد دالان اور غرب کو مسجد ہے **ارکی او لاجیکل سروے انڈیا رپورٹ** مین انکو حال کا بنا ہوا لکھا ہے جب انکو دفن کیا تو انکا مزار ٹیڑھا تیار ہوا تھا اور میت بھی ٹیڑہی رکھی گئی تھی لوگون نے تہوڑے روز بعد ان کے مزار کو درست کرنا چاہا کہ یکایک انکی کرامات سے مزار سیدھا ہو گیا ❊

درگاہ یوسف قتال دہلے کے جنوب کو مسجد کہڑکی سے تہوڑی دور یہ برج جسکے گرد سنگ سرخ کی عمدہ جالیان ہین واقع ہے عرصہ دوسو پچانوے سال سے زیادہ ہوا

که اس درگاہ کو شیخ صلاح الدین خلیفہ شیخ فریدالدین شکر گنج نے تعمیر کرایا تھا آثارالصنادید
مین لکھا ہے کہ یوسف قتال شیخ جلال الدین لاہوری کے خلیفہ تھے ٭

دروازہ چندیری سرحد مہاراجہ سیندہیا مین چندیری پرانا شہر تھا یہ اوسکا دروازہ کہنڈرات مین نئی چندیری سے نو میل کے فاصلہ پر واقع ہے صاحب آرکی اولاجیکل سروے انڈیا نے اسکو چندیری کا شرقی دروازہ لکھا ہے یہ عمارت پندرہ فٹ بلند اور ساڑہے بارہ فٹ چوڑی بالکل سنگین ہے باوجود پرانے ہونے کے اسکی حیثیت آج تک نہین بگڑی اسکے اوپر کنگورے ہونے سے صاف ظاہر ہے کہ اسکی مرمت مسلمانون نے کی ہے اسکی سنگین چوکہٹ کے دونون طرف دو ننگی عورتون کی مورتین کندہ ہین جنکے ہاتہون مین گلدستے ہین اور دو سنگین بڑی بڑی مربع چوکیان جیسے اکثر دروازون کے نیچے مین ویسا ہوتی ہین اسمین بہی بنی ہوئی ہین اسکے قریب چند کہنڈر محل اور مندرون کے موجود ہین +

دروازہ علائی زیر مینار قطب صاحب یہ سنگ سرخ کی عمارت مسجد قوۃ الاسلام کا دروازہ ہے اسکو سلطان علاءالدین نے اپنے عہد سلطنت ۱۳۱۰ع مین تعمیر کرایا تھا اسکی شان وشوکت اور خوبصورتی بیان سے باہر ہے اسمین چارون طرف محرابی دروازے اور اوپر بہت بلند گنبد ہے اسکی صورت مقبرہ کے موافق معلوم ہوتی ہے کل پتہر اسمین کندہ کار لگا ہوا ہے کوئی جگہہ بیل بوٹہ سے خالی نہین محرابون پر آیات قرآنی اس طرح سے کندہ کی ہین کہ دیکھنے والے کو ایک طرف سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ قرآن آسمان کو عروج کرتا ہے اور دوسری طرف یہ نظر آتا ہے کہ قرآن آسمان سے نازل ہورہا ہے اسکے غربی اور جنوبی اور شمالی دروازون پر کتبے کندہ ہین اب یہ عمارت بہت خراب ہوتی جاتی ہے اور پتہر کو بہی شور کہائے جاتا ہے اندر سے یہ دروازہ ساڑہے چونتیس فٹ اور باہر سے ساڑہے چپن فٹ مربع ہے اور آثار دیوار کا گیارہ فٹ ہے اسکے دائین طرف مینار قطب صاحب اور بائین جانب درگاہ امام ضامن ہے ٭

دمڑی مسجد یہ مسجد دکن مین احمدنگر کے قریب جنوب کی طرف واقع ہے مرشد بلک

مین اس مسجد کا نام دمڑی مسجد لکہا ہے مگر اس نام کی وجہ تسمیہ نہین معلوم ہو سکتی قیاس یہ چاہتا ہے
کہ جیسی دہلی مین سوٹہہ کی مسجد مشہور ہے اور اوسکی وجہ تسمیہ مولوی سید احمد خانصاحب نے بطور
ایک قصہ کے لکھی ہے وہی شکل اسکی بہی ہو عمارت اس مسجد کی چہوٹی اور عمدہ ہے ؛

دو تال الورا علاقہ دکن مین جو تین تال ہے جسکا ذکر تی کی ردیف مین آچکا ہے اسکی متصل یہ
عمارت باعث دو منزلہ ہونے کے دو تال کہلاتی ہے مگر اوسکی برابر خوبصورت نہین ہے
نیچے کا درجہ اس عمارت کا ایک سو دو فٹ مربع ہے سولہ سیڑہیان چڑہ کر منزل ثانی پر جانا
ہوتا ہے **جان سیلیز وِنڈر زاف الورا** سے منکشف ہے کہ اصل مین یہ رام چندر کا مندر ہے
چنانچہ اسمین رام چندر اور اوسکے بہائی بہرت جی اور لچہمن جی کی مورتین اور مورتون سے بہت بڑی
ہین اس عمارت کو بہی بہت سخت پہاڑ تہو تہا کر کے اوسی زمانہ مین بنایا تہا کہ جب تین تال بنا تہا ؛

دو ماتی سکم مین نیم پہاڑ پر یہ سیاہ پتہر تیس فٹ لمبا اور تیرہ فٹ بلند ہے اسپر چند الفاظ کندہ
ہین اونکا تلفظ اوم مانی پدمی اوم ہے ان لفظون کے سبب بودہ اس پتہر کی پوجا کرتے
ہین اسپر سوا ان الفاظ کے کتبہ بہی کندہ ہے **ڈاکٹر ہوکر ز ہمالایان جرنیل جلد اول** سے
واضح ہے کہ اس پتہر کو سیرا کلانگ ایک بودہ نے بہت مدت ہوئی جب کندہ کرایا تہا ؛

دوار کا راجستان مین ادیپور سے بائیس میل دریاے بنس کے کنارے یہ مشہور اور بہت
پرانی جگہہ ہندون کی پرستش کی ہے یہان صدہا ہندو دور دور سے آتے ہین **ٹوڈز راجستان**
سے واضح ہے کہ اس جگہہ سوا ایک مورت کے کوئی چیز ایسی عجائبات سے نہین جو قابل تعریف
ہو یہ مورت وشنو کی ہے جسکو اگلے زمانہ یعنے سنہ ۱۰ع سے پہلے تہرا مین پوجتے تہے ؛

دہرمالنگ الورا علاقہ دکن مین مندر پرسرام کے سامنے یہ مندر بہت سخت پہاڑ تہو تہا کر کے
بنایا ہے اسکے دروازہ سے مندر پرسرام کے دروازہ تک ایک گلی بارہ سو فٹ لمبی پہاڑ کاٹ کر
بہت خوب صورت بنائی ہے اور دروازہ مندر جو گیارہ فٹ چہ انچہ سے چار فٹ چہ انچہ مربع ہے اوسکے
داہنے بائین دو مورتین شیر کی تہین **جان سیلیز وِنڈرز اف الورا** مین تحریر ہے کہ یہ مورتین

عالمگیر کے عہد سلطنت مین خراب کی گئین اور انکے نشان اتبک موجود ہین دروازے کے اندر ایک لکشا صحن اکیاون فٹ لمبا اور بیس فٹ چوڑا ہے اوسکے سامنے عمارت مندر پہاڑ تہوتہا کر کے بہت خوبصورت بنائی ہے اسکی چہت ایک سو چوالیس ستونون پر قایم ہے طول ہر ستون کا سولہ فٹ چار انچہ اور سطبری چار فٹ تین انچہ ہے مندر کے بیچ مین سوا سے بہت بڑے لنگ مہادیو کے بہت سی مورتین برہما وشنو مہادیو ویرا بدہ راگو بندرا ما بہوانی لکھشمی رام چندر ہنومان اندی اور دہیراج راج وغیرہ کی کہدی ہوئی ہین دہرماراج کی مورت سب مورتون سے بڑی ہے اور اسی سبب سے **جان سیلی صاحب** نے اس مندر کو دہرماراج اور دہرما لنگ لکھا ہے اسکی تعمیر نوصدی عیسوی مین ہوئی اب بہی اسمین عجیب کیفیت معلوم ہوتی ہے اور کوئی در و دیوار مورت کندہ ہونے سے خالی نہین ہے ؂

دہمک بنارس سے ساڑہے تین میل شمال کو کہنڈرات مین یہ پرانی گول عمارت ایک سو نو فٹ دس انچہ بلند دہمک برجی کے نام سے مشہور ہے اسکو نیچے سے تینتالیس فٹ کی بلندی تک سنگین اور اوپر سے چہیاسٹھ فٹ دس انچہ خشتی بنایا ہے اس کا دور دوسو بانوے فٹ اور گرد آٹھ پہکھن ہین ہر پکہہ کی چوڑائی نیچے سے اکیس فٹ چھ انچہ اور اوپر سے پانچ فٹ ہے اور ایک پکہہ سے دوسری پکہہ تک پندرہ فٹ کا تفاوت ہے چوبیس فٹ کی بلندی پر ہر پکہہ مین ایک نشین ساڑہے پانچ فٹ سے ساڑہے پانچ فٹ مربع بنایا ہے **جنرل کننگہم صاحب** رقمطراز ہین کہ ان نشستون مین آدمی کے قد کے برابر بدہ کی مورتین چبوترون پر کہڑی تہین جو مدت سے نادر ہین لیکن ایک مورت ان مین کی اب تک بنارس کے کالج مین رکہی ہے اس عمارت کی اینٹین ایسی بڑی اور مضبوط ہین کہ انکا کچھ بیان نہین ہوسکتا سر پر اس برجی کے ایک سوراخ جہنڈا کہڑا کرنے کے واسطے اتبک نمایان ہے رپورٹ **آرکی اوجیکل سروے انڈیا** مین لکھا ہے کہ یہ عمارت سنہ ۶۰۰ء مین تعمیر ہوئی ہے ؂

دہوبی تال قلعہ گوالیار کے اندر جانب جنوب جورانی تال اور چھیدی تال ہے وہان یہ تالاب

سب سے بڑا چار سو فٹ لمبا اور دو سو فٹ چوڑا دہوبی تال کہلاتا ہے آرکی اوجیکل سروے صاحب کی تحریر سے واضح ہے کہ یہ تالاب ہمیشہ خشک اور موسم برسات مین پرآب رہتا ہے *

دیوان خاص یہ بے بہا سنگ مرمر سفید جلا ساز کی عمارت قلعہ شاہجہان آباد مین دیوان عام کے شرق کو دو سو چالیس فٹ لمبے اور چار فٹ بلند چبوترہ پر ایک سو دو فٹ طول مین اور اٹہتر فٹ عرض مین مع مربع ستونون اور مرغولون کے اندر کے رخ اوپر سے نیچے تک طلا کار اور اجارہ تک رنگ برنگ کے پتہرون سے منقش اور بچی کار ہے اسکا ایک ایک بیل اور بوٹہ قابل ثنا ہے اور محرابون پر یہ شعر لکہا ہے ؎ اگر فردوس بر روی زمین است * ہمین است و ہمین است و ہمین است * اسکے کونون پر بہت خوبصورت چار برجیان سنہری کلسیون دار اور جانب شرق جالیوندار دیوار حسین آئینے جڑے تہے مع سہ دری کے بہت خوبصورت بنی ہوئی ہے محل کے گرد غلام گردش اور بیچ مین بڑا مکان ہے اسمین ایک سنگین تخت رکہا ہے **ہنڈبک ہارکورٹ** سے منکشف ہے کہ پہلے اس عمارت مین چاندی کی چہت جڑی ہوئی تہی جو ۱۷۵۹ء مین سداشیو بہاو مرہٹہ لوٹ کر لیگیا بروقت گلائے جانے کے یہ چاندی ستہرلاکہ روپیہ کی بچی تہی۔ **صاحب مرات افتاب نما** نے زر مصارف اس عمارت کا جواب موجود نولاکہہ روپے لکہے ہین پہلے اسی محل مین تخت طاوس تہا جو بموجب **تاریخ محمد شاہ** کے محمد شاہ نے نادر شاہ کے بیٹے کو اپنی لڑکی کے جہیز مین دیدیا اس تخت کا نام تخت طاوس اس وجہ سے تہا کہ اسکے پیچہے دو مور تین موروں کی دین پہلائے جسطرح مور ناچتے ہین کہڑی تہین اور اون مین نہایت بیش قیمت رنگا رنگ کے لعل و یاقوت و فیروزے عقیق اور زمرد جڑے تہے اوستادون نے اونکو ایسا خوبصورت بنایا تہا کہ اونمین اور اصلی مورون مین کچہہ فرق نہ تہا دونون مورون کے بیچ مین زمرد کے ٹکڑے کا ایک طوطا اصلی طوطے کی برابر بنا ہوا تہا کوپر ز ہنڈبک سے ظاہر ہے کہ تخت طاوس چہہ فٹ لمبا اور چار فٹ چوڑا تہا اوسکے چہہ ٹہوس طلائی پاے ہیرون سے جڑے ہوئے تہے اور اوپر بنگلہ نما سونیکی منبت کار جڑاو چہت ٹہوس طلائی بارہ ستونون پر

قایم تھی اور اوپر قرمزی مخمل کا کارچوبی بہت مغرق شامیانہ جسکی جھالرین موتی لگے ہوے تھے
اٹھہ اٹھہ فٹ لمبی سونی کی ٹھوس جڑاو چوبون پر لگا ہوا تہا زر مصارف تخت طاؤس چھہ کروڑ لکھا ہے
۱۸۵۷ع مین گورنمنٹ کی طرف سے اس عمارت کے گرد آہنی کٹھرا لگایا گیا ہے تاکہ کوئی جانور یا
آدمی اسکو خراب نکرے اسکے جنوب کو خوابگاہ اور تسبیح خانہ اور برج طلائی بہت بے نظیر عمارتین ہین اور
جانب شمال حمام اور شاہ برج نہایت عمدہ اور نفیس مکانات ہین اس بے مثل یادگار سلاطین سلف
کو دیکھکر اکثر آدمیون کو رونا آتا ہے ان محلون مین نہر بہشت سنگ مرمر کی بنی ہوئی ابتک موجود ہے
پہلے یہ نہر جاری رہتی تہی - جانب شمال مغرب موتی مسجد واقع ہے اوسکا حال علیحدہ لکھا گیا ہے
اکثر کتب سے ثابت ہے کہ ان عمارات اور تخت طاؤس کے بنانے مین آسٹن دی بورڈیکس نامے
فرانسس معمار شریک تہا +

دیوان عام یہ سنگ سرخ کی عمدہ عمارت قلعہ شاہجہان آباد مین نوبت خانہ کے روبرو جواب
ایڈ جوٹنٹ کا دفتر ہے ایک بلند چبوترہ پر پادشاہ کے دربار کی جگہہ ہی اسکا طول سو ایک فٹ اور عرض بہتر
فٹ ہے اسکی چھت جسکے کونون پر چار برجیان ہین بڑے بڑے سنگ سرخ کے مربع
ستونون پر قایم ہے یہ عمارت سہ گنی ہے اور اسمین میں ستون ہین جانب شرق جہان نشیمن شاہی ہے بہت بڑی
سنگ سرخ کی دیوار دو سو ایک فٹ لمبی بنائی ہے اوسکے وسط مین نشیمن فرش محل سے دس فٹ
بلند اکیس فٹ سے سات فٹ مربع سنگ مرمر سفید سے بنایا ہے اوسمین رنگا رنگ کے بیش قیمت
پتھرون سے پچی کاری اور منبت کا کام کیا ہے اسکی بنگلہ نا چھت جسپر سنہری پانچ کلسیان ہین -
سنگ مرمر کے چار ستونون پر مبنی ہے اسکی دیوار پر طرح طرح کے پرند جانورون کی نہایت خوبصورت
تصویرین بنائی ہین زیر نشیمن ایک چوکی سنگ مرمر کی رکہی ہے جسپر مستغیث استادہ ہوکر
عرض معروض کیا کرتے تھے - اب اسکی حفاظت کے واسطے آہنی کٹہرا لگایا گیا ہے اس نشیمن
کی تیاری مین بھی آسٹن دی بورڈیکس شریک تہا پہلے اس محل پر سفید رنگ اور نقاشی کی ہوئی تھی
اور گرد سنگ سرخ کا قدآدم کٹہرا جالیدار جسکو گلال باڑی کہتے تھے لگا ہوا تہا اس محل کی تعمیر قلعہ کے



دیوان خاص

ساتھہ ہوئی تھی اب اسمین کافی شاپ اور کان ٹین ہے ❖

دیوان محل یہ عمارت جسکی وضع دیوان عام دہلی سے ملتی ہے ایک سو اسی فٹ لمبی اور ساٹھہ فٹ چوڑی قلعہ اکبرآباد مین اکبر کے دربار کی جگہہ ہے اسمین تخت بھی رکھا ہے جسپر اکبر بادشاہ اجلاس فرماکر عدل کرتے تھے اس محل کے ستون اور مرغولین بہت خوبصورت اور خوش وضع ہین اسمین صندل کے وہ کواڑ جو محمود غزنوی سومنات کے مندر سے غزنین کو لیگیا تھا رکھے ہین **پپس ایٹ دی فارسیٹ** مظہر ہے کہ جنرل ناٹ صاحب نے یہ کواڑ غزنین سے لاکر رکھے ہین ❖

دیوسر تبت مین یہ نامی چشمہ جسکا پانی نہایت گرم اور جوشزن ہے ساٹھہ فٹ مربع ہے **صاحب آرایش محفل** نے لکھا ہے کہ جب کوئی یہان کا آدمی یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ سال آیندہ میرے حق مین کیسا ہوگا تو وہ ایک ہانڈی مین چانول ڈالکر اور اوسکا مونہہ خام کر بہت زور سے اس چشمہ مین پھینکدیتا ہے جب ہانڈی اوبھر آتی ہے تو اوسی نکالکر دیکھتا ہے اگر اوسکے چانول پک گئے تو سال آیندہ کو اپنے حق مین اچھا سمجھتا ہے اور اگر چانول کچے رہے یا بگڑ گئے تو سال آیندہ کو سال گزشتہ سے بہتر نہین جانتا ۔

دیوی جگت اسبیے کہجراہو علاقہ مالوہ مین کنڈریا مہادیو کے مندر کے شمال کو یہ مندر ستر فٹ لمبا اور ساڑھے اونچاس فٹ چوڑا ہے اسکی عمارت یہان کے بڑے مندر کی عمدگی کو نہین پہونچتی اسمین چار درجے ہین **رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا** سے واضح ہے کہ پہلے اس مندر مین وشنو کی پوجا ہوتی تھی اور اب دیوی جگت اسبیے کی پوجا ہوتی ہے لیکن وشنو کی مورت بھی مندر مین رکھی ہے ❖

باب دال ھندی

ڈھونڈا باولی قلعہ گوالیار مین ڈھونڈا دروازہ کے قریب ہونے سے یہ چالیس فٹ گہری باولی ڈھونڈا باولی کہلاتی ہے اسکا طول تیس فٹ اور عرض پندرہ فٹ ہے لیکن اسکا پانی کچھہ عمدہ نہین صاحب ویرانڈیا رپورٹ لکھتے ہین کہ جب جھڑا تالاب خشک ہوجاتا ہے تو لوگ اسمین نہاتے ہین ❖

باب الراے

راجون کی بائین دہلی سے گیارہ میل قطب صاحب مین یہ باولی مقبرہ ادہم کے قریب مع کہنہ مسجد کے واقع ہے دولتخان نے سکندر لودہی کے عہد ۱۵۱۶ء مین اسکو بنوایا تھا۔ **مولوی سید احمد خان صاحب** لکہتے ہین کہ اسکے قریب ایک محلہ مین راج رہتے تہے اس وجہ سے یہ باولی راجون کی بائین مشہور ہوگئی ہے ✦

رامچندر کہجوراہو کہجوراہو علاقہ مالوہ مین یہ بہت بڑا سنگین مندر ہے اسمین تخمیناً چارسو تین مورتین کندہ ہین اور وہ بلندی مین دو فٹ اور ڈہائی فٹ سے کم نہین ہین اسکے کونون پر وشنو کے چار چہوٹے چہوٹے مندر ہین انکی تعمیر کی نسبت **ڈایرکٹر جنرل کننگہم صاحب** لکہتے ہین کہ بڑے مندر سے ڈیڑہ سو برس بعد کے ہین بڑے مندر کے بیچ مین بڑی مورت چار فٹ ایک انچہ بلند ہے اوسکے چار ہاتہہ اور تین سر ہین بیچ کا سر آدمی کا اور داہین بائین شیر کے سر بنائے ہین کتبہ مندر سے ثابت ہے کہ یہ مندر ۱۰۰۵ء مین تعمیر ہوا ہے ❊

رامیشور بمبی احاطہ مین ستارہ سے تہوڑی دور جو موضع گالو مشہور ہے وہان دریا کے کنارہ پر سرام کے مندر کے قریب یہ مندر رامیشور کی پوجا کا ہے **ہنڈبک اف مرے** کا بیان ہے کہ ستارہ کے ایک مہاجن پرسرام نام نے اس مندر کو بنوایا تہا اس جگہہ بہتیرے مندر جو کہ بارہ اگست ۱۸۳۶ء سے پہلے کی تعمیر کی ہوی ہین یہان سے تہوڑی دور ایک کتے کی قبر ہے جیسی دہلی مین شیر جنگ خان کے باغ کے قریب شیر کی اور اگرہ مین سکندرہ کے رستہ مین گہوڑے کی قبر ہے **ہنڈبک اف مرے** سے منکشف ہے کہ اس قبر کو راجہ ساہو نے اس وجہ سے بنوایا تہا کہ ایک روز شکارگاہ مین اوسکو تیندوے نے گہیر لیا اوس وقت اوسکے کتے نے راجہ کی جان بچائی جب سے کتے کی رفاقت راجہ کے دلنشین ہوگئی جب وہ کتا مرگیا تو راجہ نے اوسکی قبر بنوادی ❊

رانی تال اور چہیدی تال قلعہ گوالیار کے جنوبی گوشہ مین یہ دو تالاب باولی کی صورت

انشی فٹ سے ساٹھہ فٹ مربع ہین ان مین پانی ہمیشہ نہین رہتا ان مین ایک تالاب جہ مان سنگہ کی رانی نے اور دوسرا لونڈی نے بنوایا تہا اسی سبب سے ان کو رانی تال اور چہیدی تال کہتے ہین جنرل کننگہم صاحب نے انکو ۱۰۰۰ء کا بنا ہوا لکھا ہے *

رشاب دیو یہ عمدہ عمارت رجستان مین آبو کے پہاڑ پر واقع ہے اسکا صحن ایک سو اسی فٹ سے سو فٹ مربع ہے اوس کے گرد اٹہاون کوٹہریان اور آگے دالان مع ستون اور مرغولون کے بہت خوبصورت کندہ کار اور جلاساز سنگ مرمر کے نبائے ہین ہر ایک کوٹہری اس مندر کی نئی طرح اور نرالے ڈہنگ کی ہے دیکہنے والے کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک کوٹہری کا بنانے والا اسمار نیا ہوگا کیونکہ ایک کوٹہری کی وضع دوسری کوٹہری سے نہین ملتی ہر کوٹہری مین آدمی کے قد کے برابر جین ایشر کی مورت رکہی ہے **ہنڈبک آف مرے** وغیرہ سے ثابت ہے کہ اس مندر نایاب کو دو بہائی تیج پال اور بسنت پال مہاجنون نے جنکی بسائی ہوئی چندراوتی ہے راجہ بہیم دیو کے عہد مین تعمیر کرایا تہا *

رنگ محل قنوج یہ کہنڈر عمارت قلعہ قنوج کے گوشہ جنوب غرب مین تین سو چالیس فٹ لمبی اور ایک سو اسی فٹ چوڑی ہے اسکے چار فصیلین ہین یعنی فصیل کے اندر فصیل ہے اور باہر فصیل کے چار برج مین آرکی اولاجیکل **سروے انڈیا رپورٹ** سے ظاہر ہے کہ اس محل کو راجہ اجے پال نے جسکو ۱۰۲۱ء مین محمود غزنوی نے مسخر کیا تعمیر کرایا تہا *

باب الزاے

زنانی مسجد قلعہ اکبرآباد مین موتی مسجد کے پیچہے یہ عمدہ سنگ مرمر کی مسجد جسکو **کارلیل صاحب اسسٹنٹ سروے انڈیا** نے نگینہ مسجد لکہا ہے شاہجہان بادشاہ نے بیگمات کی نماز کے واسطے اپنے حرم مین بنوائی تہی اسکے دالان کی پانچ محرابین ہین اور چار برجیان کونون پر بہت معقول بنائی ہین صحن کی ناف مین پاکیزہ حوض ہے یہ مسجد اندر سے ایسی منقش اور طلا کار اور پچی کار ہے کہ تاج محل کی شکل معلوم ہوتی ہے **پیپس ایٹ دی فار ایسٹ** مین لکہا ہے

کہ یہ مسجد بھی آسین ڈسی بورڈکیس کے انتظام سے تعمیر ہوئی تہی ؛

زنجیری مسجد نرور سے پچاس میل رنود مین یہ چھوٹی اور سنگین مسجد واقع ہے زنجیر نما کٹہرا ہونے سے لوگون نے اسے زنجیری مسجد مشہور کردیا ہے **ارکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ** مین اسکو بنوایا ہوا اورنگ زیب عالمگیر کا لکھا ہے ؛

زینت المساجد یہ بہت پاکیزہ اور شاندار مسجد قلعہ شاہجہان آباد سے جانب جنوب بنوائی ہوئی نواب زینت النسا بیگم بنت عالمگیر کی ہے اوسنے سنہ ۱۱۱۲ء مین بنوائی تہی یہ مسجد سنگ سرخ کی ہے اور سرتاپا سنگ مرمر سفید کی پچی کاری ہے اسکی سات محرابین ہین اور اوپر تین برج سنگ سفید کے سنگ موسی سے پچی کار ہین اوپر سنہری کلسیان بہت خوب صورت ہین بیچ کی محراب بہت بڑی ہے اور دونون طرف دونون مینار ایسے خوش اسلوب اور بلند ہین کہ انسے مسجد کی نمود سہ چند ہوگئی ہے صحن کے درمیان حوض اور ایک جانب دو مجرا ایک سنگ مرمر کا اور دوسرا سنگ باسی کا بنا ہوا ہے سنگ مرمر کے مجرے مین زینت النسا بیگم کی قبر ہے اور سرہانی کتبہ کندہ ہے لیکن بڑا افسوس یہ ہے کہ غدر سے اب تک اس مسجد مین مسلمانون کو قبضہ نہین ملا **آثار الصنادید** اور **دہلی ہنڈبک** وغیرہ مین لکھا ہے کہ اس طرف کے لوگ اسکو مسجد گھٹا اور کوڑی مسجد کہتے ہین ؛

باب السین

سانچی مندر بدہ ہندوستان مین اشوکا کے بنائے ہوئے بدہ کے مندرون مین سب سے بڑا یہ ٹیلا سانچی گانو مین اوجین سے شرق کو اور بھوپال سے بیس میل شمال شرق کو واقع ہے کیونکہ بدہ کے مندر کا ٹیلا جو گیالا مین ہے اوسکا دور دو سو دس فٹ اور بلندی اسی فٹ ہے اور جو ٹیلا اسی قسم کا افغانستان مین واقع ہے اوسکا گردہ ایک سو ساٹھہ فٹ ہے اس ٹیلے کا دور پانسو چون فٹ اور بلندی ایک سو بیس فٹ ہے اسکے اندر کئی عمدہ مکان ہین اور اونکی وضع راجہ اشوکا کے غارون سے بہت ملتی ہے اسکے کتبون سے

ظاہر ہے کہ یہ مندر عیسوی صدی سے دوسو پچاس برس پہلے کا بنا ہوا ہے اسکا دروازہ چالیس فٹ بلند ایسا سنگین و کندہ کار بنا ہوا ہے کہ پرانی عمارت مین ایسی صنعت کم دیکھی گئی ہے اسمین بیشمار مورتین چھوٹی اور بڑی ہر طرف کندہ ہین مرد عورتین دیو پریان ہاتی گہوڑے شیر مور وغیرہ کی تصویرین اور طرح طرح کے نقشے پہاڑون اور بکانون اور درختون اور کیاریون اور جہنڈیون کے عجیب و غریب مع خوش وضع بیل بوٹون کے بنائے ہین کہ گویا تمام دنیا کی مخلوقات کو اس دروازہ مین بہر دیا ہے یہ دروازہ بلا سقف ہے اور باوجود گزرنے مدت دراز کے کہ یہ ہمیشہ بہونچال کے صدمے اوٹہاتا اور مینہ کے تہپڑ کہاتا تہا اب تک اسمین کچہہ نقص نہین آیا اس بے نظیر عمارت کو دیکھکر آدمی متحیر اور متعجب رہجاتا ہے *

ست پلہ دہلی شاہجہان آباد سے جنوب کو درگاہ چراغ دہلی کے قریب یہ پل ہے جسکے سات در ہین محمد عادل شاہ تغلق کا بنوایا ہوا ہے ۱۳۲۶ء مین اوسنے نالہ پر بنوایا تہا اسکے اوپر مکان اور دو بڑے بڑے دروازے ہین یہ عمارت چونہ اور پتہر کی بہت مضبوط بنی ہوئی ہے آثار الصنادید سے منکشف ہے کہ ماہ کاتک مین یہان میلا ہوتا ہے اور گرد و نواح کے زمیندار مع عورتون اور بچون کے نہاتے ہین اونکا اعتقاد ہے کہ جو کوئی سال مین ایک بار یہان نہاتا ہے اوسپر کوئی جن یا بہوت اثر نہین کرتا کیونکہ یہان حضرت روشن چراغ دہلی نے وضو کیا تہا لیکن عمارت پل کی اب بہت خراب ہوگئی ہے *

ست پلہ نور آباد نور آباد مین گوالیار اور اگرہ کے درمیان دریاے سینک پر پل ہے سات محرابون کے سبب دہلی کے ست پلہ کی مانند اسکو بہی ست پلہ کہتے ہین ہر ایک پایہ اس پل کا سولہ فٹ نواچہہ موٹا اور ساڑہے اکیس فٹ بلند ہے آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ مین اس نایاب اور سنگین پل کو جواب روز بروز خراب ہوتا جاتا ہے نواب معتمد خان کا بنوایا ہوا لکہا ہے اور ۱۶۱۲ء مین یہ پل تعمیر ہوا ہے *

سجدہ محل یہ عمارت بیجاپور قلعہ مین انند محل کے قریب واقع ہے اسکے گرد کی کیاریان اور

درخت بالکل برباد ہوگئے اور نیز عمارت بہی خراب ہوگئی ہے اس محل کی سات منزلین تہین اسی وجہسے مرے ہنڈ بک انڈیا مین اسکو ست کہنڈی اور ہفت محلہ لکہا ہے اصل مین یہ عمارت علی عادل شاہ کا عبادت خانہ ہے جیسا دہلی مین دیوان خاص کے قریب شاہجہان کا تسبیح خانہ ہے ۱۵۶۱ع مین اوسنے تعمیر کروایا تہا ❊

سداما بہار مین گیا سے سولہ میل شمال کو بارا بار پہاڑ پر یہ غار راجہ اشوکا عرف پیا داسی کا بنوایا ہوا ہے جو دو سو پچاس برس قبل عیسوی صدی کے تیار ہوا تہا میجر جنرل کننگہم صاحب نے اسکا نام سداما غار لکہا ہے اسکا جنوبی دروازہ مصر کے دروازون کی صورت کا ہے اوسپر دو سطرون مین پالی حروف کا کتبہ کندہ ہے اوسمین لکہا ہے کہ یہ غار راجہ اشوکا نے سنہ ۱۲ جلوسی مین بنوایا تہا اس غار کے دو درجے ہین اندر کا درجہ گول ہے اوسکا قطر اونیس فٹ گیارہ انچہ ہے اوسکی چہت گنبد نما بنی ہوئی ہے باہر کا درجہ چونتیس فٹ ۹ انچہ لمبا اور اونیس فٹ چہہ انچہ چوڑا ہے اوسکی چہت لبی لداو کی فرش سے بارہ فٹ تین انچہ بلند ہے اگرچہ یہ غار اندر سے جلا ساز بنا ہوا ہے مگر اسمین اندہیرا ہے اور ایسا روشن اور ہوادار نہین معلوم ہوتا جیسے اور اعلاقہ دکن مین روشن غار ہین اسکی صورت کوٹہری نما بنی ہوئی ہے اسکے اندر شرق کو ایک ناتمام نشیمن ہے جس سے واضح ہے کہ یا تو اسمین کوئی مورت رکہی جاتی یا تیسرا درجہ بنانے کا ارادہ تہا یہان اور بہی کئی غار ہین اونکے حالات ردیف وار علیحدہ درج ہین ❊

سراے سرہند سرہند علاقہ پنجاب مین یہ مغلون کے وقت کی سراے مضبوط اور خوبصورت بنی ہوئی ہے **ارکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ** سے ہویدا ہے کہ مغلون کے عہد مین دہلی سے کابل اور لاہور کے جانے والے مسافر یہان ضرور مقام کرتے تہے اسلئے یہ عمدہ سراے تعمیر ہوئی تہی اسکی فصیل بہت بلند ہے اوسکے اندر کی طرف خوبصورت دالان اور کوٹہریان مسافرون کے قیام کے واسطے تعمیر کی گئی تہین اسکا دروازہ عالیشان بنا ہوا ہے اندر سے یہ سراے چہہ سو فٹ سے چار سو چہہتر فٹ مربع ہے مدت سے یہ سراے ویران پڑی تہی اب مہاراجہ پٹیالہ نے

اسکو اپنا قلعہ بنا لیا ہے اسکے اندر چند عمارتین دیوان خاص و دیوان عام شیش محل اور حمام وغیرہ بہت عمدہ بنوائی ہین اس وجہ سے زیادہ رونق اور آبادی ہوگئی ہے گرد کے مکانون مین گھوڑے اور ملازمین رہتے ہین اور بیچ مین ایک تالاب تین سو بیس فٹ سے دو سو اسّی فٹ مربع ہے ؛

سراے فرید خان یہ پختہ سراے جسکا دروازہ بہت عالیشان شرقی رویہ ہے دہلی سے نظام الدین کو جاتے ہوئے سڑک سے داہنی طرف کوٹلہ فیروز شاہ کے سامنے واقع ہے اب اسمین جیلخانہ ہے **آثار الصنادید وغیرہ** سے منکشف ہے کہ اس سراے کو نواب فرید خان نے سنہ ۱۶۰۸ ع مین تعمیر کرایا تہا اور مدت سے یہ اوجاڑ پڑی تہی گورنمنٹ نے اسمین اور مکانات بنوا کر اسکو جیل خانہ مقرر کیا ہے اندر قیدی اور دروازہ پر داروغہ جیل رہتا ہے ؛

سراے نور آباد گوالیار اور آگرہ کے درمیان نور آباد مین یہ سراے بہی عجائبات سے ہے اسکے اندر نواب گنا بیگم زوجہ نواب غازی الدین خان کی قبر ہے یہ بیگم بہت خوبصورت اور بڑی شاعرہ تہی سنہ ۱۷۷۵ ع مین فوت ہوئی نواب غازی الدین کا مقبرہ دہلی مین اجمیری دروازہ کے باہر ہے اوسکا حال علیحدہ لکھا ہے **آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ** سے ثابت ہے کہ اس سراے کو نواب معتمد خان نے سنہ ۱۶۱۲ ع مین بنوایا تہا ؛

سردا یہ کئی سو برس کا سنگین مندر علاقہ کشمیر مین مدماتی دریا کے کنارہ واقع ہے اسمین درگا کی مورت رکہی ہے **صاحب آرائش محفل** نے لکہا ہے کہ ہندو اس مندر کو بہت مانتے ہین

سرد باولی قلعہ گوالیار مین ہتیا دروازہ کے قریب یہ باولی بالکل مربع سرد باولی کے نام سے مشہور ہے اسکے دروازہ مین تنی کواڑ اور اوپر چہت چار ستونون پر قایم ہے ؛

سرناتہہ بنارس جسے کاشی مین یہ مضبوط خشتی مندر بہت بڑا اور پرانا ہے اسکا برج سو فٹ بلند ہے اسکے اندر بدہ کی مورت رکہی ہے ؛

سریا گیا علاقہ بہار مین یہ مندر سورج کنڈ کے قریب واقع ہے اسمین ایک چہتہ دو دوہری قطار ستونون پر بنا ہوا ہے ہر قطار مین پانچ پانچ ستون دس دس فٹ کے لمبے بہت خوبصورت پرانی وضع کے

جانب شمال جھکے ہوے ہین اس عمارت کے اندر اور باہر ہمیشہ سفیدی کیجاتی ہے ٭

ڈاکٹر جنرل کننگھم صاحب آرکی اولاجیکل سروے آف انڈیا رقمطراز ہین کہ تھوڑا عرصہ ہوا جب یہان سے ایک کتبہ جسمین بدھ کے فوت ہونے کا ذکر ہے برآمد ہوا ہے اور اسی وجہ سے اونہون نے اس مندر کو بہت پرانا لکھا ہے ٭

سری رام کمبا کونم احاطہ مندراج مین جو کمبا کونم پرانا شہر ہے وہان یہ عالیشان مندر پاربتی جلمبرم ابرم کے مندر کی صورت کا اوس جگہہ واقع ہے کہ جہان پہلے ایک اور پرانا مندر تہا اسمین جگہہ جگہہ مورتین کندہ ہین اور اوپر برج بالکل کندہ کار پتہرون سے بنا ہوا ہے یہان اور بہی قریب چالیس مندرون کے موجود ہین لیکن اسکی شان و شوکت کو کوئی نہین پہنچتا اس عمارت کو سنہ ۱۶۹۵ء مین راجہ سری وجی رانگا نے تعمیر کرایا تہا چنانچہ پکچر سک آرکی ٹکچر ہندوستان اس بیان کی شاہد ہے

سکیا تہوبا یعنی اڈنگی یا ہی اونگو نگ جی جو پہلے سکم کا دارالخلافہ تہا اوسکے کہنڈر سے تہوڑی دور اوپر کو یہ مندر سنگین چبوترہ پر واقع ہے یہان کوئی اور عمارت اس سے پرانی نہین معلوم ہوتی اسکی وضع مندر گور کہ ناتہہ سے ملتی ہے لیکن اسمین کندہ کاری اوس سے زیادہ ہے اور ستون بہی بہت خوبصورت ہین اسمین سکیا تہوبا کی مورت بیٹہی ہے اور دیوارون پر اور مورتین بہی تصویرون کے طور پر بنی ہوئی ہین ڈاکٹر ہوکر ہمالایان جرنیل سے ثابت ہے کہ یہ مندر چار سو پندرہ برس کا بنا ہوا ہے یہان برف بہت شدت سے پڑتی ہے ٭

سلتہبا یہ خوبصورت لاٹہہ بہی احاطہ مین غار کرلی کے قریب نصب ہے اسپر شیر کی مورت بیٹہی ہوئی ہے ایک طرف کتبہ بہی کندہ ہے ہونز انڈیا سے منکشف ہے کہ اس لاٹہہ کو راجہ امبتراکاس راجہ ساتہونی کے بیٹے نے عیسوی صدی کے سو برس پہلے نصب کروایا تہا

سلیم گڈہ یہ چہوٹا سا سنگین قلعہ شاہجہان آباد کے زیر فصیل شمال کی طرف سلیم شاہ بادشاہ کا بنوایا ہوا ہے اوسنے ۱۵۴۶ء مین چار لاکہہ روپیہ لگاکر بنوایا تہا اسکی چار دیواری چونہ اور پتہر کی بہت مضبوط بنی ہوئی ہے جب یہ قلعہ ہمایون بادشاہ کے قبضہ مین آیا تو اوسنے اسکا نام

نور گڈہ رکہا آثار الصنادید سے منکشف ہے کہ اکبر کے عہد مین اسکے اندر چند مکان نواب
مرتضیٰ خان نے بنوائے تہے جب شاہجہان نے اپنا قلعہ بنوایا تو اس قلعہ کو قید خانہ مقرر کیا
اب اس عمارت کا ایک حصہ ریل کی سڑک مین اگیا ہے لیکن اب بہی یہ چار دیواری ایسی بے نظیر ہے
کہ نئی عمارت پر شرف رکہتی ہے جانب جنوب اس قلعہ کے جو پل ہے اوسکو ۱۶۲۱ء مین
جہانگیر نے بنوایا ہے +

سمادہ مہاراجہ رنجیت سنگہ لاہور مین روشنائی دروازہ کے باہر یہ بلند عمارت
جامع مسجد کے متصل رنجیت سنگہ کی یادگار ہے آمدورفت کا دروازہ شرقی دیوار کے بیچ مین
جو ۱۲۴ فٹ لمبی ہے لال پتہر کا بہت معقول بنا ہوا ہے اسکے روبرو چند خشتی سیڑہیان
اور پیشانی پر گنیش اور وشنو اور دیوی کی مورتین کندہ ہین اسکے اندر صحن ایک سو نوے فٹ
سے ایک سو چہبیس فٹ مربع ہے اوسکی ناف مین ساڑہے چار فٹ اونچے بلند چبوترہ پر جو ایک سو
پانچ فٹ سے پچہتر فٹ مربع ہے عمارت سمادہ جسکے چارون طرف در محرابی ہین بنی ہوئی ہے
چبوترہ کے گرد سنگ مرمر گلکار ہے اور جانب شرق بیچ مین اوپر جانیکا زینہ چہہ فٹ چوڑا بنا ہوا ہے
اسکے نیچے بڑا سرد خانہ اور اوپر میانہ مین گلکار چونہ گچ کی عمارت جسمین سنگ مرمر بہی لگا ہے
ہے بہت خوبصورت دو منزلہ ساٹہہ فٹ لمبی ہے اسکا برج اور کونون کی چارون برجیان سفید رنگ
کی سنہری کلسیان چڑہی ہوئی ہین نہایت خوشنما ہین اسکے اندر جگہہ جگہہ مورتین اور وسط
مین سنگ مرمر کی منبت کار بارہ دری ہے جسمین جالیو ندار کٹہرے اور آئینے جڑے ہوے
ہین راجہ کی سمادہ پر کبہی کمخواب اور کبہی دوشالہ پڑا رہتا ہے یہان ایک اور عجیب بارہ دری
ہے جو پہلے ثمن برج مین تہی اب دالان مین رکہی ہے یہ بارہ دری سنگ مرمر سفید کی پونے
سات فٹ سے ساڑہے چار فٹ مربع ایسی بنی ہوئی ہے کہ جہان چاہو اوٹہا کر رکہدو اسکے
گیارہ درون مین تو خوبصورت کٹہرے جالی دار ہین اور ایک در بطور رستہ کے ہے
اسکے نیچے دس پائے ہین اور اندر سنگ مرمر کے طلائی مونڈہ پر دیوی کی مورت اسطرح

بنائی ہے کہ ایک بیل سر بریدہ مین سے جسکا سر پاس پڑا ہے یکنا سرا وتار نکل رہا ہے اوسکے ہاتہہ مین ترسول اور پشت کی طرف سنگ مرمر سفید کے طلائی شیر پر اشٹ بہجی دیوی سوار ہے **تحقیقات چشتی** سے واضح ہے کہ یہ بارہ دری رانی چندکور نے لاہور سے رخصت ہونے کے وقت بطور نذر کے چڑہائی تہی سمادہ کے غرب کو بروج سمادہ راجہ کہڑک سنگہ و نونہال سنگہ مع اور چہوٹے چہوٹے ستیون کے منڈہون کے موجود ہین یہ جگہ دیکہنے کے قابل ہے جب راجہ رنجیت سنگہ ۱۸۳۹ء مین فوت ہوا تو یہ عمارت تعمیر ہوئی اسمین بہت سا پتہر مسلمانون کی عمارتون کا لگا ہوا ہے؛

سمبہا علاقہ اوڑیسہ مین یہ مندر بالکل جگن ناتہہ پوری کے مندر کی مانند بنا ہوا ہے مگر ایک برجی کے گر جانے سے اسمین نقص اگیا ہے اسپر ہمیشہ بجلی اور بہونچال کی افت اتی رہتی ہے غلام گردش کی دیوارون کے بیچ مین تینون طرف چہوٹے چہوٹے دروازے ہین اور دیوڑہی کے روبرو کا دروازہ جسپر قدادم مورتین کندہ ہین بہت خوبصورت کندہ کار سطح زمین سے بیس فٹ بلند بنا ہوا ہے مندر کی بلندی زمین سے پچاس فٹ ہے اور اندر کا مکان یعنے مندا پا چالیس فٹ مربع ہے اوسکی دیوارون کا آثار دس فٹ ہے باہر سے ہر سمت مندر کی مع غلام گردش کے ساٹہہ فٹ لمبی ہے اور برجی باوجود ٹوٹ جانے کے اب ہی ایک سو چالیس فٹ بلند ہے **فرگسنز لکچر سک ارکی ٹکچر** سے ثابت ہے کہ جب یہ برجی مسلم تہی تو اسکی بلندی ڈیڑہ سو فٹ تہی پہلے اس مندر کے گرد ایک چار دیواری بارہ سو فٹ لمبی قایم تہی چنانچہ اسکے تین دروازے بہت خوبصورت کندہ کار اب تک موجود ہین اور اونکے آگے دو دو مورتین ہاتیون کی پہلے تہین اب نابود ہین یہان سے بہت سے پتہر لوگ ہر طرف لیجاتے ہین افسوس کہ بارش و برق تو یک طرف آدمی ہی اس عمارت کو ویران کئے دیتے ہین تالیف **فرگسن صاحب** سے منکشف ہے کہ اس مندر مین کرشن کے بیٹے سمبہا کی پوجا ہوتی تہی یہ مندر راجہ نرسنگہ کجاتی نے ۱۲۸۱ء مین بنوایا تہا؛

سنہری مسجد شاہجہان آباد مین کوتوالی چبوترہ کے قریب یہ مسجد دکانون پر بنی ہوئی ہے



سنہری مسجد

دروازہ آمدرفت شرق رویہ ہے اوسکی بارہ سیڑہیان ہین صحن کے گرد سنگین کٹہرا اور جانب غرب دالان مسجد خشتی چونہ گچ کا بنا ہوا ہے اوسکی تین محرابین ہین بیچ کی بڑی محراب پر کتبہ کندہ ہے شمالی اور جنوبی دیوارون مین روشنی اور ہوا کے واسطے خوبصورت جالیان لگی ہین اور دالان کے اوپر تین طلائی برج مع چہوٹی برجیون کے نہایت خوبصورت بنے ہوئے ہین جانب جنوب دوسرا صحن مع ایک دالان اور کوئین کے واقع ہے وہان لوگ وضو کرتے ہین اس مسجد کو نواب روشن الدولہ نے محمد شاہ بادشاہ کے زمانہ ۱۱۳۳ع مین بنوایا تہا نادر شاہ نے دہلی مین قتل عام کا حکم اسی مسجد مین بیٹہکر دیا تہا

سنہری مسجد شاہ جہان آباد مین جامع مسجد کے شرق کو زیر فصیل قلعہ کے دالان اس سنگین مسجد کا مع تین برج اور دو خوبصورت منارون کے قایم ہے صحن اور حوض میدان مین آگیا ہے بیچ کے در کی پیشانی پر کتبہ تعمیر کندہ ہے پہلے اس مسجد پر بہی سنہری برج تہے اسکو نواب جاوید خان خواجہ سرا نے عرصہ سوا سو برس کا ہوا تعمیر کرایا تہا اسکے طلائی برج برباد ہونے کے بعد ۱۸۵۲ع مین یہ سنگ باسی کے برج جواب موجود مین حسب بیان آثار الصنادید بہادر شاہ ثانی نے چڑہوائے ہین +

سنگہ گڈہ یا سنگدہ احاطہ بمبی مین پونا سے گیارہ میل جنوب بمغرب کو یہ قلعہ تکونہ پہاڑ پر بنا ہوا ہے اندر سے اسکا دور دو میل سے زیادہ اور فصیل بہت خوبصورت اور مضبوط مع برجون کے قابل تعریف ہے ہنڈبک اف مرے وغیرہ سے ثابت ہے کہ اورنگ زیب نے اس قلعہ کو تین مرتبہ یعنے ۱۶۶۵ع ۱۷۰۱ع اور ۱۸۱۸ع مین فتح کیا اور گورنمنٹ نے اسپر مارچ ۱۸۱۸ع مین قبضہ پایا اب اسکی مرمت بخوبی ہوتی رہتی ہے +

سورت ساگر راجستان مین قلعہ بیکانیر کے باہر شمال شرق کو یہ پختہ تالاب چہ سو فٹ سے چار سو بیس فٹ مربع ہے بائیلوز ٹوران راجستان مین لکہا ہے کہ یہ تالاب صرف موسم برسات مین پرآب ہو جاتا ہے اسکی تعمیر راجہ سورت سنگہ والی بیکانیر نے اپنے

عہد حکومت مین کرائی تہی ❖

سورت کا دخمہ شرقی دروازہ سورت کے باہر ایک میل کے فاصلہ پر یہ مکان جسکا قطر تیس فٹ اور گرد کی دیوار بیس فٹ بلند ہے دخمہ کہلاتا ہے اس کی شکل برج نما بغیر چہت کے ہے اسمین جانب شرق ایک چہوٹا دروازہ اور گرد سوراخ بطور موریون کے بنے ہوئے ہین اسکے اندر تین درجے ہین جنکی دیوارون مین چہوٹے اور بڑے طاق بطور نشیمنون کے اور بیچ مین چوبچہ بشکل کوئین کے بنا ہوا ہے **ہنڈ بک اف مرے** مین اس دخمہ کو بہت پرانا لکہا ہے جب کوئی پارسی مرجاتا ہے تو چار آدمی مردہ اوٹہانے والے اپنے پانو مین چیتہڑے لپیٹ کر مردہ کو تکفین کرکے آہنی چوکی پر جو بہت ہلکی ہوتی ہے رکہکر کندہون پر دخمہ کی جانب لیجاتے ہین اونکے پیچہے بہت سے پارسی آہستہ آہستہ دخمہ کے قریب پہنچکر ٹہیر جاتے ہین صرف وہی چار آدمی جنکے کندہون پر میت اور پانو مین کپڑے بندہے ہوے ہین میت کو دخمہ کے اندر لیجاتے ہین مرد کو اول درجے مین اور عورت کو دوسرے درجے مین اور بچہ کو خواہ لڑکا یا لڑکی ہو تیسرے درجے مین ایک نشیمن کے اندر رکہکر دخمہ کے باہر نکل آتے ہین اونکے باہر نکلتے ہی سب پارسی اپنے گہرون کو واپس چلے جاتے ہین گد کی صورت کے جانور جو **فارستان** سے منگا کر پارسیون نے یہان چہوڑے ہین ایک لحظہ مین مردہ کو کہا جاتے ہین موری کی راہ سے خون بہ جاتا ہے صرف ہڈی ہڈی جو باقی رہتی ہے اوسکو چوبچہ مین ڈال دیتے ہین **لنڈن نیوز** اور **گریفک** وغیرہ سے واضح ہے کہ چین مین بہی یہ رواج ہے ارث جرنیل سنہ ۱۸۸۹ء مین لکہا ہے کہ ایک ملک مین یہ رواج ہے کہ جب کوئی مرجاتا ہے تو وہ جنگل مین درخت پر لکڑیان باندہ کر نعش کو رکہہ آتے ہین اوسکو چیلین اور گد کہا جاتے ہین اور جو ہاتہہ یا پانو یا کوئی جزو نعش کا نیچے گر پڑتا ہے اوسکو درندے چٹ کر جاتے ہین **ہنڈ بک اف مرے** سے منکشف ہے کہ اگر کوئی دشمن پارسیون کے دخمہ مین مرا ہوا کتا ڈالدیتا ہے تو اور دخمہ تیار کیا جاتا ہے اور اوس دخمہ کو پارسی پلید سمجہتے ہین ❖

سورج کنڈ اننگ پور تحصیل بلب گڈہ ضلع دہلی مین اننگ پور کے قریب یہ کنڈ واقع ہے اسکے چارون طرف پختہ سیڑہیان اور جانب شمال بڑی عمارت کا کہنڈر کہڑا ہے آثار الصنادید و ہارکورٹ ہنڈبک و تالیف کوپر صاحب وغیرہ سے ظاہر ہے کہ اس کنڈ کو راجہ سورج پال نے جو راجہ اننگ پال تنور کی اولاد مین تہا ۱۰۶۱ء مین بنوایا تہا چہٹہ سدی بہادون کو یہان نہان ہوتا ہے +

سورج کنڈ گوالیار یہ کنڈ تین سو پچاس فٹ سے ایک سو اسی فٹ مربع مٹی سے اٹا ہوا بہت پرانا ہے ارکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ جب راجہ پاسوتپی نے ۲۷۵ء مین قلعہ گوالیار بنایا تو اوسکے وزیر نے یہ کنڈ اور سریا دیو کا مندر جو اسکے کنارہ واقع تہا تعمیر کرایا ۱۲۳۲ء مین سلطان شمس الدین نے مندر کو توڑ کر مسجد بنائی لیکن اب نہ مسجد ہے نہ مندر فقط اوس جاے آگ متواتر روشن رہتی ہے اور ہر سال کاتک کے مہینے مین اتوار کے دن یہان بڑا بہاری میلا ہوتا ہے +

سورج کنڈ گیا گیا علاقہ بہار مین مندر وشنو کے قریب یہ بہت گہرا اور پرانا کنڈ ہے اسمین ہندو کثرت سے نہاتے ہین اسکی ساخت مندر وشنو کے ساتھ دوبارہ ہوئی ہے +

سورج کنڈ لکہنو شہر لکہنو سے چار کوس جنوب مغرب کو یہ کنڈ موسم برسات مین خوب بہر جاتا ہے آرایش محفل مین لکہا ہے کہ ہر سال بہادون کے مہینے مین ایک روز صبح سے شام تک یہان بڑا میلا ہوتا ہے کثرت سے ہندو اور مسلمان تماشائی آتے ہین +

سورج کنڈ میرٹھ میرٹھ سے باہر تہوڑی دور یہ بہت بڑا پختہ کنڈ تہوڑے دنون کا بنا ہوا معلوم ہوتا ہے اسکے گرد باغ اور ایک جانب سنگین دالان مین جوگی بیٹھے رہتے ہین +

سوم ناتھ پہلے اس نام کا بہت بڑا مندر ہندون کی پرستش کا دیو پتن علاقہ گجرات مین مندر سے چار کوس ۱۰۲۴ء کے پہلے نہایت عمدہ اور بے نظیر تہا ہونٹر انڈیا و دیگر کتب سے ثابت ہے کہ اوسکے بیچ کا مکان چھپن ستون اوپر بڑا برج تہا سنگ مرمر کا نہایت خوشوضع

طلاکار دھپی کار بنا ہوا تھا اوسکے اندر سوم ناتھہ کی طلائی مورت بائیس فٹ بلند چہ فٹ زمین مین
اور سولہ فٹ باہر نکلی ہوئی تھی اور ہسٹری آف انڈیا مارشمین مین لکھا ہے کہ تین گز باہر
اور دو گز زمین مین گڑی ہوئی تھی مورت مذکور کے گرد اور بہت سی چھوٹی اور بڑی طلائی مورتین اور
دیوتاون کی بیش قیمت لعل و یاقوت سے جڑی ہوئی رکھی تھین اور بیچ مین ایک طلائی جھاڑ جو
رات کے وقت روشن کیا جاتا تھا سونے کی ٹھوس زنجیرون مین مورتون کے اوپر لٹکا ہوا تھا
اسمین دو ہزار برہمن پوجاری اور پانسو کنچنیان اور بجنتری اور تین سو حجام یاتریون کی حجامت
کرنے والے مقرر تھے گرہن کے وقت اوس مندر مین تین لاکھہ یاتری جمع ہوا کرتے تھے
اور اوسکے صرف کے لئے رجواڑون سے دو ہزار گانو کی معافی تھی غرضکہ وہ مندر ہندوستان
مین بڑی رونق اور ترقی پر تھا ۱۰۲۴ء مین محمود غزنوی نے اوسکی رونق اور خوبی دیکھکر لوٹنا چاہا
اوسوقت رجواڑون نے کئی کرورر روپیہ دینا کیا تاکہ لٹنے سے محفوظ رہے محمود نے اس امر مین
جب اپنے امیرون سے مشورہ کیا تو سبنے کہا کہ مناسب ہے مگر ایاز نے یا کسی اور نے مندر
کا لوٹنا اور بت کا توڑنا سراسر بادشاہ کی نیکنامی سمجھکر معاوضہ لینیکو منع کیا یہی بات محمود کو پسند
آئی اور اوسنے جاکر پہلے اپنے ہاتھہ سے بڑے مورت کو توڑ ڈالا اور پہر اور لوگون نے سب
مورتون کو توڑکر درہم برہم کردیا سوم ناتھہ کی مورت مین اسقدر جواہر لاتعداد قیمت کا نکلا
کہ محمود نے خواب مین بہی نہ دیکھا تھا محمود کل جواہرات مع دیگر بیش قیمت اسباب مندر کے غزنین
کو لیگیا اور عمارت کو بالکل برباد کرگیا یہانتک کہ مندر کے کواڑ جو صندل کے بہت بڑے اور
خوش وضع تھے اپنے ہمراہ لیگیا تھا تھوڑا عرصہ ہوا کہ اونکو جنرل ناٹ صاحب نے غزنین سے لاکر
قلعہ اگرہ مین دیوان محل کے اندر رکہا ہے اب جو سوم ناتھہ کا مندر اس مقام پر بنا ہوا ہے
ٹوڈ در رجستان مین لکھا ہے کہ رانی اہلیا بائی کا بنوایا ہوا ہے جسنے اٹھارہ صدی عیسوی
مین بنارس مین بشیشر ناتھہ کا مندر بنوایا تھا اس مندر مین ایک لنگ ہے اور اب بہی یہ جگہ
ہنود کی تیرتھہ گاہ ہے یہان سے ادہے میل کے فاصلہ پر ایک جگہہ سانگا مشہور ہے

وہان بموجب یقین اہل ہنود کے سری کشن تیر کے صدمہ سے مرا تھا اور ایک سخت پیپل کا بہت پرانا کہڑا ہے اُسکو صاحب آرائش محفل نے پیپل سر لکہا ہے اس جگہہ بہی اکثر ہندو جاترا کو آتے ہین +

ستیارام جی بریلی اور متہرا کے درمیان جو قصبہ سرون مشہور ہے وہان یہ مندر ۲۷ فٹ مربع بنوایا ہوا ایک بنیے کا ٹیلہ پر واقع ہے **آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ** سے واضح ہے کہ ابتدا مین اس جگہہ ایک اور عمارت سنہ ۱۰۰۰ع کی بنی ہوئی اس مندر سے دوچند بڑی تہی اسمین سولہ ستون ہین اوسمین ۲۴ تہے اوسکے چند ستون جو اس مندر مین لگے ہوے ہین اونکی وضع راے پتہورا کی عمارت کے ستونون سے بہت ملتی ہے ؛

سیتا کنڈ چند میل مونگیر سے جنوب کو یہ پختہ کنڈ جسکے اندر تک سیڑہیان ہین بنام سیتا کنڈ مشہور ہے اسکا پانی بہت صاف لیکن بے مزہ ہے پہلے اسکے کنارہ ایک مندر واقع تہا وہ اب نہ دارد ہے

سینا باولی قلعہ سیانہ جو اگرہ اور راندور کے رستہ مین واقع ہے وہان یہ باولی مربع شکل کی ہے اسکے ایک جانب تہ تک سیڑہیان ہین اسکو راجہ وکرماسین نے سنہ ۱۰۹۶ع مین بنوایا تھا **آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ** سے واضح ہوا کہ پہلے اس کے قریب اسی راجہ کا بنوایا ہوا ایک مندر تھا

باب الشین

شاہ احمدہ یہ بہت خوبصورت سنگین سہ منزلہ عمارت ہر طرف سے کہلی ہوئی روشن اور ہوادار کشمیر مین تالاب کے کنارہ واقع ہے مربع ہونے سے یہ عمارت دوچند خوبصورت ہوگئی ہے اسکی وضع چین کی چوبی عمارتون سے بہت ملتی ہے اور اس نام کے ساتھ موسوم ہونے سے صاف ظاہر ہے کہ یہ مسلمانون کے وقت مین بنی ہے اسکے اوپر جانے سے دور دور کی کیفیت نظر آتی ہے اس کا ایک چھوٹا سا چوبی نمونہ دہلی کے عجائب گہر مین بہی رکہا ہے

شاہجہانی مندر یہ محل قلعہ گوالیار مین شمال کی طرف جہان ہمایون بادشاہ رہتا تہا واقع ہے

یہ عمارت تین سو بیس فٹ سے ایک سو ستر فٹ مربع چونہ اور پتھر سے تعمیر کی ہوئی ہے آرکی
اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ مین اسکو شاہجہانی مندر اس وجہ سے لکھا ہے کہ اسکو
شاہجہان بادشاہ نے تعمیر کروایا تھا اس محل کی بیچ کا بڑا درجہ اکتیس فٹ سے سولہ فٹ مربع ہے
یہ عمارت یہان کی ہندوانی تعمیرات سے بہتر نہین تصور کیجاتی کیونکہ اسمین گھڑا ہوا پتھر نہین ہے
اور اونمین گھڑا ہوا پتھر لگا ہوا ہے ❊

شاہ مردان دہلی سے چار میل جنوب کو مقبرہ نواب صفدر جنگ کے سامنے یہ زیارتگاہ
اہل شیعہ کی ہے اور محرم مین تعزیئے بہی اسی جگہہ دفن ہوتے ہین اکثر کتب سے ثابت ہے
کہ احمد شاہ بادشاہ کے زمانہ ۱۱۶۳ھ مین کسی شخص نے ایک پتھر جسپر قدم کا نشان ہے نواب قدسیہ بیگم کی حضور مین
ظاہر کیا کہ یہ حضرت علی مرتضی کے قدم شریف کا نشان ہے اونہنے یہان ایک سنگ مرمر کا
حوض بنوا کر اوس پتھر کو مثل قدم شریف رسول مقبول صلعم واقع دہلی کے نصب کرایا اور ایک طرف
چہوٹا سا مکان اور ایک جا مجلسخانہ اور ایک طرف مسجد نواب جاوید خان خواجہ سرا کے اہتمام ۱۱۶۴ھ مین بنوائی
اسکے بعد ۱۲۲۳ھ مین اشرف علی خان نے دوسرا مجلسخانہ کہ بہت بڑا دالان چونہ گچ کا ہے ازسر نو
بنوایا نقارخانہ کی نسبت **مولوی سید احمد خان** نے لکہا ہے کہ ۱۲۳۰ھ مین صادق علیخان نے بنوایا ہے
اور اوس احاطہ کی فصیل جہان تعزیئے ٹھنڈے ہوتے ہین بہت بڑی اور مضبوط مرزا اشرف بیگ
کی بنوائی ہوئی ہے درآمد ورفت شمال رویہ ہے عوام اس احاطہ کو کربلا کہتے ہین ❊

شکارناگ تبت کے پہاڑ مین یہ مشہور چشمہ ہمیشہ خشک رہتا ہے **صاحب آرایش محفل** نے
لکہا ہے کہ جب جمعہ کو نو تاریخ ہوتی ہے تو یہ چشمہ صبح سے شام تک پر آب ہو جاتا ہے اور
پہر یکایک پانی غایب ہو جاتا ہے اوس روز یہان بہت خلقت جمع ہوتی ہے مگر ازدحام اوسی
وقت تک رہتا ہے کہ جب تک چشمہ مین پانی رہتا ہے ❊

شہرپناہ اجمیر یہ بلند فصیل شہر اجمیر کے گرد دہلی سے دو سو تیس میل جنوب غرب کو
واقع ہے اسکے پانچ بہت بڑے بڑے دروازے ہین ارکے اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ

سے ثابت ہے کہ اس شہر پناہ کو راجہ اجے پال نے مہابھارت سے پہلے اپنے قلعہ کے ساتھہ بنوایا تھا اور اجے میر نام رکھا اب بھی یہ شہر بہت بارونق ہے اور اسمین صدہا مکان عالیشان بنے ہوے ہین اسکی مردم شماری منٹگمری مارٹن صاحب نے اپنی کتاب ٹریژری آف نولج مین پچیس ہزار لکھی ہے لیکن حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی کی درگاہ کے سبب صدہا حافظ ہر طرف سے آتے رہتے ہین اور اسی سبب سے بازار خرید و فروخت یہان گرم رہتا ہے ❊

شہر پناہ احمد آباد گجرات احاطہ بمبی مین کانسے جانب شمال یہ شہر پناہ احمد آباد کے مشہور ہے طول اس فصیل کا مرزنہند بک انڈیا مین پانچ میل لکھا ہے اور بلندی پانچ فٹ کے آثار سے پندرہ فٹ اور پچاس پچاس قدم کے فاصلہ پر برج ہین اسکے اٹھارہ دروازے مع چوبی کواڑون کے جنپر آہنی نال جڑے ہین بڑے عالیشان ہین اس فصیل کو احمد شاہ گجراتی نے ۱۴۱۱ء مین تعمیر کرایا اور اپنے نام پر احمد آباد نام رکھا ۱۸۳۲ء مین جب یہ دیوار بہت شکستہ ہوگئی تو شہر کی کمیٹی نے چندا ڈال کر مرمت کرائی ابتدا مین یہ شہر نہایت رونق پر تھا کیونکہ اب تک صدہا کھنڈر اور طرح طرح کی عمارتین جنکے حالات اس کتاب مین ردیف وار درج ہین موجود ہین منٹگمری صاحب لکھتے ہین کہ اب اس شہر مین تخمیناً ایک لاکھہ آدمی آباد ہین ❊

شہر پناہ احمد نگر دکن مین دریاے سینا کے کنارہ یہ مشہور شہر جسمین اب بیس ہزار آدمی آباد ہین احمد نظام شاہ نے ۱۴۹۴ء مین آباد کیا تھا اسی سبب سے اسکا نام احمد نگر مشہور ہوا اسکی فصیل بہت مضبوط ہے اور حال اسکے قلعہ کا علیحدہ لکھا ہے اس شہر کو جنرل ویلسلی نے ۱۸۰۳ء مین فتح کیا

شہر پناہ امرتسر یہ خشتی فصیل پنجاب مین دریاے بیاس اور راوی کے درمیان شہر امرتسر کے گرد جسکو پہلے امرت یا سرا کہتے تھے رام داس نے نہایت مضبوط بنوائی ہے اسکے دروازے نہایت خوش قطع ہین یہ شہر بہت بارونق اور آباد ہے یہان امرت سیتا تالاب مین سکھون کا مندر سری دربار صاحب نہایت عمدہ عمارت ہے چنانچہ اوسکا حال علیحدہ لکھا گیا ہے

شہر پناہ بیجاپور یہ فصیل دکن مین بہت خوبصورت اور مضبوط بنوائی ہوئی علی عادل شاہ

کی ہے اوسکے بموجب تشریح تاریخ فرشتہ کے ۱۵۵۳ع مین جامع مسجد اور حوض شاہ پوری کے ساتھہ تعمیر کرائی تہی *

شہر پناہ بیجانگر یہ شہر بہی دکن مین نامی ہے پہلے اسکا نام ودیانگر تہا پرنسپ صاحب نے اسکو بلاند پوکار ناٹکی راجہ کا آباد کیا ہوا لکہا ہے اسکی شہر پناہ بہت مضبوط اور خوبصورت ۱۳۳۶ع کی تعمیر کی ہوئی ہے اسکے کئی دروازے ہین لیکن جیسا یہ شہر پہلے آباد تہا ویسا اب نہین ہے *

شہر پناہ بیکانیر یہ سنگین فصیل شہر بیکانیر کی راجہ بیگا سنگہ کی تعمیر کروائی ہوئی ہے پندرہ صدی عیسوی مین اوسنے تعمیر کروائی تہی اسکا دور ساڑہے تین میل اور بلندی پندرہ فٹ سے تیس فٹ تک اور آثار چہہ فٹ ہے اسکے تین طرف ساٹہہ فٹ کے تفاوت سے بہت گہری خندق ہے باٹلیوز ٹوران راجستان سے ثابت ہے کہ اس شہر مین اٹہارہ کوئین ہین اور ہر ایک کنوان چارسو بیس فٹ عمیق ہے

شہر پناہ جیسلمیر اس فصیل کا دور سوا دو میل ہے اسمین چار بڑے بڑے دروازے اور اڑتیس برج دیوار سے زیادہ بلند ہین لیکن آثار ساڑہے چار فٹ سے زیادہ نہین ہے اسکی ساخت نہایت عمدہ پتہر سے ہوئی ہے مگر اب مرمت طلب ہے اسمین ۳۵ ہزار آدمی آباد ہین قلعہ جو شہر کے اندر ہے اوسکا ذکر علیحدہ لکہا جائیگا اس شہر مین چہہ مندر تین وشنو اور تین جینیون کے بہت خوبصورت بنے ہوے ہین سواے ان مندرون کے ایک عمارت مہاراول کا محل اور ایک سلیم سنگہ تہا کی حویلی جو وزیر سنگہ نے کئی لاکہہ روپیہ لگا کر بنوائی تہی عمدہ عمارتین ہین *

شہر پناہ حیدرآباد دکن مین یہ مضبوط اور خوبصورت شہر پناہ جسکا دور سات میل سے زیادہ ہے محمد قلی قطب شاہ بن ابراہیم قطب شاہ نے ۱۵۸۹ع مین بنوائی تہی مرے ہنڈبک مدراس سے واضح ہے کہ پہلے دکن کا دار الخلافہ گولکنڈہ تہا پانی کی تکلیف

کے سبب محمد قلی قطب شاہ نے اوسکو اوجاڑ کر یہ شہر جواب حیدرآباد مشہور ہے دریاے موسی کے کنارہ اپنی بیگم بہاگمتی کے نام پر بھاگ نگر کے نام سے آباد کیا تہا اسکے اندر اور باہر نو عمارتین بڑی اور قابل سیر ہین اونمین سے سات محمد قلی قطب شاہ کی بنوائی ہوئی ہین اونکی نام ذیل مین درج کیے جاتے ہین

چارمینار - الہی محل - جامع مسجد - مدرسہ - لنگرخانہ - نوبت گہاٹ - داد محل اور اٹہوین **منیر الملک بہادر کی بارہ دری** ہے جسمین اونکے پوتے سالارجنگ بہادر رہتے ہین نوین **رزیڈنسی** ارسطو جاہ وزیر کے وقت مین کرک پیٹرک صاحب نے بنوائی تہی **ہملٹن صاحب** لکہتے ہین کہ اس شہر مین دو لاکہہ آدمی آباد ہین یہان کا کمخواب بہت نایاب ہوتا ہے ✦

شہر پناہ ڈہبائی بڑودہ سے پندرہ میل جنوب مشرق کو یہ نہایت عمدہ ہشت پہلو شہر پناہ جسکا دور دو میل ہے بہت خوبصورت اور بڑے بڑے گہڑے ہوے پتہرون سے پچاس فٹ بلند بنی ہوئی ہے اسکی ہر رخ کی دیوار کے بیچ مین ایک دروازہ مع دو بغلی چہوٹے برجون کے اور ہر گوشہ پر ایک بڑا برج بنا ہوا ہے اور دروازون پر ایسے خوبصورت کندہ کار پتہر لگے ہوے ہین کہ فوٹوگراف والے اونکے نقشے دور دور بہیجتے ہین مشرقی دروازہ اس چار دیواری کا جسکا نام ہیرا دروازہ ہے بہت بڑا یعنی سو تیس ۳۲۰ فٹ کا کندہ کار ہے اسکے اوپر ایک قطار ہاتیون کی ایسی عمدہ بنائی ہے کہ اوسکی تعریف نہین ہوسکتی اسپر کہین گاڑیان اور کہین شیر اور گہوڑے اور کہین سوار تیز رفتار عجیب عجیب ہیئت کے کندہ ہین **مریز ہنڈ بک** سے منکشف ہے کہ اس شہر پناہ کی تعمیر مین ایک کرور روپیہ صرف ہوا تہا ✦

شہر پناہ شاہجہان آباد یہ مضبوط سنگین چونہ گچ کی فصیل دریاے جمن کے کنارہ لاہور سے اڑہائی سو میل جانب جنوب مشرق بنام شاہجہان آباد مشہور ہے اسکے اوپر کنگورے اور اندر کے رخ محرابین بہت معقول بنی ہوئی ہین اس دیوار کا آثار اس قدر چوڑا ہے کہ اوسکے اوپر گاڑی چل سکتی ہے اور باہر کے رخ گہری خندق اور تہوڑی تہوڑی دور پر بڑے اور چہوٹے برج بنے ہوے ہین اس فصیل مین کئی دروازے لاہوری دہلی کابلی کلکتہ وغیرہ کے نام سے مشہور ہین جب شاہ جہان بادشاہ نے اپنا قلعہ تیار کر لیا تو اوسکے چند سال کے بعد اس چار دیواری کو جسکا دور پانچ میل ہے تعمیر کرانا شروع کیا

اور سات برس کے عرصہ مین بصرف چار لاکھ روپیہ کے یہ شہر پناہ تیار ہوئی جب سنہ ۱۸۰۳ء مین لارڈ لیک صاحب نے اس شہر پر قبضہ پایا تو یہ فصیل بہت مرمت طلب ہوگئی تہی سرکار کی طرف سے اسکی مرمت ہوئی اور جو دیوار اجمیری دروازہ کے باہر نواب غازی الدین کے مقبرہ کے گرد واقع ہے **مولوی سید احمد خانصاحب** نے لکہا ہے کہ وہ ازسر نو تعمیر ہوئی ہے سنہ ۱۸۵۷ء مین غدر کے سبب یہ دیوار پہر شکستہ ہوگئی اور بعض بعض برج بہی اسکے بہت خراب ہوگئے ہین اب تک حکام و اہالیان کمیٹی کو اسکی مرمت کی طرف کچہہ توجہ نہین ہے ❊

شہر پناہ لاہور یہ فصیل شہر لاہور کی جو پنجاب کا دار الحکومت ہے دریاے راوی کے بائین کنارہ بہت مضبوط خشتی بنی ہوئی ہے اسکی بلندی پچیس فٹ اور عرض اسقدر ہے کہ اسپر توپ بخوبی چڑہ سکتی ہے اسمین خوبصورت اور مضبوط برج اور کئی دروازے ہین جو موچی دروازہ اور دہلی دروازہ اور ٹکسالی دروازہ اور اٹک دروازہ کے نام سے مشہور ہین گرد فصیل کے باغ لگانے سے زیادہ رونق ہوگئی ہے بائیس فروری سنہ ۱۸۴۶ء کو گورنمنٹ انگریزی نے اس شہر پر قبضہ پایا اب اسمین ایک لاکہہ آدمی آباد ہین اور یہ شہر بہت بارونق پر ہے ✦

شیرزا بیجاپور مین مکہ دروازہ کے قریب یہ برج اوپری برج کے نام سے مشہور ہے اسپر دو شیرون کے چہرے کندہ ہین اس سبب سے شیرزا کہتے ہین بڑی توپ یعنے ملک میدان جسکا حال علیحدہ درج ہے اسی برج پر رکہی ہے بعض کتب مین اس برج کو حیدر خان کا بنوایا ہوا لکہا ہے مگر اسکے کتبہ مین جو سنہ ۱۶۶۰ء کا کندہ ہے علی عادل شاہ کا بنوایا ہوا لکہا ہے ✦

شیر مندر یہ عمارت قلعہ گوالیار مین جہانگیری مندر مشہور ہے اول یہان ایک مکان مع حوض ساٹہہ فٹ سے بیالیس فٹ مربع شیرشاہ نے اپنے عہد مین بنوایا تہا اس سبب سے اسکا نام شیر مندر ہوگیا پہر جب جہانگیر بادشاہ نے اس عمارت مین اور مکان بنا لیے تو اسکا نام جہانگیری مندر مشہور ہوا اب یہ مسمار عمارت دوسو نوے فٹ سے سو فٹ مربع ہے اور اسکے بیچ کا مکان جو سب درجون سے بڑا ہے کل ۳۰ فٹ سے ساڑہے سولہ فٹ مربع ہے ❊

شیر منڈل شاہجہان آباد سے جنوب کو دہلی کے پُرانے قلعہ مین جسکو اندرپت کہتے ہین
یہ سہ منزلہ عمارت بہت خوش وضع شیر شاہ بادشاہ کی بنوائی ہوئی ہے اوسنے اپنے عہد حکومت
۱۵۴۱ء مین تعمیر کرائی تہی اسکے پہلے اور دوسرے درجہ کے بیچ مین بڑے بڑے مکان اور گرد
غلام گردشین ہین اور تیسرے درجے کے اوپر برج بنا ہوا ہے اوپر چڑہنے کی سیڑہیان چکردار ہین
۱۵۵۵ء مین اس عمارت کو ہمایون بادشاہ نے اپنا کتب خانہ مقرر کرلیا تہا اور ہمایون بادشاہ
اس عمارت پر سے گر کر مرا تہا اب یہ عمارت کہنڈر ہوتی جاتی ہے ❊

شیو پونا بمبی احاطہ مین پونا کے قریب پارتبی نامے پہاڑی پر تالاب کے کنارہ کل مندرون سے
یہ شوالا خوش وضع ہے اسمین شیو جی کی مورت بہت بڑی اور چاندی کی ہے اوسکے دونون ازوپر
دو چہوٹی چہوٹی سونے کی مورتین پارتبی اور گنیش کی بیٹہی ہین ہنڈ بک اف مرہٹہ سے منکشف ہے
کہ اس عمارت کو ۱۷۴۹ء مین بالاجی باجے راو پیشوا نے بنوایا تہا مع مورتون کے اسکی تعمیر مین
دس لاکہہ روپیہ صرف ہوا ہر سال دیوالی کو یہان کثرت سے روشنی ہوتی ہے ❊

باب العین

عرب سرائے مقبرہ ہمایون کے قریب شاہجہان آباد سے جنوب کو حاجی بیگم ہمایون کی بی بی
نے یہ شاندار سرائے بنوائی تہی اسکے دروازے بڑی نمود کے بنے ہین اسکو بنے ہوئے تین سو
برس سے زیادہ کا عرصہ گزرا آثار الصنادید سے واضح ہے کہ اس سرائے مین نواب حاجی بیگم
کے ملازم عرب لوگ رہتے تہے اس سبب سے اسکا نام عرب سرائے ہوگیا ہے ❊

عیدگاہ اگرہ آگرہ سے ایک میل جانب جنوب یہ عیدگاہ واقع ہے اسکی چار دیواری بہت مضبوط
اور پختہ تین فٹ چار انچہ چوڑی بنا کر اوسکے شرقی دیوار کے بیچ مین بہت بڑا دروازہ بنایا ہے
صحن پانسو چہیاسٹہ فٹ سے پانسو انیس فٹ مربع ہے اوسکے غرب مین عمارت عیدگاہ مسجد
کی صورت ایک سو اونسٹہہ فٹ لمبی اور چالیس فٹ چوڑی بنی ہوئی ہے اوسکے بیچ کی بہت بلند محراب
بائیس فٹ نو انچہ چوڑی ہے محراب کے سامنے کا طاق جہان ممبر ہے بہت خوبصورت بنا ہوا ہے

اوسکے داہنے بائین اور تین تین طاق ہین اونمین خوب خوب کارستانیان کی ہوئی ہین دالان کے کونون پر چار برجیان ہر طرف سے نمودار ہین مشہور ہے کہ یہ عیدگاہ شاہجہان بادشاہ کے حکم سے چالیس برس ہوئے ہین تیار ہوئی تھی آرکی اولاجیکل اسسٹنٹ سرویر انڈیا رقمطراز ہین کہ یہ عمارت بہت خراب ہوگئی تھی تھوڑا عرصہ ہوا کہ نواب صاحب بہادر والی رامپور نے اسکی مرمت کرادی ہے ✦

عیدگاہ ٹھٹھہ سندہ مین شہر ٹھٹھہ کے قریب ایک پختہ چار دیواری عیدگاہ کے نام سے مشہور ہے اسکے اندر جانب غرب محراب مع ممبر اور داہنے بائین دو منیار ہین بموجب بیان **ہنڈبک آف مرے** کے اس عیدگاہ کو یوسف خان حاکم سندہ نے ۱۰۶۳ ہجری مطابق ۱۶۵۳ ع مین تعمیر کرایا تھا اسمین ایک خوشخط کتبہ کندہ ہے اسکے پیچھے کئی مقبرے ہین اونکے حالات علیحدہ لکھے گئے ہین ✦

عیدگاہ دہلی لاہوری دروازہ کے باہر جانب غرب ایک میل کے فاصلہ پر یہ چونہ گچ کی چار دیواری جسکے کونون پر چار برجیان ہین بہت بڑی اور خوبصورت کنگورون دار بنی ہوئی ہے اسکے تین طرف بیچ مین بڑے بڑے دروازے اور جانب غرب ایک طاق محراب اور ممبر ہے ممبر کے سامنے شرق کی طرف مکبر اور وسط مین بہت بڑا حوض واقع ہے اس عیدگاہ کو شاہ عالم بادشاہ نے اپنے عہد مین تعمیر کرایا تھا اور جانب غرب چونہ گچ کا فرش حسین بخش پنجابی کا بنوایا ہوا ہے ✦

باب الغین

غار اپوری بمبئی کے قریب جزیرہ تھیادہ مین یہ شمار رویہ غار برہمنون کے وقت کا مندر بشکل سہ درہ مکان کے بنا ہوا ہے بہت سخت پہاڑ تھو تھا کر کے دو سو تیس فٹ سے ایک سو پچاس فٹ مربع سمندر سے ساڑہے تین سو فٹ کے فاصلہ پر بنایا ہے اسکی چھت ساڑہے سترہ اور پندرہ فٹ بلند چالیس کندہ کار ستونون پر قایم ہے مگر بعضے ستون اب گر پڑے ہین بیچ مین بہت بڑی مورت ترمورتی تین سر والی کی اور ایک مورت اردہا ایشر کی جو نصف مرد اور نصف عورت ہے اور اور خوش وضع مورتین برہما وشنو شیو اور پاربتی وغیرہ کی کندہ ہین ان مورتون کا قد سولہ اور بارہ فٹ سے کم نہین دروازہ کے قریب دیوون کی مورتین اسلحہ سے

کندہ کی ہوئی ہین کہ وہ اس مندر کے دربان معلوم ہوتے ہین یہان بہی الورا کے مواقق کیفیت ہے اور جگہہ جگہہ بہت سے غار پوجاریون کے رہنے کے ٹوٹے ہوئے نظر آتے ہین کیو انشینیٹ اینڈ موڈرن انڈیا و بہوز انڈیا سے ثابت ہے کہ ان غارون کی تعمیر اٹھہ اور نو صدی عیسوی کے درمیان ہوئی بمبی کے باشندے ان مندرون کو غار الوری کہتے ہین سمندر سے انکی خوب کیفیت معلوم ہوتی ہے مگر سمندر کا پانی ان مین آجاتا ہے اس وجہ سے بہت سے غار اٹک گئے ہین ٭

غار اپوری بیاسٹ جزیرہ بیاسٹ علاقہ تہانہ مین بمبی سے شمال کی طرف یہ غار چہوٹے اور بڑے دالان اور کوٹہریون کی صورت بہت پرانے ہین ان مین سب سے بڑا غار سہ درہ دالان کی صورت کا ایکسو نوے فٹ سے اڑتیس فٹ مربع ہے اس کا نام مرہنڈ بک مین جوگی سری لکہا ہے اس کی وضع غار اپوری بمبی سے ملتی ہے لیکن کندہ کاری اسکی اوسکی نسبت زیادہ خوش وضع ہے اسمین شیو کی پوجا کا مندر اڑتالیس فٹ کا اونیس فٹ بلند بنا ہوا ہے اور اس مین بیشمار مورتین حیوانات کی بہت خوبصورت کندہ ہین اسکے قریب ایک اور غار تہخانہ کی صورت کا ہے اُسکے نشیمنون مین مورتین بیٹہی ہین الا یہ جوگی سری کی برابر خوبصورت نہین یہان سیاحون کو درندون کا خوف ہے ٭

غار انکائی تنکائی بمبی احاطہ مین بارہ میل چاندور سے جنوب مشرق کو جو قصبہ انکائی تنکائی مشہور ہے اوسکے قلعہ سے تہوڑی دوڑ بودہون کے وقت کے یہ چہوٹے چہوٹے اٹہہ مندر جنکے روبرو کٹہرے ہین دو منزلہ اور ایک منزلہ پہاڑ تہوتہا کرکے بہت مضبوط بنائے ہین ہنڈ بک اف مرہٹے مین لکہا ہے کہ باوجود گزر جانے صدہا برس کے ابتک انہین کچہہ نقص نہین آیا۔

غار باجا بمبی احاطہ مین کرلی گانو سے تین میل جنوب مشرق کو یہ برہمنون کے وقت کا غار سریا کی پوجا کا مندر ہے اسمین ۲ ہستون لگے ہین جنپر کہین کہین گہوڑے اور بیل کندہ ہین داہین بائین اس غار کے اور دو منزلے حجرے پوجاریون کے رہنے کے موجود ہین

ہنڈبک اف مرے مین لکہا ہے کہ بڑا غار نو صدی عیسوی مین تعمیر ہوا ہے
غار بادامی قصبہ بادامی احاطہ بمبی مین بہی ہولی سے ۱۰ میل شرق کو یہ مندر غار کرلی
اور غار بہجار سے چہوٹے ہین اور بہت کم خراب ہوے ہین ان مین بڑی بڑی مورتین
جنکی لمبی لمبی ٹوپیان ہین جگہہ جگہہ دیوارون مین اسطرح کندہ کی ہوئی ہین کہ اندر جانے والے
کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ سب مورتین میری طرف دیکہہ رہی ہین ان غارون کی چہتین بالکل ہموار
ہین اور بڑے غار کی وضع سب غارون سے عمدہ ہے ان مین ٹوپیون دار مورتین کندہ
ہونے سے مرے صاحب کی راے ہے کہ بہت پرانے ہین +

غار باداوار احاطہ بمبی مین بالاے جو تیا پہاڑی باداوار گانو مین سفید مندر کے قریب نالہ کے
کنارہ یہ غار ہری پانڈو کے مندر کہلاتے ہین بیچ کا غار جسکے روبرو چبوترہ خراب ہیرستہان
ہین اوسکے اندر کا پہلا درجہ چالیس فٹ سے تیس فٹ مربع اور چہت فرش سے سات فٹ
بلند ہے اور دوسرا درجہ جو دس فٹ مربع ہے اوسمین چہہ ستون علیحدہ بناکر لگاے ہین اسکے
دائین طرف ایک اور غار جسکی چہت فرش سے سات فٹ ۱۰ انچہ بلند ہے چالیس فٹ سے
سترہ فٹ مربع ہے اسکے اندر کا درجہ جو کوٹہری کے طور پر ہے اوسمین چہہ ستون اور ایک
استہان بغیر مورت کا ابتک موجود ہے یہ دونو مندر بہت عمدہ اور بڑے ہین ان مین کچہہ نقص
نہین معلوم ہوتا ان کے دائین بائین اور چہہ فٹ کی مربع کی کوٹہریان پوجاریون کے رہنے کی
ہین اور اس جگہہ قدمون کے چند نشان ہین اسی وجہ سے لوگ بیان کرتے ہین کہ یہان دیوتے تھے

غار باگہہ احاطہ بمبی مین شہر ماندو کے کہنڈرات سے پچاس میل شرق کو باگہہ مین
یہ چار مندر کہنڈر جنمین بہدے ستون ہین کہنگی کے سبب انکے پڑے ہین انکے اندر جانے
سے دم گہبراتا ہے کہین کہین سے انکی چہتین بہی گر پڑی ہین اور مورتین بہی سٹ گئی ہین
انمین کا صرف ایک مندر خوش وضع اور دیکہنے کے لائق ہے +

غار برسا احاطہ بمبی مین وراگانو سے چہہ میل جنوب مغرب کو برسا گانو مین یہ غار واقع ہین

ایک مندر ان مین جوکرلی کی صورت بہت بڑا ہے قابل دید ہے اوسمین ۲۶ ستون ہشت پہلو
دس دس فٹ بلند ہین لیکن اگلے چار ستون جو ۲۰ فٹ بلند ہین اوپر گہوڑے بیل اور ہاتیون کی
تصویرین اسطرح کندہ ہین کہ پہلے ستون پر ایک گہوڑا اور ایک بیل گہوڑے پر مرد اور بیل پر عورت
سوار ہے اور دوسرے ستون پر ایک گہوڑا اور تین ہاتھی ایک ہاتھی پر عورت اور دوسرے پر
مرد سوار ہے اور تیسرے ستون پر ایک ہاتھی اور تین گہوڑے ایک پر عورت اور دوسرے پر
مرد اور چوتھے ستون پر دو گہوڑے ایک پر عورت اور دوسرے پر مرد ہے یہ مندر یہان کے
سب غارون سے خوبصورت ہے ان غارون کی تعمیر بہونراندیا مین نوصدی عیسوی کی لکھی ہے

غار پاٹن بمبئی احاطہ مین چالن سے کراد کو جاتے ہوے غار چالن سے تہوڑی دور یہ
بہت پرانے غار ہین زمین کا بڑا مندر جو دیکھنے کے قابل ہے اوسکا شالا یعنے بیچ کا مکان
۱۹ فٹ سے ۲۰ فٹ مربع ہے اسمین تین طرف نشیمن اور ایک طرف کونے مین ایک استہان
بغیر مورت موجود ہے ہنڈبک آف مرے مین یہہ غار بودہون کے وقت کے مندر لکھے ہین +

غار پنا لا واری کولاپور سے ۲ میل پنالا واری گانو کے قریب یہ چند غار پہاڑی پر واقع ہین
ان مین چہتیا غار ۲۷ فٹ سے ۱۶ فٹ مربع بہت بے نظیر ہے اسکی چہت سطح فرش سے ۱۱ فٹ
بلند ہے اور بیچ مین ۶ فٹ کا بلند ڈاگوپ یا گوڈے کی صورت موجود ہے اس غار کی داہین
جانب ایک اور غار ۴۴ فٹ سے ۴۱ فٹ مربع ہے اوسکی چہت سطح فرش سے ۹ فٹ بلند
۴ ستونون پر قایم ہے اور اوسکے اندر ایک اور درجہ موجود ہے جسکا ۸ فٹ بلند ۵ فٹ چوڑا
دروازہ ہے داہین بائین اس دروازہ کے چار چار فٹ مربع کہڑکیان روشندانون کے طور پر
بنائی ہین سوائے ان غارون کے اور بہی چہوٹے چہوٹے کئی غار یہان موجود ہین مگر وہ تہہرنے
کے قابل نہین ہین ہنڈبک آف مرے سے واضح ہے کہ یہ غار بہت پرانے
برہمنون کے وقت کے آٹھوین اور نوین صدی عیسوی کے بنے ہوے ہین +

غار جگیشوار غار ماگاتانی سے ۲ میل جنوب کو ان غارون کی وضع غار ایلوری بہی سے بہت ملتی ہے

ان مین کا بڑا غار جو ایک سو بیس فٹ مربع ہے اوسکو مرے ہنڈبک مین مہادیو کا مندر لکھا ہے
اوسکے اندر چوبیس ستون اور ایک اور درجہ بیس فٹ مربع بنا ہوا ہے جسمین سیتا راون اور بدھ وغیرہ
کی پرانی مورتین کندہ ہین

غار جنیر یہ غار ہنڈبک اف مرے مین بودہون کے وقت کے مندر لکھے ہوے ہین اور بمبی سے جانب شرق قصبہ جنیر کی شمال مین واقع ہین بہت بڑا غار جو کرلی غار کی صورت ہے
اوسکی چہت ہشت پہل ستونون پر قایم ہے اس جگہہ کئی اور چہوٹے چہوٹے غار پوجاریون کے رہنے
کے بہی موجود ہین ان مین کتبے کندہ ہین +

غار چپالن احاطہ بمبی مین قصبہ چپالن سے پاؤ میل جنوب کو یہ غار بہی بہت پرانے مندر مین
بڑا غار ۲۲ فٹ سے ۱۵ فٹ مربع ہے اس کی چہت فرش سے ۱۰ فٹ بلند ہے اوسکے روبرو
ایک کنڈ تیرہ فٹ مربع پہاڑ کاٹ کر بہت خوبصورت بنایا ہے بڑے مندر کے داہین بائین
چند حجرے پوجاریون کے رہنے کے اب مٹی سے اٹگئے ہین ہنڈبک اف مرے مین
انکو بودہون کے وقت کا بنا ہوا لکھا ہے +

غار دہمنار راجستان مین جہالرا پاٹن سے ۵۰ میل جنوب مغرب کو دہمنار کے پہاڑ پر
یہ ۱۴ غار بودہون کے وقت کے مندر دو سو فٹ کے فاصلہ تک برابر بشکل یک رخہ بازار کے
واقع ہین انکی صورت اور کیفیت بیان کے قابل ہے بڑا غار جسکو رپورٹ ارکی او جیکل سروے
انڈیا مین بہیم بازار لکھا ہے ایک سو پندرہ فٹ سے ۸۰ فٹ مربع ہے اسکے اندر
بدھ کی مورت اور گرد بہت سے مکان کوٹہریون کی قطع کے جنمین اب کہین کہین نقص آگیا ہے
پہاڑ تہوڑا تہوڑا کر کے بہت خوبصورت بناے ہین اس غار سے چہوٹے غار کو بڑی کچہری کہتے ہین
اوسکا شالا یعنے بیچ کا مکان جسمین تین طرف اندہیری کوٹہریان ہین بیس فٹ مربع ہے اوسمین
روشن دان کہڑکیون کی صورت کٹہرے دار بناے ہین اور شالے کی ہموار چہت ستونون پر
قایم ہے غرضکہ یہان یہ مندر بہت بڑے اور زیادہ خوشوضع ہین باقی اور مندر جو جدی جدی

صورت کے مختلف زمانون مین بنا ے گئے ہین ان دونو کو نہین پہنچتے ارکی اولاجیکل سروے
انڈیا مین لکہتے ہین کہ ان غارون مین سب سے پرانا مندر بارہ سو برس کا ہے یہان ایک کند بہی بہت
خوبصورت پہاڑ کاٹ کر بنایا ہے *

غار کرلی بمبئی اور پونا کے درمیان جو پہاڑ کرلی کے نام سے مشہور ہے وہان یہ غار بہت
بے نظیر بنے ہوے ہین نہین بڑا مندر ایک سو دو فٹ سے ۴۵ فٹ ۷ ا انچہ مربع اندر سے
جلا ساز بنا ہوا ہے اسکی چہت ایک سو پینتیس ۳۵ خوشقطع ستونون پر مبنی ہے اسکے دونو طرف
ہاتیون کی مورتون پر ایک ایک مرد اور ایک ایک عورت گلبیان ڈالی بیٹہے ہین اندر جا کر کئی درجے
معلوم ہوتے ہین ان مین طرح طرح کی کندہ کاری ہے اور مورتین نہایت خوش قطع کندہ ہین ہنوز
انڈیا مین ہانکو ۱۳ صدی عسوی کا بنا ہوا لکہا ہے سلستمبا اسی جگہہ نصب ہے اوسکا حال علیحدہ درج ہے

غار کنیری یہ مسماز غار جو بمبئی سے تہوڑی دور شمال کی طرف واقع ہین ہنڈبک اف مرے
مین لکہا ہے کہ بودہون کے وقت کے مندر ہین ان مین بڑا مندر ۸۸ فٹ ۶ انچہ سے ۳۹ فٹ
۱۰ انچہ مربع ہے اور چہت سطح فرش سے ۳۰ فٹ اونچی ہے *

غار گولیسار گوالیار کے پہاڑون مین کئی مجموعے غارون کے ہین جو اگلے زمانہ مین بڑے
مندر تہے ان مین مورتین ایسی بڑی بڑی بنائی ہین کہ اونکو دیکہکر تعجب آتا ہے اب یہ غار سیر لائق ہین

غار ماگاتانی یہ غار بمبئی احاطہ مین غار منت پزیر سے دو میل جانب مشرق ماگاتانی گانو کے
قریب کہنڈر پڑے ہین ہنڈبک اف مرے مین لکہا ہے کہ برہمنون کے بنوائے ہوے
ہین مگر بربادی کے سبب اب دیکہنے کے قابل نہین ہے

غار مہد اندر پور سے بمبئی کو جاتے ہوے سڑک کے داہنی طرف یہ دو بدشکل اور
چہوٹے چہوٹے بودہون کے وقت کے مندر ہین اور دونو پر پرانے کتبے کندہ ہین *

غار منت پزیر بمبئی احاطہ مین کنیری سے ۷ میل شمال مغرب کو منت پزیر مین یہ غار واقع ہین
انکے ستونون کی وضع غار الوری بمبی سے بہت ملتی ہے انکے اندر ولیشنو برہما پاربتی وغیرہ

مورتین بہت کندہ ہین اور اکثر جگہہ سے یہ غار ناقص بہی ہوگئے ہین ہنڈبک اف مرے مین لکھا ہے کہ یہ غار برہمنون کے بنائے ہوے اور ہزار برس کے بنے ہوے ہین ◌

غار ناسک بہی احاطہ مین قصبہ ناسک سے پانچ میل کے فاصلہ پر یہ سمار غار اندر سے کندہ کار اور وضعدار بودہون کے وقت کے مندر ہین کیونکہ ان مین بدہ کی مورتین اب تک موجود ہین بعضے غارون مین ستون لگائے ہین اور بعضے کوٹہریون کے طور پر بنائے ہین اب بہی یہان برہمنون کی ریاست اس وجہ سے ہے کہ یہان دریاے لکڑی کے کنارہ اور بہت سے مندر واقع ہین ہنڈبک اف مرے سے منکشف ہے کہ ان غارون کو راجہ وبانا کا نے جکو بہت مدت ہوئی بنوایا تہا ◌

غریب ناتہہ تہانیسر سے ۴ میل جانب مشرق قصبہ پہوا سے باہر یہ مندر گورکہناتہہ کے چیلہ غریب ناتہہ کا ہے اسکی دیوار مین ایک کتبہ کندہ ہے اوسکا خلاصہ آرکیولاجیکل سروے انڈیا رپوٹ مین لکھا ہے کہ اس مندر کی تعمیر [illegible]ء مین ہوئی ہے ◌

باب الفاء

فتح گڈہ یہ بلند سنگ سرخ اور سنگ مرمر کی عمارت شاہجہان آباد کے شمال غرب سبزی منڈی کی طرف جاتے ہوے پہاڑی پر جہان مورچہ تہا فتحگڈہ کے نام سے مشہور ہے اسکو بہت بڑے مربع چبوترے پر بنایا ہے اور اسکے گرد ایک جالیدار خوش وضع آہنی کٹہرا لگایا ہے اصل مین یہ عمارت ۱۸۵۷ء کی فتح کی یادگار ہے جو سرکار انگریزی نے چند سال کے بعد تعمیر کرائی اسکی بنیاد کیمبل صاحب گڈہ کپتان نے ڈلوائی ہے یہان ایک محافظ رہتا ہے اسکے جانب شمال جولاٹہہ چہوٹے سے چبوترے پر قایم ہے اوسکا حال علیحدہ لکہا ہے ◌

فخر المساجد شاہجہان آباد مین کشمیری دروازہ کے قریب لب سڑک یہ سنگ مرمر اور سنگ سرخ کی مسجد بنوائی ہوی نواب فخر النسا بیگم بنت نواب شجاعت خان کی ہے اوس نے ۱۷۲۸ء مین تعمیر کرائی تہی اسکے نیچے بطور حجرون کے محراب دار دوکانین بنی ہوئی ہین شمال کی

طرف ایک چھوٹا سا باولی کی صورت کا حوض اور صحن کے دائین بائین دو رخے دالان ہین اور جانب غرب دالان مسجد پر تین گنبد اور کئی برجیان مع سنہری کلسیون کے بہت خوبصورت بنائی ہین مسجد کا دالان ایسا خوشن قطع اور پچی کار بنا ہوا ہے کہ اوسکی تعریف نہین ہوسکتی اسکی پیشانی پر کتبہ کندہ ہے +

فورٹ جارج یہ قلعہ بمبی کے قلعہ سے جانب شمال واقع ہے اور اسکے گرد خندق بہت گہری ہے اسکو فورٹ جارج اس وجہ سے کہتے ہین کہ اسکی تعمیر جارج فورتہہ شاہ انگلستان کے عہد مین ہوئی تہی ہنڈبک اف مرے سے منکشف ہے کہ اس قلعہ کی تعمیر کے واسطے سیر کیمبل چیف انجینیر بنگال ۱۷۶۹ء مین کلکتہ سے آئے تہے اب اس قلعہ مین بہت خوبصورت بارگین اور ریگنیزین ہے +

فورٹ ولیم یہ عالیشان اور بے نظیر قلعہ شہر کلکتہ مین جانب جنوب نہایت مضبوط اور خوش قطع بنا ہوا ہے کہ باہر سے صرف مٹی کے پشتے بنے ہوے دکہائی دیتے ہین اور اندر سے اسکی فصیلین ایسی بلند ہین کہ اونکی بلندی دیکہنے کو سر پر ہاتہہ رکہنا پڑتا ہے درحقیقت یہ قلعہ لڑائی کے کام کا ہے اسکی تعمیر جنگ پلاسی کے بعد جو ۱۷۵۷ء مین ہوئی بعہد کرنیل کلایو عمل مین ائی اس قلعہ کو فورٹ ولیم اس وجہ سے کہتے ہین کہ جب یہ قلعہ تیار ہوا تو انگلستان مین ولیم فورتہہ بادشاہ تہا اسکے اندر بڑی عالیشان عمارتین اور سیر کی جگہہ ہے فصیلون پر توپین چڑہی ہین اندر جانے کے واسطے ہر ایک شخص کو حکم نہین ہے +

باب القاف

قبر پیر گوہر سلطان شہر ملتان مین منجملہ بارہ نوگزی قبرون کے یہ قبر بہت پرانی ہے چنانچہ رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا سے منکشف ہے کہ پیر گوہر سلطان محمد قاسم کے حملہ مین شہید ہوے تہے اس حساب سے یہ قبر ۱۳ سو برس کی پرانی ہے اسکا طول ساڑہے پینتیس فٹ ہے شہر کے دہلی دروازہ سے ساڑہے چار سو فٹ کے فاصلہ پر

واقع ہے اس سے بڑی قبر پیر دیندار کی ہے جو بور دروازہ کے متصل ہے اوسکی لمبان
ساڑہے چون فٹ ہے اور ایک قبر تندا محلہ مین پیر رمضان غازی کی مشہور ہے وہ ۱۱ فٹ
۳ انچہ لمبی ہے اور ایک قبر پیرادہم کی شہر کے اندر ہے اور قبرین جو قلعہ کے اندر اور قریب تہین
اب دب گیئن باقی اور قبرین تین تین چار چار گز کی موجود ہین پیر گوہر کی قبر کے قریب ایک گول
تہر جسکے بیچ مین سوراخ ہے ۲۷ انچہ کے قطر کا ۱۸ انچہ موٹا ہے لوگ اسکو پیر کا چہلا ادنیکا
کہتے ہین ان قبرون کو یہان کے ہندو بہی مسلمانون کی مانند مانتے ہین جمعہ اور جمعرات کو چراغ
روشن کرتے ہین یہ قبرین شہیدون کی ہین +

قبر کبیر جولاہہ بنارس مین یہ قبر بہت بڑی اور متبرک ایک موحد اور بزرگ مسمی بہ کبیر جولاہہ
کی ہے جو سکندر لودی کے عہد مین موجود تہا کبیر جی کی شاعری مشہور ہے۔ دور دور سے
لوگ زیارت کو آتے ہین ہر وقت انکے مزار پر فقیرون کا ہجوم رہتا ہے ❊

قبر محمد شاہ یہ قبر نوگزی شہید کی مشہور ہے اور بوانی علاقہ پنجاب مین ایک ٹیلہ پر واقع ہے
اسکا طول ۳۲ فٹ ہے ❊

قبر نور شاہ پنجاب مین دریاے راوی کے قریب ہڑپا کی عیدگاہ کے متصل یہ قبر
۴۴ فٹ لمبی اور ساڑہے تین فٹ چوڑی ہے حضرت نور شاہ بہی غازی اور شہید ہوے ہین
ارکی اولاجیکل سروے رپوٹ سے ثابت ہے کہ یہ قبر اکبر بادشاہ کے عہد کی ہے

قبور شیث ایوب اودہ مین جہان کہجرا اور سرجو دریا ملتے ہین ہان ایک چار دیواری کے اندر یہ دو خشتی قبرین ایک سترہ فٹ
اور دوسری بارہ فٹ لمبی ہے سروے رپورٹ انڈیا مین لکہا ہے کہ انکو لوگ شیث ایوب پیغمبرونکی قبرین کہتے ہین

قدم رسول ہکیری علاقہ دکن مین جینی گنبند کے قریب باغ کے اندر یہ عمدہ عمارت مسلمانون
کی زیارتگاہ ہے **اسٹوکس ہسٹری کل اکاونٹ اف بلگام** سے واضح ہے کہ اس عمارت
کو رستم زمان حاکم بیجاپور نے ۱۶۱۶ء اور ۱۶۲۶ء کے درمیان بعد فتح کرنے ہکیری کے بنوایا تہا

قدم شریف شاہجہان اباد سے غرب رخ تہوڑی دور یہ درگاہ دراصل فتح خان

بن فیروز شاہ تغلق کا مقبرہ ہے جو فیروز شاہ نے ۱۳۸۵ء مین تعمیر کرایا تھا اسمین صحن کے چارون طرف مکانات اور بیچ مین برج ہے اوسمین فتح خان کی قبر پر بہت پاکیزہ سنگ مرمر سفید کا حوض بنا ہوا ہے اوسکے بیچمین وہ پتہر نصب ہے جسپر نقش پاے مبارک نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے، یہ حوض چند مشک پانی سے بھرا رہتا ہے لوگ اس پانی کو تبرک جانکر پیتے ہین اور صدہا مریض کہنہ دور دور سے منگواتے ہین اور شفا پاتے ہین - درگاہ کے قریب مسجد اور گرد بہت بڑی اور بلند چار دیواری ہے جسمین کئی بڑے دروازے ہین درگاہ کے باہر شرقی دیوار کے نیچے ایک بڑا حوض مسمار پڑا ہے اور اندر صدہا مکان اور ہزارون قبرین ہین غدر کے بعد سے سینکڑون دہلی کے باشندے یہان آباد ہو گئے ہین ہر سال ربیع الاول کی پہلی سے بارہوین تاریخ تک خلقت زیارت کو آتی ہے اور ساتوین اور گیارہوین کو بڑی دہوم دہام سے پنکہے چڑہتے ہین اور بہت سے ملنگ فقیر دروازہ درگاہ کے روبرو جہان نقارخانہ ہے دہمال کرتے ہین +

قصر ہزار ستون پہلے یہ نہایت عمدہ محل تہا یہ عمارت محمد عادل تغلق شاہ نے اپنے عہد ۱۳۳۲ء مین بنوائی تہی اسمین ہزار ستون تہے دہلی سے چند میل تغلق آباد کے جنوب کو اسکا ڈہیر پڑا ہے اکثر کتب سے واضح ہے کہ یہ عمارت پانی کے قریب بطور سیر گاہ تعمیر کی گئی تہی چنانچہ اب تک اسکا پل جو تغلق آباد اور غیاث الدین تغلق شاہ کے مقبرہ کے درمیان واقع ہے اوسوقت کا تعمیر کیا ہوا ہے +

قلعہ احمد آباد یہ قلعہ گجرات مین شہر احمد آباد سے جانب شرق واقع ہے اسکی دیوار بہت مضبوط اور بلند خشتی بنی ہوئی ہے شرقی دروازہ جسکی تین محرابین ہین بہت اور تین دروازہ کے نام سے مشہور ہے اوسکی پیشانی پر عربی اور فارسی کتبہ کندہ ہے ہنڈ بک اف مرے سے منکشف ہے کہ ۱۴۱۱ء مین اس قلعہ کو احمد شاہ گجراتی نے بنوایا تہا

قلعہ احمد نگر بمبئی احاطہ مین یہ قلعہ احمد نگر کا پہاڑ پر نہایت مضبوط اور خوبصورت

تعمیر کیا ہوا ہے اسکی فصیل ۴۰ فٹ بلند اور خندق ۲۰ فٹ گہری چالیس فٹ چوڑی پہاڑ کاٹکر نہایت مضبوط بنالی ہے ہنڈبک اف مرے سے ظاہر ہے کہ احمد نظام شاہ نے سنہ ۱۴۹۰ء مین یہ قلعہ بنوایا تہا اسکے اندر تالاب کے بیچ مین ایک محل بنا ہوا ہے یہ عمدہ عمارت مسلمانون کی بنوائی ہوئی ہے +

قلعہ اکبرآباد یہ بے نظیر سنگ سرخ کی فصیل ۵۰ فٹ بلند اور کنگورہ دار ہے بموجب رپورٹ اسسٹنٹ سرویر انڈیا کے سنہ ۱۵۶۶ء مین اکبر بادشاہ نے اسکو تعمیر کرایا ہے اسکی وضع قلعہ شاہجہان آباد سے بہت ملتی ہے مگر یہ قلعہ اوس سے بہت بڑا ہے اسمین باگین بن گئی ہین اور سپاہ رہتی ہے +

قلعہ الہ آباد شہر الہ آباد مین جسے اگلے زمانہ مین پراگ اور تربنی کہتے تہے یہ قلعہ اوس جگہہ واقع ہے کہ جہان اکبر نے سنہ ۱۵۷۵ء مین قلعہ بنایا تہا سنہ ۱۸۰۱ء مین جب وہ قلعہ شاہ عالم کے قبضہ سے نکلکر گورنمنٹ کے قبضہ مین آیا تو سرکار نے اوسکو از سر نو تعمیر کروایا پہلا قلعہ مکان بود و باش تہا اور یہ قلعہ لڑائی کے کام کا ہے اسکی فصیل توپون سے آراستہ ہے اندر سپاہ رہتی ہے اسمین چند قدیمی عمارتین اب بہی باقی ہین مکان دربار جسکی چہت ستونون پر قایم ہے چبوترہ پر ایسا عالیشان بنا ہوا ہے کہ ہزارون آدمی اوسمین آسکتے یہان بڑ کا ایک پرانا درخت جسکو ہندو اکشا بات کہتے ہین عجائبات سے ہے یہ درخت مدت سے سرسبز ہے اور ہنود کا عقیدہ ہے کہ قیامت تک سبز رہیگا آرایش محفل کا بیان ہے کہ نورالدین جہانگیر نے اس درخت کو کٹوا کر اسکے اوپر آہنی چادر ڈلوادی تہی تاکہ پہر سرسبز نہو لیکن تہوڑے دنون کے بعد پہر پہوٹ نکلا اور بڑہ گیا یہان صدہا ہندو اپنی قربانی کرتے تہے اور یقین رکہتے تہے کہ اس جگہہ مرنے سے کسی امیر کبیر کے ہان جنم ملیگا مگر یہ رواج شاہ جہان بادشاہ کے عہد سے موقوف ہوگیا +

قلعہ برہمن آباد سندہ مین یہ عالیشان اور پرانا قلعہ اب بالکل کہنڈر ہوگیا ہے

ابتدا مین یہ ٹہٹہہ کا دار الخلافہ تہا ہنڈ بک اف مرے کا بیان ہے کہ اسکی فصیل کے چودہ سو برج تہے جنکے کہنڈر کہین کہین ابتک موجود ہین لیکن اسکی تعمیر کا صحیح حال کسی کتاب سے دریافت نہین ہوا +

قلعہ بلگام یہ شہر بلگام کا قلعہ سمندر سے دو ہزار پانسو فٹ کی بلندی پر واقع ہے اسکی فصیل سنگین ۲۰ فٹ بلند مع پشتے کے بہت مضبوط بنائی ہے **ہسٹری اف بلگام** سے ثابت ہے کہ تین سو ساٹہہ جینی مندر اور بتخانے توڑکر یہ چار دیواری بنائی ہے اسمین تمام پتہر کندہ کار بغیر انتظام بیل بوٹہ کے لگائے ہین یعنے اونکے نقش ونگار کا سلسلہ قایم نہین رکہا ہے رخ بیرخ برابر لگا دیے ہین اسکے گرد بہت سی چوڑی خندق ہے اور اندر ہموار زمین تین ہزار فٹ سے دو ہزار چار سو فٹ مربع ہے حقیقت مین اس قلعہ کا جواب دکن مین تو کیا دور دور نہین ہے سنہ ۱۰۹۹ ہجری مطابق سنہ ۱۶۸۳ع مین نواب یعقوب علیخان نے حسب فرمایش نواب اسد خان کے اس قلعہ کو تعمیر کروایا تہا اور سنہ ۱۷۲۳ع مین نواب بندہ علیخان نے اسکا بڑا دروازہ بنوایا اور جانب شمال ایک کتبہ بہی کندہ کرادیا سنہ ۱۸۴۹ع مین جب یہ چار دیواری شکستہ ہوگئی تو عبد الحی یہان کے امین نے مرمت کروائی اس قلعہ کے شمال کو دروازہ کے باہر شاہ پور گانو کے قریب بہت بڑا تالاب ہے بعض نے اسکا نام مصطفے آباد اس وجہ سے لکہا ہے کہ پہلے یہان مصطفے خان نامے ایک قلعدار تہا +

قلعہ بمبی یہ نہایت مضبوط اور نامی قلعہ شہر بمبی کا سمندر کے کنارہ فورٹ جارج سے ملا ہوا ایک میل لمبا اور تہائی میل چوڑا ہے سنہ ۱۶۹۳ع مین سرکار کمپنی نے تیس لاکہ روپیہ صرف کرکے اسکو درست کرایا تہا پہلے اسکے گرد خندق نہ تہی اس سبب سے سنہ ۱۷۳۹ع مین جلیل القدر سوداگرون نے مرہٹون کے خوف سے تیس ہزار روپیہ کا چندہ ڈال کر سرکاری انتظام سے اسکی خندق بنوادی **ہنڈ بک اف مرے** سے ظاہر ہے کہ اب اسکے اوپر بہت توپین چڑہی ہوئی ہین اسکے تین دروازے شمالی جنوبی اور غربی دیوار کے بیچ مین بنے ہوئے

ہین ٹکسال ٹاون ہال اور بہت سے دفاتر اسی قلعہ کے اندر ہین مگر پرانی عمارتون مین سے صرف
ایک ہی محل سمندر کی طرف دکہائی دیتا ہے +

قلعہ بیجاپور - یہ بہت مضبوط عمدہ وضع کا دکنی قلعہ شہر بیجاپور کے اندر واقع ہے **ہنڈبک اف مرے** ناقل ہے کہ اسکو یوسف عادل شاہ نے اپنے عہد سلطنت ۱۴۸۹ع اور ۱۵۱۱ع کے درمیان بنوایا تہا اسکے گرد ایک سو بیس فٹ چوڑی خندق اور اندر کئی کہنڈر مندر مع سیاہ ستونون کے تعمیر قلعہ سے پہلے کے اب تک موجود ہین مگر عدالتخانہ اور سونا محل جو بہت عمدہ عمارتین قلعہ کے ساتہہ تعمیر ہوئی تہین بالکل برباد ہوگئین علاوہ ازین جو عمارتین اس قلعہ مین اب موجود ہین اونکے حالات اس کتاب مین ردیف وار درج ہین +

قلعہ بیکانیر راجستان مین شہر بیکانیر سے نصف میل شمال مشرق کی جانب یہ نہایت مضبوط اور بہت عمدہ قلعہ واقع ہے اسکی فصیل بہت بلند اور سنگین ہے اور دو دروازے ایک گوشہ جنوب غرب مین جہان سے اصطبل مین جاتے ہین اور دوسرا جانب شرق جہان سے قلعہ کے اندر پہونچتے ہین بہت خوبصورت بنے ہوے ہین پہلے یہ قلعہ آٹھ سو دس فٹ سے آٹھہ سو دس فٹ مربع تہا اب زیادہ بڑہانے سے بارہ سو فٹ سے نو سو فٹ مربع ہو **بائیلوز ٹوران راجستان** سنٹر ہے کہ سب سے پہلا قلعہ جو شہر کے ہمراہ بنا تہا وہ شہر کے بیچ مین تہا اوسکا اب نشان بہی نہین اگرچہ یہ قلعہ شہر کے بعد تعمیر ہوا مگر اسکی وضع بہی پرانی ہے کیونکہ اسکی فصیل مین برج بہت قریب قریب بنے ہوے ہین اور گرد ۳۰ فٹ چکلی خندق ۲۴ فٹ سے ۲۵ فٹ تک گہری ہے عرصہ تخمیناً ڈہائی سو برس کا ہوا کہ اس قلعہ کو مہاراجہ رای سنگہ نے بنوایا تہا اسکے اندر مہاراجہ صاحب رہتے ہین اور بہت سی عمدہ عمارتین خصوصاً شیش محل راجہ گج سنگہ کا بنوایا ہوا اور مکان دربار راجہ سورت سنگہ کا بنوایا ہوا اور خوابگاہ راجہ رتن سنگہ کی یادگار موجود ہین شیش محل مین جسکو گج محل بہی کہتے ہین دو درجے اور چند کوٹہریان ہین اونکے گرد غلام گردش ہے اور چوکہٹون مین روشنی کے واسطے آئینے جڑے ہین اور جگہہ جگہہ

رنگین اینٹے ایسی خوبصورتی سے لگائے ہین کہ سنگ مرمر مین جواہرات بے بہا جڑے دکھائی دیتے ہین اس مکان مین اسباب آرایش و زیبایش نہی بہت ہے اسکو بنے ہوے سوا سو برس کا عرصہ ہوا تخت گاہ شیش محل سے کم ہے کیونکہ یہ مہارانا سورت سنگہ کے فوت ہوجانے سے ناتمام رہگئی ہے اسکی دیوارون پر طلاکاری اور سرخ نقاشی بہت خوبصورت کی ہوی ہے خوابگاہ مین نہایت خوبصورت طرح طرح کی تصویرین اور اوتارون کی مورتین رکہی ہین وشنو اور بدری ناتہہ کی مورتین بہت بڑی ہین عمارت خوابگاہ مین ایسی عمدہ پچی کاری ہے کہ وہ تاجگنج آگرہ سی بہت کم نہین ہے

قلعہ پورندہر بمبئی احاطہ مین ساسود سے پانچ میل پہاڑ پر یہ خوبصورت اور مضبوط قلعہ واقع ہے اسکے برج بہت مستحکم اور پکے ہین پہلے اس قلعہ پر سیواجی مرہٹہ قابض تہا اب سرکار انگریزی کے قبضہ مین ہے

قلعہ تالنیر خاندیس مین چار میل سرپور کے مشرق کو یہ قلعہ دریاے تاپتی کے شرقی کنارے شہر سے ڈیڑہ سو فٹ کے فاصلہ پر واقع ہے اسکی فصیل ساٹہہ فٹ بلند ہے بہت بڑا دروازہ جانب شرق ہے ۱۸۱۸ع مین یہ قلعہ گورنمنٹ کے تحت مین آیا اس سے پاو میل کے فاصلہ پر مسلمانون کے قبرستان مین ایک مقبرہ ہے کتبہ کی رو سے ثابت ہے کہ اسکی تعمیر مین ایک لاکہہ روپیہ صرف ہوا ہے

قلعہ تہانیسر پنجاب مین تہانیسر بہت پرانی اور مشہور جگہہ ہے وہان یہ قلعہ کئی ہزار برس کا پرانا راجہ دلیپ کا بنوایا ہوا ہے اب اسکے چند برج اور کہین کہین دیوار کے نشان باقی ہین یقین ہے کہ چند روز مین وہ بہی جاتے رہین گے **رپورٹ آرکیولاجیکل سروے انڈیا** سے ثابت ہے کہ اس قلعہ کے باون برج تہے اسکے گوشہ شمال مشرق مین چند عمارتین مسلمانون کے وقت کی موجود ہین اونکے حالات اس کتاب مین علیحدہ لکہے گئے ہین +

قلعہ جیسلمیر راجستان مین جیسلمیر کے اندر جانب جنوب جو پہاڑی بنام موئی ڈونگری مشہور ہے اوسپر یہ مثلث قلعہ واقع ہے **بائیوز توران راجستان** مین لکہا ہے کہ اسکا دور تین ہزار نو سو فٹ اور فصیل سنگین بہت مضبوط پندرہ فٹ سے ۳۰ فٹ تک بلند چہ فٹ آثار کی ہے بڑا دروازہ اس قلعہ کا جانب شمال واقع ہے اوسکے چار در ہین قلعہ کے اندر ۵ کوئین تین سو چار فٹ گہرے ہین

قلعہ چاکن یہ چہوٹا سا مربع اور خوبصورت قلعہ پونا سے ۱۸ میل شمال کو واقع ہے اسکی دیوار کے
کونون پر چار خوش وضع برج بنے ہوے ہین اور گرد پندرہ فٹ گہری ۳۰ فٹ چوڑی کہائی ہے
بعضون نے اس قلعہ کو ملک التجار کا بنوایا ہوا لکہا ہے اور **ہنڈ بک آف مرے** سے
ثابت ہے کہ اس قلعہ کو سنہ ۱۲۹۵ع مین ایک حبشی نے تعمیر کرایا تہا اس قلعہ پر کئی لڑائیان ہوئین
کیونکہ اسکے دروازہ پر تین فتحنامے مغلون کے کندہ ہین ٭

قلعہ چمپانیر یہ قلعہ پہلے گجرات کا دار الحکومت تہا اب سطح زمین سے ڈہائی کوس بلند پہاڑ پر سماٹ
پڑا ہے اسکی دیوار مین کئی دروازے ہین کہنگی مین یہ قلعہ بہی قلعہ رہتاس سے کم نہین اب یہان جنگل ہے

قلعہ چندن بہی احاطہ مین ستارا کے قریب یہ قلعہ چندن نامی پہاڑی پر واقع ہے اور
اسی سبب سے اسکو قلعہ چندن لکہا ہے اسکی عمارت بہی قابل دید ہے **ہنڈ بک آف مرے**
مین لکہا ہے کہ یہ قلعہ سنہ ۱۱۹۲ع مین پنالا کے ایک راجہ نے بنوایا تہا ٭

قلعہ حیدرآباد سندہ مین یہ خشتی قلعہ شہر احمد آباد کا بہت طول طویل لڑائی کے مطلب کا ہے
اسکی دیوار ۱۰ فٹ سے ۳۰ فٹ تک بلند بنی ہوئی ہے اوسکے اندر مستی کا پشتہ باندہ کر اوپر توپین چڑہائی ہین

قلعہ دولت آباد شہر روضہ سے چند میل کے فاصلہ پر یہ دکنی قلعہ پہاڑ پر ڈیڑہ سو
فٹ بلند بہت پرانا اور مضبوط بنا ہوا ہے اسکی چار فصیلین برجون دار نہایت مضبوط بنائی ہین
اول فصیل جو ۴۸ فٹ بلند اور نیچے سے ۱۵ فٹ چوڑی ہے اوسکا دور پندرہ ہزار فٹ ہے اسکے اندر
بہت بڑا پہاڑ ہے اور تہوڑی تہوڑی دور تین اور فصیلین جو اس فصیل سے کم بلند ہین بہت مضبوط
بنائی ہین علاوہ ازین چڑہائی کے واسطے ایک چکر دار رستہ پہاڑ تراش کر ایسا عمدہ بنایا ہے کہ اوسکی
تعریف نہین ہوسکتی اس رستہ کے دونوان طرف بڑے بڑے غار کوٹھریون کے طور پر بناکر
اونمین میگزین رکہا ہے قلعہ کے بیچ مین پہاڑ کی چوٹی پر جو کوٹہی بنی ہوئی ہے اوسمین قلعہ دار رہتا ہے
اور ایک جہنڈا نظام الملک کا مع ۲۴ پنی برنجی توپ کے دور سے نظر آتا ہے اس توپ کے علاوہ
اسکی فصیلون پر اور بہت سی توپین چڑہی ہوئی ہین **میجر جان سیلی صاحب** رقمطراز ہین کہ

یہ قلعہ سنہ ۱۲۹۴ع تک ہندون کے قبضہ مین رہا پہر اسکو مسلمانون نے فتح کیا اسکے چند مدت بعد فرنچ قابض ہوگئے پہر مرہٹے اور شیدی قابض رہے اب نظام الملک کے تصرف مین ہے اس قلعہ کا ثانی دکن مین توکیا دور دور نہین معلوم ہوتا +

قلعہ رانی گہاٹ بازار سے بارہ میل جنوب مشرق کو اور ازوہند سے سولہ میل یہ قلعہ رانی گہاٹ پہاڑی پر بہت مضبوط اور بڑا اسمار پڑا ہے ایک میل اسکا دور ہے اسکے ایک طرف دور تک ایک پہاڑ بجاے دیوار ہے اور تین طرف سمار دیوار مع برجون کے جنمین بڑی بڑی ٹولیان تراش کر لگائی ہین موجود ہے اس قلعہ کے اندر اب تک مندر اور محلون کے کہنڈر اور جانب شمال تین مربع کنوئین برابر موجود ہین رپورٹ آرکیالوجیکل سروے انڈیا سے ثابت ہے کہ بہت مدت ہوئی جب اس قلعہ کو راجہ ہودی نے بنوایا تہا اور اسی وجہ سے اسکو ہودی دی گڈہی کہتے ہین ٭

قلعہ راے پتہورا شاہجہان آباد سے ۱۱ میل قطب صاحب کی مینار سے تہوڑی دور راے پتہورا نے یہ قلعہ قلعہ لال کوٹ کے شمال غرب کو اپنے عہد حکومت سنہ ۱۱۴۴ع مین اس طور سے بنوایا تہا کہ لال کوٹ اسکا شہر ہوگیا اس قلعہ کا دور ساڑہے چار میل اور دیوار کا آثار لال کوٹ کی دیوار سے نصف ہے اسمین مدت تک مسلمان بادشاہون نے سلطنت کی اونکی بنوائی ہوئی عمارتون مین سے اس جگہ اب کوئی عمارت باقی نہین ٭

قلعہ رہتاس اس قلعہ کو رہتاس گڈہ بہی کہتے ہین یہ قلعہ بہار مین پہاڑ پر نہایت پرانا راجہ روہت کا بنوایا ہوا ہے اسکا دور ۴ میل سے کم نہین ہے اسکے اندر بہت سے تالاب اور چشمے موسم برسات مین پرآب ہوجاتے ہین اور تہوڑی سی زمین کہودنے سے پانی نکل آتا ہے

قلعہ ستارا اسی احاطہ مین شہر ستارا کے مشرق کو یہ قلعہ پہاڑ پر واقع ہے طول اسکا تین ہزار تین سو فٹ اور عرض پندرہ سو فٹ ہے دروازہ آمدورفت جانب غرب ہے اسکے اندر ایک طرف پرانا محل اور سولہ مندر گیارہ شیو کے اور پانچ بہوانی کے بنے ہوئے ہین ہنٹر گزٹ آف امپیریل

سے منکشف ہے کہ اس قلعہ پر کئی لڑائیان ہوئین مدت تک مرہٹون کے قبضہ مین رہا اور کئی دفعہ اسکو اورنگ زیب نے فتح کیا سنہ ۱۱۹۲ء مین نیالا کے ایک راجہ نے یہ قلعہ تعمیر کروایا تہا ٭

قلعہ سرہند پنجاب مین یہ سرہند کا قلعہ جواب ویران ہوتا جاتا ہے بموجب بیان رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا کے سنہ ۱۱۹۱ء مین ایک چوہان راجہ نے بنوایا تہا جب سنہ ۱۱۹۳ء مین محمد غوری نے راے پتہورا پر فتحیاب ہوکر اس قلعہ کو لیا تو یہ بہت شکستہ ہوگیا تہا سنہ ۱۲۴۶ء مین شیر علیخان قلعہ دار نے اور سنہ ۱۳۶۱ء مین فیروز شاہ تغلق نے بخوبی اسکی مرمت کروائی

قلعہ سوارنا درگم دکن مین بیجاپور سے تہوڑی دور ایک چہوٹے سے جزیرہ مین یہ قلعہ بنام سوارنادرگ اور سونے کا قلعہ مشہور ہے ہنڈبک اف مرے سے منکشف ہے کہ اس پرانے خوبصورت قلعہ کی مرمت سنہ ۱۶۶۲ء مین ہوئی تہی سنہ ۱۸۱۲ء مین اسیر کانوجی انگریا مرہٹہ قابض ہوا اور سنہ ۱۸۱۸ء مین سرکار کے قبضہ مین آیا کتبہ کے نہونے سے صحیح حال ظاہر نہوا -

قلعہ سورت اس قلعہ کو مرے صاحب نے تین سو برس کا پرانا لکہا ہے اسکی مرمت متواتر ہوتی رہتی ہے اور واضح ہو کہ شہر سورت کی عمارتون مین کوئی عمارت اس سے زیادہ پرانی نہین ہے

قلعہ شاہجہان آباد شاہجہان آباد مین دریاے جمن کے غربی کنارہ یہ خوبصورت قلعہ جسکو لوگ لال قلعہ بہی کہتے ہین شہاب الدین شاہجہان بادشاہ کا بنوایا ہوا ہے اوسنے اپنے سنہ ۱۲ جلوسی مطابق سنہ ۱۰۴۸ ہجری و سنہ ۱۶۳۸ء مین بنوانا شروع کیا اور دس برس کے عرصہ مین تیار ہوا تین طرف اس قلعہ کے فصیل جسمین اندر کے رخ محرابی حجرے ہین بالکل سنگ سرخ کی کنگورہ دار ۷۵ فٹ بلند یعنے قلعہ آگرہ کی دیوار سے ۵ فٹ کم ہے اوپر سے دیوار کا آثار ۱۰ فٹ ہے اسکی وضع قلعہ آگرہ سے بہت ملتی ہے اسکے دو عالیشان دروازے ہین جنپر خوبصورت مکان بنے ہوے ہین جنوبرویہ دروازہ کا نام دہلی دروازہ اور غربرویہ کا نام لاہوری دروازہ ہے اسکے اندر جاکر بہت بلند اور خوبصورت لداو کا چہتا ہے اسمین سڑک کے دونون طرف نیچے دوکانین اور اوپر مکان ہین اس چہتے کے وسط مین ہشت پہلو روشندان ہے اور چوک کے نام

سے



قلعہ شاہجہان آباد

اسلئے مشہور ہے کہ یہان سے اور دو راستے ایک جانب شمال اور دوسرا جانب جنوب جاتا ہے
چہتے کے سامنے نقارخانہ مین ایڈجوٹنٹ کا دفتر ہے اس قلعہ مین کئی مکان ایسے عمدہ اور بے نظیر
تہے کہ روے زمین پر بہی نہونگے خصوصاً موتی محل اور رنگ محل جنکے نام و نشان بہی باقی نہین رہے
مگر جو عمارتین اب موجود ہین اونکے حالات علیحدہ درج ہین سوائے انکے یہان بڑی بڑی دو منزلہ
سہ منزلہ بارگین چال کی تعمیر ہین جنمین سپاہ رہتی ہے دروازہ کے آگے جو عالمگیر نے سنگین گہوگس بنوائے
تہے سرکار نے ۱۸۵۷ء کے بعد اونکو گدہ گچ بناکر اونپر توپین چڑہائی ہین سلامی کی توپ وہان
سے سر ہوتی ہے گوشہ شمالی اس قلعہ کا ریل کی سڑک مین آگیا ہے - پہلے دہلی دروازہ کے
سامنے ہاتہی کی برابر دو پتہر کے ہاتہی کہڑے تہے اورنگ زیب عالمگیر نے اپنی عہد مین اونکو
توڑوا کر دفن کرادیا تہا اب اونمین کی ایک مورت دہلی کے کمپنی باغ مین بارہ دری کے قریب چبوترہ
پر کہڑی ہے اسکی چبوترہ پر ایک کتبہ انگریزی سرکار نے کندہ کرادیا ہے ✦

قلعہ عادل آباد یہ قلعہ جسکا دور نصف میل ہے دہلی سے ۴ میل کے فاصلہ پر تغلق آباد کے
قریب واقع ہے اسکی وضع تغلق آباد کی عمارت سے بہت ملتی ہے **آثار الصنادید** وغیرہ سے
منکشف ہے کہ اس کو محمد عادل تغلق شاہ نے ۱۳۲۵ء مین تعمیر کرایا تہا -

قلعہ کہرلا یہ پرانا قلعہ برار مین پہاڑ پر بہت مضبوط اور نامی ہے تاریخ تعمیر تو صحیح نہین معلوم ہوتی
مگر یہ کئی ہزار برس کا بنا ہوا ہے **آرائش محفل** سے ظاہر ہے کہ اس قلعہ کے اندر ایک
پہاڑی پر بہت سی خلقت جاکر گریہ و زاری کرتی ہے اور دعائین مانگتی ہے

قلعہ کہیڈا یا کہیرا بمبی احاطہ مین یہ عمدہ قلعہ جسکے پانچ دروازے ہین کابی سے تہوڑی
دور واقع ہے اسکا دور سات ہزار چارسو پچیس فٹ ہے **ہنڈبک اف مرے** سے
منکشف ہے کہ اس قلعہ کو ۱۴۶۳ء مین محمود خان نے تعمیر کرایا تہا ؞

قلعہ گوالیار یہ بہت بڑا اور مشہور قلعہ شہر گوالیار سے تین سو فٹ بلند گوپاگیری نامی پہاڑی
پر جسکو ڈایرکٹر **جنرل کننگہم صاحب** نے گوپاچلا بہی لکہا ہے واقع ہے اسکا طول نو ہزار فٹ سے

زیادہ اور بلندی فصیل کی جو بہت مضبوط ہے تیس اور پینتیس ۳۵ فٹ ہے اس قلعہ کا ایک شرقی اور دو غربی دروازے بڑے ہین شرقی دروازہ جو ہمیشہ کہلا رہتا ہے سب سے بڑا ہے اور جنوبی دروازہ کے روبرو جسکو جہلمل کہڑکی کہتے ہین سیڑہیان ہین اس قلعہ کے دروازون کے نام اسطرح مشہور ہین عالمگیری بادل گڈہ ہنڈولا بہیرون بانسور گنیش لکہشمن تہیا رپوٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے واضح ہے کہ اس عالیشان قلعہ کو راجہ پاسو تیجی نے ۱۶۰۰ء مین بنوانا شروع کیا تہا اور اسکا نام گوالیا وار اور گوالیار اس وجہ سے ہوگیا کہ اسجگہہ ایک مندر گوالیا نام کا تہا اس قلعہ مین کئی عمدہ عمارتین ہین اونکے حالات ردیف وار لکہی گئی ہین ؛

قلعہ منتوش یہی احاطہ مین یہ خوبصورت اور عمدہ قلعہ قلعہ منوہر سے تہوڑی دور واقع ہے یہ قلعہ قلعہ منوہر سے چہوٹا تو ہے مگر اسکی خوبصورتی وس سے بہت زیادہ ہے ابتدا مین کولاپور کے متعلق تہا اب ریاست سانوت واری کے قبضہ مین ہے مرے صاحب نے اسکو کئی سو برس کا پرانا لکہا ہے ؛

قلعہ منوہر یا مندرا یہ قلعہ بہی احاطہ مین سانوت واڑی سے ۱۲ میل شمال مشرق کو پہاڑ پر بہت عمدہ بنا ہوا ہے اسکا طول ایک ہزار تین سو بیس فٹ اور عرض ایک ہزار پچاس فٹ ہے اسکے دروازہ کی دو محرابین ہین اونکے روبرو پہاڑ کاٹ کر بہت خوبصورت سیڑہیان بنائی ہین ریاست سانونت واری مین کوئی قلعہ اسکی برابر نہین معلوم ہوتا اسکی مضبوطی قابل تعریف ہے قلعہ سانونت واری کچہہ خوبصورت اور عمدہ نہین ہے اس سبب سے اوسکا حال نہین لکہا گیا ؛

قلعہ منہورا یہ قلعہ کرانچی مین ایک پہاڑ پر واقع ہے اور اسکے قریب چند اور عمارتین ہین تالیف مرے **صاحب** سے واضح ہے کہ یہ قلعہ ۱۶۰۳ء مین تعمیر ہوا تہا اور ۵ فروری ۱۸۳۹ء کو سر اڈمیرل میل ٹی نے اسکے جنوبی دروازہ کو توڑ کر فتح کیا اب سرکار کے قبضہ مین ہے -

قلعہ سوراد یج یہ چہوٹا اور خوبصورت خشتی قلعہ روہیلکہنڈ مین نجیب آباد سے ۵ میل شمال مشرق کو واقع ہے اسکا طول اٹہہ سو فٹ اور عرض چہہ سو پچیس فٹ ہے اسکی دیوار ۱۵ فٹ بلند ہے

اوسکے گرد خندق ساٹھہ فٹ چوڑی کہودی ہے دروازہ آمدورفت جانب شرق ہے اوسکے اندر کئی ٹیلے پرانے مندرون کے نظر آتے ہین رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے منکشف ہے کہ اس قلعہ کو راجہ سوراج نے نوین صدی عیسوی مین تعمیر کرایا تہا ۔

قلعہ مہوبا بوندیلکھند مین شہر مہوبا کا یہ سنگین قلعہ بہت پرانا مدنساگر کے شمال کو واقع ہے اسکا طول بہانسیا دروازہ سے دریبہ دروازہ تک ایک ہزار چہہ سو پچیس فٹ اور عرض ۶ سو فٹ ہے اسکے اندر ایک محل راجہ پرمل کا بنوایا ہوا موجود ہے آرکی اولاجیکل سروے انڈیا نے اسکو ۱۱۸۳ع کا بنا ہوا لکہا ہے ۔

قلعہ میانا یہ قلعہ اگرہ اور اندور کے درمیان خشتی بنا ہوا ہے اسکے کونون پر چار خوب صورت برج اور اندر کئی نشدہ ستیون کے بنے ہوے ہین اور ایک باولی جسکو سنیا باولی کہتے ہین اس قلعہ کے ساتھہ بنی تہی رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے ثابت ہے کہ اس قلعہ کو راجہ وکرماسین نے ۱۴۹۹ع مین بنوایا تہا ۔

قلعہ میراج دکن مین یہ قلعہ شہر میراج کے اندر واقع ہے یہ عمارت عمدہ اور مضبوط ہے اسدخان نے اسکو ۱۳۳۲ع مین بنوایا تہا ۔

قلعہ بیلگام دکن مین شہر بیلگام کا یہ قلعہ شہر کے قریب لب دریا واقع ہے اسکی دو فصیلین ہین باہر کی فصیل مٹی اور پتہر کی بنی ہوئی ہے اور اندر کی فصیل سنگین ساٹھہ فٹ بلند ہے دروازہ مین گارد رہتا ہے جب تک برگیڈ میجر کا حکم نہین ہوتا کسیکو اندر نہین جانے دیتا اسکی دیوار کہین کہین سے ناقص ہوتی جاتی ہے ہنڈ بک آف مرے مین لکہا ہے کہ ۱۵۱۹ع مین اس قلعہ کو راجہ بالوشنکر نے بنوایا تہا ۔

قلعہ نالاپور یا نرور یہ قلعہ گوالیار سے پچاس میل غرب جنوب کو دریاے سندھ کے قریب پہاڑ پر واقع ہے اسکا دور پانچ میل ہے اندر کئی درجے ہین ایک کا نام باجا محل دوسرے کا نام بالا حصار اور تیسرے کا نام مدار احاطہ ہے جسمین شاہ مدار کا مزار ہے چوتھے درجہ کا نام

دولہ کوٹ ہے اس قلعہ کے چارون دروازون پر مسلمانون کے فتحنامے کندہ ہین پرانی عمارتون مین سے یہان ایک کنڈ ہے اور عمارات جدید انگریزی قبرستان اور گرجاگھر عمدہ بنا ہوا ہے راجہ جینگہ سوائی کی بنائی ہوئی جنگ توپ بھی اسی قلعہ مین رکھی ہے رپورٹ آرکیولاجیکل سروے انڈیا سے ثابت ہے کہ اس قلعہ کو راجہ نالا نے جو راجہ کوسی کی اولاد مین تہا شہر کے ساتھ بنوایا تہا اسکی مرمت مسلمانون نے بھی کرائی ہے ؛؛

قلعہ وندن بمبی احاطہ مین ستارا کے قریب یہ خوب صورت قلعہ وندن نامی پہاڑی پر واقع ہونے سے قلعہ وندن کے نام سے مشہور ہے ہنڈبک اف بمبی مین لکھا ہے کہ ۱۱۹۲ء مین پنالا کے ایک راجہ نے بنوایا تہا +

قوۃ الاسلام دہلی سے ۱۱ میل جنوب کو زیر منیار قطب صاحب دراصل یہ مسجد راے پتہورا کا بتخانہ تہا ۱۱۹۳ء مین بعد فتح دہلی کے مسلمانون نے اسکو توڑکر مسجد بنائی اور مورتین نکالکر جابجا اپنی فتوحات کے کتبے کندہ کرائے چنانچہ سلطان قطب الدین کا کتبہ شرقی دروازہ پر جو بہ نسبت شمالی او جنوبی کے بڑا ہے اب تک موجود ہے اسکی غربی دیوار مین پانچ محرابین تہین بیچ کی محراب ۲۲ فٹ چوڑی اور ۵۳ فٹ بلند ہے اور دائین بائین ہر ایک محراب دس فٹ چوڑی اور چوبیس فٹ بلند ہے جنرل کننگہم صاحب آرکیولاجیکل سروے انڈیا رقمطراز ہین کہ ان محرابون کے پیچھے دالان مسجد پانچ گہہ کا ایک سو ۳۵ فٹ لمبا اور ۳۱ فٹ چوڑا تہا صحن جہان لوہی کی لاٹھ ہے ایک سو ۳۵ فٹ سے ۹۶ فٹ مربع ہے او سکے گرد ہندوانی دالان سنگ خارا کے جنمین ستون لگے ہوئے ہین راے پتہورا کے وقت کے بہت خوبصورت بنے ہوئے ہین دروازہ اس صحن کا مدت سے ندارد ہے آثار الصنادید وغیرہ مظہر ہین کہ جب ۱۱۹۵ء مین سلطان شمس الدین التمش سلطان قطب الدین کا خویش تخت پر بیٹہا تو اوسنے اس مسجد کو اور بڑہا کر یعنی بڑے دالان کے دائین بائین تین تین محرابون کے دالان اور بنا کر منیار قطب کو مسجد کے اندر لیلیا ان دیوارون مین بھی بیچ کی محرابین زیادہ بڑی ہین آہار ان دیوار ونکا اور بیچ کی دیوار کا جو قطب الدین نی بنائی تہی یکسان یعنے

۸ فٹ ہے اسکے بڑہانے سے یہ مسجد تین سو چوراسی فٹ سے دو سو تیس فٹ مربع ہو گئی تہی بعد ازان سنہ ۱۳۰۰ع مین سلطان علاؤالدین خلجی نے اس مسجد کو جسقدر التمش نے بڑہایا تہا اوس سے نصف حصہ اور بڑہایا اور تینون طرف بڑے بڑے دروازے نہایت عمدہ کندہ کار اور دوسرا مینار جو ناتمام رہگیا تہا بنانا شروع کیا تہا مگر اوسکے فوت ہو جاتے کی سبب یہ مسجد ناتمام رہگئی اور اب تو بالکل مسمار پڑی ہے کیونکہ جگہہ جگہہ اسکی دیوارین اور مکانات کہنڈر پڑے ہین رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے ثابت ہے کہ اس مسجد مین ہندون کے وقت کے چہہ سو ستون لگے تہے اسکی محرابون پر ایسی عمدہ گلکاری کی ہوئی ہے اور آیات قرانی ایسی نادر کندہ کی ہین کہ دیکہنے والے کو حیرت آتی ہے ٭

باب الکاف

کاکڑا مار یہ مندر بندیلکہنڈ مین شہر مہوبا کے جنوب کو تالاب مدن ساگر کے قریب شوالہ ہے اسکی عمارت ایکسو تیس فٹ سے ۴۲ فٹ مربع ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے واضح ہے کہ اس شوالہ کو راجہ مدنا وارما یا مدن مرن نے اپنے زمانہ حکومت یعنے سنہ ۱۱۳۰ع اور سنہ ۱۱۶۵ع کے درمیان تعمیر کرایا تہا ٭

کالکا دہلی سے چہہ میل جانب جنوب موضع بہاپور مین ایک پہاڑ پر یہ مندر واقع ہے اور سال مین دو بار اسوج اور چیت کی اشٹمی کو یہان میلا ہوتا ہے آثار الصنادید مین لکہا ہے کہ اہل ہنود کا یہ عقیدہ ہے کہ اسی جگہہ دواپر جگ مین جسکو پانچ ہزار برس کا عرصہ ہوا کالی دیوی رہتی تہی اور جبہی سے یہان پوجا ہوتی ہے اس مندر مین ایک سنگین کٹہرا سنہ ۱۸۱۶ع کا بنا ہوا ہے اوسپر کتبہ کندہ ہے اور برج نما سنگین غلام گردش کے جسمین ۳۶ در ہین سنہ ۱۸۱۶ع مین راجہ کدار ناتہہ اکبر شاہ ثانی کے دیوان نے بنوایا تہا اسکے قریب دہلی کے مہاجنون نے مکانات بنوالئے ہین میلے کے دنون مین یہان آکر قیام کرتے ہین دروازہ مندر کے سامنے ایک مکان کے اندر گہنٹال لٹکا ہوا ہے اوسکے نیچے ترسول اور دو شیر کی مورتین رکہی ہین جاتری گہنٹال ہلا کر دیوی کی

کی جے پکارا کرتے ہین انکا عقیدہ ہے کہ دیوی مائی شیرون کے رتھہ مین بیٹھکر یہان آئی تھی
مولوی سید احمد خان صاحب لکھتے ہین کہ اس مندر مین ایک بن گھڑا پتھر مورتی
جسکو پوجاری بہت اچھی پوشاک پہنا کر چھتر کے نیچے بٹھاتے ہین اور رات کے وقت ایک
چھوٹی سی پلنگڑی پر سلاتے ہین اس دیوی کے سامنے ایک گھی کا چراغ ہر وقت جلتا رہتا ہے

کالی کلکتہ شہر کلکتہ سے تین کوس کے فاصلہ پر کالی گھاٹ بھوانی پور سے آگے جہان
کئی مندر ہین اون سب مین یہ بڑا اور پرانا کالی مائی کا مندر ہے **ہیپیس ایڈاے فارسٹ**
وغیرہ سے واضح ہے کہ یہان کئی ہزار برس سے پوجا ہوتی ہے بنگالی کالی مائی کو وشنو کی بی بی
کہتے ہین یہ مندر اوسکے استہان کی جگہہ بنا ہوا ہے اور اسی وجہ سے یہ مقام بنگالیون کے
نزدیک متبرک ہے اس جگہہ ایک مکان بطور بارہ دری کے بنا ہوا ہے برج کے اندر کالی مائی
کی مورت رکھی ہے اسکا چہرہ سیاہ اور بال لمبے لمبے اور زبان سرخ تھوڑی تک لٹکئی ہے
چار ہاتھہ ہین ایک مین شمشیر دوسرے مین ایک دیو کا سر چوٹی پکڑ کر لٹکا رکھا ہے کانون مین
بندون کی جگہہ دو چھوٹی چھوٹی مردون کی مورتین ہین اور بہون پر سیندور ملا ہوا ہے غرضکہ
اسکی صورت بہت دہشت ناک بنائی ہے اکثر کتب تواریخ سے ثابت ہے کہ ابتدا مین یہان
آدمیون کی قربانی ہوتی تھی اب مدت سے جانور مثل بھیڑ بکری وغیرہ کے چڑہائے جاتے ہین
اور میلے دنون مین بڑے جانورون کی بھی قربانی کرتے ہین لیکن دس بیس بھیڑ بکریون کی روز جان
جاتی ہے جنکے سر کاٹ کر پوجاری لیلیتا ہے اور باقی جسم چڑہانے والے کو ملجاتا ہے خون
ان جانورون کا کچھہ تو مورت پر چھڑکتے ہین اور باقی مورت کے روبرو ایک تہانولہ مین جمع رہتا ہے

کالی لکھنو لکھنو مین شہر کے باہر یہ پرانا مندر واقع ہے **آرایش محفل** سے واضح ہے کہ
اسمین پیر کے روز بڑی پوجا ہوتی ہے اور ہولی کے بعد کئی روز تک روشنی ہوتی ہے اسکی عمارت
بہی اچھی بنی ہوئی ہے ۔

کالی مسجد یہ مسجد شاہجہان آباد مین ترکمان دروازہ کے قریب آبادی شہر سے پہلے کی بنی ہوئی

مندر کالی کلکتہ والی

ہے آثار الصنادید وغیرہ سے منکشف ہے کہ خان جہان فیروز شاہی نے ۱۳۷۰ء مین اس مسجد کو شہر فیروزآباد مین بنوایا تھا اسکو اسقدر کرسی دیکر بنایا ہے کہ ۲۱ سیڑھیان چڑھ کر اُسکے اندر جاتے ہین اندر سے مسجد بہت خوشنما بنی ہوئی ہے جانب غرب تین گنبہ کا دالان ۱۴ فٹ عرض مین اور ۷۰ فٹ طول مین بہت مضبوط بنا ہوا ہے اور بیچ مین بلند ممبر ہے باقی تینون طرف ایک ایک دالان ہین دالانون مین چوپہل ستون لگے ہوئے ہین اور اوپر برابر برابر گنبد ہین صحن مسجد مین کئی قبرین ہین اور باہر کے رُخ زیر مسجد حجرے ہین دروازہ کی پیشانی پر کتبہ لگا ہوا ہے

کالی مسجد کوٹلہ نظام الدین یہ مسجد اسی شکل کی جسکا بیان اوپر کیا گیا دہلی سے جانب جنوب متصل درگاہ سلطان نظام الدین اولیا کے واقع ہے اسکے دروازہ پر کتبہ کندہ ہے اسکو خان جہان فیروز شاہی نے ۱۳۷۰ء مین بنوایا تھا *

کانچ کی مسجد یہ خشتی چونہ گچ کی مسجد گجرات مین احمد آباد کے جنوب کو واقع ہے ایک برج کے مسمار ہوجانے سے اسمین نقص آگیا ہے برجون کی وضع بالکل ترکستان کے مساجد کے برجون کے موافق ہے کانچ کی مسجد مشہور ہونیکا یہ سبب ہے کہ پہلے اسکے برجون پر نیلی رنگت کی ہوئی تھی یہ مسجد آباد ہی احمد آباد سے بہت پیچھے تعمیر ہوئی ہے *

کپلا دیوی بوبانیسوار علاقہ اوڑیسہ مین یہ بلند اور شاندار خشتی عمارت ہے اسکو بنے ہوئے تخمیناً چھہ سو برس کا عرصہ ہوا اب تک اسمین کوئی نقص نہین آیا ہے صرف دروازہ منہدم ہوگیا تھا اب وہ بھی بنگیا ہے ہمیشہ مرمت ہوتی رہتی ہے **فرگسن صاحب** کی تالیفات سے واضح ہے کہ ہندون کا یہ عقیدہ ہے کہ جس جگہہ مندر واقع ہے اسی جاے جنیمہ باجا رجن کے پوتے نے کچھہ نصیحت کی تھی *

کٹورا تالاب یہ تالاب قلعہ گوالیار مین گنگولا تالاب سے جانب غرب واقع ہے اور بالکل گول بنا ہوا ہے اسکا دور ایک سو پچاس فٹ اور عمق ۲۰ فٹ ہے رپورٹ ارکیالوجیکل سروے انڈیا مین لکھا ہے کہ بہت پرانا ہے مدور ہونیکی سبب اسکو کٹورا تالاب کہتے ہین *

کٹی گھاٹی مالوہ مین چندیری سے جنوب کی طرف یہ شاندار دروازہ ایک سو بانوے فٹ سے ۲۰ فٹا مربع پہاڑ کاٹ کر ۸۰ فٹ بلند اسطرح بنایا ہے کہ اول دونون طرف سے پہاڑ کھود کر بیچ کی دیوار کے اندر محراب ۱۲ فٹ سے ساڑہے گیارہ فٹ تراشی ہے اور اوسکے دائمن بائین دو گولہ نما برج بنائے ہین اسکے جانب شمال اوپر جانے کے واسطے زینہ بنا ہوا ہے اور دونو طرف کتبے ناگری اور فارسی کندہ ہین انمین لکہا ہے کہ اس دروازہ کو جہمن خان بن شیر خان نے شاہ غیاث الدین کے عہد مین بنوایا تہا اسکو بنے ہوے تین سو چوراسی برس کا عرصہ ہوا

کدار ناتھ گڑہوال مین ہمالیہ پہاڑ پر یہ مندر کدارناتہہ وشنو کے اوتار کا دریاے کالی گنگا کے کنارہ واقع ہے موافق راول مندر بدری ناتہہ کے اس مندر کا راول **فریزرز ہمالایا ماونٹینز** مین مالابار کا برہمن لکہا ہے یہان درشن کرنے کو ہندو بکثرت آتے ہین موسم سرما مین یہان بشدت برف پڑتی ہے ❊

کردلیشور دکن مین مہابالیشوار پہاڑی پر یہ مندر بہت عمدہ سنگین بنا ہوا ہے **ہنڈبک آف مرے** سے ثابت ہے کہ اسی برس کا عرصہ ہوا کہ اسکو اہلیا بائی راجہ اندر کی رانی نے تعمیر کرایا تہا ❊

کرشنا دوارکا گیا علاقہ بہار مین یہ مندر پرانا اور سنگین بنا ہوا ہے اسمین کئی کتبے کندہ ہین ایک کتبہ بہت بڑا ہے اوسکا حال **جنرل کننگہم صاحب** نے اپنی رپورٹ مین لکہا ہے

کرنا چوپار بنگال احاطہ مین گیا سے سولہ میل جانب شمال برابر پہاڑ پر یہ غار اندر سے صاف و مجلا بودہون کے وقت کا مندر ہے اسکا دروازہ نہایت خوش قطع شمالرویہ بہت عمدہ ۳۳ فٹ ساڑہے چہہ انچہ لمبا اور ۱۴ فٹ چوڑا ہے اور چہت لداونما سطح فرش سے ۱۰ فٹ ۹ انچہ بلند ہے اسکے اندر جانب غرب ایک سنگیاسن بے مورت ایک فٹ ۱۲ انچہ بلند ۲ فٹ ۱۶ انچہ سے دو فٹ ۲ انچہ مربع ہے **رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا** سے واضح ہے کہ اسکی تعمیر کو دو ہزار برس سے زیادہ ہوے اسکے دروازہ پر راجہ اسوکا عرف

پیا داسی کا کتبہ کندہ ہے ٭

کرن مندر یہ دو منزلہ عمارت قلعہ گوالیار مین دوسو فٹ سے ۶۵ فٹ مربع کرن مندر اور کرن محل کے نام سے مشہور ہے اسمین بڑا مکان دو گہیا ۴۳ فٹ سے ۴۰ فٹ مربع ستونون دار ہے اسکے دونون طرف اور چھوٹے چھوٹے مکان ۳۰ فٹ سے ۱۵ فٹ اور ۲۰ فٹ سے بارہ فٹ مربع ہین جانب شمال ایک اور عمارت اسی محل کے متعلق تھی مدت سے اسکو حمام بنالیا ہے رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا سے ثابت ہے کہ یہ عمارت سرتاپا منقش و ملون تھی اور راجہ کرن سنگھ نے ۱۴۵۴ و ۱۴۷۹ ع کے درمیان اپنے حکومت کے عہد مین بنوائی تھی ٭

کلیان ساگر یہ چھوٹا تال بوندیلکھنڈ مین شہر مہوبا سے مشرق کو بیجے ساگر تالاب کے قریب واقع ہے یہ تال بہت پرانا راجہ کلیان کا بنوایا ہوا ہے ٭

کلیان کوٹ ٹھٹھہ مین یہ پرانا قلعہ کلان کوٹ کے نام سے بھی مشہور ہے اسکو اکثرون نے سکندر کا بنوایا ہوا لکھا ہے جب فیروز شاہ تغلق نے اسکو اپنے عہد مین درست کروایا تھا تو اسکا نام تغلق آباد مشہور ہوگیا تھا اب یہ قلعہ بہت شکستہ حال اور ویران ہوگیا ہے ٭

کنڈ الورا یہ بےنظیر اور نہایت خوبصورت وضع کا کنڈ الورا علاقہ دکن مین ۱۵ فٹ مربع ہے اسکے چارون طرف ۴۳ سیڑہیان ہین اور کونون پر چھوٹے چھوٹے مندر چارون طرف سے کہلے ہوے بنا ے ہین ہر مندر مین چار چار ستون منبت کار لگے ہوے ہین اور گوشون پر تہانون مین درخت نہایت خوبصورت معلوم ہوتے ہین جان سیلر وندر زاف الورا مین اس کنڈ کو اوسی وقت کا بنا ہوا لکھا ہے کہ جب نو صدی عیسوی مین یہان مندر بنا ے گئے تہے فجر کے وقت اس جگہہ سینکڑون حسین عورتین نہاتی ہین عجب طرح کی کیفیت ہوتی ہے ٭

کنڈریا مہادیو کہجورا ہو علاقہ مالوہ مین یہ مندر ایک اور پرانے مندر کی جگہہ ہے پہلے شوالہ کا لنگ سنگ مرمر سفید کا ساڑہے چار فٹ مدور اس مندر مین ابتک موجود ہے

یہ عمارت سنگین اور شاندار بنی ہوئی ہے اسمین شیو وشنو اور برہما کی مورتین رکھی ہین اسکی شمال کو دیوی جگت آ کا بھی مندر ہے اوسکی عمارت اس سے بہت کم ہے ؛

کنڈ نرور گوالیار سے ۵۰ میل جنوب کو نالاپور کے قلعہ مین یہ کنڈ پہاڑ کاٹ کر تین سو فٹ مربع بنایا ہے اسکی گہرائی ۲۳ فٹ ہے مگراب مٹی سے اٹ گیا ہے **مارکی اولا جیکل سروے انڈیا رپورٹ** مین لکہا ہے کہ اس کنڈ کو راجہ نالا نے اپنے قلعہ کے ساتھہ بنوایا تہا۔ کئی مندر اس جگہہ مسلمانون کے عہد مین برباد ہو گئے اونکے ٹیلے اب تک باقی ہین

کنڈ واناتیرتھہ یہ چہوٹا کنڈ مع سیڑہیون کے مبی احاطہ مین مالا بار پہاڑ کے غرب مین مندر والوکیشوار کے قریب واقع ہے اسکی نسبت ہندون کا عقیدہ ہے کہ جب لچھمن لنکا کو جاتے ہوے یہان شب باش ہوا اور اوسکو پیاس لگی تو اوس نے اس جگہہ زمین مین تیر مارا یہان پانی نکل آیا بعدہ یہ کنڈ بنا اسکے گرد چہوٹے چہوٹے مندر درختین بہت بہلی معلوم ہوتے ہین +

کنکریا تالاب یہ تالاب سندہ مین شہر احمد آباد سے آدہ میل کے فاصلہ پر باغ کے قریب جہان تکیہ اور ایک پل قطب الدین احمد شاہ گجراتی کے پوتے کا بنوایا ہوا ہے واقع ہے دور تالاب کا ایک میل ہے اسکے بیچ مین ٹیکہ ہے پر بہت سے املی کے درخت ہین گہاٹون کے متصل جو برجیان ہین وہ دور سے نہایت خوشنما معلوم ہوتی ہین ؛

کوٹلہ عیسیٰ خان یہ پختہ چار دیواری جسکے اندر ایک مقبرہ اور مسجد ہے دہلی سے ۲ میل جانب جنوب مقبرہ ہمایون کے قریب واقع ہے مقبرہ کے گرد غلام گردش اور کونون پر چار برج ہین اس عمارت کو عیسیٰ خان ایک امیر نے اسلام شاہ کے عہد ۱۵۴۷ء مین بنوایا تہا بعد وفات یہ شخص اسی مقبرہ مین دفن ہوا تاریخ تعمیر مقبرہ پر کندہ ہے +

کوٹلہ فیروز شاہ ۱۳۵۴ء مین فیروز شاہ تغلق نے فیروز آباد مین قلعہ بنوایا تہا یہ اوسکا کہنڈر کوٹلہ کے نام سے مشہور ہے یہ عمارت دہلی دروازہ شاہجہان کے باہر واقع ہے

چند دروازے اور ٹوٹی دیوارین اب بھی موجود ہین ایک جانب وہ مسجد کہنہ پڑی ہے جہان امیر تیمور کا فتحنامہ پڑھا گیا تھا اور ایک طرف اوس عمارت کا ڈھیر نظر آتا ہے جسمین راجہ اشوکا کی کرنڈ کی لاٹھہ نصب ہے +

کوٹمیشوار دکن مین مہابالیشوار پہاڑی پر یہ مندر کردلیشوار کے مندر سے چھوٹا کنڈہ سیاہ رنگ کا بنا ہوا ہے ہنٹر بک آف مرے مظہر ہے کہ بہت مدت ہوئی جب گوالی نامی ایک راجہ نے اس مندر کو بنوایا تہا +

کوشک انور شاہجہان آباد سے تھوڑی دور کوٹلہ فیروزشاہ کے سامنے یہ عمارت چونہ اور پتھر کی مسمار پڑی ہے آثارالصنادید سے واضح ہے کہ عمارت روشنی کرنے کے لئے بنوائی گئی تھی زمانہ سابق مین یہ رواج تہا کہ پیردستگیر کی نیاز کے وقت کاغذ کی مہندیان بنا کر اوسمین روشنی کیا کرتے تہے چنانچہ اسی غرض سے ۱۳۵۵ء مین اس عمارت کو فیروزشاہ نے بنوایا تہا جب اسکے اوپر چراغ روشن ہوتے تہین تو زیادہ خوشنما تھی باشندگان دہلی اس عمارت کو مہندیان کہتی ہین

کوشک شکار دہلی مین یہ محل جو فیروزشاہ تغلق نے ۱۳۵۴ء کے قریب فیروزآباد سے ۳ میل کے فاصلہ پر بنوایا تہا اب منہدم ہوگیا کہین کہین ٹوٹی ہوئی دیوارین مشکل دکھائی دیتی ہین فیروزشاہ کی دوسری لاٹھہ جو اب فتحگڈہ کے قریب کھڑی ہے پہلے اسی محل مین نصب تھی اور ایک تہخانہ بطور سرنگ اور رستہ کے یہان بہت لمبا بنا ہوا تہا اسکا اب نشان بھی نہین ملتا پیرغیب کے نام سے جو ایک بلند کہنڈر اس جگہہ موجود ہے اسکے نیچے تہخانہ اور اوپر قبر ہے اسکے اوپر چڑہنے سے مینار قطب صاحب اور دور دور کے مکانات و اشجار نظر آتے ہین اس سے تھوڑی دور جانب شمال ایک اور بوسیدہ عمارت چوبرجے کے نام سے مشہور ہے مسٹر بگلر اسسٹنٹ ارکی اولاجیکل سروے آف انڈیا نے اوسکو مسجد کا کہنڈر لکھا ہے

کوشک لال یہ سنگ سرخ کی کہنڈر عمارت شاہجہان آباد سے جانب جنوب حضرت نظام الدین اولیا کے قریب قبرستان مین واقع ہے ۱۲۶۶ء مین سلطان غیاث الدین بلبن نے

یہ ایوان اونہی کے واسطے بنوایا تہا اب اسمین کل دو مکان باقی ہین اور کہنڈرون سے یہ بہی نہین معلوم ہوتا کہ اس مکان کی کیا شکل تہی یہ محل لال محل بہی کہلاتا ہے ؞

کوکانپور ماٹھر یہ کہنڈر مندر جو قلعہ گوالیار سے دکہائی دیتا ہے قصبہ سوہات سلہ کے کہنڈرات سے جانب غرب واقع ہے اسکی بلندی اور لمبائی یکسان یعنے سو فٹ ہے اور باوجود اس قدر پرانے ہونے کے اسکی کندہ کاری اور تعمیر قابل تعریف ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے ثابت ہے کہ اس مندر کو رانی کوکانا وتی نے جو گوالیار کے اول راجہ کی رانی تہی جسکو تخمیناً دو ہزار برس ہوے بنوایا تہا ؞

کیرت ساگر اس تالاب کا دور ڈیڑہ میل ہے یہ بوندیلکہنڈ مین شہر مہوبا کے غرب مین واقع ہے دیکہنے سے اسکی کیفیت معلوم ہوتی ہے آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رقمطراز ہین کہ اس تالاب کو راجہ کرتی وارما نے ۱۰۶۵ء اور ۱۰۸۵ء کے درمیان بنوایا تہا ؞

کیلاش اصل مین یہ نہایت عمدہ اور عالیشان عمارت مہادیو کا مندر ہے اور الورا علاقہ دکن مین اوس مقام پر واقع ہے کہ جہان پہلے مہادیو کا استہان تہا پہاڑ تہوتہا کرکے یہ بے نظیر عمارت ایسی عمدہ بنائی ہے کہ دیکہنے والے کو حیرت آتی ہے دروازہ اسکا جسمین چند مکان ہین بہت خوبصورت شرقرویہ بنا ہوا ہے اوسمین دائین طرف بہوانی کی مورت اور بائین طرف گنیش کی صورت کندہ ہے دروازہ سے اوتر کر صحن مین ایک پل بنا ہوا ہے اوسکے بین دیسا دو ہاتی کی مورتین ہاتی کے قد کی برابر کہڑی ہین اور آگے ایک مربع عمارت واقع ہے اسمین دو دروازے جانب شرق و غرب اور دو کہڑکیان جانب جنوب و شمال بنی ہوئی ہین اور بیچ مین چبوترہ پر نندی یعنے بہت بڑی بیل کی مورت غرب رویہ بیٹہی ہے اسکے دونون طرف صحن مین کہڑکیون کے متصل دو چوپہل لاٹہین ام - ام فٹ بلند قائم ہین نیچے سے ہر ایک لاٹہہ ۱۱ فٹ اور اوپر سے ۷ فٹ ۲ انچہ مربع ہے اوپر نہایت خوشوضع کندہ کاری کی ہوئی ہے تالیف جان سیلی صاحب سے واضح ہے کہ پہلے انپر شیر کی مورتین بیٹہی تہین

مکان نندی کے غرب مین ایک اور پل ہے اوسکے دوسرے سرے پر اصل مندر بہت بلند کرسی پر نہایت خوبصورت بنا ہوا ہے اور اوسکے پانچ دروازے ہین بڑا دروازہ جو جانب شرق مکان نندی کے روبرو بنا ہوا ہے اوسکے اوپر نقار خانہ اور آگے شمال اور جنوب کی طرف سیڑہیان ہین جانب غرب اس دروازہ کے ایک بہت بڑا نشیمن ہے اوسمین لنگ رکھا ہے اس نشیمن کے دائین بائین دو چہوٹے غربی دروازے ہین بہ نسبت انکے شمالی اور جنوبی دروازے زیادہ وسیع اور خوبصورت بیچ مین بنے ہوے ہین انکے روبرو سیڑہیون پر دو سنگین شامیانے بطور سایبانون کے دو دو منبت کار ستونون پر بنے ہوے ہین اور ستون چہوٹی چہوٹی ہاتیون کی مورتون پر ایستادہ ہین علاوہ انکے دونون دروازون کے چپ و راست قد آدم چوبدارون کی مورتین اتنی عمدہ بنائی ہین کہ اونکی تعریف نہین ہوسکتی اندر سے یہ پاگوڈا ایک سو۴۴ فٹ لمبا ہے اوراسمین چوہل چالیس ستون لگے ہوے ہین اندر اور باہر بیشمار مورتین راجہ جنک - راجہ برج - راما - راون - گنترداس - پانڈو کرب بستیا وغیرہ کی کندہ ہین کہین گاڑیون مین رانیان سوار ہین کہین مہابہارت کے آثار نمودار ہین ان مورتون کو دیکھکر آدمی متعجب رہجاتا ہے پاگوڈے کے غربی دروازون سے اوترکر چہوٹے چہوٹے اور مکان ہین اور صحن کے گرد سوا مشرق کے بہت بڑے اور لمبے تین دالان ہین انمین ایک سو چھتیس ۱۳۶ چوہل ستون لگے ہوے ہین اس عمارت کی خوبی کا کچھہ بیان نہین ہوسکتا نوسو برس سے زیادہ گزرے جب یہ مندر بہت سخت پہاڑ تھو تھا کرکے بنایا گیا تھا اب بہی یہ شوالہ خوب آباد ہے اسمین سینکڑون برہمن رہتے ہین

باب گاف

گدھدوارا احاطہ بنگال علاقہ بہار مین گریک گانو سے ۴ میل مغرب کو یہ قدرتی غار ہے **جنرل کننگہم صاحب** لکھتے ہین کہ یہ غار اندر سے اسقدر گرم و تاریک ہے کہ جانے والے کا دم گہبرا جاتا ہے اسکا طول ۴۹ فٹ اور عرض ۱۰ فٹ اور بلندی چہت کی سطح غار سے ۱۷ فٹ ہے

گرجا گھر شاہجہان آباد مین کشمیری دروازہ کے قریب یہ بہت بڑی مسیحی عبادتگاہ ہے اسکے گرد غلام گردش ہے اور زیر گنبد بڑا کمرہ بنا ہوا ہے اوسمین سنگ مرمر کا فرش ہے پہلے

اسکے برج پر ایک کلس صلیب نما سنہری تہا ایام غدر مین سپاہیون نے گولیان مارکر اوسکو خراب کردیا تہا اب اوسی وضع کا سفید کلس اوس سنے بڑا لگا ہوا ہے پہلا کلس عجائب خانہ دہلی مین رکہا ہوا ہے اس گرجا کے احاطہ مین سرسیتا فلس مٹکاف صاحب اور ولیم فریزر صاحب اور کرنیل جیمس سکنر صاحب کی قبرین موجود ہین آثار الصنادید و دیگر کتب سے ثابت ہے کہ اس عمارت کو کرنیل جیمس سکنر صاحب نے ۱۸۲۶ء مین بنوانا شروع کیا کئی سال کے عرصہ مین بصرف نوے ہزار روپیہ کے تیار ہوا سنگ مرمر کی قیمت نوے ہزار روپیہ سے علیحدہ ہے اکثر مورخین نے اسکی لاگت مع قیمت سنگ مرمر کے ایک لاکہہ اور ایک لاکہہ چودہ ہزار روپئے لکہے ہین ؀

گرو کا تال یہ تالاب آگرہ سے ساڑہے چار میل سکندرہ کی سڑک سے جانب شمال پانسو ۴۴ فٹ سے پانسو ۴۴ فٹ مربع ہے نہین معلوم کس وجہ سے گرو کا تال مشہور ہے ارکی اولاجیکل اسسٹنٹ سروے آف انڈیا نے اسکو سکندر لودہی کا بنوایا ہوا لکہا ہے اسکو بنے ہوے ساڑہے تین سو سال سے زیادہ ہوے ؀

گڑہ کالنجر یہ پرانا اور مضبوط قلعہ بوندیلکہنڈ مین باندہ سے ۳۳ میل کے فاصلہ پر واقع ہے اسکی دیوار کا آثارہ ۲۰ فٹ ہے اس قلعہ کے سات دروازے ہین کچہہ قدیم اور کچہہ جدید بنے ہوے ہین اونپر مورتین اور عالمگیر کے فتحنامے کندہ ہین فصیل اسکی کہین کہین سے بوسیدہ ہو چلی ہے یہان کئی چشمے اور مندر ہین **تاریخ فرشتہ و نورتہ وسٹرن پراونسز گزٹیر** سے ثابت ہے کہ اس قلعہ کو راجہ کدار نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین بنوایا تہا ؀

گڑہ کانگڑہ یہ بہت مضبوط اور پرانا قلعہ پنجاب مین انبالہ سے پچاس کوس کے فاصلہ پر واقع ہے مدت سے یہ قلعہ ویران پڑا تہا سرکار انگریزی نے اسکی مرمت کروالی ہے اور ایک قید خانہ یہان تجویز کیا ہے ؀

گنبد تگی یہ بہت بڑی چونہ گچ کی عمارت دہلی سے جنوب کو قطب صاحب کی مینار اور مہرولی کے درمیان بہت بلندی پر موسوم بہ مقبرہ ادہم ہے اصل مین یہ مقبرہ اکبر بادشاہ کی دایہ

ماہم بیگم اور اوسکے بیٹے ادہم خان کا ہے جو بموجب حکم اکبر شاہ کے مارا گیا گرداس مقبرہ کے غلام گردش ہے بیچ کا مکان جہان قبرین تہین بہت بڑا ہے اب سرکار نے اس عمارت کو ڈاک بنگلہ مقرر کیا ہے غلام گردش مین ایک زینہ ہے اسکے اوپر کاریگر نے ایسی اوٹ رکہی ہے کہ آدمی اس خیال سے اوپر چڑہ جاتا ہے کہ اسی رستہ سے واپس آجاویگا مگر واپس آنے کے وقت یہ رستہ نگاہ سے بچ جاتا ہے اس وجہ سے لوگ اسکو بہول بہلیان ہی کہتے ہین چند سال ہوے کہ اسی مقبرہ کا ایک سنگ مرمر کا تعویذ غلام گردش مین رکہا تہا نہین معلوم اب وہ کیا ہوا پہول والون کی سیر کے دنون مین صاحب لوگ اسی جگہہ قیام کرتے ہین اس عمارت کا برج بہت بڑا ہے ۱۵۶۳ع مین اکبر بادشاہ کے حکم سے یہ مقبرہ تعمیر ہوا +

گنبد گنج بخش احمداباد سے ساڑہے ۴ میل جانب جنوب شرق قبرستان سرگنج مین یہ مقبرہ شیخ احمد بخش احمد شاہ گجراتی کے مرشد کا ایک مشہور درگاہ ہے ۱۴۴۵ع مین جب انہون نے وفات پائی تو محمود شاہ گجراتی نے اسکی تعمیر شروع کی یہ عمارت ہنوز ناتمام تہی کہ محمود گجراتی فوت ہوا اور قطب الدین احمداباد کا بادشاہ ہوا اوسنے اس عمارت کو اتمام پر پہنچایا یہ عمارت گنبددار ہے اسکے اندر چاندی کی زنجیر لٹکی ہوئی ہے ایک طرف اسکے سنگین مسجد اور دوسری طرف ایک اور مربع عمارت متعلقہ آستانہ واقع ہے دروازہ درگاہ پر فارسی کتبہ کندہ ہے +

گپتی وائی شہر وائی علاقہ دکن مین لب دریا یہ مندر نہایت عمدہ بنا ہوا ہے اسکے اوپر بہت نفیس کندہ کار پتہر لگے ہوے ہین ہنڈبک اف بمبئی سے واضح ہے کہ نوے برس ہوے جب اس مندر کو بالا صاحب رستیا نامے مرہٹہ نے بنوایا تہا +

گندہن ساگر روہیلکہنڈ مین قلعہ چہترا سے ایک میل غرب رخ یہ تالاب سوا سو بیگہ کا ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکہا ہے کہ یہ تالاب اوسی وقت کا بنا ہوا ہے کہ جب راجہ ادی نے قلعہ چہترا یعنے ادی کوٹ بنایا تہا ادی ساگر اس سے ۱/۴ میل کے فاصلہ پر ہے

گنگا دوارا گڑہ مکتیسر مین لب دریاے گنگ گہاٹون کے متصل یہ مندر سنگین بنا ہوا ہے بنانے والے

اس مندر مین بہی دشمن کو آتے ہین اسکے متصل ایک اور پُرانے مندر مین کنوان ہے اوسکو برہما کنڈ
اور نگا کنوان کہتے ہین آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ مین اس کنوئین کو بارہ سو
برس کا پُرانا لکہا ہے ؞

گنگولا تالاب قلعہ گوالیار مین تیلی مندر کے قریب یہ تالاب دوسو فٹ مربع اور پُرانا بنا ہوا ہے
ارکی اولاجیکل سروے آف انڈیا نے لکہا ہے کہ جہانگیر کے عہد مین اسکی مرمت ہوئی تہی ؞

گوالیپا اس مندر کو گوالی بہی کہتے ہین یہ چہوٹی سی عمارت قلعہ گوالیار مین اوس جگہہ واقع ہے کہ
جہان پہلے اسی نام کا بڑا بتخانہ قلعہ کے ساتہہ کا بنا ہوا تہا ڈایرکٹر جنرل کننگہم صاحب
تحریر فرماتے ہین کہ اوس مندر مین گوالیا مان کی مورت تہی جسکے سبب سے قلعہ کا نام گوالیاوا
اور گوالیار ہوا سنہ ۱۶۶۴ع مین اوس مندر کو نواب معتمد خان نے توڑا بعدہ یہ مندر بنا اور اوسی نام سے
مشہور ہوا اسکا بہت چہوٹا برج چار ستونون پر بنا ہوا ہے اسکے سامنے ایک لاٹہہ نصب تہی
اوسکو دیپ والا اس وجہ سے کہا کرتے تہے کہ اوسکے طاقچون مین چراغ جلا کرتے تہے ؞

گوپی کا کہوہ پہار مین گیا سے ۲ میل جانب شمال ترجونی کے پہار مین یہ غار واقع ہے دروازہ
اسکا ایک درخت اور عیدگاہ کی اوٹ مین ہوگیا ہے یہ غار اندر سے بہت خوبصورت گول
۲۴ فٹ لمبا اور ۱۹ فٹ ۲ انچہہ چوڑا بنا ہوا ہے اور چہت لداو کی وضع پر فرش سے ۱۰ فٹ
۲ انچہہ بلند ہے اسکے اندر ایک خشتی چبوترہ تہوڑے عرصہ کا بنا ہوا ہے ایک بزرگ سلمان حاجی
حرمین کے خلیفہ نے جو اس غار مین رہتے تہے یہ چبوترہ بنوایا تہا دروازہ اس غار کا ۶ فٹ
بلند ہے اوسکی پیشانی پر ۱۰ سطر کا کتبہ اشوکا کے وقت کا مثل کتبہ غار لوماس رشی کے کندہ
ہے یہ غار بہت خوبصورت مجلا و مصفا ہے اسمین ابتک کسیطرحکا نقص نہین آیا ہے ؞

گوجری باولی یہ باولی گوالیار مین گوجری محل کے قریب ۸۰ فٹ سے ۳۰ فٹ مربع ہے
اور پانی کے اندر تک اسکی سیڑہیان بہت خوبصورت بنی ہوئی ہین ارکی اولاجیکل سروے
انڈیا رپورٹ سے منکشف ہے کہ اس باولی کو راجہ مان سنگہ کی رانی نے جو قوم گوجری تہی

اپنے محل کے ساتھہ بنوایا تہا اسکو بنے ہوے تین سو برس سے زیادہ ہوے ❊

گوجری محل یہ دو منزلہ عمارت گوجری باولی کے قریب زیر دروازہ بادل گڈہ اوسی نے کی بنوائی ہوی ہے اسکا طول تین سو فٹ اور عرض دو سو بیس فٹ ہے اب کہنگی کے سبب اکثر جگہہ سے خراب ہو گئی ہے اسکے اندر چہوٹے چہوٹے مکانون مین تاریکی بہت ہے ❊

گورکھ کا کہوبا ہنگلاج کے پہاڑ مین ٹھٹھہ کے قریب یہ غار گورکھ کا کہوبا اس وجہ سے کہلاتا ہے کہ اسمین گورکھ ناتھہ اوتار رہتا تہا چنانچہ جو ہندو یہان آتا ہے اس غار مین ایک لکڑی ڈال جاتا ہے یہان سے دو میل کے فاصلہ پر ایک دہرم سالہ واقع ہے اور اوس سے آدہ میل آگے بڑہکر ایک کنوان بہت پرانا ۵½ فٹ کے قطر کا ۵۰ فٹ گہرا ہے اوسکے اندر پانی تک جانیکا ایک قدرتی رستہ ہے اور ایک محراب پہاڑ مین جیسی دالیون مین بناتے ہین قدرتی ہے ❊

گورکھ ناتھہ یہ چوہل مندر مع دو اور چہوٹے چہوٹے مندرون کے شکم مین تسیدنگ پہاڑی پر واقع ہے اسکے اندر کئی مورتین بدہ وغیرہ کی رکہی ہین اور گورکناتھہ کی بڑی مورت سنگہاسن پر پوشاک پہنے بیٹہی ہے مندر کی شکل دو منزلہ مکان کے موافق ہے اسپر کوئی برج یا گنبد نہین لیکن عمارت سنگ کی نسبت کارا و منقش ہے اور دروازہ دیوڑہی کی مانند بہت لمبا بنا ہوا ہے اسمین سواے مورتون کے کئی سو کتابین بودہ مذہب کی رکہی ہین ڈاکٹر ہوکر ہمالائن جرنیل جلد اول سے ظاہر ہے کہ یہ عمارت ۱۴ صدی عیسوی مین تعمیر ہوئی تہی ❊

گول گہر بانکے پور مین یہ خوبصورت عمارت بہت بلند اور گول بنی ہوئی ہے اسکو بنے ہوے عرصہ ہوا اسکے اوپر چڑہ کر تمام شہر پٹنہ کی کیفیت نظر آتی ہے ❊

گہاٹ بنارس دریاے گنگ کے کنارہ یہ گہاٹ ایک میل سے زیادہ دور تک بہت خوبصورت اور مضبوط بنے ہوے ہین اور سینکڑون دو منزلہ و سہ منزلہ مکان ہر ایک وضع کے موجود ہین اسی گہاٹ دور دو نہین فجر کے وقت جب بنارس کی خلقت یہان نہاتی ہے تو عجیب کیفیت نظر آتی ہے یہ گہاٹ مختلف اوقات مین بنارس کے مہاجن اور رئیسون نے بنواے ہین ❊

گہاٹ ہردوار یہ گہاٹ ہردوار مین لب گنگ ہے اوپر سے ۲۴ فٹ اور نیچے سے ۹۰ فٹ چوڑا ہے پانی تک اسکی سیڑہیان ۶۹ شمار کی گئی ہین رپورٹ آرکی اوجیکل سروے انڈیا سے واضح ہے کہ اس گہاٹ کے اوپر سے بہت آدمی ضایع ہوجاتے تہے اس سبب سے اسکی متصل راجہ مان سنگہ نے ایک اور گہاٹ بنوادیا ہے ماہ اپریل مین جب نہان ہوتا ہے تو ہر طرف سے لاکہون آدمی یہان آتے ہین ◆

گہوڑے کی قبر جیسی کہ دلی مین شیر کی قبر اور ستارا مین سولی گانو کے قریب کتے کی قبر ہے اسی طرح اگرہ سے چار کوس سکندرہ کی راہ مین سرائے کاچہی کے قریب گہوڑے کی قبر ہے صورت اسکی یہ ہے کہ ایک مربع چبوترے پر گہوڑے کی سنگین مورت گہوڑے کے قد کی برابر استادہ ہے رپورٹ اسٹنٹ ارکی اولاجیکل سرویر انڈیا سے واضح ہے کہ سکندر لودہی کے عہد مین کسی امیر کا گہوڑا لڑائی مین مرگیا تہا اوسنے اوسکی یادگار کے واسطے یہ قبر بنوادی ہے اسکے قریب ایک آدمی کی بہی قبر ہے اوسکو لوگ سائیس کی قبر کہتے ہین ◆

کہتیسوارہ دیوی گیا علاقہ بہار مین یہ مندر اوس جگہہ واقع ہے کہ جہان پہلے اسی نام کا ایک مندر تہا جنرل کننگہم صاحب کی رپورٹ سے ظاہر ہے کہ یہ مندر تہوڑے دنون کا بنا ہوا ہے اسمین درگا کی مورت مہیشر کو ذبح کر رہی ہے اسکی پاس اور کئی مندر اس سے چہوٹے ہین ◆

باب اللام

لاٹہہ الہ اباد یہ لاٹہہ الہ اباد کے قلعہ مین نصب ہے اصل مین اسکو راجہ اشوکا عرف پیاداسی نے دوسو چالیس برس پہلے عیسوی صدی سے اپنی اور لاٹہون کے ساتہہ بودہ مذہب کے احکام جاری کرنے کے واسطے بنوایا تہا جب سمدر اگپتا راجہ ہوا تو اوسنے اپنی حکومت ظاہر کرنے کو اسپر لکہوایا کہ میری سلطنت ہندوستان مین نیپال سے دکہن تک اور گجرات سے آسام تک ہے پہر ۱۶۰۵ع مین جب جہانگیر الہ اباد مین تخت پر بیٹہا تو اوسنے قلعہ مین نصب کرکے اسپر اپنے جلوس کی تاریخ کندہ کروائی اب اس لاٹہہ پر یہ تینون تحریرین موجود ہین اور سینکڑون

نشانیان اور نام لوگون کے جیسے دہلی مین لوہی کی لاٹھہ پر مین اسپر بہی کندہ ہین جن جگہہ اب یہ لاٹھہ نصب ہے یہان ١٨٣٨ء مین کپتان ایڈ وارڈ سمتھہ صاحب انجنیر نے نصب کردائی ہے ٭

رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے واضح ہے کہ اس لاٹھہ پر شیر کی مورت سوافق مورت لاٹھہ بکھرکے بیٹھی تہی اب جو بد وضع مورت اسپر بنی ہوئی ہے یہ تہوڑے دنون کی ساخت ہے ،

لاٹھہ بکرور یہ لاٹھہ بہی بنوائی ہوئی راجہ اشوکا کی دو ہزار برس سے زیادہ پرانی ہے ام گیا یعنے صاحب گنج مین واقع ہے اسکی بلندی سولہ فٹ ہے ڈایرکٹر جنرل کننگھم صاحب رقمطراز ہین کہ پہلے یہ لاٹھہ بدہ گیا سے شرق دریاے پہالگو کے پار متصل بکرور گانو کے جو بہل اجیا پور کہلاتا تہا ٹوٹی پڑی تہی چنانچہ اب تک وہان اسکے اوپر کے دو چہوٹے ٹکڑے پڑے ہین ١٨٩٠ء مین چارلس ہوڈم صاحب نے وہان سے ٹکڑا لاکر یہان قایم کیا ہے ٭

لاٹھہ بہار بہار کے پرانے قلعہ مین شمالی دروازہ سے سو گز کے فاصلہ پر یہ لاٹھہ بہت ٹوٹی پڑی ہے اور ایک کہمبہ کے نام سے مشہور ہے اسکے کتبون کے حروف جو راجہ اشوکا اور راجہ کومارا گپتا کے وقت کے ہین نہایت خراب ہوگئے ہین اور نیچے کے کتبے کا تو ایک حرف سے ٹکڑا ہی ندارد ہے اوپر کا کتبہ موافق کتبہ بہٹاری کی لاٹھہ کے ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے واضح ہے کہ اس لاٹھہ کو بنے ہوے دو ہزار برس سے زیادہ ہوے

لاٹھہ بہٹاری بنارس کے قریب جو بہٹاری نامے جگہہ ہے وہان یہ لاٹھہ اوپر سے بالکل صاف اور گول ایک سلی سرخ پتہر کی سطح زمین سے ١٥ فٹ ٥ انچہ بلند ہے اسکا سر اشوکا کی لاٹھون کے سر کے مانند گہنٹال کی صورت بنا ہوا ہے اوسکا ایک گوشہ بجلی کے صدمہ سے ٹوٹ گیا ہے اسپر ایک کتبہ ١٩ سطر کا راجہ گپتا کا کندہ ہے رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا سے واضح ہے کہ یہ لاٹھہ ایک ہزار چہہ سو اٹھاون برس کی بنی ہوئی ہے ٭

لاٹھہ بہیم سین اس لاٹھہ کو بکھر مین بہیم سین کا ڈنڈا کہتے ہین یہ سلی اوپر سے نیچے تک گول اور جلا لگی ہوئی ایک مکان کے صحن مین ١٠ فٹ بلند ہے اسکے سر پر بیٹھک اور بیٹھک پر

شیر کی مورت شیر کی برابر مونہہ کہولے بیٹہی ہے جنرل کننگہم صاحب کی تحقیقات سے
واضح ہے کہ یہ لاٹہہ چودہ فٹ سے زیادہ زمین مین گڑی ہوئی ہے اسپر کوئی کتبہ کندہ نہین جس سے
ثابت ہو کہ کسنی بنائی مگر اسکی وضع بالکل راجہ اشوکا کی لاٹہون سے ملتی ہوئی ہے ؛

لاٹہہ دیوٹ شہر مہوبا علاقہ بوندیلکہنڈ مین مدن ساگر کے قریب یہ لاٹہہ ایک مندر کے
روبرو واقع ہے اور سطح زمین سے ۱۸ فٹ بلند ہے نیچے سے یہ لاٹہہ پونے دو فٹ مربع مین [شش پہلو]
اور اوپر سے گول مثبت کار ہے اسکے چارون طرف چار شیر کے سر بہت خوشنما کندہ ہین اونکی
گردنون مین زنجیرین اور گہنٹیان بنائی ہین ضرورت کے وقت لوگ اسپر روشنی کے واسطے چراغ
رکہدیتے ہین اس سبب سے اسکا نام دیوٹ اور دیپن مشہور ہے اسپر کوئی تحریر نہین ہے رپورٹ آرکی
اولاجیکل سروے انڈیا مین اسکو اس مندر کے ساتہہ کی تعمیر لکہا ہے جو اسکے قریب واقع ہے ؛

لاٹہہ سنکیسا سنی پور اور فتحپور کے درمیان جو سنکیسا شہر تہا اور اب گانو رہگیا ہے وہان
بساری دیوی کے مندر سے چار سو فٹ جانب شمال صرف اس لاٹہہ کا سر پڑا ہوا ہے کچہہ پتا نہین کہ
وہ کہان گئی اور کیا ہوئی اس لاٹہہ کے سر پر ایک ہاتی کی مورت بہت خوبصورت بنی ہوئی ہے
لیکن اسکی دم اور سونڈ ندارد ہے آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ سے ثابت
ہے کہ اس لاٹہہ کو راجہ اشوکا نے ڈہائی سو برس پہلے عیسوی صدی سے بنوایا تہا

لاٹہہ کوڑی پونا سے احمدنگر کو جاتے ہوئے کوڑی گانو کے قریب یہ سیاہ پتہر کی
لاٹہہ خوب جلا کی ہوئی ۲۵ فٹ بلند اور میدان مین نصب ہے اسکے دونون کتبون مین جو زبان
انگریزی اور مرہٹی مین کندہ ہین اوس لڑائی کا حال لکہا ہوا ہے جو ۱۸۱۸ع مین سرکار انگریزی
اور مرہٹون کے درمیان ہوئی تہی ؛

لاٹہہ کوسمبی الہ آباد سے ۳۰ میل دریاے جمن کے کنارہ کہنڈرات کوسمبی مین یہ لاٹہہ
راجہ اشوکا کی بنوائی ہوئی ہے اوسنے ڈہائی سو برس قبل عیسوی صدی کے یہان نصب
کروائی تہی اب اسکو رام چہڑی اور بہیم سین کا ڈنڈا کہتے ہین رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا

سے ثابت ہے کہ پہلے یہ لاٹھہ ۴۳ فٹ بلند تھی اب ٹوٹ جانے اور ٹیلے مین دب جانے سے
۱۴ فٹ رہگئی ہے اسکے دو ٹوٹے ہوے ٹکڑے بہی اسکے پاس پڑے ہین اونمین سے ایک
۱۴ فٹ ۶ انچہ اور دوسرا ۲ فٹ ۲ انچہ لمبا ہے رپورٹ ارکیولاجیکل سروے انڈیا
سے واضح ہے کہ جسقدر یہ لاٹھہ باہر دکہائی دیتی ہے اسیقدر یعنے ۱۴ فٹ زمین مین گڑی ہوئی
ہے اسکو ٹوٹے ہوے پچاس برس سے زیادہ ہوے اسکا کتبہ ایک ہزار چھہ سو اٹھاون برس
کا یعنے راجہ گپتا کا کندہ کروایا ہوا ہے اسکی وضع الہ آباد کی لاٹہہ سے بہت ملتی ہے ؛

لاٹھہ کھانو گورکھہ پور سے ۴۶ میل جانب جنوب مشرق اور کھوکہندو سے ۹ میل
جنوب رخ کہانوگا نو مین ایک مندر کے ٹیلہ کے سامنے یہ سل نیچے سے اوپر تک بہورے
رنگ کے پتہر کی بہت خوش وضع بنی ہوئی ہے اور سطح زمین سے ۲۴ فٹ ۳ انچہ بلند ہے
پہلے جب اسپر کلسی یا مورت ہوگی تو اسکی بلندی ۲۸ فٹ ۲ انچہ سے کم نہوگی کلسی یا مورت کے
ہونے کی دلیل یہ ہے کہ ابتک اسکے سر پر ایک کیل گڑی ہوئی ہے سطح زمین سے یہ لاٹھہ
ساڑہے چار فٹ کی بلندی تک ایک فٹ ۱۰ انچہ مربع ہے اور اس مقام سے چھہ فٹ
۲ انچہ اوپر کو ہشت پہل ہے اوپر پھر پانچ فٹ ساڑہے دس انچہ سولہ پہل بنی ہوئی ہے
اسکے اوپر دو فٹ ڈیڑہ انچہ مدور اور پھر ۹ انچہ کی بلندی جو ۱۰ انچہ مربع ہے اوسمین خوبصورت
نبت کا کام ہے اسکے اوپر ساڑہے چار انچہ کی بلندی تک گول اور اوسپر ڈہائی فٹ لمبی گہنٹال
بنی ہوئی ہے اور اوسپر مربع سر نعبر کلس کے چار فٹ ساڑہے چار انچہ اونچا ہے اسمین چارون
طرف طاقچون کے اندر ایک ایک مورت ننگی عورت کی کہڑی ہے سب سے نیچے کا جزو جو مربع
ہے اوسکے شمال رویہ طاقچہ مین ایک اور بڑی ننگی مورت کہڑی ہے اوسکے ہاتہہ گہٹنون سے
بہت نیچے لٹکے ہوے ہین اور پیچہے سات سر کا سانپ کنڈلی مارے چہتر کر رہا ہے
اس مورت کے روبرو دو اور چہوٹی مورتین ہین ایک مرد اور دوسری عورت ہے یہ گہٹنے
ٹیکے ہوے اوسکو کچھہ نذر دکہا رہے ہین اس لاٹہہ پر ایک بارہ سطر کا کتبہ گپتا حروف مین کندہ

ہے اور سولہ سو اٹھا دن برس سے زیادہ پرانا ہے جنرل کننگھم صاحب تحریر فرماتے ہین کہ اس کتبہ مین اندر مندر کی مورتین بنائے جانے کا حال لکھا ہوا ہے ❊

لاٹھہ گوالیار قلعہ گوالیار مین مندر ساس بہو کے سامنے یہ لاٹھہ سطح زمین سے ساڑھے ۲۰ فٹ بلند ہے اسکا قطر نیچے سے دو فٹ اور اوپر سے ڈیڑہ فٹ ہے اسکے کتبہ مین جواب بوسیدہ ہوگیا ہے یہ لکھا ہوا ہے کہ یہ مندر راجہ مہی پال نے تعمیر کروایا اس وجہ سے صاف ظاہر ہے کہ یہ لاٹھہ صرف مندر کی تاریخ تعمیر کے واسطے ۱۰۹۲ء مین بنی تھی

لاٹھہ لوریا اراراج حاجی پور سے ۶۰ میل اور کیسریا سے ۲۰ میل جانب شمال مغرب لوریا اراراج گانو مین یہ لاٹھہ اوپر سے نیچے تک ایک سلی زردی مائل پتھر کی سطح زمین سے ساڑھے ۳۶ فٹ بلند ہے باہر یکسان مدور و مصفا ہے اور جسقدر کہ زمین کے اندر دبی ہوئی ہے وہ ناہموار اور کھردری ہے اسپر ہی مورت بنی ہوئی تھی اسکو بنے ہوے دو ہزار برس سے زیادہ ہوے جنرل کننگھم صاحب نے اسکا وزن ایک ہزار چالیس من لکھا ہے اسکے اوپر راجہ اشوکا کا کتبہ چہارہ سطر کا جانب شمال اور ۲۳ سطر کا جانب جنوب کندہ ہے ❊

لاٹھہ ناوندگڈہ یہ لاٹھہ پٹنہ سے جانب شمال لوریا ناوندگڈہ کے قریب شرک اعظم کے نیچے نصب ہے اسکی خوبصورتی اور نزاکت قابل تعریف ہے اسکی اوپر شیر کی مورت صلی شیر کے برابر شمال رویہ مونہہ کہولے بیٹھی ہے اور ایک جانب راجہ اشوکا کا کتبہ دو ہزار برس سے زیادہ کا کندہ ہے سطح زمین سے یہ لاٹھہ ۳۲ فٹ ساڑہے نو انچہ بلند ہے اسکا سر جو ۶ فٹ ۱۰ انچہ لمبا گھنٹال کی صورت بنا ہوا ہے اوپر ایک بیٹھک اور بیٹھک پر شیر کی مورت بیٹھی ہے یہانکے ہنود اس لاٹھہ کو بہیم لڑی کہتے ہین اور راجہ بہیم پانڈو کی جانگر اسکی پوجہ کرتے ہین ❊

لاٹھہ ہتیا دہ دیو گانو سے ۱۲ میل بنارس اور اعظم گڈہ کے درمیان ہتیا دہ تال کے بیچ مین یہ لاٹھہ ۱۲ فٹ ۹ انچہ بلند بنی ہوئی ہے اسکا قطر نیچے اور اوپر یکسان ۱ فٹ ساڑہے پانچ انچہ ہے جنرل کننگھم صاحب بہادر کی رپورٹ سے واضح ہے کہ اسکے کتبہ مین یہ لکھا ہے

کہ یہ تال بلان ٹہاکر گوسالہ دیوی راجہ گوندا کی رانی اور چندا دیوا وغیرہ نے پانچوین اساڈہ سمت ۱۱ بکرماجیت مطابق ۱۰۰۰ء کو بنوایا تھا ؛

لاٹھ ہنومان پتری علاقہ اوڑیسہ مین جگناتھ کے مندر کے قریب یہ سولہ پہلو کی خوبصورت لاٹھ ایک پتھر کی ۳۵ فٹ بلند ہے اسکے سر پر نشستگاہ ہی اور اسپر ہنومان کی مورت بنی ہوئی ہے کو زمانی تہا لوجی سے واضح ہے کہ یہ لاٹھ جگناتھ کے مندر کے ساتھ ۱۱۹۸ء مین راجہ انگ بہیم دیو نے بنوائی تہی سولہ پہلو کی تراش سے یہ لاٹھ بہت خوبصورت معلوم ہوتی ہے

لال باگ میسور مین سرنگاپاٹم یا سرنگ پٹن کے جنوب مین یہ عمارت بارہ دری کی صورت حیدر علی اور ٹیپو سلطان کا مقبرہ ہے جب ۷ دسمبر ۱۷۸۲ء کو حیدر علی فوت ہوا تو اوسکے بیٹے ٹیپو سلطان نے یہ مقبرہ بنوایا اسمین سنگ سیاہ کے ستون بہت عمدہ اور نازک لگے ہوے ہین تھورنٹن گزیٹیر انڈیا کا بیان ہے کہ بعد وفات ٹیپو سلطان بہی اسی مقبرہ مین مدفون ہوا

لال برج یہ خوشنما برج زیر فصیل احمد آباد واقع ہے اور مانک برج کے نام سے مشہور ہے اسکے کنوئین پر رہٹ چلتا ہے اُسکے ذریعے جیلخانہ کے حوض مین پانی جاتا ہے ہنڈبک اف مرے سے ثابت ہے کہ جب ۱۴۱۱ء مین احمد شاہ نے شہر احمد آباد بنوانا شروع کیا تو اول پتھر اوسکی بنیاد کا اپنے ہاتھ سے اسی جگہہ رکہا تہا اس وجہ سے یہ برج بطور یادگار فصیل کے ساتھ تعمیر ہوا تھا ؛

لال بنگلہ یہ لال کور شاہ عالم کی ماں کا مقبرہ ہے شاہ عالم نے شاہجہان آباد کے جنوب کو پرانے قلعہ اور عرب سرائے کے درمیان جہان قبرستان ہے ۱۷۷۹ء مین تعمیر کرایا تھا اسکے لال بنگلا مشہور ہونے کی دو وجہ ہین اول یہ کہ اسمین لال کور دفن ہے دویم یہ عمارت لال پتھر کی ہے اسکے قریب ایک گنبد اور دو مجرے ہین مولوی سید احمد خان صاحب نے لکہا ہے کہ گنبد مین بیگم جان کی قبر اور مجرون مین فتح آبادی بیگم اور مبارک بیگم اور مرزا بلاقی کی قبرین ہین دونو مجرون کو بہادر شاہ ثانی نے بنوایا تہا +

لال دروازہ یہ شیرشاہ کی دلی کا کابلی دروازہ ہے اور شاہ جہان اباد کے دہلی دروازہ سے
جنوب رخ جیلخانہ کے قریب سنگ سرخ و سنگ خارا سے بنا ہوا ہے اوسکے اوپر اور مکان بہی
ہین مگراب وہ بالکل شکستہ حال ہین مولوی سید احمد خان صاحب نے اسکو ۱۵۴۰ء کا بنا ہوا لکہا ہے
لال کوٹ یہ بہت نامی اور پُرانا قلعہ ہے جسکو اننگ پال ثانی نے ۱۰۵۲ء مین بنوایا تہا
یہ عمارت دہلی سے جنوب رخ قطب صاحب کی مینار سے تہوڑی دور مسمار پڑی ہے اسکا دور سوا
دو میل ہے اسکی فصیل نیچے سے ۲۸ اور ۳۰ فٹ کے آثار سے نہایت مضبوط بنی ہوئی ہے اور موافق
قلعہ تغلق آباد کے خندق کی تہ سے ۶۰ فٹ بلند ہے اسکے گرداگرد اسی فٹ کے تفاوت سے
۴۵ برج تیس تیس فٹ بلند ہین اونکا قطر ۶۰ فٹ سے ۱۰۰ فٹ تک ہے اور دو برج جو جانب شمال
فتح برج اور سوہن برج کے نام سے مشہور ہین اونکا قطر اور بہی زیادہ ہے بڑا دروازہ اس قلعہ کا بالکل
تعمیر ہوا ہے اور یہ ۱۷ فٹ چوڑا ہے پہلے رنجیت دروازہ کے نام سے مشہور تہا ۱۱۹۳ء مین جب مسلمان آئے
تو اونہوں نے اسکا نام غزنین دروازہ رکہا اس کوٹ کو راجہ اننگ پال نے تعمیر کروایا تہا جب راے
تہورا نے اپنے عہد حکومت مین اسکی شمال غرب کی طرف قلعہ بنا لیا تو یہ دوسکا شہر بنگیا جنرل
الگزنڈر کننگہم صاحب رقم فرماتے ہین کہ لال کوٹ مع قلعہ راے تہورا کے شاہجہان آباد کے نصف ہے
لوماش رشی بہار مین گیا سے ۱۶ میل شمال رخ جو برابر پہاڑ ہے وہان یہ ایک غار سدا ما غار کی
صورت بنا ہوا ہے اسکا دوسرا درجہ جو گول ہے نامکمل رہگیا ہے اسکے دروازہ پر گپتا حروف کا کتبہ ہے
لوہی کی لاٹہہ یہ نہایت عجیب و غریب لوہی کی ڈہلی ہوئی ٹہوس لاٹہہ شاہجہان آباد سے
۱۱ میل مسجد قوۃ الاسلام کے صحن مین نصب ہے اسکی بلندی ۲۲ فٹ ہے ساڑہے تین فٹ تو
کہودی اور ۱۵ فٹ یکسان مدور اور ہموار ہے اور ساڑہے تین فٹ کا اسکا سر خوبصورت نقش کار بنا ہوا ہے
اسکا وزن چار سو چہتر من ہے رپورٹ آرکیالاجیکل سروے انڈیا مین لکہا ہے کہ
جس قدر یہ لاٹہہ زمین کے باہر ہے اوس سے زیادہ زمین کے اندر گڑی ہوئی ہے اسکے اوپر
کئی کتبے اور نشان کندہ ہین سب سے پہلا کتبہ جسکی ۶ سطرین سنسکرت خط کی ہین ۳۱۹ عیسوی مین

غزنین دروازہ اسکا نام اس وجہ سے رکہا گیا کہ … غزنین کی … فتح … مین …



لوہے کی لاٹھ

راجہ تہورا نے اوسپر نصب کراتے وقت کندہ کرایا ہے اسمین احوال فتح راجہ دہارا کا لکہا ہے
اس فتحنامہ کی روسے اکثر مورخین نے تسلیم کیا ہے کہ یہ کیلی راجہ دہاوا کی بنوائی ہوئی ہے
اور لاٹہہ سو پچانوے سال پہلے عیسوی صدی کے بنی تہی آثار الصنادید سے منکشف ہے
کہ اسپر راجہ دہاوا کا کتبہ نہونے کی یہ وجہ ہے کہ اوسکے عہد مین لکہنے اور پڑہنے کا
رواج نہ تہا اس لاٹہہ مین کچہہ نقص نہین آیا تہا مگر نادرشاہ کے گولہ مارنے سے ایک بار یک بال
آگیا ہے پہول والون کی سیر کے ایام مین جب یہان خلقت آتی ہے تو اکثر جوان یا رباش
باہم یہ خوش طبعی کیا کرتے ہین کہ جسکی کولی مین یہ لاٹہہ آجاوے وہ حلالی ورنہ حرامی ہے ❖

باب المیم

ماتا دیوی یہ چہوٹی سی مربع عمارت قلعہ گوالیار مین سورج کنڈ کے شرق جنوب بہت پرانا
ایک مندر ہے کتبہ نہونے سے تاریخ تعمیر صحیح نہین معلوم ہوتی اسکی اندر درگا کی ایک درشت
اٹہہ ہاتہہ کی ہاتا کے نام سے مشہور ہے ❖

ماگر دیج اندر اوہ گوالیار کے درمیان کلہڈا نامی قصبہ مین یہ ستی کا مندرہ اور مشہور ہے پچاس فٹ
بلند بنا ہوا ہے رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکہا ہے کہ یہ عمارت رانی
اریا کا دیوی راجہ دہاؤ کی رانی کی یادگار ہے وہ گیارہوین ناسارہ سمت ۱۲۳ بکرماجیت مطابق
سنہ ۱۰۹۱ع کو یہان ستی ہوئی تہی یہ احوال اسکی کتبہ مین کندہ ہی اور یہ برجی ماگر دیج کے نام سے
مشہور ہے ❖

مان انگنی کنڈ ابو کے پہاڑ پر ماتا کے قریب یہ کنڈ نو سو فٹ لمبا اور دو سو چالیس فٹ
چوڑا پہاڑ مین بنا ہوا ہے راؤ مان کی سمادہ اور رادی پال کا مندر اسکے متصل واقع ہے
اور اس سے تہوڑی دور آگے جو پانڈون کے پانچ مندر تہے وہ اب کہنڈر ہو گئے ہین

مان مندر قلعہ گوالیار مین یہ محل مع سردخانہ دو منزلہ بنا ہوا ہے اور چہیت مندر کہلاتا
ہے یہ ہندوانی وضع کی بہت خوش قطع عمارت سو فٹ کے قریب بلند ہے برج اور جالیون کے

باعث یہ عمارت زیادہ خوشنما ہے اسکا طول تین سو ساٹھہ فٹ اور عرض ایک سو ساٹھہ فٹ ہے چہت مندر کے نام سے مشہور ہونے کی یہ وجہ ہے کہ پہلے اسپر نقاشی کی ہوئی تھی اور اسکے اندر تانبے کی چہت جڑی ہوئی تھی رپوٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے ظاہر ہے کہ یہ محل راجہ مان سنگہ کا بنوایا ہوا ہے ؛

مایا دیوی یہ مندر ہردوار مین گہاٹ کے قریب بہت بڑا اور پرانا ہے اسکے مورت تین سر اور چار ہاتھہ والی ہے شیر کو ذبح کر رہی ہے اور اسکے پیچھے شیو کی مورت ہے اور مندر کے باہر لنگ ہے جنرل الگزنڈر کننگھم صاحب نے لکہا ہے کہ یہ سنگین مندر اٹھہ سو برس کا بنا ہوا ہے اور اسکی مورت جو مایا دیوی کے نام سے مشہور ہے وہ اسکے بعد کی بنی ہوئی ہے

مبارک منزل یہ سہ منزلہ عمارت جسکی اصلی ہیئت اب نہین رہی اگرہ مین دفتر پرمٹ کے نام سے مشہور ہے اسکے اوپر ہشت پہل برج اور کونون پر چار برجیان ہین اسکی ہر منزل کے بیچ مین ایک بڑا مکان اور گرد سنگین غلام گردش ستوندار بنی ہوئی ہے سب سے نیچے کا مکان بہت بڑا ایک سو اکہتر فٹ لمبا اور چوراسی فٹ چوڑا ہے رپوٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے ظاہر ہے کہ جب اورنگ زیب اپنے بہائی دارا شکوہ کو ساموں گڈہ اور فتح آباد کے درمیان شکست دیکر یہان آیا تھا تو اس عمارت کے بنانے کا حکم دیا تھا ؛

محجر جہان آرا بیگم دہلی سے تین میل جانب جنوب درگاہ حضرت نظام الدین اولیا مین یہ نہایت خوبصورت چہوٹی سی جالیدار عمارت سنگ مرمر سفید سے بنائی ہے اسکے وسط مین تعویذ مرقد کندہ کار اور مجلا نہایت نفیس بنا ہوا ہے یہ مدفن جہان آرا بیگم شاہجہان کی بیٹی کا ہے آثار الصنادید سے واضح ہے کہ اس محجر کو خود جہان آرا بیگم نے اپنے ایام حیات سنہ ۱۶۸۱ع مین تعمیر کرایا تھا ؛

محجر شاہ عالم بہادر شاہ یہ سنگ مرمر کا محجر درگاہ قطب صاحب مین موتی مسجد کے قریب شاہ عالم بہادر شاہ کا مدفن ایک سو پینتہہ برس کا بنا ہوا ہے اسمین سوائے قبر

شاہ عالم بہادر شاہ کے اور بہی سنگ مرمر کی قبرین ہین چنانچہ ایک تو سلطان عادل گوہر کی قبر ہے جو ۱۸۰۶ع مین فوت ہوا اور ایک اکبر شاہ ثانی کا مزار ہے جنہون نے ۱۸۳۷ع مین وفات پائی اب یہ مسجد مرمت طلب ہے۔ کتبہ بہی اسپر موجود ہے ؂

مسجد محمد شاہ یہ نہایت نازک اور سنگ مرمر سفید کی چہوٹی سی پاکیزہ عمارت دہلی سے جنوب رخ درگاہ حضرت نظام الدین مین مسجد جہان آرا بیگم کے برابر واقع ہے اسکا دروازہ بہت خوبصورت محرابدار بنا ہوا ہے اوسکے کواڑ مسلم سنگ مرمر کے نہایت عمدہ نبت کار ہین اور اونکی چولین برنجی ہین آثار الصنادید سے ثابت ہے کہ ۱۷۴۸ع مین اس بادشاہ کی وفات کے بعد یہ مسجد تعمیر ہوا تہا اسمین سوائے تعویذ مرقد محمد شاہ کے کئی اور سنگ مرمر سفید کی کندہ کار قبرین انکی بیگم اور مرزا جگر دار مرزا عاشوری وغیرہ شاہزادون کی موجود ہین ؂

مسجد مرزا جہانگیر یہ بے نظیر اور عمدہ مسجد درگاہ مذکورہ بالا مین نہایت خوبصورت جالیون دار بنا ہوا ہے اسکا دروازہ بہت خوبصورت محرابدار بنایا ہے اوسمین بہی سنگ سنگ مرمر کی سلون کے دو کواڑ مثل مسجد محمد شاہ کے لگے ہوے ہین آثار الصنادید سے ظاہر ہے کہ اسکو ممتاز محل محمد اکبر شاہ کی بیگم نے ۱۸۲۲ع مین تعمیر کرایا تہا ؂

محل پہول بہٹیاری یہ چونہ گچ کی عمارت دہلی سے جانب جنوب درگاہ حضرت سید حسن رسول نما سے تہوڑی دور مع ایک بند کے منہدم پڑی ہے آثار الصنادید مین لکہا ہے کہ فیروز شاہ تغلق نے ۱۳۵۴ع مین تعمیر کرائی تہی وجہ تسمیہ کی نسبت مولوی سید احمد خان صاحب لکہتے ہین کہ اسمین ایک شخص بو علی بہٹی رہتا تہا لوگون نے بگاڑ کر اسکا نام پہول بہٹیاری کا محل مشہور کر دیا ہے اساڑہ کے مہینے مین پورنماشی کو یہان پون پرچہا کا میلا ہوتا ہے برہمن جہنڈیان گاڑ کر ہوا دیکہتے ہین اور اوس روز کی ہوا پر سال آئندہ کی فصل کے آثار برائی بہلائی پر محمول کرتے ہین۔

محل بونڈی یہ خوبصورت اور خوشوضع محل جسکی فصیل بہت بلند بنی ہوئی ہے بونڈی علاقہ راجپوتانہ مین ایک پہاڑی پر جو دو میل لمبی اور ایک میل چوڑی ہے واقع ہے پہاڑی کے دائین بائین جو

دو ندیان جنوب او شمال سے اگر شہر کے نیچے مل گئی ہین تو عجیب رونق ہو گئی ہے شمالی ندی ڈیڑہ میل لمبی اور آدہ میل چوڑی ہے اوسکے کنارہ پر چند چہتریان راجہ بوندی کے خاندان کی بنی ہوئی ہین اس محل کی عمارت اودے پور کی عمارتون کے موافق ہے اوسکے اندر کے مکانون مین دربار کا مکان بہت عمدہ بنا ہوا ہے اصل مین ریاست بوندی کو ہرا راجہ نے چودہوین صدی عیسوی مین آباد کیا تہا دو سو برس تک یہ ریاست خوب رونق پر رہی سنہ ۱۵۸۰ع مین جب اسکے دو حصے ہوے یعنے کوٹہ کی ریاست الگ ہو گئی تو وہ بات نرہی فرگسن صاحب پکچرسک آرکی ٹکچر ہندوستان مین لکہا ہے کہ یہ محل ڈیڑہ سو برس کا بنا ہوا ہے ❊

محل جہیل اودیپور یہ عمارت اودیپور کی جہیل مین یکرنگ سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہے اور مثل تاج گنج اکبراباد باغ کے اندر واقع ہے اسکے اندر رنگا رنگ کے پتہرون سے نہایت عمدہ پچی کاری اور نقاشی کی ہے پانی کے بیچ مین واقع ہونے سے اسکے مکان اور برج اتنے خوشنما ہین کہ کوئی جگہہ اسکی برابر خیال مین نہین آتی انڈیا اینشینٹ اینڈ موڈرن بائی کے سے ظاہر ہے کہ یہ نایاب عمارت سنہ ۱۶۲۴ع مین راجہ جگت سنگہ ثانی نے بنوائی تہی ❊

محل راجہ پرمل مہوبا علاقہ بوندیلکہنڈ مین یہ مکان راجہ پرمل کا بتخانہ تہا اسکے غرب مین مسلمانون نے ایک دیوار مع طاق اور ممبر کے بناکر اسکو مسجد بنا لیا ہے یہ سہ کہہ سات در کا دالان ۸۰ فٹ لمبا اور ۲۵ فٹ چوڑا ہے زیر سقف ۲۴ چوپہل اور کندہ کار ستون ہندوانی قطع کے بارہ بارہ فٹ لمبے لگے ہوے ہین بموجب بیان رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا کے اس عمارت کو سنہ ۱۱۰۰ع یعنے سمت ۱۱۵۷ بکرما جیت مین راجہ پرمل چندیل نے بنوایا تہا ❊

محل رام باغ امرتسر مین سرے دربار صاحب سے تہوڑی دور رام باغ کے اندر یہ محل مع چار دیواری اور خندق کے بہت عمدہ و دلکشا عمارت ہے مک گریگرز ہسٹری آف دی سکہس سے واضح ہے کہ جب مہاراجہ رنجیت سنگہ لاہور سے امرتسر مین تشریف لاتے تہے تو اسی مکان مین قیام کرتے تہے ✦

محل رہتاس بہار مین قلعہ رہتاس سے چند میل اکبرپور سے اوپر کو یہ عمارت سنگ خارا کی بنی ہوئی ہے محراب کہنڈر ہو گئی ہے اسکی چہت جسمین بڑی بڑی توئیان لگی ہوئی ہین سنگ خارا کے ستونون پر بنی ہے اسکا ایک دروازہ خوبصورت اور بڑا ہے جنگلی اور خودرو درختون کی وہ کثرت ہوئی کہ ڈاکٹر ہوکر صاحب کے قول کے بموجب یہان جاتے ہوے جان کا اندیشہ ہے اس محل کو راجہ روہت نے اپنے قلعہ کے ساتہہ بنوایا تہا کچہہ عمارت اوسکی بعد کی بہی بنی ہوئی ہے

محل ستارا یہ محل بہی احاطہ مین شہر ستارا سے جنوب کو واقع ہے اسکی عمارت جل مندر کی عمارت سے بہت کم ہے مرے صاحب نے اسکو قلعہ ستارا سے بعد کا بنا ہوا لکہا ہے

محل کوکئی رنود مین جو جہانسی اور کونا کے درمیان واقع ہے یہ دو منزلہ عمارت ہندوانی طرز کی بہت پرانی ۱۱۰ فٹ بلند ہے باانکہ اسمین چونا نہین لگا ہے مگر پہر بہی اتنی مضبوط ہے کہ اسکے استحکام کی تعریف نہین ہوسکتی اسکا طول ۸۴ فٹ اور عرض ۴۴ فٹ ہے ہر دو جانب غلام گردشون مین چار چار چوپہل ستون لگے ہوے ہین اور نیچے کی منزل مین اندر جانے کے واسطے دونون طرف ایک ایک مربع دروازہ ہے یمین و یسار دروازون کے روشندان بنائے ہین دائین جانب ایک مربع عمارت ہے اوسمین اوپر جانیکا زینہ بنا ہوا ہے اس محل مین بہت بڑی بڑی توئیان لگی ہوئی ہین رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا سے واضح ہے کہ اس عمارت کو بنے ہوے نوسو برس کا عرصہ ہوا یہان ایک اوسی وقت کی باولی اور ایک تالاب ہے تالاب کو گہاسی تال اور باولی کو بہانگی باولی کہتے ہین ۔

محل مرشد اباد مرشد آباد مین یہ محل ایک عمدہ عمارت ہے آرایش محفل سے ثابت ہے کہ ۱۷۵۶ع مین نواب سراج الدولہ صوبہ دار بنگالہ نے یہ محل بنوایا تہا اب تک اسمین کچہہ نقص نہین آیا ہے

مخدوم کنڈ بہار مین راجگیر کے قریب یہ کنڈ سب کنڈون سے بڑا اور خوبصورت پہاڑ کے نیچے ہے اور لوگ اسکو مخدوم صاحب کا بنوایا ہوا جانتے ہین مگر اصل مین ہندون کا بنوایا ہے جنرل کننگہم صاحب نے اسکا پہلا نام سرنجی کنڈ لکہا ہے لیکن مخدوم صاحب کے یہان دفن ہونے سے

اسکا نام مخدوم کنڈ ہو گیا ہے ؛

مداری مہوبا علاقہ بوندیلکھنڈ مین مندہکا کرامار سے کئی سو فٹ کے فاصلہ پر جانب شمال یہ بہت بڑے اور پرانے مندر کا کہنڈر ہے جسمین کرشن کی پوجا ہوتی تہی یہ ایک سو ساٹھہ فٹ سے ۷۵ فٹ مربع ہے رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا سے منکشف ہے کہ اس مندر کے تین دروازے تہے اور ہر دروازہ کے روبرو ہاتی کی مورتین مع جہولون کے کہڑی تہین چنانچہ پانچ مورتین تو اتبک کہنڈر کے قریب پڑی ہوئی ہین مگر اودلی پانو اور سونڈین ندارد ہین اس مندر کو راجہ مدناورما نے مدن ساگر کے ساتہہ ۱۱۳۰ء اور ۱۱۶۵ء کے درمیان تعمیر کرایا تہا ؛

مدرسہ شیخ چلی تہانیسر علاقہ پنجاب مین درگاہ شیخ چلی کے قریب یہ مدرسہ جو ایک سو ہشتاد فٹ مربع ہے مندر توڑ کر بنایا گیا ہے اسکے ہر طرف نو درا ہے جانب شرق دروازہ مع سیڑہیون کے بہت بڑا بنا ہوا ہے اس عمارت مین تمام ستون ہندوانی طرح کے لگے ہوے ہین جب سکہون نے زور پایا اور درگاہ شیخ چلی کو مندر مقرر کیا تو اس مکان مین گرنتہہ رکہا تہا اب یہ عمارت مرمت طلب ہے رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا سے منکشف ہے کہ اس مدرسہ کو ۱۶۰۰ء مین داراشکوہ نے تعمیر کرایا تہا ؛

مدن ساگر یہ تال مہوبا علاقہ بوندیلکھنڈ مین واقع ہے جنرل الگزنڈر کننگہم صاحب نے اسکا دور تین میل کا لکہا ہے اسکے غرب کو پہاڑ اور شمال کو پرانے قلعہ کی طرف گہاٹ اور مندر ہین اس تال کو راجہ مدناورما نے ۱۱۳۰ء اور ۱۱۶۵ء کے درمیان بنوایا تہا ؛

مرتنگ مہادیو یہ سنگین مندر کہجراہو مین رامچندر کے مندر سے ۲۰ فٹ جنوب کو باہر سے ۳۵ فٹ اور اندر سے ساڑہے ۲۴ فٹ مربع بنا ہوا ہے اسکا دروازہ نہایت خوبصورت ہے اسمین ہندو کے سوا کسی اور مذہب کے آدمی کو نہین جانے دیتے اس وجہ سے اندر کا حال مجہول رہا ؛

مسجد بشیشر پہلے جو بنارس کے مندرون مین سب سے بڑا بشیشرناتھہ کا مندر تہا تخمیناً پونے دوسو برس کا عرصہ ہوا کہ اورنگ زیب عالمگیر نے اوسکی مسجد بنا دی ہے لوگون مین اسکا نام بشیشر کی مسجد مشہور ہے یہ عمارت شکستہ اور پُرانی بنی ہوئی ہے مگر اور مسجدون کے موافق اسکی نمایش نہین معلوم ہوتی

مسجد بی بی دہلی دروازہ احمدآباد کے باہر یہ مسجد بنوائی ہوئی ملک بہاوالدین عمادالملک وزیر محمود شاہ بیگڑہ کی ہے اور احمدآباد مین یہی ایک مسجد ایسی ہے کہ جسمین ہندؤن کی عمارت کا پتہر یا مصالح نہین لگا اسمین سات منارین تہین سب ۱۸۱۹ء مین بہونچال کے صدمہ سے گر پڑین اب انکے فقط نشان رہگئے ہین ہنڈبک اف مرے سے واضح ہے کہ یہ مسجد ۸۵۸ ہجری مین تعمیر ہوئی تہی چنانچہ اسکی پیشانی پر کتبہ کندہ ہے ❊

مسجد بیگم پور دہلی سے تہوڑی دور موضع بیگم پور مین یہ چونہ گچ کی مسجد بنوائی ہوئی خان جہان فیروزشاہی کی ہے ۱۳۸۷ء مین اوسنے اپنی اور مسجدون کے ساتہہ بنوائی تہی یہ مسجد کہڑکی کی مسجد سے زیادہ خوبصورت ہے اور دروازہ بہی مع سیڑہیون کے بہت خوش وضع بنا ہوا ہے اسکے پاس کے مقبرہ کو مولوی **سید احمد خان صاحب** نے کسی شخص شیخ فرید کا بنوایا ہوا لکہا ہے

مسجد پرانا قلعہ شاہجہان آباد سے جنوب کو پرانے قلعہ کے اندر یہ عالیشان مسجد سنگ خارا کی بنی ہوئی ہے اور تمام محرابون اور طاقون مین سنگ سرخ اور سنگ مرمر لگا ہوا ہے آثارالصنادید سے واضح ہے کہ یہ مسجد ہمایون بادشاہ نے بنوانی شروع کی اور شیرشاہ بادشاہ نے ۱۵۴۱ء مین تمام کرائی اس مین آیات قرانی خوشنمائی کے ساتہہ کندہ کی ہوئی ہین اسکا الدادجیبر برج ہے نہایت عمدہ تراشے ہوے پتہرون کا بنا ہوا ہے اور ایسا مضبوط ہے کہ اوسمین ابتک کچہہ نقص نہین آیا دیوارین اسقدر چوڑی ہین کہ اونکے نشمنون کے آثار ہین اوپر جانے کے واسطے سیڑہیان بنی ہوئی ہین صحن کے وسط مین ایک خوبصورت سولہ پہل کا حوض مسمار پڑا ہے اور فرش تو ایسا بگڑ گیا ہے کہ اوسپر پابرہنہ چلنا دشوار ہے اس بگڑی صورت مین بہی یہ مسجد لاثانی ہے اور اسکی خوبصورتی قابل تعریف ہے ❊

مسجد خواجہ خضر روڑی علاقہ سندہ مین خواجہ خضر نامے جزیرہ پر یہ مسجد واقع ہے اور اب کہنڈر ہوگئی ہے یہان چند پرانی قبرین بہی ہین ہنڈبک مین لکہا ہے کہ یہ مسجد سنہ ٩٥٢ء مین یعنے ڈہائی سو برس بعد اوس عہد کے کہ جب یہان مسلمان قابض ہوے بنائی گئی تہی اسکی محراب پر کتبہ کندہ ہے ؂

مسجد درگاہ نظام الدین یہ عالیشان سنگ سرخ کی مسجد دہلی سے تین میل جنوب کو درگاہ سلطان نظام الدین اولیا مین واقع ہے اور جماعت خانہ کے نام سے مشہور ہے مولوی سید احمد خان صاحب بحوالہ تاریخ فیروز شاہی کے رقمطراز ہین کہ پہلے یہان کوئی اور عمارت نہ تہی یہ مسجد فیروز شاہ تغلق نے اپنے عہد سلطنت سنہ ١٣٥٣ء مین تعمیر کرائی ہے اسکے تین درجے ہین بیچ کا درجہ بہت بڑا سنگ سرخ کا نہایت خوبصورت اور بلند بنا ہوا ہے اوسکی نسبت نواب ضیاء الدین احمد خان صاحب کہتے ہین کہ بہت پہلے کا بنا ہوا ہے فیروز شاہ نے صرف اوسکے دائین بائین دو درجے بنائے ہین اس مسجد مین ایک اتنا بڑا سونے کا کٹورا جو نیچے سے ایک فٹ سے زیادہ قطر کا معلوم ہوتا ہے زنجیر مین لٹکا ہوا ہے اور اوپر بڑا برج ہر طرف سے نمایان ہے پیشانی پر آیات قرانی خط نسخ و خط کوفی مین کندہ ہین اگرچہ یہ مسجد درگاہ نظام الدین اولیا سے پیچہے بنی ہے لیکن اسکی ہیئت اور شان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ درگاہ مسجد کے صحن مین بنائی گئی ہے ؂

مسجد دروازہ بہانیا جہوبا علاقہ بوندیلکھنڈ مین یہ سنگین مسجد بہانیا دروازہ کے قریب واقع ہے اسکی چہت ہموار اور فرش زمین کے برابر ہے رپورٹ آرکیالاجیکل سروے انڈیا سے منکشف ہے کہ اصل مین یہ مندر تہا تغلق شاہ نے اپنے عہد سلطنت سنہ ١٣٢١ء اور سنہ ١٣٢٥ء کے درمیان اوسکی مسجد بنوا دی ہے ؂

مسجد دستر خوان احمد آباد مین شہرہ رانی سپر سے ڈیڑ سو فٹ کے فاصلہ پر یہ خوبصورت مسجد ٥٠ فٹ مربع ہے صحن مین حوض اور دو سنگ سفید کی قبرین کندہ کار ہین ہنڈبک

آف مرٹے مین لکھاہے کہ اس مسجد کو ایک شخص مسمی بہ دستر خوان نے بہت عرصہ ہوا جب بنوایا تہا

مسجد دہریرہ بنارس مین دریائے گنگ کے کنارہ یہ بے نظیر جامع مسجد بہت بلندی پر عالمگیر بادشاہ نے بنوائی ہے یہ مسجد ایسی خوبصورت ہے کہ یہان کوئی عمارت اس سے بہتر نہین اسکے خوشنما منارون کی بلندی کی نسبت ڈاکٹر ہوکر نے ہمالایان جرنیل مین لکہاہے کہ اب گنگ سے دو سو تیس فٹ بلند ہین اس مسجد کو بنے ہوے پونے دو سو برس سے زیادہ ہوے کئی دفعہ اسکی مرمت ہو چکی ہے *

مسجد رانی روپا واتی احمد آباد کے قریب مرزا پور مین سڑک سے اوتر کر یہ مسجد ایک بلندی پر واقع ہے اسکے منار اوپر سے کچھہ شکستہ ہوگئے ہین مرے ہنڈ بک اف انڈیا مین یہ مسجد بنوائی ہوئی رانی روپا واتی کی لکھی ہے *

مسجد رانی سیپرا احمد آباد مین جمال پور دروازے کے قریب یہ مسجد بنوائی ہوئی رانی سپرا زوجہ سلطان احمد کی نہایت عمدہ بنی ہوئی ہے اسکا دوگہہ دالان ستوندار ۵۴ فٹ لمبا اور ۲۰ فٹ چوڑا ہے او سکے بیرون پر دو منار بہت خوشنما بنے ہوے ہین ہنڈ بک آف مرّے مین لکھاہے کہ یہ مسجد ۹۲۰ھ ہجری کی بنی ہوئی ہے *

مسجد رنگین اگرہ مین سڑک گوالیار کے بائین جانب یہ خشتی مسجد ۱۴ فٹ لمبی اور ۱۸ فٹ چوڑی ہے اور صحن چبوترہ کے موافق ۷۰ فٹ چوڑا ہے مسجد کے دالان پر تین برج بہت خوشنما ہین رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکھاہے کہ پہلے اس مسجد پر نقاشی کی ہوئی تہی اوسکے سبب یہ مسجد رنگین مشہور ہوگئی ہے *

مسجد سادان قصائی سرہند علاقہ پنجاب مین یہ مسجد بڑی اور عمدہ ہے اسکا طول ایک سو چالیس فٹ اور عرض ستر فٹ ہے بیچ کا گنبد جو بڑا ہے اوسکا قطر ۴۵ فٹ ہے اس مسجد کی وضع مغلون کی مسجدون سے بہت ملتی ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکھاہے کہ ۱۵۶۱ع مین اس مسجد کو ایک شخص سادان نامے قصائی نے تعمیر کرایا تہا *

مسجد سرہندی لاہوری دروازہ شاہجہان آباد کے باہر سنگ سرخ کی یہ مسجد بنوائی ہوئی سرہندی بیگم زوجہ شاہجہان کی ہے اب صرف اسکا سہ درہ دالان باقی ہے جسپر تین برج ہین باقی رہگیا ہے برجون پر سنگ سرخ کی کلسیان بہت خوبصورت لگی ہوئی ہین اصلی صحن اس مسجد کا لاہوری دروازہ کے گھوگس مین آگیا ہے اسمین سے تہوڑا سا صحن رہگیا ہے اور اسکے گرد ایک خشتی دیوار حال کی بنی ہوئی ہے اکثر کتب سے ثابت ہے کہ یہ مسجد ۱۶۵۰ء کی بنی ہوئی ہے

مسجد سلطان قطب الدین یہ عالیشان مسجد احمد آباد مین مسجد محافظ خان کے قریب واقع ہے اسکے بیچ کی محراب نہایت عمدہ کندہ کار اور بہت خوبصورت بنی ہوئی ہے ہنڈبک آف مرے مین لکھا ہے کہ ۸۵۳ء ہجری مین یہ مسجد سلطان قطب الدین بن احمد شاہ نے بنوائی تھی ✦

مسجد شمالی لکھنو دریائے گومتی کے کندہ یہ خوبصورت مسجد بموجب بیان آرائش محفل کے نواب آصف الدولہ کی بنوائی ہوئی ہے اسکے برج اور مینار اور محراب مین ایسی عمدہ بنی ہوئی ہین کہ اونکی تعریف نہین ہو سکتی ✦

مسجد صفا دکن مین قلعہ بلگام کے اندر یہ مسجد نہایت عمدہ بنی ہوئی ہے اسکے دروازہ کے کتبہ سے واضح ہے کہ ۱۰۰۱ء مین نواب اسد خان نے بنوائی ہے اسٹوکس ہسٹوریکل اکاونٹ آف بلگام سے واضح ہے کہ یہان جو دیوانخانہ اور چند عمارتین شاہی اور تہین وہ ۱۸۴۰ء کے بعد گرا دی گئین اب صرف ایک دروازہ جسپر پہلے نقار خانہ تہا بڑے دروازہ کے روبرو موجود ہے اوسکی محراب ایسی بلند ہے کہ اوسکے اندر سے عماری کے ہاتی آسکتا ہے افسوس کہ ۱۸۵۷ء سے اب تک اس مسجد مین مسلمانون کو قبضہ نہین ملا

مسجد طغرل بیگ ٹہٹہ مین یہ مسجد جامع مسجد کے نام سے مشہور ہے وہان یہ عمارت نہایت عمدہ تصور کیجاتی ہے ہنڈبک آف مرے مین لکھا ہے کہ اس مسجد کو نواب طغرل بیگ نے بنوایا تہا اسکی پیشانی پر کتبہ کندہ ہے ❊

مسجد فتحپوری شاہجہان آباد مین لاہوری دروازہ سے تہوڑی دور چاندنی چوک کو جاتے ہوئے دائین طرف یہ عالیشان مسجد بنوائی ہوئی نواب فتحپوری بیگم شاہجہان کی بی بی کی ہے اونسنے سنہ ۱۶۵۰ع مین تعمیر کرائی تہی اسکا دالان ایک سو بتیس فٹ لمبا اور ۴۶ فٹ چوڑا ہے بیچ کی بڑی محراب کے دائین بائین دو بلند مینار اور دو دو گہے دالان ستونون دار مین اور پیچہے ایک بڑا الداو کا درجہ ہے اوسکے اندر طاق اور ممبر اور اوپر ایک برج ہے جسپر پہلے چینی کا کام تہا اور اب سفید چونے کا بنا ہوا ہے دالان کے آگے صحن چبوترہ ایک سو ۶۴ فٹ لمبا اور ایک سو پانچ فٹ چوڑا ہے اوسکے آگے ایک حوض ۸۴ فٹ سے ۴۲ فٹ مربع نہر کے پانی سے بہرا رہتا ہے اسکے آگے جو اور بڑا صحن ہے اوسکے بیچ مین قبرین اور گرد چار دیواری جسمین تین دروازے ہین بہت خوبصورت کنگورون دار بنی ہوئی ہے اسمین اندر کے رخ مساکین اور طلبا اور خدام کی سکونت کے واسطے حجرے بنا ہے ہین اور باہر کی طرف دکانین ہین ٭

مسجد کالو سرائے دہلی مین یہ چونہ گچ کی مسجد بیگم پور سے تہوڑی دور واقع ہے اور بہت مضبوط بنی ہوئی ہے آثار الصنادید مین لکہا ہے کہ سنہ ۱۳۸۷ع مین یہ مسجد خان جہان فیروز شاہی نے اپنی اور مسجدون کے ساتہہ بنوائی تہی ٭

مسجد کہڑکی دہلی سے جنوب کی طرف قطب صاحب سے چار میل کے فاصلہ پر موضع کہڑکی مین یہ مسجد نہایت عمدہ اور مضبوط چونہ گچ کی بنی ہوئی ہے اسکے اوپر نواسی گنبد ہین اور نیچے ایک سو چار حجرے نو نو فٹ کے مربع خدام اور طلبا کے رہنے کے واسطے بنے ہوئے ہین اور کونون پر چار برج پچاس پچاس فٹ بلند بنے ہوئے ہین اس مسجد مین سوا غرب کے تینون طرف دروازے ہین ہارکوٹ ہنڈبک سے واضح ہے کہ اس مسجد کو بہی سنہ ۱۳۸۰ع مین خان جہان فیروز شاہی نے بنوایا تہا اسکا ایک کونہ ۵۰ برس سے گر پڑا ہے ٭

مسجد گنج بخش احمدآباد سے تہوڑی دور سرگنج مین گنبد گنج بخش کے قریب یہ عمدہ مسجد سنگین بنی ہوئی ہے اسمین اتبک کچہہ نقص نہین آیا ہنڈبک اف مرے مین لکہا ہے کہ اس مسجد کو

سلطان قطب الدین نے سنہ ۱۲۰۰ع مین تعمیر کرایا تہا ٭

مسجد محافظ خان احمدآباد مین گرجاگہر کے قریب چہوٹی سی مسجد سنگین بنی ہوئی ہے اسکی صحن مین چند قبرین ہین ہنڈبک آف مرے سے ظاہر ہے کہ سنہ ۹۰۰ ہجری مین وزیر جمال الدین نے بنوائی ہے مگر معلوم نہین کہ محافظ خان کے نام سے کیونکر مشہور ہوگئی ٭

مسجد محمد معصوم روڑی مین اس کہنڈر مسجد کو جو پہلے ایک عمدہ عمارت تہی سید محمد معصوم نے جنکا مقبرہ بہکر مین ہے اکبر کے عہد مین بنوایا تہا ٭

مسجد مخنشان آگرہ مین لوہے کی منڈی اور چندا مودی دروازہ کے قریب یہ چہوٹی سی مسجد سنگ سرخ کی بنی ہوئی ہے اسکا طول ۱۰ فٹ اور عرض ۱۹ فٹ ۹ انچہ ہے اور نیچے کا چبوترہ جو ۹۵ فٹ سے ۹۶ فٹ مربع ہے بہت بلند بنا ہوا ہے اسکے اوپر بیچ مین تین گنبد اور کونون پر چار برجیان بنی ہین اور صحن مین ایک حوض ۱۹ فٹ ۴ انچہ مربع پانی سے لبریز رہتا ہے دالان کی غربی دیوار مین روشنی اور ہوا کے لئے جو جالیان لگی ہوئی ہین وہ بہت خوشنما ہین رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے منکشف ہے کہ اس مسجد کو مسجد مخنشان اس وجہ سے کہتے ہین کہ ایک بار اکبر کے عہد مین جو بارش کی کشش ہوئی تو اکبر بادشاہ فقرا و علما سے دعاے نزول باران کا خواستگار ہوا مگر بارش نہوئی تو لوگون نے عرض کیا کہ اگر تیمان ہجڑا دعا مانگے تو باران رحمت فوراً نازل ہو بادشاہ نے تیمان سے التجا کی تیمان نے دعا کی اور قبول ہوئی باران رحمت نے نزول اجلال فرمایا بادشاہ نے تیمان سے کہا کہ کچہہ خواہش ہو تو بیان کر اوسنے عرض کیا کہ آپ کا دیا سب کچہہ موجود ہے مگر جب بادشاہ نے باصرار کہا تو تیمان نے عرض کیا کہ وہ کام کیجے جسمین آپکا اور میرا دونون کا فائدہ ہو چنانچہ بادشاہ کے حکم سے یہ مسجد بنوائی گئی جو اب تک ہیجڑون کے قبضہ مین ہے

مسجد معتمد خان آگرہ کے کشمیری بازار مین یہ سنگ سرخ کی مسجد ۵۲ فٹ ۶ انچہ لمبی اور ۲۰ فٹ چوڑی ہے اسکے دالان پر بہی تین برج ہین مگر مسجد مخنشان کی برابر یہ مسجد خوبصورت نہین رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکہا ہے کہ یہ مسجد نواب معتمد خان جہانگیر کے بخشی نے بنوائی تہی ٭

مسجد موتی باغ آگرہ مین ریلوے اسٹیشن کے قریب موتی باغ مین اس عمدہ شاہجہانی مسجد کو دروازہ بنالیا ہے اسکا صحن اور پچھلی دیوار نکالدینے سے اسکے تینون درون کے تین دروازے بنگئے ہین یہ عمارت ۶۰ فٹ طول مین اور ۴۰ فٹ عرض مین اور کنگورون تک ۴۰ فٹ مرتفع ہے اسکے کونون پر چار برجیان اور بیچ مین تین برج ہین یہان سے تہوڑی دور باغ مین موتی بیگم کا مقبرہ بالکل کہنڈر پڑا ہوا ہے ؛

مسجد موٹھ دہلی مین یہ مسجد مقبرہ منصور سے تہوڑی دور واقع ہے سکندر شاہ کے عہد سنہ ۱۴۸۹ء مین تعمیر ہوئی تہی پہلے اسکا دروازہ سنگ مرمر کا منبت کار بنا ہوا تہا اسکے کنوئین مین ایک پتہر پر کتبہ کندہ ہے **مولوی سید احمد خانصاحب** نے وجہ تسمیہ اس مسجد کی یون لکہی ہے کہ کسی شخص کو رستہ مین ایک موٹھ کا دانا پڑا پایا اونے اوسکو بودیا جسقدر دانے اوسکے درخت مین وانے آئے اونکو پہر بویا اسیطرح چند سال کے بعد موٹھ کا ذخیرہ ہوگیا اوسکو بیچ کر یہ مسجد تعمیر کرائی

مسجد مولانا جمالی قطب صاحب کے کہنڈرات مین دہلی سے جانب جنوب یہ مسجد چونہ گچ کی بنی ہوئی ہے مگر اب بوسیدہ ہوگئی ہے سنہ ۱۵۲۸ء مین مولانا جمالی صاحب نے یہ مسجد تعمیر کروائی تہی +

مسجد نور آباد نواح ... مین یہ بہت بڑی اور سنگین مسجد نواب معتمد خان نے سنہ ۱۶۲۶ء مین بنوائی تہی اسکے دروازہ پر عربی کتبہ کندہ ہے ؛

مسجد و مدرسہ داناپور عظیم آباد پٹنہ سے ۶ کوس کے فاصلہ پر یہ خوبصورت سنگین عمارت جسکو وہان کی کوئی اور عمارت نہین پہونچتی نواب آصف خان نے بنوائی شروع کی اور نواب ہیبت جنگ کے عہد مین تیار ہوئی اسکی خوش وضعی قابل تعریف ہے -

مسجد و مدرسہ روشن الدولہ شاہجہان آباد مین یہ عمارتین دریبہ کے اندر بنوائی ہوئی نواب روشن الدولہ کی ہین سنہ ۱۷۲۲ء مین نواب موصوف نے بنوائی تہین مسجد کے

برج سنگ مرمر زرد کے نہایت خوبصورت بنے ہوے ہین اور بڑے در کی پیشانی پر
کتبہ کندہ ہے - مدرسہ کا مکان ۱۸۶۸ء سے کوتوالی کے متعلق ہوگیا ہے ؛

مسجد و مقبرہ مخدوم جہانیان قنوج مین محلہ سکہانہ کے اندر یہ مسجد او مقبرہ مخدوم سید
جلال الدین جہانیان جہان گشت کا ہے مسجد کے اوپر تین برج اور پیشانی پر لفظ اللہ کندہ ہے
مقبرہ کی عمارت جو ۳۵ فٹ مربع ہے اوسمین مخدوم صاحب کا مزار اور اونکی اولاد مین سے
ایک مرد اور ایک عورت کی دو قبرین ہین مسجد و مقبرہ کے گرد پختہ چار دیواری بنی ہوئی ہے اوسکے
کونون پر چار برج اور جانب جنوب دروازہ ہے رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا
سے ثابت ہے کہ یہ عمارت ۸۸۱ ہجری مطابق ۱۴۷۶ء مین راجوان کے بیٹے نے حسین شاہ
جونپوری کے عہد مین بنوائی تھی ؛

مسجد ہمایون اگرہ سے تھوڑی دور کنج پورہ گانو مین یہ مسجد ۱۲۰ فٹ لمبی سنگین اور خوش قطع
بنی ہوئی ہے چھت کا لداو اتنا مضبوط ہے کہ اوسمین ابتک کچھ نقص نہین آیا آرکی اولاجیکل
سروے انڈیا رپورٹ مین لکھا ہے کہ ۹۳۷ ہجری مین اس مسجد کو ہمایون نے بنوایا تھا
اسمین کتبہ بھی موجود ہے ؛

مقبرہ ابراہیم شاہ بیجاپور مین اورنگ زیب عالمگیر کی عیدگاہ کے متصل ایک پختہ چار دیواری
مین یہ عالیشان مقبرہ واقع ہے اسکی غلام گردش مین چارون طرف سات سات در ہین
اور ہر جگہہ خوبصورت کندہ کاری کی ہوئی ہے جالیان ایسی بے نظیر ہین کہ اونمین آیات قرآنی
صاف نمایان ہین اس مقبرہ کے کونون پر چار مینار چار کہنڈ کے نہایت نفیس اور بلند
بنے ہوے ہین بیچ کا مکان زیادہ وسیع اور خوش قطع ہے اوسمین سنگ مرمر کی قبر
نہایت عمدہ کندہ کار ہین پہلے اس عمارت پر طلا کاری اور نقاشی کی ہوئی تہی کہین کہین
اوسکے نشان باقی ہین برج اور مینار اس نمایش کے بنے ہوے ہین کہ اونکا لطف دیکھنے سے
معلوم ہوتا ہے مقبرہ کے غرب رخ جو سنگین مسجد ہے اوسکا طول ایک سو پانچ فٹ ہے

اور صحن مین حوض ہے جو پانی سے لبریز رہتا ہے ہنڈبک اف مرے نے بہے واضح ہے کہ اصل مین اس مقبرہ کو سنہ ١٠٣٦ ہجری مطابق سنہ ١٦٢٦ء مین ابراہیم شاہ بیجاپوری نے اپنے ملکہ تاج جہان کے واسطے تعمیر کرایا تہا چنانچہ اتبک اسکو تاج جہان کہتے ہین مگر بعد وفات وہ خود ہی یہین دفن ہوا ؎

مقبرہ احمد شاہ گجراتی یہ گنبد دار مقبرہ جو احمد شاہ نے اپنی حیات مین بنوایا تہا جامع مسجد احمد آباد کے شرقی دروازہ کے سامنے واقع ہے اسمین سنگ مرمر کی تین قبرین دو دو فٹ بلند ہین بیچ کی قبر جسپر گولا لٹک رہا ہے احمد شاہ کی ہے اور یہین ویسا ہی اوسکا بیٹا محمد شاہ اول اور پوتا جلال خان یعنے قطب الدین دفن ہے ہنڈبک اف بمبی سے واضح ہے کہ سنہ ١٤٤١ء مین جب احمد شاہ فوت ہوا تو اوسکو اس مقبرہ مین دفن کیا ؎

مقبرہ آصف خان لاہور مین مقبرہ جہانگیر کے قریب اصف خان برادر نور جہان بیگم کا یہ مقبرہ ایک چار دیواری کے اندر اب برباد پڑا ہے یعنے اسکی پوشش کا سنگ مرمر سکھہ اوکھاڑ کر لیگئے تعویذ مرقد جواونکے کسی کام کا نتہا اب تک رکھا ہوا ہے تحقیقات چشتی سے واضح ہے کہ پہلے اس چار دیواری مین ٣٠ بگہ کا باغ تہا اور دروازہ جو کہنڈر پڑا ہوا ہے اسپر بہی سنگ مرمر لگا ہوا تہا مقبرہ کے چارون طرف جو حوض تہے وہ اب گر پڑے ہے رہگئے ہین افسوس کہ یہ بے نظیر عمارت اب مرمت کے قابل ہی نہین رہی ؎

مقبرہ اعتماد الدولہ آگرہ مین دریاے جمن کے کنارہ یہ بے نظیر اور نامی سنگ مرمر کی عمارت جو سنگ سرخ کے ایک سو پانچ فٹ دس انچہ مربع چبوترہ پر ٦٩ فٹ دو انچہ مربع بنی ہوئی ہے مرزا غیاث بیگ اور اوسکی بی بی کا مقبرہ ہے یہ شخص جہانگیر کا بخشی اور نور جہان کا باپ تہا اسکے اوپر برجیان اور چارون طرف دالان غلام گردش کے طور پر ٢٢ فٹ ساڑہے چار انچہ سے ١٣ فٹ پونے دو انچہ مربع ہین اور کونون مین جو چار کوٹہریان بنی ہوئی ہین اونمین سے دالانون مین جانے کے لیئے ہر دو طرف راستے ہین - بیچ کا مکان بہت عمدہ بچی کار ٢٢ فٹ

ایک اچھہ مربع ہے اوسکے وسط مین دو سنگ مرمر زرد کی قبرین اور گرد بہت نفیس جالیان لگی ہوئی ہین درآمد رفت جنوب رویہ ہے اسکے اوپر جانے کے واسطے جنوب کی طرف دیوار کے اثنا مین دو زینے ہین اور اوپر کے مکان مین دو اور قبرین ہین اس مقبرہ کی چاردیواری ہر طرف سے ۷۴۵ فٹ لمبی ہے اور اوسمین جانب شرق ایک دروازہ ۲۰ فٹ چوڑا بنا ہوا ہے ❊

مقبرہ افضل خان یہ گنبددار مقبرہ قلعہ پرتاب گڈہ احاطہ بمبی مین افضل خان بیجاپور کے سپہ سالار کا ہے اسکو بنے ہوئے تخمیناً دوسو پانچ برس کا عرصہ ہوا اب مرمت طلب ہوگیا ہے

مقبرہ اکبر اگرہ سے ۷ میل جانب شمال سکندرہ گانو کے قریب یہ بےنظیر سنگ سرخ اور سنگ مرمر کی عمارت ایک باغ کے اندر اکبر بادشاہ کا مقبرہ ہے اسکی چاردیواری کا دروازہ بہت بڑا بنا ہوا ہے مقبرہ کے چارون طرف بیچ مین دروازے اور کونون پر ہشت پہلو برج بنے ہوئے ہین تعویذ مرقد کے گرد کے دالانون مین ایسی خوشقطع جالیان لگی ہوئی ہین کہ اندر کے رخ اونکے نقش و نگار اور طرز کے ہین اور باہر سے اور طرح کے نظر آتے ہین اس مقبرہ کے چارون منزلون مین بہت عمدہ منبت کا کام اور پچی کاری کی ہوئی ہے کونون پر چار خوبصورت مینار بنے ہوئے ہین اس عمارت کو بنے ہوئے تخمیناً دوسو اوبہتر برس کا عرصہ ہوا ❊

پندرہ لاکھ روپیہ لگا اور بیس برس مین بنا

مقبرہ التمش یہ سنگ خارا اور سنگ سرخ کی عمارت جو اندر سے ساڑھے ۲۹ فٹ اور باہر سے چوالیس فٹ مربع ہے شاہجہان آباد سے گیارہ میل جانب جنوب مسجد قوۃ الاسلام کے گوشہ مین سلطان شمس الدین التمش کا مدفن ہے مدت سے یہ مقبرہ بےلداو کے پڑا ہے اسکا شرق رویہ دروازہ بہت بڑا ہے وسط مین قبر بہت اونچی اور نہایت عمدہ منبت کا بنی ہوئی ہے اندر کے رخ اسکی تمام دیوارون پر آیات قرانی کندہ کی ہوئی ہین آثار الصنادید سے ظاہر ہے کہ جب سنہ ۶۳۳ ہجری مطابق سنہ ۱۲۳۵ ع مین یہ بادشاہ فوت ہوا تو سلطان رضیہ بیگم اوسکی بیٹی نے یہ مقبرہ بنوایا تہا ❊

مقبرہ اورنگ زیب اورنگ آباد مین درگاہ برہان الدین دکنی کے قریب یہ چہوٹی سی عمارت

اورنگ زیب عالمگیر کا مقبرہ ہے اسکی وضع مغلون کی عمارتون سے تو نہین ملتی مگر میسور کے مکانات کے موافق ہے ۲۲ فروری سنہ ۱۷۰۶ء کو اورنگ زیب عالمگیر نے وفات پائی تو اوسکی وصیت کے موافق مقبرہ بنا

مقبرہ بہو بیگم فیض آباد ضلع لکھنو مین یہ خشتی عمارت بہت خوبصورت رنگین بنی ہوئی ہے مگر نواب آصف الدولہ کے عہد سے ویران پڑی ہے سنہ ۱۸۱۶ء مین بہو بیگم فوت ہوئی تو نواب شجاع الدولہ اوسکے شوہر نے یہ مقبرہ تعمیر کروایا ❊

مقبرہ ایمن آباد قصبہ ایمن آباد ضلع گوجرانوالہ مین یہ پختہ عمارت ایک چار دیواری کے اندر مزار بیگم کے نام مشہور ہے تاریخ گوجرانوالہ سے منکشف ہے کہ فرخ سیر کے عہد مین ایک امیر مسمے بہ احمد خان واسطے انتظام کشمیر کے جاتا تھا مگر اپنی بیگم کی بیماری کے سبب یہان ٹھہر گیا آخر کار یہان بیگم رحلت کر گئی اوسنے یہ مقبرہ تعمیر کروایا اور اسکے قریب ایک قصبہ بیگم پور کے نام سے آباد کر دیا۔ یہ قصبہ مدت سے ویران ہے

مقبرہ پہلوان آگرہ کے قریب جو ایک گانو تخت پہلوان کے نام سے مشہور ہے اوسمین یہ سرخ پتھر کی عمدہ عمارت بہت بلند چبوترے پر واقع ہے اسکے بیچ مین زیر گنبد تعویذ مرقد اور چارون طرف مقبرہ ہمایون کی وضع پر عمدہ محرابین بنی ہوئی ہین گوشون پر خوشنما برجیان بنی ہوئی ہین اونمین دو چند روز ہو گئی ہے رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکھا ہے کہ یہ مقبرہ شاہجہان کے عہد سلطنت مین تعمیر ہوا تھا ❊

مقبرہ پیر بندی سرہند علاقہ پنجاب مین یہ خشتی مقبرہ ایسا عمدہ بنا ہوا ہے کہ اسکے نقش و نگار لعل و یاقوت کی پچی کاری کو مات کرتے ہین یہ مقبرہ پیر بندی رنگساز نے اپنی حیات مین تعمیر کرایا تھا اور اپنے ہاتھ سے نقاشی کی تھی اس جگہہ کسی اور عمارت کو اس سے کچھہ مناسبت نہین اسکا برج بہت شاندار ہے جنرل کننگہم صاحب رقمطراز ہین کہ یہ مقبرہ مغلون کے عہد کا بنا ہوا ہے ❊

مقبرہ تانسین گوالیار مین شیخ محمد غوث کے مقبرہ کے قریب یہ تانسین کا مقبرہ ہے یہ شخص اکبر کے عہد مین علم موسیقی کا علامہ وقت تھا کلاونت اسکی قبر کو بہت مانتے ہین

اس فن کے آدمی اسکا نام سنگر کان پکڑتے ہین یہان ایک املی کا درخت ہے بیراگیون کے نزدیک اسکے پتے کہانے سے آواز کہل جاتی ہے ڈایرکٹر جنرل کننگہم صاحب کی رپورٹ سے ظاہر ہے کہ پہلے جو یہان بہت پرانا اور بڑا درخت املی کا تہا اب وہ نہین رہا اوسکی جگہہ اور درخت لگا دیا ہے مقبرہ کی عمارت ۲۲ فٹ مربع ہے اور اسکا برج جسکے نیچے قبر ہے بارہ ستونون پر بنا ہوا ہے ❊

مقبرہ تگہ خان دہلی سے تین میل جانب جنوب یہ مقبرہ شمس الدین غزنوی عرف اعظم خان والد مرزا عزیز کوکلتاش کا سنگ سرخ اور سنگ مرمر سے بنا ہوا ہے اندر جگہہ جگہہ آیات قرآنی کندہ ہین جب اعظم خان کو ادہم خان نے مار ڈالا تو مرزا اعظم خان اوسکے بیٹے نے سنہ ۹۶۶ھ مین یہ مقبرہ بنوایا

مقبرہ جام نندا ٹہٹہ مین خوبصورت سنگ زرد کی عمارت مقبرہ جام نندا اور تماچی کے نام سے مشہور ہے اسمین سما خاندان کے تین حاکمون کی قبرین بہت عمدہ نبت کا بنی ہوئی ہین ہنڈبک اف مرے مین لکہا ہے کہ یہ عمارت دو سو پچپن برس کی بنی ہوئی ہے

مقبرہ خانخانان شاہجہان آباد سے چار میل جانب جنوب لب گڈہ دروازہ عرب سرائے کے قریب عبدالرحیم خان خانان کا یہ مقبرہ ہے اوسنے اپنی حیات مین اپنی بی بی کے واسطے بنوایا تہا اسکی پوشش کا سنگ سرخ اور سنگ مرمر مدت سے جاتا رہا اب چونہ کا کہنڈر رہگیا ہے اور ایک چبوترہ پر جسمین چارون طرف ۸۰ محرابین ہین واقع ہے اسمین چار در ہین اور ایک طرف اوپر جانیکا زینہ بنا ہوا ہے اوسکی ۹۰ سیڑہیان ہین اسکی عمارت ایسی بلند ہے کہ اسکے اوپر جو مونکہے بنے ہوے ہین اونمین کوئی پرندہ بہی نہین رہتا آثار الصنادید مین لکہا ہے کہ سنہ ۱۰۳۶ھ مین عبدالرحیم خان ۷۲ برس کی عمر مین فوت ہوا اور اس مقبرہ مین دفن کیا گیا ❊

مقبرہ خواجہ خان سرہند علاقہ پنجاب مین یہ خشتی مقبرہ باہر سے ۴۰ فٹ اور اندر سے ساڑھے ۲۴ فٹ مربع ہے اسکے گوشون پر ۱۴ فٹ مربع برجیان اور بیچ مین ۳۶ فٹ کے قطر کا

گنبد بنا ہوا ہے رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکہا ہے کہ یہ مقبرہ سنہ پندرہوین صدی عیسوی مین تعمیر ہوا ہے اسکی شکل سیر سیران کے مقبرہ کی مانند ہے ؀

مقبرہ دریا خان دہلی دروازہ احمد آباد کے سامنے جو سیر باغ ہے وہان یہ مقبرہ بہت خوبصورت گنبد کا ہے اسمین کتبہ نہین ہے ہنڈبک اف مرے کا بیان ہے کہ یہ عمارت پرانی ہے

مقبرہ رانی روپا واتی شہر مذکور الصدر مین مسجد روپا واتی سے جانب شمال مشرق یہ لداو کا مقبرہ ستونون پر بنا ہوا چارون طرف سے کہلا ہوا ہے اسمین دو قبرین رانی روپا واتی اور اوسکی کسی رشتہ دار عورت کی ہین اسکی تعمیر کا حال مرے صاحب نے کچہہ نہین لکہا ؀

مقبرہ رانی سپرا یہ مقبرہ رانی سپرا سلطان احمد کی بی بی کا احمد آباد مین جمالپور دروازہ کے قریب اوسکی مسجد کے سامنے ہے ہنڈبک اف مرے سے ثابت ہے کہ یہ رانی راجہ اسابیل کی بیٹی بہت حسین تہی سلطان احمد اسپر عاشق ہوگیا اور اسکو مسلمان کرکے اپنی بیگم بنا لیا اس مقبرہ کو رانی سپرا نے اپنی مسجد کے ساتہہ ۸۳۶ ہجری مین تعمیر کرایا تہا بعد وفات یہین دفن ہوئی

مقبرہ رکن الدین یہ برج قطب صاحب مین دہلی سے گیارہ میل مقبرہ سلطان غاری کے قریب اٹہہ ستونون پر بنا ہوا ہے آثار الصنادید سے واضح ہے کہ جب ۱۲۳۸ء مین سلطان رکن الدین رضیہ سلطان بیگم کی قید مین مر گیا تو یہ مقبرہ بنایا گیا فیروز شاہ کے وقت مین اسکی مرمت ہوئی تہی

مقبرہ روشن آرا بیگم دہلی سے شمال مغرب کی طرف سبزی منڈی کے قریب باغ روشن آرا کے وسط مین یہ مقبرہ بارہ دری کی مانند چبوترہ پر بنا ہوا ہے وسط مین قبر کے گرد سنگ سرخ کی جالیون کا مجر ہے اسکے قریب چہت پر جانے کے واسطے زینہ بنا ہوا ہے ۱۶۵۰ء مین روشن آرا بیگم نے اس مقبرہ کو اپنے باغ کے ساتہہ تعمیر کرایا تہا بعد وفات اسی مین مدفون ہوئی مقبرہ کے چارون طرف مع فوارون کے حوض بنے ہوئے ہین ؀

مقبرہ سرائے روح اللہ خان یہ عمارت دہلی سے جانب غرب سرائے روح اللہ خان کے قریب بہول بہلیان کے نام سے مشہور ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا مین

لکھا ہے کہ یہ اورنگ زیب عالمگیر کی بیٹی کا مقبرہ ہے اسکی پرشش کا پتھر بالکل اوکھڑ گیا صرف اینٹون کا کھنڈر رہگیا ہے گنبدگی کی مانند اسمین بھی دہوکے کارآمد ہے اسکو بنے ہوے تخمیناً پونے دو سو برس کا عرصہ ہوا ؛

مقبرہ سعدی خان اگرہ مین سکندرہ کو جاتے ہوے سڑک سے جانب شمال مقبرۂ صلابت خان کے قریب یہ سنگ سرخ کی عمارت ایک بلند چبوترہ پر بنی ہوئی ہے اسکے اوپر جو بڑا برج ہے اوسکے لداؤ مین نقاشی کی ہوئی ہے اسمین ۴۸ ستون ہین اور اسکی وضع عمدہ ہے

مقبرہ سلطان بہلول شاہجہان آباد سے جانب جنوب درگاہ چراغ دہلی کے قریب یہ مقبرہ مع برج کے بنا ہوا ہے ۱۴۸۸ء مین بادشاہ نے وفات پائی سکندر لودی اسکے بیٹے نے یہ مقبرہ تعمیر کروایا تھا ؛

مقبرہ سلطان سکندر یہ چونہ گچ کا مقبرہ دہلی کے قریب موضع خیرپور مین سلطان سکندر لودی کا ہے ۱۵۱۷ء مین اسکے بیٹے شاہ ابراہیم نے تعمیر کرایا تھا قبر کے اوپر برج بنا ہوا ہے اور گرد غلام گردش ہے

مقبرہ سید خان سرہند علاقہ پنجاب مین یہ خشتی مقبرہ باہر سے ساڑہے ۷۰ فٹ اور اندر سے ساڑہے ۷۲ فٹ مربع اور بہت مضبوط بنا ہوا ہے اسکے چارون کونون پر برجیان اور بیچ مین ۴۰ فٹ قطر کا برج ہے آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ مین لکھا ہے کہ تغلق شاہ کے عہد کا بنا ہوا ہے ؛

مقبرہ سید عابد یہ مقبرہ دہلی مین عرب سراے کے قریب ایک چاردیواری کے اندر خشتی بنا ہوا ہے پہلے اسمین بہت عمدہ چینی کا کام تھا اب چاردیواری کے دروازہ پر سہ دری اور اندر ایک ٹوٹا حوض اور پھوٹی نہر نظر آتی ہے آثار الصنادید سے ثابت ہے کہ یہ مقبرہ ڈھائی سو برس کا بنا ہوا ہے سید عابد خاندوران خان کے عزیزون مین تھا اور ایک لڑائی مین مارا گیا۔

مقبرہ شاہ رحمان ضلع گوجرانوالہ علاقہ پنجاب مین پہڑی رحمان چھ سو آدمیون کی بستی ہے وہان یہ مقبرہ پہڑی رحمان کے نام سے مشہور ہے تاریخ گوجرانوالہ سے ظاہر ہے کہ

یہ بزرگ دہوبی تھے انکو حضرت نوشاہ صاحب سے نیاز حاصل ہوا تھا بعد وفات انکے چار دن
بیٹون نے یہ مقبرہ بنوایا ہے ٭

مقبرہ شاہ عبد الحق محدث دہلوی دہلی سے اا میل قطب مین حوض شمسی کے کنارہ
یہ مقبرہ بہت بڑے لداو کا اینٹ اور چونہ سے بنا ہوا ہے اور مزار کے سرہانی کتبہ مین
انکا حال لکھا ہے شاہ صاحب کی وفات کے بعد ۱۶۴۲ء مین یہ مقبرہ بنا ہے اوسی زمانہ سے
یہان قبرستان بنگیا ہے - یہ حضرت بڑے بزرگ اور عالم تھے ٭

مقبرہ شاہ محمود مانڈو علاقہ مالوہ مین یہ مقبرہ بھی عمدہ ہے اسپر بہت بڑا برج بنا ہوا ہے
آرائش محفل مین لکھا ہے کہ موسم گرما مین اس گنبد مین سے پانی ٹپکتا ہے ٭

مقبرہ شیخ فرید دہلی سے جانب جنوب مسجد بیگم پور کے قریب یہ چونہ گچ کا مقبرہ کہنڈر ہوگیا ہے
۱۶۱۳ء مین شیخ فرید نے وفات پائی اوسکے بعد یہ مقبرہ تیار ہوا ٭

مقبرہ شیر شاہ یہ مقبرہ سسرام علاقہ بہار مین تالاب کے اندر واقع ہے اسمین شیر شاہ
اور سلیم شاہ دونو باپ بیٹے دفن ہین مرات افتاب نما سے ظاہر ہے کہ اس مقبرہ مین
کشتی کے ذریعہ سے جانا ہوتا ہے پہلے جو پل بنا ہوا تھا اوسکی دو محرابین گر پڑی ہین ۱۵۴۵ء
مین شیر شاہ فوت ہوا اوسکے بیٹے سلیم شاہ نے اس مقبرہ کو تعمیر کروایا ہے ٭

مقبرہ صفدر جنگ شاہجہان آباد سے ۴ میل قطب کو جاتے ہوے لب سڑک یہ عالیشان
عمارت نواب منصور علیخان صفدر جنگ کا مقبرہ ہے اسکی طرز آگرہ کے تاج گنج سے بہت
ملتی ہے اسکے گرد فصیل ہے اوسکے کونون پر چار جالیدار برج ہین جانب شرق بیچ مین
دروازہ ہے اوسپر بڑے بڑے کئی مکان ہین دروازہ کے برابر ایک چھوٹی سی سنگ سرخ
کی مسجد اور سامنے نہر ہے نہر کے دوسرے سرے پر وسط باغ مین چبوترہ کے اوپر روضہ کی
سہ منزلہ عمارت سنگ سرخ اور سنگ مرمر سے بنی ہوئی ہے اور نیچے تہخانہ اور خادمون کے
رہنے کی کوٹھریان ہین یہ خوبصورت مقبرہ اجارہ تک سنگ مرمر کا بنا ہوا ہے اسکی ناف مین

تعویذ مرقد نہایت مجلا و منبت کار ہے اوسکے گرد سنگ مرمر کا فرش ہے جسپر بہت خوبصورت پچی کاری کی ہوئی ہے اور لداو کے اوپر سنگ مرمر سفید کا برج ایسا بلند اور خوشنما ہے کہ اوسکی تعریف نہین ہوسکتی روضہ کے تینون طرف جو بڑے بڑے دالان ہین اونکے نام **مولوی سید احمد خان** نے جنگلی محل اور موتی محل اور بادشاہ پسند لکھے ہین فی زماننا یہ باغ بالکل برباد پڑا ہے اور عمارت مقبرہ بھی کہین کہین سے خراب ہو چلی ہے موسم برسات مین جب پھول والون کی سیر ہوتی ہے تو یہان کثرت سے خلقت اتی ہے **آثار الصنادید و ہار کورٹ ہنڈبک** وغیرہ سے منکشف ہے کہ اس ہشت پہل مقبرہ کو بعد وفات نواب صفدر جنگ ۱۱۶۷ھ ۱۷۵۳ء مین نواب شجاع الدولہ اونکے بیٹے نے شیدی بلال محمد خان کے اہتمام سے تین لاکھ روپے صرف کرکے تعمیر کرایا تھا

مقبرہ صلابت خان دکن مین احمد نگر سے ۸ میل کے فاصلہ پر یہ سنگین مقبرہ مع برج کے ۸۰ فٹ بلند پہاڑ پر بنا ہوا ہے اسکی محرابین بہت خوبصورت ہین ہمیشہ اسپر سفیدی کیجاتی ہے -

مقبرہ صلابت خان یہ مقبرہ اگرہ سے سکندرہ کو جاتے ہوے مقبرہ سعدی خان کے قریب واقع ہے اسکا برج بلند ہے اور گنبد مین رنگت کی ہوئی ہے وضع مین یہ مقبرہ سعدیخان کے مقبرہ سے بہت ملتا ہے **رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا** مین تاریخ تعمیر درج نہین ہے

مقبرہ علاو الدین دہلی سے گیارہ میل جنوب کو منار قطب صاحب کے نزدیک یہ سلطان علاؤ الدین خلجی کا مقبرہ ہے **آثار الصنادید** سے ثابت ہے کہ علاو الدین کی وفات کے دو برس بعد تعمیر ہوا تھا فیروز شاہ تغلق کے عہد مین اسکی مرمت ہوئی تھی اب ایسا کھنڈر ہوگیا ہے کہ قبر بھی شق ہوگئی ہے یہ عمارت پانسو ساٹھہ برس سے زیادہ کی ہے ؞

مقبرہ علی عادل شاہ یہ ناتمام عمارت بیجاپور مین اثار شریف سے جانب غرب دوسو فٹ مربع ۱۵ فٹ بلند چبوترہ پر واقع ہے اور روضہ علی کے نام سے مشہور ہے اسکے نایاب ہونے مین کچھہ شک نہین لیکن ناتمام رہجانے سے اسکی نمایش کچھہ نظر فریب نہین **ہنڈبک**



مقبره صفدر جنگ

آف مرسے مین لکہا ہے کہ ۱۵۶۹ء مین علی عادل شاہ نے وفات پائی اوسکی بعد یہ عمارت تعمیر ہوئی
مقبرہ غاری جب ۱۲۲۹ء مین ناصر الدین محمود حاکم لکہنوتی فوت ہوا تو اوسکی نعش کو سلطان شمس الدین اوسکے باپ نے دہلی مین یعنے قطب صاحب سے دو میل جنوب مغرب کی طرف دفن کیا اور یہ عمدہ مقبرہ بنوادیا اسکے اندر تین طرف نکانات اور جانب مغرب سنگ مرمر سفید کی مسجد ہے صحن کی ناف مین ایک چبوترہ ۴ فٹ ساڑہے ۴ انچہ بلند ہے اوسکے نیچے تہخانہ مین تعویذ مرقد ہے اور ستون لگے ہوے ہین اسکا دروازہ سنگ مرمر کا نہایت عمدہ نسبت کا ہے نیچے پندرہ سیڑہیان اور اوپر کتبہ اور آیات قرانی کندہ ہین اسکے گرد کی چار دیواری سنگ خارا سے بنی ہوئی ہے اوسکے کونون پر چار برج اور بیچ مین اتنا بلند دروازہ ہے کہ اوسکی اگے ۱۴ سیڑہیان ہین
مقبرہ غازی الدین خان دہلی مین اجمیری دروازہ کے قریب یہ ذیشان سنگ سرخ کا مقبرہ میر شہاب الدین عرف غازی الدین خان نظام الملک آصف جاہ کے باپ کا ہے اونسے آپ اپنی حیات مین بنوایا تہا آثار الصنادید سے واضح ہے کہ ۱۷۱۰ء مین نواب نے احمداباد مین وفات پائی وہان سے اوسکی نعش کو یہان لاکر دفن کیا اسکا بہت خوبصورت دروازہ جانب شرق ہے اوسکے اندر ایک بڑا صحن ہے صحن کے شمال اور جنوب مین خوش وضع دالان اور جانب غرب سنگ سرخ کی مسجد ہے جنوبی دالان کے قریب سنگ باسی کے محجر مین ایک اور محجر سنگ مرمر سفید کا جالیدار بنا ہوا ہے اوسمین نواب اور اوسکی اولاد کی قبرین ہین۔ قبل از غدر اس مکان مین مدرسہ تہا اور اب پولیس لین ہے ؞
مقبرہ غلام شاہ کلہوڑا حیدراباد سندہ مین یہ ہشت پہل اور بے نظیر مقبرہ ایک چار دیواری کے اندر واقع ہے اسکی جالیون کی تراش نہایت عمدہ ہے اوپر برج بنا ہوا ہے چار دیواری کا دروازہ بہت خوبصورت کندہ کار ہے اسکے قریب دو اور چہوٹے چہوٹے مقبرے ہین مگر وہ خوبصورتی مین اسکی برابر نہین ہین
مقبرہ غیاث الدین بلبن یہ کہنڈر مقبرہ دہلی مین قطب صاحب کے قریب غیاث الدین بلبن کا ہے

جو ۱۲۸۶ع مین فوت ہوا تہا اسکے متصل ایک اور قبر ہے جسکو آثار الصنادید مین لکہا ہے کہ اوسکے بیٹے خان شہید کی ہے جو اپنے باپ کی وفات سے پہلے ۱۲۸۵ع مین لاہور کے قریب ایک لڑائی مین مارا گیا تہا ؛

مقبرہ غیاث الدین تغلق شاہ ۱۳۲۵ع مین غیاث الدین تغلق شاہ فوت ہوا تو محمد عادل شاہ تغلق اوسکے بیٹے نے یہ سنگ سرخ اور سنگ مرمر کا مقبرہ جو دہلی سے چند میل زیر دیوار جنوبی تغلق آباد کے واقع ہے تعمیر کرایا اسپر سنگ مرمر سفید کا بہت بڑا برج ہے اور دیوارون مین سنگ مرمر کی نہایت عمدہ پچی کاری کی ہوئی ہے اسمین ابتک کسیطرحکا نقص نہین آیا اندر سے یہ مقبرہ ساڑہے ۳۰ فٹ اور باہر سے ساڑہے ۶۰ فٹ مربع ہے اور بلندی مین مع سنہری کلس کے ۸۰ فٹ ہے اسکے وسط مین تین قبرین ایک غیاث الدین تغلق شاہ اور دوسری اوسکی بی بی مخدومہ جہان اور تیسری اوسکے بیٹے عادل تغلقشاہ کی ہین چونہ اور پتہر کی چار دیواری بہت پختہ بنی ہوئی ہے اندر کے رخ حجرے ہین اسکا طول چہہ سو فٹ اور بلندی ساڑہے ۲۰ فٹ اور نیچے کا اتار ساڑہے گیارہ فٹ اور اوپر کا چار فٹ ہے دروازہ سنگ سرخ کا خوش قطع بنا ہوا ہے اوسکے آگے ۲۳ سیڑہیان ہین **مولوی سید احمد خان صاحب** نے اسکا نام دار الامان ہی لکہا ہے

مقبرہ فیروز خان اگرہ مین سڑک گوالیار کے قریب یہ مقبرہ فیروز خان اکبر بادشاہ کے خواجہ سرا کا ایک پختہ چار دیواری مین چبوترہ پر مع برج کے ہشت پہل بنا ہوا ہے اس سنگ سرخ کی عمارت مین ہندوانی طرز کی کندہ کاری ہے کہین کہین بیلون اور مورون کی مورتین بنی ہوئی ہین نیچے تہخانہ مین سنگ مرمر کی دو قبرین ہین اس مقبرہ کا دروازہ شرقرویہ چبوترہ سے بند ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے ظاہر ہے کہ اس مقبرہ کو فیروز خان نے اپنی حیات مین بنوایا تہا اوسکا بنوایا ہوا ایک تالاب مقبرہ سے تہوڑی دور ہے ؛

مقبرہ فیروز شاہ دہلی مین مقبرہ صفدر جنگ سے تہوڑی دور حوض خاص کے کنارہ یہ فیروز شاہ تغلق کا مقبرہ ہے ۱۳۸۹ع مین اوسکی وفات کے بعد ناصر الدین نے تعمیر کرایا تہا ؛

مقبرہ بہت بڑا ہے اور اسکی چونہ کی دیوار مین کتبہ کندہ ہے

مقبرہ لنگر خان دہلی سے چند میل موضع زمرد پور کے قریب یہ مقبرہ لنگر خان سلطان بہلول لودہی کے وزیر کا ہے اسکو بنے ہوئے تخمیناً تین سو اٹہتر برس سے زیادہ عرصہ ہوا یہ عمارت چونہ اور پتہر کی بہدی بنی ہوئی ہے قبر قدآدم سے بہی زیادہ بلند ہے اس مقبرہ کے قریب ایک اور برج ہے اوسمین لنگر خان کے کسی عزیز کی قبر ہے ٭

مقبرہ محمد شاہ دہلی مین مقبرہ صفدر جنگ کے سامنے یہ مقبرہ محمد شاہ بادشاہ کا ہے آثار الصنادید مین لکہا ہے کہ سنہ ۱۴۵۰ع مین بادشاہ نے وفات پائی علاء الدین عالم شاہ اوسکے بیٹے نے اس مقبرہ کو بنوایا ہے ٭

مقبرہ محمد شاہ بیجاپوری یہ عمدہ اور خوبصورت دکہنی طرز کی عمارت بیجاپور کے بادشاہ پور بازار مین تاج گنج اکبرآباد کی وضع پر چہ سو فٹ مربع اور دو فٹ مرتفع چبوترہ پر بنی ہوئی ہے چبوترہ کے گوشون پر چار ہشت پہل مینار ایک سو پانچ فٹ بلند ہین اونکے اندر چکردار سیڑہیان اور باہر آٹہہ آٹہہ کہنڈ ہین ہر کہنڈ مین سات سات کہڑکیان بنی ہوئی ہین اسکا گنبد اندر سے ایک سو ۳۹ فٹ قطر کا نہایت خوبصورت گول گنبد کے نام سے مشہور ہے یہ برج باہر سے ایسا خوشنما نہین جیسا کہ اسکا دالان اندر سے خوش قطع ہے اسمین چیخنے سے تمام مکان گونج اوٹہتا ہے آنے جانے کا دروازہ جنوب رویہ ہے اور چوبی چہپر کہٹ مین قبر ہے اس برج مین سوائے قبر محمد شاہ کے دو اور قبرین اسکی بیگم اور بیٹے علی عادل شاہ کی مثل قبور غیاث الدین تغلق شاہ کے موجود ہین سوائے ان قبرون کے اور بہت سی قبرین اسکے خاندان کی جسطرح ہمایون کے مقبرہ مین مغلون کی قبرین ہین جگہہ جگہہ نظر آتی ہین ہنڈ بک اف مرے مین لکہا ہے کہ محمد شاہ بیجاپور کا چہٹا بادشاہ تہا اوسکے مرنے کے بعد یہ مقبرہ سنہ ۱۶۵۶ع مین تعمیر ہونا شروع ہوا اور کہین کہین سے ناتمام رہگیا ٭

مقبرہ محمد غوث گوالیار مین یہ عالیشان مقبرہ جسکے گرد ۴۳ فٹ چوڑی

غلام گردش ہے محمد غوث کا مشہور ہے یہ حضرت ہمایون اور اکبر کے وقت مین بڑے بزرگ
تھے یہ سنگین مقبرہ سو فٹ مربع ہے کونون پر چار برج اور بیچ مین بڑا گنبد ہے گنبد کے نیچے کا
مکان جسکے گرد جالیان ہین ۵۴ فٹ مربع بنا ہوا ہے درآمد و رفت جنوب رویہ ہے
اور برجون کی قطع بہت خوبصورت ہشت پہلو ہے دیوارون کا آثار ساڑہے پانچ فٹ
ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا مین اس مقبرہ کو اوس وقت کا بنا ہوا
لکہا ہے کہ جب دہلی مین ہمایون کا مقبرہ تعمیر ہوا تہا کہین کہین سے یہ عمارت ناتمام رہگئی ہے
مقبرہ محمد معصوم یہ گنبد دار مقبرہ بہکر مین نوے فٹ بلند ہے سید محمد معصوم
جو اکبر کے وقت مین ایک بزرگ گزرے ہین یہان دفن ہین انکی بنوائی ہوئی ایک مسجد
روڑی مین ابتک موجود ہے یہ مقبرہ اکبر کے عہد مین انکی وفات کے بعد تعمیر ہوا تہا
مقبرہ محمود شاہ بیگڑا احمد آباد سے ساڑہے چار میل سرگیج قبرستان مین مقبرہ
گنج بخش کے قریب محمود شاہ بیگڑا کا یہ عالیشان مقبرہ ہے اسمین چار سو چالیس
ستون ۲۲-۲۴ فٹ بلند لگے ہوے ہین اسکی بہائیون کی سنگ مرمر کی قبرین جنپر آیات والی
کندہ ہین اسی مقبرہ مین ہین اور اسکی بیگم کا مقبرہ یہان سے تہوڑی دور بہت عمدہ بنا ہوا
ہے ہنڈبک اف بمبی مظہر ہے کہ سنہ ۹۱۷ ہجری مین محمود شاہ فوت ہوا بعدہ یہ مقبرہ تعمیر ہوا
مقبرہ مرزا جانان ٹہٹہ مین عیدگاہ کی پشت پر یہ مقبرہ مرزا جانان وزیر کا ہے
ہنڈبک آف مرے مین لکہا ہے کہ سنہ ۱۰۰۹ ہجری مطابق سنہ ۱۶۰۰ع مین تعمیر ہوا ہے*
مقبرہ مرزا عنایت اللہ ٹہٹہ مین یہ مقبرہ مرزا عنایت اللہ حاکم ٹہٹہ کا خوبصورت
سنگ مرمر کا مختصر بنا ہوا ہے اسکی تعمیر ہنڈبک اف مرے کے بموجب سنہ ۱۰۵۰
ہجری مطابق سنہ ۱۶۴۰ع مین ہوئی ہے *
مقبرہ مرزا عیسی یہ بہت بڑا سنگ مرمر زرد کا منبت کار مقبرہ بہی ٹہٹہ مین واقع ہے
مرزا عیسی بہی ٹہٹہ کا صوبہ دار تہا ہنڈبک اف مرے ناقل ہے کہ یہ شخص بہی سنہ ۱۶۴۴ع مین

فوت ہوا اور اوسی سال مین مقبرہ تعمیر کیا گیا ۞

مقبرہ مرزا غازی ٹھٹھہ مین عیدگاہ کے پیچھے یہ خوشنما مقبرہ مرزا غازی وزیر ٹھٹھہ کا یادگار ہے ہنڈبک اف مرے سے واضح ہوا کہ سنہ ۱۰۲۵ ہجری مطابق سنہ ۱۶۱۳ع مین مرزا غازی نے رحلت کی بعدہ یہ مقبرہ تعمیر کیا گیا ۞

مقبرہ معز الدین شاہجہان آباد سے جنوب رخ زیر فصیل مقبرہ غاری یہ مقبرہ سلطان بہرام شاہ کا ہے اسکا برج ستونون پر مبنی ہے اسکو بنے ہوے چھہ سو پینتیس برس سے زیادہ عرصہ ہوا آثار الصنادید مین لکھا ہے کہ فیروز شاہ کے عہد مین اسکی مرمت ہوئی

مقبرہ مغلانی بی بی احمد آباد سے تھوڑی دور قبرستان مین یہ ٹوٹا ہوا مقبرہ احمد شاہ کی بی بی مغلانی کا ہے اب اسکی چھت ندارد ہے صرف ۱۰ فٹ کے چبوترہ کے چارون طرف ستون کھڑے ہین بیچ مین سنگ مرمر کی بنت کار قبر ہے اسکی برابر جو سنگ موسی کی دوسری قبر ہے پہلے اسپر سیپ کی پچی کاری تھی ہنڈبک آف مرے مین لکھا ہے کہ یہ قبر احمد شاہ کی دوسری بی بی کی ہے اس عمارت کو بنے ہوے چار سو چون سال سے زیادہ ہوے چنانچہ اسمین کتبہ بھی کندہ ہے ۞

مقبرہ ملک التجار جامع مسجد کا بسے کے صحن مین یہ مختصر مقبرہ ملک التجار کا ہے اوسنے اپنی حیات مین اپنی مسجد کے ساتھہ بنوایا تھا اسکے اوپر گنبد بنا ہوا ہے ۞

مقبرہ ملک بابا احاطہ بنگال مین یہ عالیشان مقبرہ ابراہیم عرف ملک بابا کا شہر بہار کے باہر واقع ہے یہ مقبرہ ہندؤون کے بتخانے توڑ کر بنایا گیا ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا منظہر ہے کہ فیروز شاہ کے زمانہ مین تعمیر ہوا ہے ۞

مقبرہ میر میران سرہند علاقہ پنجاب مین یہ سنگین مقبرہ جسکے اوپر برج اور چارون طرف در ہین سلطان سکندر لودی کے داماد کا ہے اور تالاب بی بی سر کنارہ واقع ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکھا ہے کہ سلطان سکندر لودی نے بنوایا تھا

یہ عمارت باہر سے ۷۰ فٹ اور اندر سے ۴۶ فٹ مربع ہے اور سطح زمین سے ۴۲ فٹ
مرتفع ہے اسکو بنے ہوئے تخمیناً ساڑھے تین سو برس کا عرصہ ہوا

مقبرہ نجف خان پختہ چونہ گچ کی عمارت دہلی کے جانب جنوب شاہ مردان کے قریب
ذوالفقار الدولہ نواب نجف خان کا مقبرہ ہے **آثار الصنادید** مین لکھا ہے کہ یہ مقبرہ بعد وفات
نواب کے ۱۱۹۶ھ مین تعمیر ہوا تہا - یہ شخص نواب صفدر جنگ کے بہائی کا سالا تہا ۔

مقبرہ نور الدین جہانگیر یہ بے نظیر عمارت لاہور سے چار میل دریائے راوی کے
کنارہ واقع ہے ۱۰۳۷ ہجری مین جہانگیر نے وفات پائی بعدہ شاہجہان نے یہ مقبرہ
بنوایا چار دیواری مین اندر کے رُخ چالیس حجرے خدام کی سکونت کے لئے بنے ہوئے ہین
انمین بہت تحفہ سنگ سرخ کی چوکہٹین لگی ہوئی ہین جانب غرب لال پتہر کا دروازہ اتنا بلند بنا ہوا
ہے کہ اوسمین سے عماری دار ہاتی گزر سکتا ہے اسکے اوپر کے مکان مین اب ڈاک بنگلہ ہے
تحقیقات چشتی راوی ہے کہ پہلے اس چار دیواری مین ایک عمدہ باغ سرسبز و شاداب تہا
اب تو سکہون نے مقبرہ کو بہی خراب کر دیا ہے مقبرہ کے چارون طرف حوض اور بیچ مین
بڑا درجہ ہشت پہل و گنبد دار ہے اور سکے وسط مین سنگ سفید کا چبوترہ ۱۲ فٹ لمبا ۹ فٹ
چوڑا ڈیڑہ فٹ اونچا بنا ہوا ہے اوسکے اوپر تعویذ نہایت مصفا ڈہائی فٹ بلند ہے اسپر
اسمائے الہی اور تاریخ وفات کندہ ہے یہ چبوترہ مع تعویذ کے عقیق لاجورد سلیمانی نیلم زہرمہرہ
مرجان وابری وغیرہ سے الیاپچی کار ہے کہ اوسکی تعریف نہین ہوسکتی اسکے گرد سنگ مرمر کا فرش
سنگ موسی اور سنگ مریم سے گلکار بنا ہوا ہے دیوارون مین گنبد تک سنگ مرمر لگا ہوا ہے
اس مکان کا خشتی لداو بہت خوبصورت ہے چارون طرف چار در نو نو فٹ چوڑے ہین انمین
سنگ مرمر کی جالیان لگی ہوئی ہین اندر جانے کے واسطے ایک در کی جالی مین چوبی چوکہٹ
لگائی ہے گرد کے مکانون مین سنگ ابری اور اجارہ تک سنگ مرمر گلکار لگا ہوا ہے اوپر کے
مکان بہی نیچے کے مکانون کی مانند خوبصورت ہین انمین سے عمدہ عمدہ پتہر اور کٹہرے سکہہ

اوکہاڑ کر لیگئے اونکی جگہہ اب سرکار نے چونہ کا کام کرا دیا ہے - اسکے دیکہنے کے واسطے خلقت دور دور سے اتی ہے اصف خان اور نورجہان بیگم کے مقبرے اسی جگہہ مین

مقبرہ نورجہان بیگم مقبرہ مذکورہ بالا کے قریب نورجہان بیگم جہانگیر بادشاہ کی بی بی اور اعتماد الدولہ کی بیٹی کا مقبرہ ہے سکہہ اسکا سنگ مرمر اوکہاڑ کر امرتسر لیگئے اسمین بہی مقبرہ تکی اور مقبرہ سراے روح اسد خان کی مانند دہوکے کا رستہ ہے اس وجہ سے لوگ بہول بہلیان کہتے ہین اسکے گرد پہلے باغ تہا اور اب کاشتکاری ہوتی ہے **تحقیقات چشتی** سے واضح ہے کہ یہ مقبرہ شاہجہان کے عہد مین تعمیر ہوا ہے *

مقبرہ ہمایون یہ عالیشان مقبرہ جسکے اوپر بہت بڑا گنبد اور سنہری کلس ہے شاہجہان آباد سے ساڑہے تین میل معز الدین کیقباد کی کلوکہری مین واقع ہے اسکے گرد پختہ فصیل ہے اوسمین نوسو فٹ سے نوسو فٹ مربع باغ ہے باغ کے وسط مین تین فٹ بلند چبوترہ پر ایک اور سنگ سرخ کا چبوترہ بیس فٹ بلند ہے اسکے نیچے تہخانہ مین قبرین اور اوپر عمارت روضہ ہے اول چبوترہ کا عرض ہر طرف سے ۱۵ فٹ اور دوسرے کا ۳۰ فٹ ہے اسکے گرد جالیدار کٹہرے اور بیچ بیچ مین چارون طرف چار دروازے شیر ہو مدار ہین اسی چبوترہ کے وسط مین بہت خوشقطع عمارت روضہ کی سنگ سرخ اور سنگ مرمر سے بنی ہوئی ہے اسکی برجیون کی خوبصورتی اور محرابون کی زیبایش اور مکانون کا تناسب قابل تعریف ہے بیچ کا مکان نہایت دلکشا اجارہ تک سنگ مرمر سفید کا بنا ہوا ہے اسکی ناف مین تعویذ مرقد نہایت عمدہ جلا دار ہے اس مقبرے کے اوپر جانے کے واسطے ہر طرف راستے اور زینے بہت خوش قطع نکالے ہین آثار الصنادید دہار کورٹ ہنڈبک وغیرہ سے ظاہر ہے کہ ۱۵۶۵ع مین ہمایون بادشاہ نے وفات پائی اوسکی بی بی نواب حاجی بیگم نے پندرہ لاکہہ روپیہ خرچ کرکے سولہ برس کے عرصہ مین یہ مقبرہ تعمیر کرایا اسمین تموریہ خاندان کے لوگون کی اور بہی قبرین موجود ہین -

مقبرہ ہوشنگ غوری یہ عالیشان سنگ مرمر کا مقبرہ مانڈو یعنے گہارہ کے

کہنڈرات مین بہت تحفہ بنا ہوا ہے ۱۴۳۲ ع مین ہوشنگ بادشاہ نے رحلت کی اوسکے بعد یہ مقبرہ تعمیر ہوا اسکے ستونون کی وضع نہایت عمدہ ہے ؁

مکان حضرت عباس لکھنو مین یہ عمدہ عمارت یمین الدولہ نظام الملک سعادت علیخان کی بنوائی ہوئی ہے اوسنے ۱۸۰۰ ع کے قریب تعمیر کرائی تہی **ارائش محفل** سے ثابت ہے کہ اسکی تعمیر مین کئی ہزار روپیہ صرف ہوا تہا اسکے اندر کئی مکان وسیع اور دلکشا ہین ؁

مکہ مسجد یہ عمدہ اور خوبصورت مسجد ۱۲ محرابون کی قلعہ بیجاپور مین بنی ہوئی ہے اسکی چہت نہایت خوبصورت اور کندہ کا ستونون پر مبنی ہے علی عادل شاہ نے ۱۵۵۶ اور ۱۵۸۰ ع کے درمیان اس مسجد کو بنوایا تہا اسکے شمال مین جو عدالتخانہ تہا اوسکو کہنڈر ہو جانیکے سبب راجہ ستارا نے برابر کروا دیا

مکہ مسجد حیدرآباد دکن مین اور مسجدون سے یہ سنگ سرخ کی جامع مسجد عمدہ اور بڑی ہے **ہنڈبک اف مرے** سے ثابت ہے کہ دو سو برس سے زیادہ عرصہ ہوا کہ محمد قلی قطب شاہ نے اس مسجد کو تعمیر کرایا تہا ؁

ملک میدان بیجاپور مین مکہ دروازہ کے قریب شیرزا برج پر یہ ۱۴ فٹ ۴ انچہ لمبی توپ ہے پیچھے سے اسکا قطر ۵ فٹ ۲ انچہ ہے اور وزن گیارہ سو بیس من ہے **ہنڈبک اف مرے** مین لکہا ہے کہ کئی دہاتین ملا کر اس توپ کو ڈہالا ہے اور **بالفور سیکلوپیڈیا** مین لکہا ہے کہ صرف پیتل کی ہے محمد بن حسن رومی نے بموجب حکم ابو الغازی نظام شاہ کے ۹۵۶ ہجری مین اس توپ کو تیار کروایا تہا اسپر اوسکا اور اورنگ زیب کا فتحنامہ کندہ ہے توپ کے پیچھے ایک حوض ہے تبی دیگر گولہ انداز حوض مین کود جاتا تہا تاکہ اسکی آواز سے اوسکے کان کا پردہ نہ پہٹ جاے ۱۵ جنوری ۱۸۲۹ ع کو راجہ ستارا نے ایک من بارود کا تقمہ دیکر فیر کروایا تہا اس خوف سے خلقت اپنے مکانون سے دور چلی گئی تہی کیونکہ پہلے اسکی آواز سے کئی عمارتین گر پڑی تہین اور حاملہ عورتون کے حمل ساقط ہو گئے تہے جیسی دہلی مین لوہے کی لاٹہ عجائبات مین سے ہے اسی طرح بیجاپور مین یہ توپ بہی ایک نادر چیز ہے ؁



مموریل سرڈیوڈ اخترلونی

موریل جنرل کیٹھہ کمپنی باغ کلکتہ مین یہ گنبد دار عمارت جنرل کیٹھہ صاحب کی یادگار ایک ہشت پہل احاطہ مین واقع ہے اسمین اٹھہ ستون اور چار در ہین اونچی مین سنگ مرمر سفید کی قبر چار فٹ اونچی بلند ہے اوسکے اوپر جنرل کیٹھہ صاحب کی تصویر کہڑی ہے باغ مین ہونے سے یہ عمارت زیادہ خوشنما ہے

موریل ڈیوڈ اختر لونی کلکتہ مین گورنمنٹ ہوس کے قریب جو میدان ہے اوسمین یہ منار ۱۶۵ فٹ بلند اختر لونی صاحب کا یادگار ہے اسکو بنے ہوئے تخمیناً پچاس برس ہوئے اسکے اندر چکردار سیڑہیان اور باہر دو نو کہنڈون مین کہڑے لگے ہوئے ہین اسکے اوپر چڑہنے سے دور دور کی سیر نظر آتی ہے اسکی تعمیر مین ترپن ہزار روپیہ صرف ہوئے تہے ؛

موریل سر جارج اوکسٹنڈن شہر سورت کے باہر انگریزی قبرستان مین یہ بلند عمارت جسکے اوپر صلیب نما کلس ہے چالیس فٹ بلند ہے اور اسکا قطرہ ۲ فٹ ہے جانب شرق زینہ بنا ہوا ہے اوپر سے ہمہ دور دور کی سیر نظر آتی ہے **ہنڈ بک آف مرے** بحوالہ اوس کتبہ کے جو اس عمارت مین کندہ ہے منظہر ہے کہ ۱۲ جولائی ۱۶۵۹ء کو سر جارج اوکسٹنڈن صاحب نے وفات پائی اسکے متصل چہوٹے موریل مین انکے بہائی کی قبر ہے ؛

موریل سر لارڈ کورنوالس غازیپور مین بنارس سے تہوڑی دور یہ یادگار نہایت عمدہ انگریزی وضع کی بنی ہوئی ہے اسکا مثل اس ملک مین دور دور نہین معلوم ہوتا ۱۸۰۵ء مین لارڈ صاحب نے وفات پائی بعدہ یہ عمارت تعمیر ہوئی ؛

موریل ویل کانپور کانپور کے باہر یہ یادگار ۱۸۵۷ء کے غدر کی ہے اصل مین یہ ایک کنوان تہا مفسدہ مین یہان جو صاحب لوگ اور گورے مارے گئے اونکی لاشون کو کنوئین مین ڈال کر یہ یادگار بنا دی ہے بیچ مین گول قبر پر سنگ مرمر کا فرشتہ کہڑا ہے اور گرد انگریزی وضع کا کٹہرا ہے

مندر اکالیان امرتسر مین دربار صاحب کے سامنے یہ عمارت اوسط درجہ کی ہے اسمین سکہون کا ایک بڑا گرو جسکے سینکڑون چیلے ہین گرنتھ کہولے بیٹہا رہتا ہے ؛

مندر بارولی راجستان مین چتور کے مشرق کو مندر چندراوتی سے ۵ میل کے فاصلہ

یہ تین مندر پانی کے قریب عمدہ وضع کے بنے ہوئے ہین انکی عمارتین قابل دید ہین بڑا مندر
نیچے سے اوپر تک سنگ مرمر کا کندہ کار نہایت خوشقطع ہے اوسکے آگے ایک دالان
کندہ کار ستونون کا بطور جلوہ خانہ اور ڈیوڑہی کے بنا ہوا ہے اس مندر کا برج مع دیوارون
کے اندر اور باہر سے بالکل کندہ کار ہے اسکی وضع اوڑیسہ کے مندرون سے بہت ملتی ہے
اسکی داہین طرف ایک چھوٹا سا مندر اسی شکل کا اور ایسا ہی کندہ کار ہے اور بائین طرف جو
چھوٹا سا شوالہ ہے وہ اس مندر کی خوبصورتی کو نہین پہنچتا اسکے سامنے بہت سے
ستونون کے منڈہ بنے ہوے ہین اور دور تک ٹوٹے ہوئے پتہر پڑے ہین - بڑے
مندر کے قریب دو لاٹہین نہایت نازک اور منبت کے کام کی تہین اونمین سے ایک ٹوٹی پڑی
ہے **فرگسن صاحب** لکھتے ہین کہ ۹۲۵ء مین راجہ ہون ان مندرون کو بنوا چکا تہا *
مندر بہراوا راجپوتانہ مین جہالرا پاٹن سے پچاس میل جنوب مغرب کو دہار پہاڑ پر جو بودہون
کے وقت کے غار ہین اونسے تہوڑی دور یہ مندر بہراوا اوتار کی پوجا کا برہمنون نے پہاڑ تہا
کر کے بنایا ہے اسکے گرد جو کئی اور مندر اسی قسم کے بنے ہوے ہین وہ اس سے کم خوبصورت
ہین یہان سے تہوڑی دور دو لاٹہین تہوڑے تہوڑے فاصلہ پر نصب ہین اونکے درمیان جو
پہاگن کے مہینے مین میلا ہوتا ہے اوسکا حال لاٹہون پر کندہ ہے **وایر کٹر جنرل کننگہم صاحب**
رقمطراز ہین کہ میلا مندرون کی تعمیر کے بہت دنون بعد شروع ہوا ہے *
مندر پرت سیلا یہ مندر گیا مین پرت سیلا نامی پہاڑی پر واقع ہے گو یہ عمارت
بہت بڑی اور پرانی نہین ہے لیکن خلقت بہت کثرت سے پوجا کو آتی ہے **آرکی اولاجکل
سروے آف انڈیا** نے لکھا ہے کہ اہلیا بائی کا بنوایا ہوا ہے *
مندر تنجور احاطہ مندراج علاقہ کرناٹک مین تنجور شہر کے اندر یہ بےنظیر مندر ہے اسکی وضع
مندر رہادیلی سے بہت ملتی ہے مگر یہ عمارت اوس سے دوگنی ہے اسکا پاگوڈا کیلاش
کے پاگودے کے مانند ۲۰۰ فٹ بلند بالکل کندہ کار ہے مگر کہنگی کے سبب اکثر جگہہ سے

خراب ہو چلا ہے اسکے سامنے ایک کندہ کار ستونون کے مکان مین سنگیاسن پر نندی کی
مورت بیل کی برابر مندر کی طرف موہنہ کئے بیٹھی ہے یہ مندر حسن تعمیر کے سبب دیکھنے کے لائق ہے
مندر جوتیبا کولاپور سے پانچ میل کے فاصلہ پر یہ مندر جوتیبا پہاڑی پر واقع ہے اسکی عمارت
نیلے پتھر کی ہے اوپر کا سنہری کلس دور دور سے نظر آتا ہے **ہنڈبک اف مرے**
مظہر ہے کہ جوتیبا وشنو کا اوتار تہا اوسنے اس جگہہ رتناسر اوم کولاسر دیو دیون کو مارا تہا
اس وجہ سے یہ مندر یہان سب مندرون سے بڑا بنایا گیا ہے اور پہاڑی کا بہی نام جوتیبا
مشہور ہوگیا ہے یہ مندر کئی سو برس کا پرانا ہے مرہٹے اسکی پوجا کو دور دور سے آتے ہین
مندر جوریگا بہی احاطہ مین جنگل وال سے ۹ میل جوریگا گانو ہے اوسکے اندر یہ سنگین مندر
اوپر سے منبت کار ہے **ہنڈبک اف مرے** مین لکہا ہے کہ یہ مندر سنہ ۹ع مین
تعمیر ہوا ہے اگرچہ اسمین کئی جگہہ نقص آگیا ہے مگر پہر بہی نئی عمارتون کی نسبت بہتر ہے
مندر جیجوری بمبی مین جنوب مشرق کو جاتے ہوے جیجوری مقام ہے وہان
اسی نام کی پہاڑی پر یہ عالیشان مندر راجہ ہلکر کا بنوایا ہوا ہے اسکو بنے ہوے
عرصہ تخمیناً دو سو برس سے زیادہ ہوا اسمین کہانڈے راو کی پوجا ہوتی ہے یہ مندر
نہایت عمدہ سنگین بنا ہوا ہے دور دور سے دکہائی دیتا ہے اسکے اوپر مندر کیلاش
کی مانند نقارخانہ ہے **ہنڈبک آف مرے** سے ظاہر ہے کہ اس مندر کے دیوتا
کہانڈیراو کی ایک سو پچاس جوروین ہین انمین عورتین ہر وقت یہان اور باقی بیس کوس
کے گرد مین رہتے ہین جس مرہٹے کے ہان اولاد نہین ہوتی یا ہوکر مر جاتی ہے تو وہ
یہ منت مانتا ہے کہ اگر میرے ہان اولاد ہوگی تو اپنا پہلا بچہ کہنڈیراو کو چڑہا دونگا اگر
لڑکا ہوا تو مندر کا پوجاری بنتا ہے اور لڑکی ہوئی تو اونہین عورتون مین داخل ہوجاتی
ہے مورت کے علاوہ مندر مین جو کہنڈیراو کا جہنڈا ہے اوسمین مور کے پر لگے ہوے ہین
ہجوم خلائق مین اوسکو پہراتے ہین اور غل مچاکر باجا بجاتے ہین یہان کئی دروازے

اور بہت بڑی مورتین حیوانات کی عجائبات سے ہین

مندر جنیو پونا بمبئی احاطہ مین پونا کے قریب یہ مندر بہی عمدہ اور سنگین ہے اوپر بت کا کام اور مندر کے رخ نقاشی کی ہے بجانے مورتون کے دو سنگ مرمر سفید کے ہاتی اور دائین بائین دو بکریون کی مورتین کہڑی ہین **ہنڈبک اف مرے** مین اسکی تاریخ تعمیر کچہہ نہین لکہی

مندر چندراوتی یہ نہایت بے نظیر اور عمدہ عمارت راجستان مین اودیپور کے مشرق کو اب کہنڈر پڑی ہے اسکے ستون نہایت عمدہ کندہ کار نو فٹ ۱۰ انچہ بلند ہین بیچ کے بارہ ستون بہت خوبصورت منبت کار اور چورس ہین اور غلام گردش کے ستون نیچے سے ہشت پہل اور اوپر سے گول ہین اسکے اوپر طرح طرح کی مورتین کندہ ہین اس کہنڈر مین ایک جا چہت باقی ہے اوسمین شیو کی مورت رکہی ہے اور چند اور مندر بڑے مندر سے بعد کے بنے ہوے ہین **فرگسن صاحب** نے بڑے مندر کو ۶۰۰ء کا بنا ہوا لکہا ہے اور یہ بہی لکہا ہے کہ اگر یہ عمارت برباد نہوتی تو ہندوستان کی کل کندہ کار عمارتون سے عمدہ تہی ؛

مندر دبدی سکم مین دبدی نامی پہاڑی پر یہ دو منزلہ مندر ہے اسمین کندہ کار پتہر لگا ہوا ہے ڈاکٹر ہوکرز ہمالایان جرنیل جلد اول مین ڈہائی سو برس سے زیادہ کا بنا ہوا لکہا ہے وضع اسکی گورکہ ناتہہ کے مندر سے ملتی ہے اسکے روبرو بہت بڑا سنگین چبوترہ ایک فٹ بلند بطور صحن کے بنا ہوا ہے اس مندر کے اوپر اندر کی نسبت زیادہ کندہ کاری ہے مورتون کے علاوہ اسمین آلات پرستش بہی رکہے ہین یہان موسم سرما مین نہایت شدت سے برف پڑتی ہے

مندر ڈوم بمبئی احاطہ مین شہر وائی سے ۵ میل ڈوم گانو مین یہ مندر بہت بڑا بنا ہوا ہے اسکے صحن مین سنگ مرمر کا کنڈ ہے اور ایک سنگ مرمر کی لاٹہہ ۵ فٹ بلند نصب ہے **ہنڈبک اف مرے** مین اوسکا نام پنچ مکہا اس وجہ سے لکہا ہے کہ اسپر شیو کے پانچ سر بنے ہوے ہین

مندر سادری یہ عالیشان مندر سادری علاقہ میواڑ مین جینون کے رشب دیو کی پوجا کا ہے جو اول ترتہنکر تہا اسکو بہت کرسی دی ہے اور نہایت کندہ کار بالکل سنگین بنایا ہے اسکا

اندرونی درجہ دوسو فٹ سے ۱۸۰ فٹ مربع ہے اسکے بیچ مین وماما اور چارون طرف
بڑے بڑے دالان ہین وماسنے کے اندر چارون طرف نشیمنون مین اوراوپر جہالی ستونون پر
برج بنا ہوا ہے ترتہنکر کی مورتین کہڑی ہین اس برج سے آگے ایک اور چہوٹا ہشت پہل
برج اسی طرح ستونون پر بنا ہوا ہے اوسکا قطر ۲۴ فٹ ہے اس مندر مین چار صحن دو ۲۶۴ فٹ
مربع اور دو ۲۶۴ فٹ سے ۲۲۶ فٹ مربع ہین اونکے گرد دالانون مین نہایت عمدہ نبت کار چار سو
تیس ستون لگے ہوے ہین اور تمام درودیوار اور مرغولون پر نبت کا کام ہے صدہا مورتین
جینی دیوتاؤن کی کندہ ہین اسکا سنگ مرمر بیش قیمت اور مضبوط ہے فرگسنر پکچر سیک ارکی
ٹکچر ہندوستان سے واضح ہے کہ اس تبخانہ کو کہبورانا نے سنہ ۱۴۳۸ء مین تعمیر کرایا تہا.
کہین کہین سے ناتمام ہی رہگیا ہے ◆

مندر سر نگہم یہ عالیشان مندر جسمین ہزار سو کندہ کار ستون ہین سر نگہم احاطہ مدراس مین مندر تجور
کی صورت کا بنا ہوا ہے ابہکے برجون پر نہایت عمدہ نبت کا کام ہے اسمین صحنون کے گرد ستونو
کے بڑے بڑے سنگین اعلی کندہ کار دالان ہین اور ایک صحن کا باولی کی مانند کنڈ بنا ہوا ہے اوسمین
ہمیشہ پانی بہرا رہتا ہے بیچ کا صحن سب سے بڑا اور خوبصورت ہے اس مندر کے دروازے
چلمبرم یا پرم کے دروازون کی برابر بلند ہین اور اونکی محرابون کی بلندی ۱۲ فٹ ۶ انچہ ہے لوگ جو
بیان کرتے ہین کہ یہ مندر ساٹھہ ہزار برس کا بنا ہوا ہے یہ گمان صریح غیر صحیح ہے فرگسن صاحب
نے ثابت کیا ہے کہ اس مندر کو بیگر خاندان کے ایک راجا نے تیرہ صدی عیسوی مین تعمیر کرایا تہا
مندر کہنڈوبا بمبئی احاطہ مین منگسولی گانو سے ایک میل پہاڑ پر یہ مندر ملہار راو نے سنہ ۱۸۲۱ء مین
تعمیر کروایا تہا اسمین پہلے مالا دیوی کی پوجا کرتے ہین اوسکے بعد کہنڈوبا اور مہلسا اوسکی بڑی
بی بی کو جو چہتر کے نیچے مالا دیوی کے پیچھے رکہی ہے پوجتے ہین ہنڈبک اف بمبئی سے
واضح ہے کہ موسم گرما مین یہان رتہہ جاترا کا میلا بہت بہاری ہوتا ہے اوسمین ہزارون مرہٹے آتے ہین
مندر کہوبوی راجپوتانہ مین ویسم نار کے غارون سے ۳۰ میل شمال مغرب کو کہوبوی نامی پہاڑی

یہ گیارہ مندر واقع ہین کاریگرون نے بڑی اوستادی سے الورا کے مندرون کی مانند پہاڑ تہو تہا کر بنائے ہین انہین چار مندر بڑے اور باقی (چہوٹے برہمنون کے وقت کے گنبددار ہین رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکہا ہے کہ انکے نام مورتون کے نام سے مشہور ہین اور اتبک انہین کوئی نقص نہین آیا ہے ؛

مندر لکہشمی وائی احاطہ بمبی مین دریا کے کنارہ مندر گنپتی اور مہادیو کے قریب یہ سنگین اور کندہ کار لکہشمی کی پوجا کا مندر ہے ہنڈبک اف مرے مین کہا ہے کہ اسکو بالا صاحب رستیا مرہٹے نے نوے سال سے زیادہ عرصہ ہوا جب بنوایا تہا

مندر لکہندی لکہندی علاقہ دکن مین یہ سنگین مندر بالکل کندہ کا ہے اسکے اوپر کوئی جگہہ بیل بوٹہ سے خالی نہین چہوڑی لیکن اندر کی کندہ کاری کچہہ ناتمام رہگئی ہے اسمین بدہ کی مورتین آلتی پالتی مارے اور گہٹنون پر ہاتہہ دہرے ہوے کئی جگہہ کندہ ہین اس مندر کو پوجاری تین ہزار برس کا بنا ہوا بتاتے ہین ہنڈبک اف مرے مین لکہا ہے کہ جاکان اچہریا ایک جینی گرو کا بنوایا ہوا

مندر مہاندور جستان مین آبو کے پہاڑ پر یہ مندر بہی بہت پرانا ہے کیونکہ اسکے ستونون کی وضع اور اجمیر کے مندرون کے ستونون کی وضع یکسان ہے لیکن اب یہ عمارت بدروپ ہوگئی ہے اسکو ایک مہاجن ماندونامے نے تعمیر کرایا تہا ؛

مندر ملہار راو بمبی احاطہ مین سنگسولی گانو سے تہوڑی دور یہ مندر پہاڑ پر بنا ہوا ہے اسمین لنگ اور اوسکے پیچہے دو سنگین مورتین ایک ملہار راو اور اہلیا بائی اوسکی رانی کی رکہی ہین لنگ پوجنے کے وقت مرہٹے انکی بہی پوجا کرتے ہین ہنڈبک اف مرے مین لکہا ہے کہ یہ مندر ۱۷۶۶ء مین تعمیر ہوا ہے ؛

مندر مہالکہشمی شہر بمبئی مین شمال مغرب کی طرف پائگودہ بہت خوبصورت سنگین بنا ہوا ہے یہان مہالکشمی کی پوجا ہوتی ہے ہنڈبک اف مرے مین ظاہر ہے کہ ہندو اس مندر کی بہت توقیر کرتے ہین ؛

مندر وسواکامرا اورا علاقہ دکن مین یہ غرب رویہ بہت بڑا مندر پہاڑ چشمہ کی صورت وسوا
کامرا کی جہونپڑی کے نام سے مشہور ہے اسکی وضع کرلی کے غارون سے بہت ملتی ہے اسمین
داہنی بائین ۱۴-۱۴ مربع ستونون کے دالان اور سامنے ایک چہوٹا سا بنگلہ نما برج بنا ہوا ہے اوسمین
وسواکامرا کی مورت بیٹھی ہے اوسکے داہنی بائین دو داور مورتین ہیا اور راگنکا کی کہڑی ہین اور
دونون طرف دالانونکے ستونون پر ایک شکل کی مورتین آدمی کے قد کی برابر نہایت خوبصورتی کے
ساتھہ دو دو تک برابر بیٹھی ہین یہ غار اندر سے ایک سو بیس فٹ لمبا اور پہاڑ تہو تہاکر کے بنایا ہے
دروازہ پر پوجاری کے رہنے کا مکان بنا ہوا ہے جان سیلی صاحب نے اس مندر کو
بودہون کے وقت کا لکھا ہے اسکو بنے ہوے تخمیناً دو ہزار برس کا عرصہ ہوا ؛

مندر و محل ہاتہی سنگہ احمد آباد کی جدید عمارتون مین یہ مندر اور محل جو ہاتہی سنگہ نے بنوائے ہین
سوامی نراین سکہ مندر سے بہی بہت بڑے ہین چنانچہ ہنڈبک آف مرے نے مظہر ہے کہ
صرف محل کی عمارت دس لاکھہ روپہ کی ہے - ہاتہی سنگہ ایک مہاجن کا نام ہے وہ سنہ ۱۸۴۶ع مین فوت ہوا

مندر و مسجد تہنی: بیجاپور سے چالیس میل بمبی احاطہ مین جو تہنی قصبہ ہے وہان یہ مندر
او مسجد ایک ہی جگہہ بنے ہوے ہین یعنے مسجد کے بیچ مین مندر واقع ہے ادہر مسجد مین
اذان ہوتی ہے اودہر مندر مین پوجا کی گہنٹال بجتی ہے درآمد و رفت مندر اور مسجد کا ایک ہے
مسجد مندر سے پیچہی بنی ہے چنانچہ ہنڈبک آف مرے سے منکشف ہے کہ جب ابراہیم شاہ
بیجاپوری نے چاہا کہ مندر کو توڑ کر مسجد بنا دے تو اوسکو خواب مین مندر گرانی کی ممانعت ہوئی اس وجہ
سے اوسنے مندر کو مسجد کے صحن مین قایم رکہا اور ہندوں سے جو عالمگیر کو راجہ مگر کہتے ہین جگت گرو
کا خطاب لیا تہا انکے مسلمان مندر کو توڑ کر مسجد کا بنانا بہتر نہین جانتے تہے اور ہندو بہی مسلمانون سے
کسیطرحکا تعصب نہین رکہتے ؛

موتی مسجد اجمیر یہ مسجد درگاہ خواجہ معین الدین چشتی مین سرتاپا سنگمرمر کی بنی ہوئی
ہے شہاب الدین شاہجہان بادشاہ نے اپنے عہد سلطنت مین بنوائی تہی اسکے برج اور محرابین

بہت خوبصورت ہین اب تک اسمین کوئی نقص نہین آیا ؛

موتی مسجد اگرہ یہ عمدہ مسجد قلعہ اگرہ مین دیوان محل سے جانب شمال واقع ہے اور دوسو چونتیس فٹ تین انچہ سے ایک سو ۸۷ فٹ ۸ انچہ مربع ہے اسکا غربی سہ گہہ دالان ۱۵۹ فٹ ۱۰ انچہ لمبا اور ۵۶ فٹ چوڑا ہے اسپر برجیان اور تین گنبد ہین بیچ کا گنبد زیادہ خوشنما اور بڑا بنا ہوا ہے اور باقی تینون طرف ایک گہی دالان اور بیچ مین دروازے ہین دروازون پر خوبصورت برجیان ہین اس مسجد کا شرقی دروازہ بڑا اور زیادہ خوشنما ہے اوسکے اندر زینہ مین دیسار اوپر جانے کے واسطے زینے ہین صحن کے ناف مین حوض بنا ہوا ہے - دالان مین بیچ کی بڑی محراب کے اندر سنگ موسی کی پچی کاری کا کتبہ ہے باہر سے یہ مسجد سنگ سرخ کی ہے اور اندر سے سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہے اسکے برجون پر سنہری کلسیان چڑہی ہوی ہین رپورٹ **آرکی اولاجیکل سروے انڈیا** مین لکہا ہے کہ یہ مسجد ۱۶۴۸ع مین بحکم شاہجہان بادشاہ تعمیر ہونی شروع ہوئی اور ۱۶۵۵ع مین بصرف تین لاکہہ روپیہ کے تیار ہوئی ؛

موتی مسجد دہلی یہ نہایت عمدہ مسجد قلعہ شاہ جہان آباد مین دیوان خاص کے قریب بہت مختصر اور پچی کار بنی ہوئی ہے اسکے دالان کے تین در اور تین برج ہین اور صحن کے وسط مین حوض بنا ہوا ہے اندر جاکر باہر آنے کو دل نہین چاہتا یہ عمارت نہایت خوش قطع ہے سراسر نقاشی اور طلا کاری ہو رہی ہے سنگ مرمر کی جلا کاری آئینہ کی آب وتاب کو مات کرتی ہے اسکے برج اور برجون پر سنہری کلسیان نہایت خوشنما ہین باہر کی طرف دیوارون پر استرکاری ہے جانب شرق چہوٹا سا دروازہ رکہا ہے اب وہ اکثر مقفل رہتا ہے آثار الصنادید اور دیگر کتب تواریخ سے ظاہر ہے کہ اس مسجد کو اورنگ زیب عالمگیر نے ۱۶۵۹ع مین بصرف ایک لاکہہ ساٹہہ ہزار روپیہ کے تعمیر کرایا تہا -

موتی مسجد قطب دہلی سے گیارہ میل درگاہ قطب صاحب مین یہ مسجد بہی سنگ مرمر سفید کی مختصر بنی ہوئی ہے مگر اب کہین کہین سے مرمت طلب ہوگئی ہے اسکے دالان کے اوپر



موتی مسجد آگره

تین برج اور داہنی بائین دو مینار ہین فرش پر سنگ موسی کی پچی کاری ہے یہ مسجد شان و شوکت مین اگرہ کی موتی مسجد اور دہلی کی موتی مسجد سے کم ہے آثار الصنادید مظہر ہے کہ اس مسجد کو شاہ عالم بہادر شاہ نے سنہ ۱۷۰۹ء مین بنوایا تہا ❊

مہابلیشر مہابلیشر احاطہ بمبی مین اسی نام کی پہاڑی پر بہت سے مندر ہین مگر یہ مندر سب سے بڑا اور پرانا سیاہ پتہر کا بنا ہوا ہے یہ عمارت بہت پرانی اور عمدہ ہے اسی وجہ سے یہ قصبہ اور یہ پہاڑی اوسکے نام سے مشہور ہین ہنڈ بک اف مرے سے منکشف ہے کہ بہت عرصہ ہوا جب اس مندر کو ایک گوالے راجہ نے تعمیر کرایا تہا ❊

مہادیوا ترنجی کہیرا ترنجی کہیرا ہندون کی پرانی ریاستگاہ ہے وہان ایک ٹیلہ پر یہ مندر بہت پرانا بنا ہوا ہے یہان کوئی اور مندر اسکی برابر نہین ہے **ارکی اولاجیکل سروے** انڈیا رپورٹ سے منکشف ہے کہ اسکے اندر جو پانچ لنگ ہین اونمین سب سے بڑا چہہ فٹ بلند ہے اور بڑی مورت چار ہاتہہ والی دیوی کی ہے اس مندر مین مہادیو کی پوجا ہوتی ہے ❊

مہادیو پرامنڈل سیالکوٹ سے پندرہ کوس جمون کے پہاڑ مین جو ایک مقام پرامنڈل نام ہے وہان یہ شوالہ بہت بڑا بنا ہوا ہے بیساکہہ کے مہینے مین یہان بڑی پوجا ہوتی ہے۔ **آرائش محفل** سے ظاہر ہے کہ یہ شوالہ بہت پرانا ہے ❊

مہادیو کامبولی احاطہ بمبی مین پنویل سے ۲۳ میل کامبولی گانو مین یہ خوبصورت پاگوڈا مع ایک تال کے بہت عمدہ بنا ہوا ہے **ہنڈ بک اف مرے** مین لکہا ہے کہ بالاجی جانردہن مرہٹہ نے جسکو نانا فرنویس کہتے ہین بنوایا تہا ۔

مہادیو مول مول علاقہ گجرات مین یہ شوالہ بہت بڑا اور بہت پرانا ہے یہان برسات سے پہلے میلا ہوتا ہے **آرائش محفل** مین لکہا ہے کہ اوس روز ایک جانور کبوتر کی صورت جسکا رنگ سیاہ اور سفید ہوتا ہے اس مندر پر اگر بولتا ہے اور تہوڑی دیر کے بعد مرجاتا ہے اگر اوسمین سیاہی زیادہ ہوتی ہے تو پوجاری کہتے ہین کہ سال آیندہ مین

بارش اچھی ہوگی اور اگر سفیدی زیادہ ہوتی ہے تو اسکے برعکس بیان کرتے ہین عجب نہین
کہ یہ میلا دہلی کے پون پرچھا کے میلے کی مانند ہوتا ہو کیونکہ یہان بھی برہمن جھنڈیون کے
ذریعہ سے ہوا کا رخ دیکھکر فصل کے آثار نیکی و بدی پر محمول کیا کرتے ہین مگر جانور کا
روز مقررہ کو آنا اور بولی بول کر مرجانا قیاس مین نہین آتا ؛

مہادیو وائی شہر وائی احاطہ بمبی مین دریا کے کنارہ یہ شوالہ بہت خوشنما بنا ہوا ہے
اور خوبصورتی و مضبوطی مین مندر گنپتی سے زیادہ ہے **ہنڈبک اف مرے**
سے منکشف ہے کہ اس مندر کو بالا صاحب رستیا مرہٹہ نے مندر گنپتی کے ساتھ
تعمیر کرایا تھا اسکو بنے ہوے نوے برس سے زیادہ عرصہ ہوا ؛

مہتری محل بیجاپور مین جامع مسجد کے قریب یہ محل کندہ کار و سنگین عمارت ہے
مرے ہنڈبک آف انڈیا مین لکھا ہے کہ کئی سو برس کا پرانا ہے اسمین بہت خوش وضع
محرابین اور کونون پر چھوٹے چھوٹے منار ہین ؛

منار زرین شاہجہان آباد سے جنوب کی طرف کوٹلہ فیروز شاہ مین یہ لاٹھ جسکا وزن ۵۶۷
من سے بہت زیادہ ہے ایک عمارت مین نصب ہے تخمیناً اکیس سو برس سے زیادہ ہوے جب
راجہ اشوکا نے بنوائی تھی اسکی بلندی ۴۲ فٹ ۷ انچہ ہے اوپر سے ۳۵ فٹ بالکل صاف ہے
آثار الصنادید اور ہنڈبک اف کو پراد ارکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ سے
ثابت ہے کہ ابتدا مین یہ لاٹھ دہلی سے نوے کوس نوہرا مین پہاڑ کی نیچے استادہ تھی اور لوگ
اسکو راجہ بہیم کی گوین ہانکنے کی لاٹھی کہتے تھے فیروز شاہ تغلق نے اپنے زمانہ سلطنت ۱۳۵۶ع
مین اسکو قلعہ فیروز اباد مین قایم کیا اور اسکے سر پر ایک برجی سنگ مرمر سفید کی سنگ موسی سے
پچی کار بنوا کر اوپر سنہری کلس لگوایا اوسوقت سے اسکا نام منار زرین مشہور ہو گیا ۱۸۱۱ع مین
جب ولیم فنچ صاحب دہلی مین آے تو یہ برجی موجود تھی اور اب لاٹھ کا اوپر سے ایک کونا
ٹوٹ گیا ہے اسپر سواے کتبہ راجہ اشوکا کے اور بھی کئی کتبے کندہ ہین ؛

مینار علائی دہلی سے ۱۱میل قطب صاحب کی مینار کے سامنے سلطان علاوالدین خلجی نے مسجد قوت الاسلام کا یہ دوسرا مینار تعمیر کرانا شروع کیا تہا مگر اسکے وفات کے سبب ناتمام رہگیا اکثر کتب تواریخ سے ثابت ہے کہ اگر یہ مینار تیار ہو جاتا تو اسکی بلندی مینار قطب سے دوچند ہوتی چنانچہ اسکا قطر بہی اوس مینار کے قطر سے دوچند ہے اسکی کوشش کا تمام پتہر اوکہڑ جانے سے صرف ایک کہنڈر ۷۸ فٹ بلند اور ۱۸ فٹ قطر کا رہگیا ہے + اسکی تعمیر بموجب بیان آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ او ر آثار الصنادید وغیرہ کے سنہ ۱۳۱۱ع مین شروع ہوئی تہی

مینار قطب یہ عالیشان مینار جسکی بلندی ڈایرکٹر جنرل کننگہم صاحب نے دو سو اڑتیس فٹ ایک انچھ لکہی ہے دہلی سے ۱۱میل مسجد قوۃ الاسلام کے صحن مین منار علائی سے ۲۲۵ فٹ جانب جنوب واقع ہے باہر کے رخ سرتاپا سنگ سرخ سے بنا ہوا ہے اسکے اندر اوپر تک ۳۷۹ سیڑہیان چکردار اور باہر پانچ کہنڈ کندہ کار بنے ہوے ہین پہلے کہنڈ کی بلندی سطح زمین سے ۹۴ فٹ ۱۱ انچھ اور دوسرے کی پچاس فٹ ساڑہے آٹھہ انچھ اور تیسرے کی چالیس فٹ ساڑہے نو انچھ اور چوتہے کی جسمین سنگ مرمر لگا ہوا ہے پچیس فٹ چار انچھ اور سب سے اوپر کے کہنڈ کی جسپر برنجی کٹہرا لگا ہے بائیس فٹ چار انچھ ہے نیچے کا قطر ۴۷ فٹ ۳ انچھ اور اوپر کا ۹ فٹ ہے اسکے کہنڈون کی پٹیان جو نہایت خوبصورت بنی ہوئی ہین اوپر نبت کاری مین قرآن کی آیتین بخط جلی کندہ ہین اور ہر ایک جگہہ مسلمانون کے فتحنامے اور کتبے نسخ اور خط کوفی مین کہدے ہوے ہین

آثار الصنادید سے ثابت ہے کہ پہلا کہنڈ راجے پتہورا نے سنہ ۱۱۴۳ع مین بنوایا تہا اور باقی اور کہنڈ سلطان شمس الدین التمش نے سنہ ۱۲۲۹ع مین تعمیر کرائے تہے اسکے سات کہنڈ تہے تو اسکی بلندی تین سو فٹ تہی سنہ ۱۳۶۸ع مین فیروز شاہ تغلق نے اور سنہ ۱۵۰۳ع مین سلطان بہلول نے اسکی مرمت کروائی اور جب سنہ ۱۸۰۳ع مین شکستہ ہوگیا تو سمتہہ صاحب انجینر نے گورنمنٹ کے حکم سے سترہ ہزار روپیہ صرف کرکے مرمت کروائی سنہ ۱۸۶۳ع مین بجلی کے صدمہ سے یہ مینار شق ہوگیا تہا سرکار نے پہر مرمت کروائی اور آہنی برق گیر لگایا تاکہ آیندہ بجلی کے صدمہ سے محفوظ رہے

دروازہ اسکا جمن کی طرف ہے شمال رویہ بنا ہوا ہے جب پھول والون کا میلا ہوتا ہے تو یہان بھی سیر دیکہنے کو خلقت کھنچی آتی ہے اور لوگ اسکے اوپر چڑھتے ہین اوپر والون کو نیچے کے آدمی ہاتھی گھوڑے بہت چھوٹے چھوٹے بالشتیون کی موافق دکہائی دیتے ہین اور نیچے کے آدمیون کو اوپر کے آدمی ایسے معلوم ہوتے ہین کہ گویا آسمان سے باتین کرتے ہین پہلے جو اسکے اوپر سنگین برجی بنی ہوئی تھی وہ اب نیچے رکہی ہے

مینار مانڈو مالوہ مین قلعہ مانڈو کے اندر یہ سنگین مینار بہت خوبصورت ہشت پہلو بنا ہوا ہے اسکی تعمیر کا حال **آرائش محفل** مین کچہہ نہین لکہا ٭

باب النون

نرا پل بمبئی احاطہ مین یہ سنگین پل مجوری کے قریب نہایت عمدہ بنا ہوا ہے **ہنڈبک آف ممبی** مین لکہا ہے کہ بہت پرانا ہے مگر ابتک اسمین کچہہ نقص نہین آیا ٭

نقرہ مسجد یہ سنگ مرمر کی عمدہ اور نازک عمارت بہروچ کے نوابون کا مدفن بمبئی احاطہ مین شہر بہروچ سے جانب جنوب واقع ہے اسکے گرد جالیان اور اوپر برج بنا ہوا ہے برج کے اوپر چاندی کے پترے جڑے ہوے ہین اسکی نقاشی اور بنت کا کام بہت عمدہ ہے اسمین قبرون پر چھپرکھٹ اور مخمل کے شامیانے لگے ہوے ہین اسکا نام **ہنڈبک آف ممبی** مین چاندی مسجد لکہا ہے اسکی نزاکت اور خوبصورتی تعریف کے قابل ہے ٭

نگمبود زیر فصیل شاہجہان آباد دریاے جمن کے کنارہ یہ گہاٹ نگمبود کے نام سے مشہور ہین یہ سنگین مکان مع برج اور سیڑہیون کے دور تک بنے ہوے ہین **آثار الصنادید** مین لکہا ہے کہ اہل ہنود کا یہ عقیدہ ہے کہ شروع دواپر جگ مین جسکو کئی ہزار برس گزرے برہما کو بہولے ہوے وید پرمیشر نے یاد کرواے تھے اس وجہ سے ہندون کے نزدیک یہ جگہہ نہایت پرانی پرستشگاہ ہے اور یہ گہاٹ ڈیڑہ سو برس سے زیادہ کے نہین ہین فجر کے وقت صدہا غول مرد اور عورتون کے یہان آکر نہاتے ہین اور پوجا پاٹ کرتے ہین ٭



منارِ قطب

نوری ساگر قلعہ گوالیار مین جانب جنوب مشرق کبوترخانہ کے قریب یہ بڑا تالاب ساٹھہ فٹ سے ۳۹ فٹ مربع اور ۲۰ فٹ عمیق ہے رپورٹ آرکیالوجیکل سروے انڈیا مین لکہا ہے کہ سنہ ۱۸۱۰ع مین اسکی مرمت ہوئی تہی ۞

نوگزپیر احمداباد کے باہر جانب جنوب جو قبرستان ہے اوسمین یہ نو قبرین نوگزون کی ہم شکل برابر نوگزپیر کہلاتی ہین جیسی کہ دہلی کے قریب قطب صاحب مین چالیس قبرین برابر برابر چہل تن اور چہل من کے نام سے مشہور ہین انمین ہر ایک قبر کا طول ۱۰ فٹ ۳ انچہ ہے ۞

نولکھی باولی بڑودہ مین جو بہت بڑی بڑی باولیان ہین اون سب مین یہ باولی زیادہ عمدہ اور مشہور ہے اسکے اوپر اور اندر بہت خوبصورت مکان اور سیڑہیون پر کئی دو رخے دالان پتہر کی باولی کے بنے ہوے ہین اسکی قطع ایسی عمدہ ہے کہ اوسکی تعریف نہین ہوسکتی ہنڈبک اف مرے مین اسکے کتبے کی رو سے لکہا ہے کہ یہ باولی جعفر خان صوبہ دار گجرات نے یکم ماہ رجب سنہ ۱۱۱۵ ہجری کو نولاکہہ روپیہ صرف کرکے تعمیر کرائی تہی ۞

نہر علیمردان خان یہ نہر تخمیناً ایک سو بیس میل لمبی ہے اور دریاے جمن سے نکلکر بوڑیا اور کرنال ہوتی ہوئی شاہجہان آباد کے اندر آکر پہر دریاے جمن مین ملگئی ہے اسکو شاہجہان بادشاہ کے عہد مین نواب علیمردان خان نے سنہ ۱۶۳۶ع اور سنہ ۱۶۳۸ع کے درمیان بنوایا تہا اسکی گہرائی کہین کم اور کہین زیادہ ہے اکثر جگہہ پہاڑ کاٹا ہے اسکے اوپر سواے پلون کے دونون طرف سینکڑون پختہ گہاٹ اور چہوٹے چہوٹے مندر بنے ہوے ہین فجر سے شام تک گہاٹون پر خلقت نہاتی رہتی ہے صدہا باغات اس نہر کے سبب سرسبز ہین جب نواب سعادت خان برہان الملک نے شاہجہان آباد مین اس نہر کو پختہ بنوایا تو سعادتخان کی نہر مشہور ہوگئی مدت سے یہ نہر بند پڑی تہی سنہ ۱۸۲۰ع مین گورنمنٹ نے اسکو صاف کرایا جب پانی آیا تو خلایق نے ازسرنو خوشی منائی اور بہوتنراانڈیا راوی ہے کہ اوسوقت اسمین ہنود نے سونے پہول اور مٹھائی چڑہائی تہی ایک زمانہ اس نہر سے فیضیاب ہے اور نہر شہابی بہی اسکا نام ہے ۞

نیلا برج شاہجہان آباد سے جنوب رُخ مقبرہ ہمایون کے قریب یہ چونہ گچ کی پختہ عمارت فہیم کا مقبرہ ہے اسکا برج بہت خوبصورت نیلی رنگ کی چینی کا بنا ہوا ہے اس وجہ سے نیلا برج مشہور ہوگیا ہے آثار الصنادید وغیرہ سے ظاہر ہے کہ سنہ ۱۶۲۵ع مین یہ مقبرہ نواب خانخانان نے بنوایا تہا؛

نیلی چہتری شاہجہان آباد سے جنوب کی طرف پرانے قلعہ کے قریب یہ چونہ گچ کی عمارت جسپر چینی کا کام ہے نواب نوبت خان کا مقبرہ ہے اسکی وضع پٹہانون کی عمارتون کی مانند دل پسند ہے آثار الصنادید اور ہارکوٹ ہنڈبک وغیرہ سے واضح ہے کہ سنہ ۱۶۱۲ع مین نواب نوبت خان نے اپنی حیات مین یہ مقبرہ بنوایا تہا بعد وفات اسمین دفن کیا گیا؛

نیلی چہتری نگمبود کلکتہ دروازہ شاہجہان آباد کے باہر سلیم گڈہ کے قریب اس مختصر عمارت پر چینی کا کام ہے اوسمین مور اور بیل وغیرہ جانورون کی تصویرین اولٹی سیدہی لگی ہوئی ہین اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ چینی کی اینٹین کسی ہندوانی عمارت کی اوکہاڑ کر اسپر لگائی ہین چنانچہ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا رپورٹ اور آثار الصنادید وغیرہ سے ثابت ہے کہ نگمبود گہاٹ پر بہت مدت ہوئی جب راجہ جودہشٹر نے ہوجن کیا تہا ہندون نے ایک عمارت اوسکی یادگار کے طور پر بنوائی تہی سنہ ۱۵۳۰ع مین ہمایون بادشاہ نے اوسکو توڑ کر دریا کی سیر دیکہنے کے واسطے یہ چہتری تعمیر کرائی اوس عمارت کی چینی کی اینٹین اسکی پوشش مین لگائین باوجود بدانتظامی تصویرون اور بیل بوٹون کے یہ اینٹین نئی معلوم ہوتی ہین اسکے اندر ہمایون کے کتبے کندہ ہین اب ہندون نے اسکو شوالہ بنایا ہے

باب الواو

واپیا کا کہوبا گیا سے ۱۶ میل جانب شمال ناگرجنی پہاڑ مین بودہون کے زمانہ کا بنا ہوا یہ ایک غار ہے اسمین دو درجے ہین پہلا درجہ ۶ فٹ لمبا اور ساڑہے پانچ فٹ چوڑا ہے اور دوسرا ۱۶ فٹ ۹ انچہ لمبا اور ۱۱ فٹ ۳ انچہ چوڑا ہے انکے بیچ مین دو فٹ دس انچہ چوڑا دروازہ ہے اسکی چہت لداو کی مانند فرش سے ۱۰ فٹ ۶ انچہ بلند ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکہا ہے کہ یہ غار تخمیناً اکیس سو برس سے زیادہ کا بنا ہوا ہے اسمین راجہ اشوکا کا کتبہ موجود ہے

واجراگڈہ یہ چہوٹا سا قلعہ بمبئی احاطہ مین پورندہر کے شمال مشرق کو بہت مضبوط بنا ہوا ہے ہنڈبک آف مرے مین لکہا ہے کہ مرہٹون کا بنوایا ہوا ہے

واداوا باولی یہ باولی شہر کا مبے مین کئی میل کے فاصلہ پر بہت خوبصورت بنی ہوئی ہے ہنڈبک آف مرے سے ظاہر ہے کہ راجہ ویرادہول نے ۱۲۰۰ء مین بنوائی تہی +

واشستہ منی یہ مندر آبو کے پہاڑ پر ایک باغ مین مختصر بنا ہوا ہے اسمین دو مورتین ایک سنگ مرمر سیاہ کی اور ایک پیتل کی رکہی ہین یہ عمارت کچہہ بہت پرانی نہین ہے +

والوکیشوار مالابار پہاڑ کے غرب رخ شہر بمبئی کے قریب یہ عالیشان مندر اوس جگہہ بنا ہوا ہے کہ جہان لنکا کو جاتے ہوے لچہمن شب باش ہوا تہا ہنڈبک آف مرے کا بیان ہے کہ اکثر ہندو اس طرف کے جانے والے اسی وجہ سے یہان قیام کر کے آگے جاتے ہین کنڈوانا تیرتہہ بہی اسی جگہہ ہے اوسکا ذکر علیحدہ کیا گیا ہے

وتہوبا پندر پور احاطہ بمبئی یہ مندر جسکا شالا بارہ فٹ مربع ہے وتہوبا یعنے کرشن کی پوجا کا اوس جگہہ واقع ہے کہ جہان پہلے ایک مندر تہا اسمین تاریکی اور گرمی حد سے زیادہ ہے ایک سیاہ پتہر کی مورت جسکا قد چار فٹ ہے مندر مین کہڑی ہے ہنڈبک آف مرے سے واضح ہے کہ یہان ہر سال ایک بڑی پوجا ہوتی ہے اوسمین پچاس ہزار آدمی سے زیادہ ہجوم ہوتے ہین مورت کے پیچہے ایک پوجاری چڑہاوے کی حفاظت کے واسطے کہڑا رہتا ہے

وجیساگر مہوبا علاقہ بوندیلکہنڈ مین یہ تالاب ۴ میل مدور ہے رپورٹ ارکی اولاجیکل سروے انڈیا مین راجہ وجے پال کا بنوایا ہوا لکہا ہے ۱۰۶۰ء اور ۱۰۹۵ء کے درمیان اوسنے بنوایا تہا +

ودہاتی کا کہوما احاطہ بنگال مین گیا سے ۱۶ میل ناگرجونی پہاڑ پر واپیا کہوبے کے قریب یہ غار ۱۶ فٹ ۴ انچہ لمبا اور ۴ فٹ ۳ انچہ چوڑا ہے اسکی چہت فرش سے ۶ فٹ ڈیڑہ انچہ بلند ہے دروازہ اسکا جسمین پہلے کواڑ تہے شمال رویہ ہے اوسپر پالی زبان مین راجہ اشوکا عرف پیادسی کا کتبہ موجود ہے اوسکے حوالہ سے جنرل کننگہم صاحب نے اس غار کو

ایکیس سو برس کا پُرانا لکھا ہے

ورا نراین لکھندی سے پانچ میل قصبہ گدک احاطہ بمبی مین یہ مندر ودا نراین وشنو کے اوتار کا کندہ کار بنا ہوا ہے ہو فٹ مدور ہے اور دروازہ ۱۲ فٹ بلند ہے یہ عمارت بہت پرانی ہے ہنڈبک آف مرہٹہ سے ظاہر ہے کہ اس مندر کے درشن کو ہندو بہت دور دور سے آتے ہین - مندر ترک تمشوار قلعہ کے اندر واقع ہے ؛

ورا ہا بریلی اور متہرا کے درمیان قصبہ سرون مین یہ مندر شمال مغرب کی طرف واقع ہے ہنود کا اعتقاد ہے کہ یہان شیو نے ایک دیو کو مارا تہا اس مندر کے اندر لکھشمی کی مورت رکھی ہے رپورٹ آرکی اولاجیکل سروے انڈیا سے واضح ہے کہ ۱۱ تاریخ ماگہہ کو ہر سال یہان بڑا میلا ہوتا ہے

وسوا متر گیا سے سولہ میل برابر پہاڑ پر جو پیاداسی کے بنوائے ہوے غار ہین اونمین یہ غار وسوا کی جہونپڑے کے نام سے مشہور ہے اسمین پہلا درجہ مجلا و مصفا ہے اور دوسرا گول ہے مگر ناتمام رہگیا ہے پہلے درجہ کا طول ۱۴ فٹ اور عرض ۸ فٹ ۴ انچہ ہے اور دوسرے کا قطر ۱۱ فٹ ہے اسمین ایک کتبہ پالی حروف کا موجود ہے اوس سے ثابت ہے کہ یہ غار راجہ پیاداسی نے سنہ ۱۲ جلوسی مین بنوایا تہا اسکو دو ہزار برس سے زیادہ عرصہ ہوا ؛

وسوا ناتھ کہجوراہو علاقہ مالوہ مین یہ سنگین مندر سب ساگر تالاب مین واقع ہے یہ مندر کہنڈریا مہادیو کے مندر کی مانند بنا ہوا ساڑہے ستاسی فٹ بلند ہے رپورٹ آرکیاولاجیکل سروے انڈیا سے واضح ہے کہ اسکے اندر چہہ سو دو مورتین قد مین دو فٹ سے ڈہائی فٹ تک ہین یہ مندر سنہ ۹۹۹ ع مین تعمیر ہوا ہے ؛

وکرما مندر راجہ وکرما دیتیا جو گوالیار کی مسند حکومت پر صرف دو برس بیٹہا تہا یہ اوسکا محل گوالیار مین کرن مندر اور مان مندر کے درمیان واقع ہے اسکی دیوارون کا آثار ساڑہے چار فٹ ہے اور بیچ کا مکان ۲۶ فٹ مربع ہے اوسکی چہت

اداوکی صورت اندر سے گنبد نما اور باہر سے بغیر برج کے چوپہل مکان کی مانند بنی ہوئی ہے
اسمین اتنی خوبصورت ستون لگے ہوے ہین کہ اونکی تعریف نہین ہوسکتی رپورٹ ارکی اولاجیکل
سروے انڈیا سے ظاہر ہے کہ اس محل کو راجہ وکراما نے ۱۱۸۳ع مین تعمیر کرایا تھا۔

وشنو بیجانگر شہر بیجانگر واقع احاطہ بمبی مین یہ پرانا مندر سنگین بنا ہوا ہے اسکے اندر
بارہ فٹ کی سورت ہے سنڈبک اف مرے ناظم ہے کہ سال مین ایک دفعہ یہان رتھہ جاترا
کا میلا ہوتا ہے سورت کو رتھہ مین چڑھا کر تمام شہر مین پھراتے ہین ؟

وشنو پد گیا احاطہ بنگال مین سورج کنڈ کے قریب یہ عالیشان مندر واقع ہے اسکے
پوجاریون کا بیان ہے کہ اس مندر کے نیچے ایک پوسوتا ہے رپورٹ ارکی ولاجیکل
سروے انڈیا اور بالفور سیکلوپیڈیا مین لکھا ہے کہ یہ مندر گیا مین بہت پرانا ہے ؟

باب الہا

ہرن مینار ریگی ضلع گوجرانوالہ مین یہ مینار تالاب کے متصل واقع ہے اس عمارت کو
جہانگیر بادشاہ نے سنہ ۱۶ جلوسی مین جہانگیر اباد کے متصل اس غرض سے بنوایا تھا کہ وہ یہان
بیٹھکر ہرن کا شکار کھیلا کرتا تھا اور بڑے بڑے جانورون کی کشتی دیکھا کرتا تھا یہ مخروطی مینار چوترے
سے ۴۹ فٹ بلند بنا ہوا ہے اسکے اندر ایک سو ایک سیڑھیان چکردار ہین تاریخ گوجرانوالہ سے
ثابت ہے کہ اس مینار کی دو منزلین اور تہین اونکو ایک زمیندار نے توڑ کر کنوان بنوا لیا ہے
یہ مینار ہشت پہل اور اوپر سے گول ہے اسکی تعمیر مین مع تالاب کے ڈیڑہ لاکھہ روپے صرف ہوے تھے

ہرن مینار اگرہ سے بارہ کوس فتحپور سیکری مین تالاب کے کنارہ ایک محل مین یہ مینار بہت بلند
بنا ہوا ہے آرایش محفل سے منکشف ہے کہ فجر کے وقت اکبر بادشاہ اس مینار پر بیٹھا
کرتا تھا اور جب کبھی شکار کو طبیعت چاہتی تھی تو میدان مین ہرن چھوڑ واکر نشانہ لگایا کرتا تھا گاہ گاہ
شیر اور ہاتی کی لڑائی دیکھا کرتا تھا ؟

ہمت گڈھ یہ قلعہ نرور اور گوالیار کے درمیان ایک پہاڑی پر مسمار پڑا ہوا ہے رپورٹ

آرکی اولاجیکل سروے انڈیا مین لکہا ہے کہ سکندر لودہی کے عہد تک بالکل درست تہا اسکا طول ایک ہزار دوسو فٹ اور عرض ڈہائی فٹ ہے یہ قلعہ بہت پرانا ہے

ہندو وادا یہ پرانا مندر شہر کا ہے مین ہندو وادا محلہ کے اندر واقع ہے اور بہ نسبت پارسی مندر وادا کے بہت عمدہ بنا ہوا ہے اسمین پارس ناتہہ کی مورت اور مورتون سے بڑی بنی ہوئی ہے +

ہیرا محل یہ سنگ مرمر کی مختصر عمارت قلعہ شاہجہان آباد مین موتی مسجد کے شمال کو واقع ہے اور بارہ دری مانند بہت نازک ستونون پر مبنی ہے آثار الصنادید مظہر ہے کہ یہ عمارت سنہ ۱۸۴۲ع مین بہادر شاہ ثانی نے باغ کے اندر بطور سیرگاہ بنوائی تہی +

خاتمہ

الحمد للہ والمنۃ کہ یہ کتاب المسمی بہ غرابت نگار دسوین اکتوبر سنہ ۱۸۶۸ع کو بسعی و کوشش کمترین عبد الحق ساکن دہلی انجام و اتمام کو پہونچی اسمین خلاصہ بیان ہندوستان کی چہہ سو سے زیادہ عمارتون کا ردیف وار بموجب کتب تواریخ معتبرہ و مولفہ مورخان عالیمقام و حکام ذوی الاحتشام مندرج ہے رپورٹ و کتب انگریزی و فارسی و اردو کے بہم پہونچانے اور لکہنے اور ترجمہ کرنے مین جسقدر محنت و احتیاط عمل مین ائی اوسکا بیان احاطہ تحریر سے زاید ہے جناب باری مین التجا اور یہ دعا ہے کہ یہ نسخہ مقبول خاص و عام ہو۔ آمین

قطعہ تاریخ ترتیب کتاب طبعزاد جناب حافظ غلام رسول صاحب ویران تخلص

چو این کتاب عجیب و غریب عبد الحق	"	بسعی و کوشش بیش از شمار کرد رقم
برائے نام وے و سال عیسوی بنگر		قلم بہ لوح غرابت نگار کرد رقم

واضح ہو کہ یہ کتاب بتاریخ ۲۵ اپریل سنہ ۱۸۶۹ع اکمل المطابع دہلی مین باہتمام سید فخر الدین منطبع ہوئی ہے جو کہ مصنف نے اسکی چہپوانے اور جمع کرنیکا حق حاصل کیا ہے اسلئے اعلان کیا جاتا ہے تاکہ کوئی صاحب بلا اجازت مولف کے چہاپنے کا قصد نکرین اور جس کتاب پر مولف کے دستخط نہون وہ مال مسروقہ ہے

تمت بالخیر

[illegible]